UTL AT DOWNSVIEW
D RANGE BAY SHLF POS ITEM C
39 12 08 12 08 024 1

BINDING SECT. SEP 28 1967

BP
189
A258

'Abd al-Rahmān Chishtī
Kalimat al-haqq

PLEASE DO NOT REMOVE
CARDS OR SLIPS FROM THIS POCKET

UNIVERSITY OF TORONTO LIBRARY


Digitized by the Internet Archive
in 2011 with funding from
University of Toronto

http://www.archive.org/details/kalimatalhaqq00abda

وحدت الوجود

یعنی

کلمۃ الحق

مصنفہ

حضرت مولانا سید عبدالرحمٰن صوفی لکھنوی قادری چشتی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

ملنے کا پتہ

اللہ والے کی قومی دکان رجسٹرڈ کشمیری بازار لاہور

نور آرٹ پریس لاہور

اِس کتاب کے تمام حق حقوق بموجب ایکٹ نمبر ۳ سنہ ۱۹۱۴ء کے رو سے ملک چھن الدین نے نام محفوظ ہیں

سلسلۂ تصوف نمبر (۱۵۵)

اردو ترجمہ کتاب

کلمۃ الحق

Chishti
Abd al-Rahman Chishti

مصنفہ حضرت مولانا سید عبدالرحمن صوفی لکھنوی قادری چشتی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

موسومہ

Kalimat al-haqq

معرفۃ الحق

مترجمہ

عالم نبیل فاضل جلیل حامی دین ربانی ابوالمعانی جناب مولوی عرفان احمد صاحب انصاری خلیفۂ مجاز قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین جناب مولانا مولوی احمد حسین خانصاحب قادری نقشبندی چشتی امروہوی سلمہ ربہ القوی مقیم حیدرآباد دکن

جسے اللہ والے کی قومی دکان

مالک ملک چھن الدین خلف ملک فضل الدین لکھے زئی نقشبندی مجددی تاجر کتب

کوچہ لکھے زیاں ___ منزل نقشبندیہ ___ بازار کشمیری

لاہور

نے بصرف زر کثیر باہتمام اردو ترجمہ کرا کر صحت کے ساتھ

مشہور عالم پریس لاہور میں باہتمام پنڈت رگناتھ اس منجر کے چھپوایا

میسرول شرالوالہ دروازہ

تصوف کی بہترین اور بنظیر کتابوں کا لاجواب سلسلہ

۱ جذب الاصفیا الی فضائل المصطفےٰ ۲ القول المقبول فی علم غیب الرسول

۳ انیس المشتاقین الی حیات سید المرسلین

یہ تینوں رسالے حفظ محمد امین صاحب انبالوی وکیل عدالت لاہور کی تصنیف سے ہے پہلا رسالہ میں آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قرآن کریم واحادیث صحیحہ سے ثبوت ۔ دوسرے رسالہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عالم الغیب ہونے پر بحث اور اس کا ثبوت ۔ تیسرے رسالہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حیات النبی ہونے کا قرآن واحادیث صحیحہ سے ثبوت قابل دید ہیں ۔ قیمت نمبر (۱) ۶ (۲) ۶ (۳) ۸/

نور العین فی مشہد الحسین رضی اللہ عنہ

یہ رسالہ عربی سے اردو ترجمہ کرایا گیا ہے۔ اس میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے سچے اور صحیح واقعات قلمبند کئے گئے ہیں قیمت ۸/

راحت القلوب اردو

ملفوظات حضرت بابا فرید گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ مرتبہ حضرت محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ قیمت ۶/

اردو ترجمہ کتاب مشکوٰۃ الانوار

یہ عجیب وغریب دلچسپ کتاب امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف لطیف سے ہے اس میں حضرت نے اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی نہایت عمدہ تفسیر فرما کر آیہ مشکوٰۃ الانوار کی تفصیل فرمائی ہے ۔ قیمت ۸/

اردو ترجمہ مقصد الاسنیٰ شرح اسماء الحسنیٰ

جناب امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اسمائے باری تعالےٰ کی شرح نہایت شرح وبسط کے ساتھ فرمائی اور منطقیانہ اور فلسفیانہ طور سے ہر ایک اسم مبارک کی شرح میں بحث کی ہے اور نہایت محنت سے بامحاورہ اردو ترجمہ کرا کر طبع کرائی ہے ۔ قیمت ۱۲/

BP 189 A258
LIBRARY DEC 6 1966 UNIVERSITY OF TORONTO
1147546

تذکرہ

مصنف کتاب کلمۃ الحق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آپ کا نام لقب ولدیت مولد سنہ ولادت نسب

آپ کا نام نامی مولنا سید عبد الرحمٰن لقب صوفی ولدیت سید محمد حسن مولد ملک سندھ موضع کوٹ مخدوم عبد الحکیم اور سن ولادت ۱۱۶۱ھ ہے۔ نسباً آپ سید ہیں آپ کے جد اعلےٰ سید عرب شاہ ملک عرب سے آکر ملک سندھ میں فروکش ہوئے تھے۔

تحصیل علم ظاہر

ابتدائی تعلیم ۱۸ سال کی عمر تک آپ اپنے وطن میں کرتے رہے۔ جب ۱۹ سال کی عمر شریف ہوئی۔ باجازت والدین طالب علمی کے لئے سفر اختیار کیا۔ ملک پنجاب میں خیر پور اور مہارون گئے۔ کچھ عرصہ بعد آپ دہلی آئے۔ اور مولنا فخر الدین چشتی نظامی کے مدرسہ میں داخل ہوئے۔ چند سے تعلیم پاتے رہے۔ چونکہ ریاست رام پور بعہد نواب فیض اللہ خاں علما و فضلا کا معدن تھا۔ آپ بھی رام پور تشریف لے گئے۔ کئی سال تک تحصیل علوم معقول و منقول میں مصروف رہے۔ مولانا محمود صاحب اور مولوی شیر محمد صاحب ولایتی سے درس پاتے رہے صدر شمس بازغہ تک تعلیم پائی اور سند علم حدیث بھی حاصل کی سنہ ۱۱۹۹ھ میں آپ موضع بہار ضلع بردوان تشریف لے گئے۔ وہاں مولانا عبد العلی صاحب بحر العلوم سے بقیہ علوم کی تکمیل فرمائی اور دستار فضیلت باندھی گئی۔

آپ کا حج و زیارت

سنہ ۱۲۰۱ ہجری میں جب کہ آپ کی عمر شریف پوری چالیس سال کی ہو گئی۔ آپ نے اپنے وطن مالوف کی طرف مراجعت فرمائی۔ سندھ حیدر آباد میں کئی سال تک مشغول بتدریس رہے۔ اواخر سنہ ۱۲۰۵ھ میں بارادۂ حج بیت اللہ و زیارت روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ آلہ وسلم بندر سورت میں آئے۔ اور جہاز پر سوار ہو کر جدہ تشریف لے گئے۔ بعد زیارت حرمین الشریفین اوائل سنہ ۱۲۰۶ھ میں براہ بندر کچ بھوج وطن واپس آئے عزیزوں نے شادی کے لئے عرض کیا آپ نے اُس کو منظور نہ فرمایا۔

آپ کی بیعت اور علم باطنی

یوں تو آپ پہلے ہی سے حسب دستور خاندان بدست سید محمد صالح قادری (اولاد خاص حضرت غوث الثقلین رضی اللہ عنہ) مرید ہو چکے تھے۔ لیکن اس موقع پر ۶ ماہ تک قیام کر کے اپنے چچا مخدوم سید عبد الحکیم سے نسبت اویسیہ محمدیہ بھی حاصل فرمائی۔ بعدہٗ آپ نے بارادۂ زیارت اولیاء اللہ ہندوستان کا سفر اختیار فرمایا۔ پاک پٹن شریف، جودھ پور، اجمیر شریف، جے پور، الور میں ملاقات بزرگان دین اور زیارت قبور اولیاء کرام سے مستفید ہوئے۔ تا آنکہ دہلی میں شاہ محمد عظیم صاحب خلیفہ مولانا فخر الدین صاحب نظامی کی خدمت مبارک میں حاضر ہوئے۔ اور آپ کے دست مبارک پر سلسلہ نظامیہ میں بیعت فرمائی۔ بعدہٗ ٹھسکہ کرنال تھانیسر گئے منگلور میں شاہ نور الہدیٰ رح سے بیعت اور خلافت حاصل فرمائی۔ بعدہٗ دیوبند، سہارنپور کلیر شریف آئے اور زیارت بابرکت درگاہ پاک مخدوم سید علی احمد صابر رحمۃ اللہ علیہ سے مشرف ہوئے وہاں سے پانی پت جا کر اولیاء اللہ کی زیارات کیں۔ اُس کے بعد آپ قصبہ نہٹور ضلع بجنور آئے۔ اور حافظ محمد امین صاحب قادری خلیفہ شاہ بلاقی صاحب مراد آبادی کے مزار سے مستفید ہوئے۔ اور آپ کے صاحبزادہ شاہ غلام احمد صاحب قادری کے پاس ایک ماہ تک مقیم رہے۔ وہاں سے امروہہ آئے اور شاہ عبد الباری صاحب چشتی و نقشبندی مجددی کی خانقاہ میں مقیم ہوئے۔ وہاں کے اولیاء اللہ سے ملاقات فرمائی اور مزارات سے

فیض حاصل فرمایا۔ خلیفہ شاہ غلام غوث صاحب قادری نقشبندی مجددی کے ہاتھوں پر طریقہ نقشبندیہ مجددیہ میں بیعت کی اور چھ ماہ تک استفادہ فرمایا۔ شاہ حنیف اللہ صاحب چشتی نقشبندی مجددی سے ملاقات فرمائی۔ پھر آپ بڑا ایچ وہاں سے بانسہ شریف تشریف لے گئے۔ وہاں سجادہ وقت سید شاہ غلام علی صاحب سے سلسلہ قادریہ رزاقیہ میں بیعت فرمائی۔ وہاں سے ردولی تشریف لے گئے۔ وہاں سے فیض آباد رائے بریلی، سلون، مانکپور، کڑہ، الہ آباد تشریف لے گئے اور مزارات اولیا سے فیض حاصل فرمایا۔

لکھنؤ میں ورود اور وفات اور مزار شریف

اس کے بعد بعہد وزیر الممالک نواب سعادت علیخاں آپ لکھنؤ تشریف لائے اور مسجد متعلقہ درگاہ شاہ مینا علیہ الرحمۃ میں مقیم ہوئے سات سال کے بعد باشارہ باطنی آپ مسجد پنڈائن میں جاکر مقیم رہے۔ حتی کہ ۶ ذیقعدہ ۱۲۴۵ھ میں وہیں وصال شریف ہوا۔ جہاں اب مزار اقدس و گنبد شریف واقع ہے۔

آپ کے سلاسل اور آپ کا شرف

آپ کو تیرہ سلسلوں میں ارادت تھی (۱) سلسلہ عالیہ قادریہ جدیہ میں سید محمد صالحؒ سے (۲) سلسلہ محمدیہ اویسیہ میں مخدوم سید عبد الحکیمؒ سے (۳) سلسلہ عالیہ قادریہ رزاقیہ میں سید شاہ غلام علی نبیرہ سید شاہ عبد الرزاق بانسوی ؒ سے (۴ و ۵) سلسلہ عالیہ قادریہ قدوسیہ اور سلسلہ چشتیہ صابریہ قدوسیہ میں شاہ نور الہدیٰ منگلوری ؒ سے اُن کو مفتی محمد سلیم ؒ۔ شیخ محمد یوسف ؒ۔ شیخ محمد یامین ؒ۔ شیخ ابراہیم ؒ شیخ ابو سعید گنگوہی ؒ سے (۶) نیز سلسلہ صابریہ قدوسیہ میں سید امراللہ ؒ تھانیسری سے ان کو شاہ فاضل ؒ شاہ محمد حیات ؒ شاہ امان اللہ ؒ۔ سید شاہ بھیک ؒ سے (۷ و ۸) سلسلہ عالیہ قادریہ و چشتیہ نظامیہ میں شاہ محمد عظیم ؒ دہلوی سے ان کو مولانا فخر الدین ؒ دہلوی سے (۹) سلسلہ قلندریہ میں شاہ فرزند علی ؒ سے اُن کو قاضی محمد تقی ؒ وغیرہ سے (۱۰) سلسلہ اویسیہ میں حاجی مچی وغیرہ سے (۱۱) سلسلہ چشتیہ نظامیہ مینائیہ میں شاہ پیر بخش ؒ صفی پوری

سے (۱۲) سلسلہ عالیہ شطاریہ میں شیخ باب اللہ میدنی پوری سے جو پانچ واسطوں سے شاہ محمد غوث گوالیاری سے متصل ہیں (۱۳) طریقہ نقشبندیہ مجددیہ میں خلیفہ شاہ غلام غوث قادری نقشبندی مجددی امروہوی سے اور خلیفہ صاحب کو بموجب روایت انوار الرحمن شاہ ابو القاسم سے اور اُن کو حضرت مرزا جانجاناں شہیدی ملوی سے اور بموجب روایت کتاب نخبۃ التواریخ شاہ حفیظ اللہ سے اور اُن کو تین واسطہ ہیں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ تک ؛

آخر الذکر سلسلہ کے حصول کی کیفیت بضمن حالات شاہ غلام غوث صاحب امروہوی کتاب نخبۃ التواریخ میں صفحہ ۸۸ پر مرقوم ہے کہ :-

"خلیفہ شاہ غلام غوث بر جواہر اسرار توحید غواص تمام میداشت ہر کہ دریں باب عقدۂ لاینحل در پیش افتادے از وکشود کار گردیدے و مستعدان را از قالے بحالے در آوردے سیر و مشاہدہ کنانیدے ازیں معنی مردم بسیار از قرب و جوار و دیگر دیار و امصار بخدمت وے آمدندے مولنا عبد الرحمن چشتی صابری لکھنوی کہ دل دریا منزل وے دریں باب از کسے سیراب نمی شد و در جستجوے کشف ایں سر ہر شہر و قریہ در ہند گردیدہ تا آنکہ بخدمت وے رسید و او بہ تحقیق حقائق و اسرار و دقائق وجود دل مولوی صاحب موصوف را سیر گردانید و مشاہدہ کنانید مولوی صاحب فرمودند کہ مثل او شاہباز در علم توحید کسے ندیدہ ام پس مولوی صاحب موصوف مرید او شدند و شش ماہ در امروہہ بخدمت وے اقامت کردہ و تصحیح احوال نمودہ رجوع بہ لکھنؤ نمودند ؛

ترجمہ

خلیفہ شاہ غلام غوث توحید کے اسرار کے بہت بڑے غواص تھے جس کسی کو اس بارہ میں عقدۂ لاینحل پیش آتا تھا آپ سے اُس کا کشود کار ہوتا تھا اور بڑے بڑے مستعد لوگوں کو آپ مرتبۂ قال سے عالم حال میں لاتے تھے اور مقام کی سیر و مشاہدہ کرا دیتے تھے اس وجہ سے اکثر آدمی قرب و جوار کے بلکہ دور دراز کے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ مولنا عبد الرحمن چشتی صابری لکھنوی کہ اُن کا دل دریا منزل اس معاملہ میں کسی عارف سے سیراب ہوتا تھا۔ اور وہ اس کے حاصل کرنے کے لئے شہر بہ شہر

قریہ بقریہ ہندوستان بھر میں پھرتے تھے۔ یہاں تک کہ وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ نے اُن کے دل کو حقائق کی تحقیق سے اور وجود کے اسرار و دقائق سے مطمئن کر دیا۔ اور درجۂ شہود تک پہنچا دیا۔ تب مولانا نے فرمایا کہ میں نے کسی کو آپ کی مماثل علم توحید کا شہباز نہیں دیکھا۔ مولوی صاحبؒ نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کی اور چھ مہینہ تک امروہہ میں آپ کی خدمت میں حاضر رہ کر اپنے حال کی درستی اور اصلاح کی اور بعدہٗ لکھنؤ واپس تشریف لے گئے ؛

ناظرین کتاب کلمۃ الحق کو حضرت مولٰنا علیہ الرحمۃ کی نسبت یہ خیال جو پیدا ہوتا ہے کہ آپ کا مشرب توحید وجودی ہے اور آپ دولتِ شہود سے بے بہرہ ہیں۔ اور آپ کو اکابر اولیاء اللہ ارباب شہود حضرات متکلمین اور شیخ علاؤ الدولہ سمنانی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ وغیرہم پر اعتراض ہے ؛

عبارتِ بالا کے ملاحظہ سے واضح ہو گا کہ بے بنیاد اور بے اصل ہے۔ کیونکہ کتاب کلمۃ الحق کی بابت یہ ثابت ہے کہ وہ آپ کے عنفوان شباب کی تصنیف ہے جس کا ۱۲۳۵ھ میں ترجمہ ہوا ؛

اُس زمانہ تک آپ اسی منزلِ توحید وجودی میں تھے۔ اس کے بعد آپ حضرت خلیفہ شاہ غلام غوث صاحب نقشبندی مجددی امروہوی کے مرید ہوئے اور اُن کی فیضانِ صحبت سے اپنے عقیدہ کو درست فرمایا۔ چھ ماہ کامل آپ کی خدمت میں حاضر رہے۔ بالآخر اس سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کا سلوک طے کر کے خلافت حاصل کی۔ اور لکھنؤ واپس تشریف لے گئے ؛

چنانچہ کتاب انوار الرحمٰن میں جو آپ کے حالات میں آپ کے مرید باخلاص مولوی نور اللہ صاحب اعظم پوری (بچھرایونی) کی تصنیف ہے اور ۱۲۴۳ھ میں آپ کے وصال سے دو سال قبل نہایت تحقیق اور تدقیق سے لکھی گئی ہے مرقوم ہے۔ کہ اس سلسلہ میں بیعت کرنے کے بعد آپ کا اتباع کتاب و سنت ایسا بڑھ گیا تھا۔ کہ آپ فرمایا کرتے تھے کہ "من تقدی فعل رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وعمل آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں بود"۔ اگرچہ غلبہ آپ کے اخیر عمر تک توحید وجودی کا ہوتا ہے مگر جب کبھی ہوش غالب آتا اور آپ پر شہود کی نسبت غالب آتی تو آپ مولٰنا نیاز احمد

بریلوی چشتی نظامی کا جو آپ کے ہمعصر تھے یہ شعر پڑھا کرتے تھے ؎

شہود حق طلبی از وجود خود بگذر
کہ جز وجود تو اور احجاب دیگر نیست

اس شعر کا خلاصہ یہ ہے کہ سالک کو اپنے کو سمجھنا چاہیئے۔ کہ شہود حق سبحانہ تعالیٰ کا حجاب ہے۔ اور بغیر اس سے گزر جانے کے شہود حق سبحانہ حاصل نہیں ہو سکتا۔ لہذا بعض مقامات پر مترجم نے بطور تصحیح حاشیہ پر نوٹ کر دیا ہے ؛

آپ کے خوارق و اخلف

آپ سے بیشمار خوارق و کرامات ظہور میں آئیں۔ اور بہت سے خلفاء ہوئے چنانچہ مولنا امیر علی صاحب لکھنوی شہید بھی آپ ہی کے خلیفہ تھے سب کی تفصیل کتاب انوار الرحمان میں مرقوم ہے ؛

وجہ تالیف ترجمہ اردو

اصل کتاب کلمۃ الحق کا ترجمہ مولوی حافظ محمد غیاث الدین خاں صاحب پلتانی و دہلوی نے شروع کیا تھا۔ دو ثلث کتاب ترجمہ ہو چکی تھی کہ اس اثنا میں مترجم موصوف کا انتقال ہو گیا۔ اور ایک ثلث ترجمہ باقی رہ گیا۔ جناب قاضی سید فصیح الدین صاحب تکمیل ترجمہ کے لئے بیحد مشتاق تھے۔ آپ اصل کتاب و ترجمہ نا مکمل کو لیکر مرشدی حضرت مولنا خواجہ احمد حسین خاں صاحب قادری چشتی نقشبندی مجددی و ابو العلائی امروہوی افاض اللہ علینا فیوضاتھم القدسیۃ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے۔ اور تکمیل ترجمہ کے لئے استدعا ظاہر فرمائی۔ حضرت قبلہ عالم نے اس ناچیز حلقہ بگوش کو تکمیل ترجمہ کے لئے ارشاد فرمایا۔ اگرچہ اس ناچیز کی استعداد علمی اس کی متحمل نہ تھی۔ مگر یہ صرف حضرت کے ارشاد فیض بنیاد کا اثر تھا۔ کہ باوجود کثرت افکار کے قلیل مدت میں باقی ماندہ ایک ثلث ترجمہ کی تکمیل ہو گئی۔ اور حسب ارشاد تاجر ذی ہمت جناب مولوی ملک

فضل الدین صاحب کلکے زئی کی خدمت مبارک طبع کیلئے پیشکش کردیا گیا +
ناظرین کتاب سے ملتمس ہوں کہ بعد ملاحظہ کتاب بحق مترجمین و ساعیان
ترجمہ و طبع دعائے خیر فرماویں۔ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

فقیر حقیر۔ ابوالمعانی عرفان احمد انصاری کان اللہ لہٗ
ابن حضرت مولانا سعید الدین صاحب صابر نقشبندی قادری
حیدرآباد دکن

۱۷ جمادی الثانی ۱۳۳۹ھ

تصوف کی سراپا رحمت بے نظیر کتابوں کا سلسلہ

اردو ترجمہ رسالہ نقشبندیہ

اس رسالہ میں نقشبندیہ طریقہ کے ذکر اور لطائف قلبی و مراقبہ وغیرہ کا بیان ہے اور اس کے ساتھ طریق مراقبہ بھی بتایا گیا ہے اور دل کا نقشہ دکھلا کر ہر ایک لطیفہ کا مقام دکھلایا گیا ہے طالب مولا کیلئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ قیمت .. .. ۴؍

اردو ترجمہ کتاب مونس جاں

یہ کتاب حضرت شاہ ابوالمعانی قادری کی تصنیف سے ہے اسمیں پانچ مقالے ہیں (۱) میں حقایق (۲) میں احادیث اور کلمات مشائخ (۳) میں محبت (۴) میں مطائبات اور ہزلیات (۵) میں ذکر شعر نہایت ہی دلچسپ کتاب ہے۔ اور رموزات تصوف کو دلکش پیرایہ میں بیان کیا گیا ہے قیمت ۴؍

اردو ترجمہ گلدستہ باغ ارم

یہ کتاب بھی حضرت شاہ ابوالمعانی قادریؒ کی تصنیف میں سے ہے اور اس میں چار طراز ہیں طرز اول در حالات خواجہ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم طرز دوم در لطائف اولیا طرز سوم در سخنان حکما جو بے بانوں کی تمثیل میں ہیں طرز چہارم در نصیحت۔ قیمت .. .. ۲؍

اردو ترجمہ کتاب نفحات الانس

یہ بیظیر کتاب حضرت مولانا عبدالرحمن جامی نقشبندیؒ کی اعلےٰ تصنیفات میں سے ہے حضرت موصوف کی تصنیف کسی تعریف کی محتاج نہیں۔ اس میں اکثر اولیا اور خلوتان باصفا کا جو اولیاء اللہ میں سے گذری ذکر ہے۔ قیمت .. .. ملے ۳

اردو ترجمہ کتاب مجمع الاسرار

جناب پیر درشاہؒ نے طریقہ قادریہ کے ذکر اذکار اور اوراد کے علاوہ سلسلہ نقشبندیہ و سلسلہ چشتیہ کے ذکر اذکار بھی بتفصیل بیان فرمائے ہیں۔ بلکہ بعض عملیات بھی بوضاحت لکھے ہیں اور ساتھ طریقہ اویسیہ کے حالات پر نہایت عمدہ بحث فرما کر طالب کی تسلی فرمائی ہے قیمت ۱۰ر

اردو ترجمہ کتاب مجالس الحسنہ

از ارشادات و حالات خاندان حضرت خواجہ کمال الدین علامہ چشتیؒ و ملفوظات حضرت خواجہ حسن محمدؒ جمع کردہ حضرت مظہر اللہ التمام الصمد حضرت خواجہ محمدؒ چشتی مصنف چہل دو رسائل نبیرہ حضرت نصیر الدین محمود چراغ دہلوی چشتی رحمۃ اللہ علیہ۔ قیمت ۳ر

اردو ترجمہ خیالات العشاق

مصنفہ قاضی حمید الدین صاحب ناگوریؒ استاد حضرت قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ چشتی۔ اس کتاب میں قاضی صاحب نے تصوف کے ایسے ایسے باریک باریک مسائل بیان فرمائے ہیں۔ جو بڑی بڑی کتابوں میں مشکل سے ملتے ہیں۔ قیمت ۶ر

اردو ترجمہ مقصد الاسنیٰ شرح اسماء الحسنیٰ

جناب امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اسمائے باری تعالےٰ کی شرح نہایت شرح و بسط کے ساتھ فرمائی اور منطقیانہ اور فلسفیانہ طور سے ہر ایک اسم مبارک کی شرح میں بحث کی ہے اور نہایت محنت سے بامحاورہ اردو ترجمہ کرا کر طبع کرائی ہے۔ قیمت ۱۲ر

اردو ترجمہ کتاب

کلمۃ الحق

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِمَنْ ھُوَ اَقْرَبُ اِلَیْنَا مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ۔ سب تعریف اس ذات پاک کو جو رگ جان سے زیادہ تر ہم سے نزدیک ہے۔ جیسا کہ اُس نے خود فرمایا ہے نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ ۔ یعنی ہم اُس کی دھڑکتی رگ سے زیادہ نزدیک ہیں ۔

وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی صَاحِبِ الْمَقَامِ الْحَمِیْدِ ۔ اور رحمت کاملہ اور سلام دائم صاحب مقام پسندیدہ پر نازل ہو جیو۔ یعنے صاحب مقام شفاعت پر جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ہیں۔ بموجب وعدۂ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۔ یعنی نزدیک ہے کہ اُٹھائیگا تجھے رب تیرا مقام محمود میں ۔

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ لَھُمُ الْبُشْرٰی وَالْمَزِیْدُ ۔ اور رحمت کاملہ اور سلام دائم نازل ہو جیو اولاد اور اصحاب محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جن کے لئے خوشخبری بہشت اور زیادہ خوشی دیدار رحمٰن کی ہے ۔

وبعد فیقول الفقیر عبد الرحمٰن صانہ عما شانہ ۔ اور ثنا اور درود کے بعد کہتا ہے فقیر مسمی عبد الرحمٰن نگاہ رکھیو اُس کو خدائے سبحانہ اُس چیز سے جو اُسکو

معیوب کرنے والی ہے ۔

اِنَّ التَّوْحِیْدَ اَقْدَمُ رُکْنٍ مِّنْ اَرْکَانِ الْاِیْمَانِ وَکَلِمَۃُ التَّوْحِیْدِ - لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ - اَوَّلُ الْمُحَکَّمَاتِ الْخَمْسِ الَّتِیْ - یُبْنٰی عَلَیْھَا الْاِسْلَامُ تَحْقِیْقُ کلمہ توحید کا یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ایمان کے ستونوں میں سے مقدم ترین ستون ہے - اور فرائض پنجگانہ میں یہ پہلا فرض ہے - جن پر اسلام کی بنیاد قائم ہے ۔

یہ قول مصنف کا اشارہ ہے - اُس حدیث صحیح کی جانب جس کو صاحب مشکوٰۃ نے عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کیا ہے - اور وہ یہ ہے قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَھَادَۃِ - اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوۃِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوۃِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ ۔ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے - اسلام کی بنیاد پانچ رکنوں پر قائم ہے - ان میں پہلا یہ کہ سچی گواہی دینا - کہ کوئی معبود غیر خدا نہیں ہے - اور محمدؐ اللہ کا سچا رسول اور اس کا بندہ ہے - دوسرا نماز کو دائم کھڑے رکھنا - تیسرا مال کی زکوٰۃ دینا - چوتھا بیت اللہ کا حج کرنا - پانچواں رمضان کے روزے رکھنا ۔

فَمَعْرِفَتُھَا وَالتَّصْدِیْقُ بِحَقِّیَّۃِ مَضْمُوْنِھَا وَاجِبَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وَّمُسْلِمَۃٍ

ہر مرد و زن اہل اسلام پر واجب ہے کہ کلمہ توحید کو سمجھے اور اس کے مضمون کی حقیت کا یقین کرے ۔

وَالْاُمَّۃُ الْمَرْحُوْمَۃُ کُلُّھَا اِلَّا وَاحِدَۃً مِّنَ الصُّوْفِیَّۃِ الصَّافِیَّۃِ قُدِّسَتْ اَسْرَارُھُمْ زَعَمُوْا اَنَّ لَا مَدْلُوْلَ لِلْکَلِمَۃِ الطَّیِّبَۃِ اِلَّا اَنَّہٗ سُبْحَانَہٗ وَاحِدٌ وَّمُسْتَحِقُّ الْعِبَادَۃِ ۔ سوائے صوفیہ صافیہ قدس اسرارہم کے باقی ہر ایک فرقہ امت مرحومہ کا یہی زعم ہے - کہ کلمہ طیبہ کا معنی بجز اس کے نہیں کہ خدائے پاک ایک ہے اور وہی لایق عبادت کے ہے ۔

وَلَیْسَ الْاَمْرُ کَذٰلِکَ - لِاَنَّ مُشْرِکِی الْعَرَبِ اَیْضًا کَانُوْا

مُصَدِّقِیْنَ بِوَحْدَتِہٖ سُبْحَانَہٗ وَمُقِرِّیْنَ بِاَنَّ اللّٰہَ مُسْتَحِقٌّ لِلْعِبَادَۃِ +

اور نفس الامر میں ایسا نہیں ہے۔ جیسا کہ ان کا زعم ہے۔ اس لئے کہ کفار مشرکین عرب بھی اللہ تعالےٰ جل جلالہ کو ایک ہونے کا یقین کرتے تھے۔ اور خدا تعالےٰ کو لایق عبادت ہونے کا وہ بھی اقبال اور اقرار کرتے تھے۔ اور یہ بھی اقرار کرتے تھے کہ اصنام اور تمام عالم کا وجود خدا کے وجود کا غیر ہے اور کلام اللہ میں اس کے بہت سے دلائل موجود ہیں۔ کہ مشرکین کے عقاید اسی طرح کے تھے۔ یعنی خدا ایک ہے اور وہی مستحق عبادت کا ہے +

وَلَمْ یَقُلْ اَحَدٌ لِلصَّنَمِ اِنَّہُ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ۔ لِقَوْلِہِمْ مَانَعْبُدُھُمْ اِلَّا لِیُقَرِّبُوْنَا۔ اِلَی اللّٰہِ زُلْفٰی۔ وَھٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰہِ ؕ

حالانکہ مشرکین میں سے کسی ایک نے بھی بُت کو یہ نہیں کہا۔ کہ وہ اللہ رب العالمین ہے۔ بلکہ یہ کہتے تھے کہ ہم ان بتوں کو محض اس لئے پوجتے ہیں کہ یہ ہمارا رتبہ اللہ کے نزدیک بلند کرینگے۔ اور یہ بھی کہ یہ بت اللہ کے ہاں ہماری شفاعت کرنے والے ہیں +

یہ دونوں قول مشرکین کے قرآن مجید میں منقول ہیں۔ جیسا کہ متن میں مذکور ہیں +

فَلَوْ کَانَ مَدْلُوْلُ الْکَلِمَۃِ الطَّیِّبَۃِ ھُوَ الْمَعْنٰی الْمَذْکُوْرُ فَقَطْ لَمْ یَکُنْ بَیْنَ الْمُشْرِکِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ فَرْقٌ ؕ

اگر کلمہ طیبہ کے وہی معنی خیال کئے جائیں جو اہل اسلام کے سب فرقوں نے باستثنائی صوفیہ رحمہم اللہ قرار دے رکھے ہیں۔ تو اس سے متعلق اہل اسلام اور اہل شرک کے عقیدہ میں کوئی فرق نہیں رہتا۔ اس لئے کہ دونوں فرق کا اعتقاد حق سبحانہ کے ساتھ برابر رہیگا +

وَکَمَا رَیْبَ اَنَّھَا نَزَلَتْ لِرَدِّ زَعْمِ الْمُشْرِکِیْنَ۔ وَجَمِیْعُ الْاَنْبِیَآءِ عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ قَدْ اُمِرُوْا بِاِلْقَائِھَا اِلٰی اُمَمِھِمْ مُطْلَقًا

اور اس میں مطلقاً شک نہیں ہے۔ کہ کلمہ (لا الٰہ الا اللہ) مشرکوں ہی کے گمان باطل کے تردید کے واسطے نازل ہوا ہے۔ اور یہ بھی مسلمہ امر ہے کہ جمیع انبیاء علیہم السلام جو کہ زمانہ سابق میں گذر چکے ہیں۔ کلمہ توحید کے سمجھانے کے لیے مبعوث ہوئے تھے۔ تاکہ اپنی کل قوم کو انہی کی زبان مروجہ میں کلمہ طیبہ کا مضمون صاف طور پر سمجھا دیں۔ چنانچہ حق سبحانہ تعالےٰ نے انبیاء علیہم السلام سابق کے حالات قرآن مجید میں بیان فرمائے ہیں اور یہ اشاد فرمایا ہے کہ

ولقد ارسلنا نوحاً الی قومہٖ فقال یاقوم اعبدوا اللہ مالکم من الٰہ غیرہٗ والی عاد اخاھم ھوداً قال یاقوم اعبدوا اللہ مالکم من الٰہ غیرہٗ والی ثمود اخاھم صالحاً قال یاقوم اعبدوا اللہ مالکم من الٰہ غیرہٗ والی مدین اخاھم شعیباً قال یاقوم اعبدوا اللہ مالکم من الٰہ غیرہٗ علیٰ ہذا اپنی امت کے ساتھ ہر پیغمبر علیہ السلام کا یہی مقولہ تھا۔ تا آنکہ ؛

وَقَالَ نَبِیُّنَا وَشَفِیْعُنَا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ؛

اور حضرت نبینا وشفیعنا محمد مصطفےٰ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ یعنی مجھے خدا تعالےٰ کی طرف سے یہ حکم ہے کہ میں لوگوں سے جنگ کروں تا آنکہ وہ کہیں۔ نہیں ہے کوئی معبود غیر اللہ کا ؛

فَعُلِمَ اَنَّ مَدْلُوْلَ الْکَلِمَۃِ الطَّیِّبَۃِ اَمْرٌ قَدْ اَنْکَرَہُ الْمُشْرِکُوْنَ اِنْکَارًا شَدِیْدًا۔ وَزَعَمُوْا بِخِلَافِہٖ وَھُوَ زَعْمُھُمُ الْغَیْرِیَّۃَ بَیْنَہٗ سُبْحَانَہٗ وَبَیْنَ الْاٰلِھَۃِ وَسَائِرِ الْاَشْیَاءِ فَنَزَلَ فِیْ رَدِّھِمْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ؛

جس سے ظاہر ہے کہ کلمہ طیبہ کا مفہوم مشرکین کے مسلمات میں سے نہ تھا۔ اور خداوند کریم کا وجود۔ اُس کی وحدت۔ اس کی صفات۔ مشرکین کے مسلمات میں سے تھے۔ جس کے بعد کلمہ طیبہ پر غور کرنے سے سوا عینیت موجودات کے کوئی اور امر متحقق نہیں ہوتا۔ اور مشرکین اس کے سخت مخالف

تھے۔ وہ موجودات اور وجود باری تعالےٰ میں غیریت سمجھتے تھے۔ مشرکین کا عقیدہ یہ تھا کہ خدا تعالےٰ کا وجود عالم کے وجود کے سوا ہے اور وجود اصنام وغیرہ ممکنات کا۔ خدا تعالےٰ کے وجود کے سوا ہے۔ چنانچہ سوائے موحدین کے کل مسلمان یہی اعتقاد رکھتے ہیں۔ لہذا مشرکین کے عقیدۂ باطل کی تردید کے واسطے کلمہ طیبہ یعنی لا الہ غیر اللہ نازل ہوا ؛

یَعْنِیْ کُلَّمَا تَوَهَّمْتُمُوْهُ غَیْرَ اللّٰهِ لَیْسَ بِغَیْرِ اللّٰهِ بَلْ عَیْنُهٗ وَسَیَظْهَرُ صِحَّةُ هٰذَا الْمَعْنٰی بِمَا لَا مَزِیْدَ عَلَیْهِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی ؕ

پس جن موجودات کو دیکھ کر یہ گمان کیا جاتا ہے کہ یہ غیر خدا ہیں۔ وہ موجودات ہرگز غیر خدا نہیں ہیں۔ بلکہ فی الحقیقت وہ عین خدا ہیں ؎

ہر نقش کہ بر تختۂ ہستی پیداست ایں صورت آنکس ست کیں نقش آراست

تختۂ ہستی پہ جتنے نقش آتے ہیں نظر
صورت نقاش ہی ہے صاف اُنمیں جلوہ گر

دریائے کہن کہ میزند موجے تو موجی خواہند در حقیقت دریاست

اور دریائے کہن کے جسقدر امواج ہیں
فی الحقیقت سب کے سب وہ قلزم موّاج ہیں

انشاء اللہ تعالےٰ عنقریب معنی مذکورہ ایسی شرح وبسط کے ساتھ بیان کئے جائیں گے کہ اس سے زیادہ متصوّر نہ ہوں ؛

وَالْعَرَبُ کَانُوْا مِنْ اَهْلِ اللِّسَانِ فَاَدْرَکُوْا بِمُرَادِهَا فَاٰمَنَ بِهَا مَنْ اٰمَنَ وَاَنْکَرَ الْمُشْرِکُوْنَ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَسْتَکْبِرُوْنَ وَقَالُوْا اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ؕ

چونکہ عرب اہل زبان تھے اور بے تکلف وہ عربی محاورت بخوبی سمجھتے تھے۔ لہذا اُنہوں نے کلمہ کے معانی اور مفہوم کو دریافت کر لیا۔ اور جن لوگوں کو ایمان لانا تھا ایمان لے آئے۔ اور جنہیں یقین نہ آیا۔ انہوں نے انکار کیا۔ پس جب اُن سے یہ کہا جاتا تھا کہ کوئی معبود غیر خدا نہیں ہے۔ مشرکین سخت سرکشی کرتے

تھے۔ کہ یہ نہایت عجیب معاملہ ہے۔ کہ محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام معبودوں کو خدائے واحد تصور کر لیا ہے +

وَلَمَّا كَانَ مُرَادُهَا الْمَذْكُوْرُ مَعْنًى مُطَابِقِيًّا وَمَدْلُوْلًا اَصْلِيًّا لَمْ يُبَالِ اَحَدٌ مِنَ الصَّحَابَةِ وَالتَّابِعِيْنَ عَلَيْهِمُ الرِّضْوَانُ اَنْ تَبْعَ التَّابِعِيْنَ وَمَنْ بَعْدَهُمْ لَا يَفْهَمُوْنَ مُرَادَهَا لِهٰذَا لَمْ يَجُدْمُوْا حَوْلَ تَشْرِيْحِهَا وَتَبْيِيْنِ مَعْنِيْهَا ثُمَّ صَدَرَ الْغَفْلَةُ وَالْخَطَاءُ فِى الزَّمَانِ الَّذِىْ اَشِيْرُ اِلَيْهِ فِى الْحَدِيْثِ ثُمَّ يَفْشُو الْكِذْبُ ۵

اور چونکہ کلمہ طیبہ کی معنی مذکورہ (عینیت سے متعلق معنی حقیقی اور اس کا مفہوم اصلی) تھے لہذا صحابہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور پیروان اصحاب رضی اللہ عنہم کو اس کا کچھ بھی خطرہ پیدا نہیں ہوا۔ کہ ہمارے تابعین اور مقلدین میں سے جو ہمارے بعد پیدا ہونگے وہ کلمہ طیبہ کے معنی نہ سمجھیں گے اسی وجہ سے نہ اصحاب نے کلمہ کے معنی بیان کئے اور نہ اس کی تشریح کی طرف توجہ کی۔ بعد ازیں اس زمانہ میں جس کا اس حدیث میں اشارہ ہے یعنی خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِىْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَفْشُو الْكِذْبُ یعنی سب زمانوں میں سے میرا زمانہ بہتر ہے۔ بعد وہ زمانہ جو پیچھے آویگا۔ پھر زمانہ جھوٹ اور افترا کا ظاہر ہوگا +

وَالْحَسْرَةُ كُلُّ الْحَسْرَةِ عَلٰى اَنَّ اَكَابِرَ الْعُلَمَاءِ شَرْقًا وَغَرْبًا سَلَفًا وَخَلَفًا مُحَدِّثِيْنَ وَمُفَسِّرِيْنَ مُجْتَهِدِيْنَ وَمُقَلِّدِيْنَ مُتَكَلِّمِيْنَ وَمُتَفَقِّهِيْنَ قَدْ حَرَّفُوا الْكَلِمَةَ الطَّيِّبَةَ عَنْ مَّوَاضِعِهَا وَاَوَّلُوْهَا مِنَ الْمُحْكَمِ اِلَى الْمُتَشَابِهِ وَبَدَّلُوْا مَضْمُوْنَهَا بِالْخَبِيْثَةِ وَهِىَ لَا اِلٰهَ اِلَّا غَيْرُ اللّٰهِ كَمَا سَيَجِىْءُ تَفْصِيْلُهَا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى ۵

کلمہ طیبہ کی معنی کے سمجھنے میں غلطی واقع ہوئی۔ اور یہ سب سے زیادہ تر قابل افسوس ہے کہ تمام علماء عظام سابق و حال۔ اور جملہ محدثین اور مفسرین

اور مجتہدین اور مقلدین اور حکمائے متکلمین اور فقہائے شرع متین نے کلمہ طیبہ کی تحریف کرکے اُس کو محکم سے متشابہ بنا دیا۔ اور کلمہ طیبہ کے مفہوم کو کلمہ خبیثہ یعنی (لا الہ الا غیر اللہ) کے مساوی کر دیا جس کی تفصیل عنقریب انشاء اللہ تعالےٰ بیان کی جائے گی ٭

فَصَانُوْا لِسَانَهُمْ عَنِ الشِّرْكِ لِتَلَفُّظِهِمْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْرَكُوْا بِالْقَلْبِ لِعَقِيْدَتِهِمْ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا غَيْرُ اللّٰهِ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا ٭

اکابر علماء نے اپنی زبان کو تو بسبب (لا الہ الا اللہ) کہنے کے شرک سے محفوظ رکھا۔ لیکن (لا الہ الا غیر اللہ) پر اعتقاد کی وجہ سے انہوں نے اشراک کیا۔ کیونکہ ابھی تک اُنہیں یہی معلوم نہیں ہوا۔ کہ جو غیریت اور تفرقہ اُن کے گمان میں ہے۔ اور جس پر ان کا اعتقاد ہے وہ (لا الہ الا اللہ) کے مفہوم کے خلاف اور بالکل برعکس ہے۔ وہ اس بات سے بھی مطلع نہ ہوئے۔ کہ عینیت اور وحدت جس کو وہ شرک اور کفر جانتے ہیں۔ وہی (لا الہ الا اللہ) کا اصلی مفہوم اور توحید کا عین مقصود ہے۔ پناہ چاہتا ہوں میں خدا کی عقیدۂ مذکورہ سے ٭

وَقَدْ شَاعَ الْغَلَطُ وَالتَّحْرِيْفُ وَالتَّاوِيْلُ فِي الْكَلِمَةِ وَاَدِلَّتِهَا يَوْمًا فَيَوْمًا حَتّٰى صَارَ التَّوْحِيْدُ شِرْكًا وَالشِّرْكُ تَوْحِيْدًا فِيْ زَعْمِ الْمُسْلِمِيْنَ كُلِّهِمْ اَجْمَعِيْنَ اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ ٭

کلمہ کے معنی میں جو کچھ غلطیاں اور تحریفیں کی گئی ہیں۔ اور جس قدر تاویلیں اور دلیلیں اس سے متعلق تحریر و تقریر میں آچکی ہیں۔ ان کی اس قدر تشہیر اور ترویج ہوگئی ہے اور روز بروز شہرت اور رواج بڑھتا جاتا ہے جس کی وجہ سے ہر مسلمان کے ذہن میں توحید عین شرک۔ اور شرک عین توحید قرار پا گیا ہے مگر بعض اشخاص جن کو اللہ نے چاہا وہ البتہ کلمہ کے مفہوم اصلی سے واقف ہیں ٭

وَلَمَّا وَفَّقَنِيَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ بِالْاِطِّلَاعِ عَلَى الْخَطَاءِ الْمَذْكُوْرِ وَاَلْهَمَنِيْ مَا هُوَ الْمُرَادُ عِنْدَ الْحَقِّ عَزَّ اِسْمُهُ شَمَّرْتُ عَنْ سَاقِ

الْجِدِّ فِي بَيَانِهٖ مُسَمِّيًا بِكَلِمَةِ الْحَقِّ ۝ مُرَتِّبًا بِمُقَدِّمَةٍ وَعِدَّةِ فُصُوْلٍ وَثَلٰثَةِ اُصُوْلٍ وَخَاتِمَةٍ ۝

اب بتوفیق الٰہی چونکہ غلطی مذکورہ پر مجھ کو آگاہی حاصل ہوئی ہے خداوند کریم نے کلمہ کا اصلی مفہوم مجھے الہام فرمایا ہے۔ لہذا کلمہ طیبہ کی اصلی معنی کے اثبات میں تہ دل سے میں نے کوشش کی۔ اور اس مجموعہ کا نام کلمۃ الحق رکھا جو ایک مقدمہ۔ اور چند تنبیہات اور خاتمہ پر محتوی ہے ۔

مُقَدِّمَةٌ

اِعْلَمْ اَنَّ فَهْمَ الْمُرَادِ مِنَ الْكَلِمَةِ الطَّيِّبَةِ مَوْقُوْفٌ عَلٰى تَنْبِيْهَاتٍ ۔

اَلتَّنْبِيْهُ الْاَوَّلُ

لَا يَخْفٰى اَنَّ الْمُخَاطَبَ بِقَوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاِنْ كَانَ جَمِيْعَ النَّاسِ لٰكِنَّ الْعَرَبَ مِنْ بَيْنِهِمْ مَخْصُوْصٌ بِالْخِطَابِ لِاَنَّ الرَّسُوْلَ عَرَبِيٌّ اَيْضًا ۝

مقدمہ۔ کلمہ طیبہ کے اصلی معنی کا سمجھنا چند تنبیہات پر موقوف ہے ۔

پہلی تنبیہ۔ اس امر کے بیان میں جس سے مشرکین میں مدار شرک کا تعین ہوا۔ اس امر کی تحقیق کہ مشرک کس صفت کی وجہ سے مشرک ہے ۔

گو علی العموم تمامی باشندگان روئے زمین کلمہ (لا الہ الا اللہ) کے مخاطب سمجھے جاتے ہیں۔ لیکن بالاختصاص اہل عرب ہی اس کے مخاطب ہیں۔ اس لئے کہ حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بھی عربی تھے ۔

وَاَنَّ الْمُتَكَلِّمَ اَبْلَغُ الْبُلَغَاءِ لَا يُلْقِي الْكَلَامَ اِلَّا بِمُقْتَضٰى حَالِ الْمُخَاطَبِ ۝ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَهُمْ مَّنْ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝

یَدُلُّ صَرَاحَۃً عَلٰی اَنَّ الْعَرَبَ قَائِلٌ بِوُجُوْدِہٖ وَوَحْدَانِیَّتِہٖ وَ خَالِقِیَّتِہٖ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی ۔

اور نیز یہ امر پوشیدہ نہیں ہے۔ کہ متکلم کتاب مجید۔ یعنے اللہ تعالیٰ جل شانہ ابلغ البلغاء ہے اور بلیغ القا و کلام حال مخاطب کے اقتضاء کے ہی لحاظ سے کریگا۔ کیونکہ بلاغت اسی مذرت سے مراد ہے۔ اور خدائی عزوجل کا قول یہ ہے۔ یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم تم مشرکوں سے یہ بات دریافت کرو۔ کہ ساتوں آسمانوں کا پروردگار کون ہے اور عرش عظیم کا رب کون ہے۔ مشرکین عرب بالتحقیق یہی کہینگے کہ (اللہ) ہے۔ اور ایسا ہی خدائے عزوجل کا دوسرا قول یہ ہے۔ یعنے اگر تم مشرکوں سے۔ اس بات کا سوال کروگے۔ کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے۔ تو وہ یہی جواب دینگے۔ کہ خدائے غالب اور دانا ہی نے پیدا کیا ہے ۔

ان اقوال مذکورہ سے بدیہی طور پر یہ امر ثابت ہے کہ اہل عرب۔ اللہ تعالےٰ کی ہستی۔ اور یکتائی۔ اور خالقیت کے قائل ہیں۔ یعنے اللہ تعالےٰ کا وجود تسلیم کرتے ہیں۔ اور اُس کو (واحد برحق) مانتے ہیں۔ اور یہ بھی جانتے ہیں۔ کہ سب چیزوں کا وہی پیدا کرنے والا ہے ۔

وَبِالنَّقْلِ الْاٰلٰہِیِّ وَالْعَقْلِ الصَّحِیْحِ ثَابِتٌ اَنَّ الْعَرَبَ قَائِلٌ بِاِمْتِنَاعِ تَعَدُّدِ الْوَاجِبِ وَاِمْتِنَاعِ مِثْلِیَّتِہٖ مِنْ کُلِّ وَجْہٍ وَمَعَ ذٰلِکَ اُطْلِقَ عَلَیْہِمْ مُشْرِکُوْنَ وَاُلْقِیَ اِلَیْہِمْ اِنَّمَا اللّٰہُ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ وَلَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ ۔

اور کلام الٰہی اور عقل صحیح سے یہ امر بخوبی ثابت ہے کہ عرب (امتناع تعدد واجب) کے قائل تھے یعنے یہ بات بخوبی جانتے تھے۔ کہ (واجب الوجود) ایک سے زیادہ نہیں ہو سکتا ہے اور ایسی کوئی چیز نہیں ہے کہ جو تمام صفات خدائی میں (اللہ تعالےٰ) کے مساوی ہو۔ باوجود اس بات کے جاننے کے جب اُن کی نسبت لفظ (مشرکین) کا اطلاق کیا گیا ہے۔ اور ان کی طرف کلمہ طیبہ کا القاء کیا گیا جس کے یہ معنی ہیں کہ (نہیں کوئی خدا مگر معبود یکتا) پس یہ امر تو بلاغت

سے نہایت بعید ہے۔ کہ مخاطب پر اُسی جزو کا القاء کیا جائے۔ جس کا وہ مقر ہو۔

نَعْلَمُ اَنَّ وَجْهَ الشِّرْكِ اَمْرٌ اٰخَرُ لَا بُدَّ مِنْ تَنْقِيْحِهٖ ۝

جس سے ظاہر ہے۔ کہ وجہ اشراک کوئی اور چیز ہے۔ پس ضرور ہے کہ وہ امر دریافت ہو جو وجہ شرک ہے۔

وَبَعْدَ التَّنْقِيْحِ وَجَدْنَا فِي الْمُشْرِكِيْنَ اُمُوْرًا۔ اَلْاَوَّلُ زَعْمُ الْغَيْرِيَّةِ بَيْنَهٗ سُبْحَانَهٗ۔ وَبَيْنَ سَائِرِ الْاَشْيَاءِ مِنْ تَشْبِيْهَاتٍ وَالثَّانِيْ زَعْمُ انْحِصَارِهٖ تَعَالٰى فِي التَّشْبِيْهِ فَقَطْ لِقَوْلِهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ بَنَاتُ اللّٰهِ۔ وَقَوْلِهِمْ صِفْ لَنَا رَبَّكَ يَا مُحَمَّدُ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ هُوَ مِنْ ذَهَبٍ اَوْ فِضَّةٍ۔ وَالثَّالِثُ عِبَادَةُ الْاَوْثَانِ بِالسِّجْدَةِ مَعَ زَعْمِ الْاِسْتِحْقَاقِ وَالتَّاْثِيْرِ لَهُمْ اَوْ بِالتَّقْلِيْدِ لِاٰبَائِهِمْ۔ وَالرَّابِعُ تَسْمِيَةُ الْاَصْنَامِ بِاَسْمَاءِ الْاٰلِهَةِ وَالْخَامِسُ رَجَاءُ الشَّفَاعَةِ مِنْهُمْ لِقَوْلِهِمْ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۝

لہذا اس کی ضرورت ہے۔ کہ مشرکین کے حالات پر غور کیا جائے۔ جس سے امور مندرجہ ذیل دریافت ہوں:۔

(۱) یہ کہ اہل عرب اللہ جل شانہ اور موجودات مجردہ و مادیہ میں مغایرت اور مبانیت خیال کرتے تھے۔

(۲) اللہ جل شانہ کو فقط تشبیہ میں مقید سمجھتے تھے۔ کیونکہ وہ فرشتوں کو اللہ کی لڑکیاں کہا کرتے تھے۔ اور حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے استفسار کیا کرتے تھے۔ کہ تم ہمیں یہ بتاؤ کہ تمہارا خدا کس چیز سے ہے۔ آیا سونے کا ہے۔ یا چاندی کا۔

(۳) مشرک پرستش کے خیال سے بتوں کو سجدہ کرتے تھے۔ یا اس خیال سے۔ کہ بُت لائق پرستش ہیں۔ اور اُن میں تاثیرات ہیں۔ یا محض اسے وجہ سے۔ کہ اپنے بڑے بڑوں کے طریقہ عمل کی تقلید کرتے ہیں۔ کیونکہ

بعض کفار کہا کرتے تھے۔ کہ ہمارے باپ دادا بھی یہی کیا کرتے تھے ٭

(۴) بتوں کو لفظ (الٰہ) کے ساتھ موسوم کرتے تھے۔

(۵) بتوں سے شفاعت کی اُمید رکھا کرتے تھے۔ کیونکہ وہ کہا کرتے تھے۔ کہ یہ بُت خدا کے پاس ہمارے شفیع ہیں پس قیاس تو اسی امر کا مقتضی ہے۔ کہ ان امور پنجگانہ میں سے۔ کوئی نہ کوئی امر فرداً یا بحیثیت مجموعی وجہ شرک ہوگا۔ اس لئے کہ از روئے قرآن شریف و نیز بمقتضائے قیاس کفر و اشراک کے یہی وجوہات پائے جاتے ہیں ٭

وَلَا يَخْفٰى اَنَّ الْخَامِسَ لَيْسَ مَنَاطًا لِلشِّرْكِ لِاَنَّ رَجَاءَ الشَّفَاعَةِ مِنْ غَيْرِ اللّٰهِ صَحِيْحٌ شَرْعًا اِذِ الْاَنْبِيَاءُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ

مگر یہ امر پوشیدہ نہیں ہے۔ کہ امر خامس یعنی مشرکوں کا بتوں کی شفاعت کی امید رکھنا مدار شرک نہیں ہو سکتا ہے۔ کیونکہ شارع کے نزدیک بھی غیر خدا سے شفاعت کی اُمید درست ہے۔ اس لئے کہ اللہ تعالےٰ کے پاس انبیاء علیہم السلام ہمارے شفیع ہیں ٭

واضح ہو کہ یہ دلیل الزامی بطور فرض محال ہے یعنے اگر علماء ظاہر کے گمان کے مطابق غیریت مناط شرک ہو۔ تب تو انبیاء علیہم السلام ان ہی کے قول سے غیر خدا ہونگے! ور انبیاء علیہم السلام کی شفاعت اپنی امت کیواسطے از روئے شرع شریف جائز ہے۔ اور اس صورت میں غیر اللہ سے شفاعت کی امید رکھنے میں مشرک اور مومن دونوں کے دونوں مساوی ہیں ٭

وَالرَّابِعُ اَيْضًا لَيْسَ عُمْدَةً فِيْ كَوْنِهٖ مَنَاطًا لِلشِّرْكِ لِاَنَّ اِلٰهَ مُشْتَرَكٌ لَفْظِيٌّ يُطْلَقُ بِالْقَرِيْنَةِ تَارَةً عَلَى اللّٰهِ وَتَارَةً عَلَى الْمَوْجُوْدِ وَالْمُمْكِنِ الْمَعْبُوْدِ وَلَا شِرْكَ فِيْ اِطْلَاقِ اَسْمَاءِ الْغَيْرِ الْمَخْصُوْصَةِ لَهٗ تَعَالٰى عَلٰى غَيْرِهٖ لِاَنَّهٗ سُبْحَانَهٗ تَعَالٰى كَمَا قَالَ فِيْ شَاْنِهٖ۔ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ كَذٰلِكَ قَالَ فِيْ جَنَابِ حَبِيْبِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝

اور چہارم یعنے (بتوں پر لفظ الٰہ کا اطلاق) کچھ مدار شرک ہونے میں اہم نہیں ہے۔ اس لئے کہ لفظ (الٰہ) تو ایک ایسا مشترک لفظ ہے۔ جو کبھی خدائے عزوجل پر اطلاق کیا جاتا ہے۔ اور کبھی معبود ممکن پر۔ خواہ وہ انسان ہو یا حیوان ہو۔ یا ان کے ماسوا ہو۔ اور غیر اللہ پر ایسے ناموں کا اطلاق جو کہ اللہ تعالےٰ کے واسطے غیر مخصوص ہیں۔ شرک نہیں ہیں۔ اسی لئے اللہ تعالےٰ نے جیسا کہ اپنی شان میں فرمایا ہے (ان اللہ بالناس لرءوف رحیم یعنی تحقیق اللہ جل شانہٗ لوگوں کے حال پر رؤف و رحیم ہے۔ اسی طرح اپنے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے فرمایا ہے (حریص علیکم بالمومنین رؤف الرحیم) یعنی تم پر شفقت کرنے میں حریص ہے اور مومنین کے ساتھ رؤف و رحیم ہے۔ پس جس جگہ لفظ (الٰہ) کا اطلاق بتوں پر ہے وہ معبود ممکن کے معنی میں ہے اس میں کچھ بھی شرک نہیں ہے۔

وَالثَّالِثُ اَيْضًا لَيْسَ عُمْدَةً فِيْ كَوْنِهٖ مَنَاطًا لِلشِّرْكِ لِاَنَّ عِبَدَةَ الْاَصْنَامِ لَا يَسْجُدُوْنَ لَهُمْ بِاِذْعَانِ اَنَّهُمُ اللّٰهُ لِمَا مَرَّ بَلْ يَسْجُدُوْنَ لَهُمْ تَحِيَّةً وَّتَعْظِيْمًا لِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ۔ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا فِيْ يَعْقُوْبَ وَيُوْسُفَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ ۝

اور امر سوم یعنے (بتوں کی پرستش بھی مدار شرک قرار پانے کے لئے اہم نہیں معلوم ہوتی۔ کیونکہ بتوں کو پوجنے والے کچھ اس گمان سے تو بتوں کو سجدہ نہیں کرتے تھے کہ وہ خدا ہیں۔ اور یہ دلائل مذکورہ میں بیان کیا جا چکا ہے کہ وہ ہر شے کا خالق و رب۔ خدا ہی کو جانتے تھے۔ اور بتوں کو صرف شفیع جانتے تھے۔ اور ان کو سجدہ بھی ان کی بزرگی کے لحاظ سے کرتے تھے۔ اور قرآن شریف میں بھی بعض تشبیہہ کا بعض کے واسطے سجدہ کرنا مذکور ہے چنانچہ باذن اللہ۔ فرشتوں کا حضرت آدم علیہ السلام کو خدائی عزوجل ہی کے

لہ پارہ الم سورہ بقرہ رکوع ۴

قول سے سجدہ کرنا ثابت ہے۔ جیسا کہ اس آیۃ سے ظاہر ہے (وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا) یعنی جبکہ میں نے فرشتوں کو حکم دیا۔ کہ تم آدمؑ کو سجدہ کرو۔ تب تمام فرشتوں نے سجدہ کیا۔ اور انسان کا سجدہ بھی انسان کے واسطے آئیۂ کریمہ ثانیہ سے ثابت ہے۔ جو کہ حضرت یعقوب و یوسف علیہما السلام کے حق میں نازل ہوئی۔ کہ باپ اور ماں حضرت یوسف علیہ السلام کے آگے سجدہ کرتے ہوئے گرے ۔

وَالثَّانِيْ اَيْضًا لَيْسَ عُمْدَةً فِيْ كَوْنِهٖ مَنَاطًا لِلشِّرْكِ الْحَصْرُ اِذْ قَصَرَ اَهْلُ الْكِتَابِ اَللّٰهَ تَعَالٰى اَيْضًا فِي التَّشْبِيْهِ فَقَطْ لِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ۔ قَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ ابْنُ اللّٰهِ وَقَالَتِ النَّصَارٰى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ لٰكِنْ لَمْ يُسَمِّ اللّٰهُ تَعَالٰى اَهْلَ الْكِتَابِ بِمُشْرِكِيْنَ بَلْ فَرَّقَ بَيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَبَيْنَ اَهْلِ الْكِتَابِ بِاَحْكَامٍ شَتّٰى ۝

اور امر دوم یعنے (اللہ تعالےٰ کا انحصار تشبیہ میں) یہ بھی وجہ شرک ہونے میں اہم نہیں ہے اس واسطے کہ کفار اہل کتاب یعنے (یہود و نصاریٰ) بھی خدا کو تشبیہ محض میں حصر کرتے تھے جس کی مصداق یہ آیت ہے (قالت الیھود عزیر ابن اللہ) (وقالت النصاریٰ المسیح ابن اللہ) یعنی یہود نے کہا۔ کہ عزیر خدا کا بیٹا ہے۔ اور نصاریٰ نے کہا کہ عیسیٰ خدا کا بیٹا ہے لیکن باوجود ان کے اس گمان انحصار کے اللہ تعالےٰ نے اہل کتاب کو مشرکین کے ساتھ یاد نہیں کیا۔ یعنے اہل کتاب پر شرک کا اطلاق نہیں فرمایا۔ بلکہ مشرکین سے اہل کتاب کو احکام ذیل میں ممتاز رکھا۔ اہل کتاب کے متعلق یہ ارشاد ہے ۔

لِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ۔ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ الْاٰيَةَ۔ وَقَالَ فِيْ حَالِ الْمُشْرِكِيْنَ۔ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ وَّلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ

مُشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ ۚ

اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے یعنی اہل کتاب کا کھانا تمہارے واسطے حلال ہے۔ اور تمہارا کھانا اہل کتاب کے واسطے۔ اور حلال کی گئیں تمہارے واسطے مسلمان عورتوں سے محصنات اور تمہارے پیشتر کے اہل کتاب کی عورتوں سے محصنات جبکہ دیدو تم اُن کو مہر اُن کا۔ اور مشرکین کی نسبت یہ ارشاد ہے۔ کہ مشرکین نجس ہیں اور جب تک کہ مشرک عورتیں ایمان نہ لاویں اُن سے نکاح مت کرو۔ اس لئے کہ مومنہ کنیز بہتر ہے مشرک عورت سے۔ گو مشرکہ عورتیں تم کو تعجب میں ڈالیں ۔

فَظَهَرَ مِنْ هٰذِهِ الْمُقَدِّمَةِ اَنَّ مَنَاطَ الشِّرْكِ هُوَ زَعْمُ الْغَيْرِيَّةِ وَالْفَرْقِ بَيْنَهٗ سُبْحَانَهٗ وَبَيْنَ اٰلِهَةِ وَغَيْرِهَا وَبِدَفْعِ هٰذَا الْمَنَاطِ يُدْفَعُ الشِّرْكُ مِنْ كُلِّ الْوُجُوْهِ جَلِيًّا كَانَ اَوْ خَفِيًّا اِذْ فِيْ اِنْتِفَاءِ الْوُجُوْدِ عَنِ الْغَيْرِ اِنْتِفَاءُ جَمِيْعِ الصِّفَاتِ عَنْهُ مِنَ الْمَعْبُوْدِيَّةِ وَالْمُؤَثِّرِيَّةِ وَالْخَالِقِيَّةِ وَغَيْرِهَا لِاَنَّ ثُبُوْتَ الشَّيْءِ لِلشَّيْءِ فَرْعُ ثُبُوْتِ الْمُثْبَتِ لَهٗ ۚ

پس اس مقدمہ سے یہ امر ظاہر ہے۔ کہ مدار شرک جناب باری جل شانہ اور الہ وغیرہ اشیاء میں تفرقہ اور غیریت ہے۔ اسی مدار شرک کے اندفاع سے سب جہات سے شرک مندفع ہو جاتا ہے۔ خواہ جلی ہو یا خفی اس لئے کہ غیر سے نفی وجود اس سے جملہ صفات کی بھی نفی ہے۔ خواہ وہ صفات معبودیت کے ہوں۔ یا موثریت کے یا خالقیت کے اس لئے کہ ایک شے کا ثبوت دوسری شے کے لئے دوسری شے کے ثبوت کی فرع ہے ۔

اَلتَّنْبِيْهُ الثَّانِيْ

فِيْ اَنَّ مُفَادَ الْكَلِمَةِ الطَّيِّبَةِ نَفْيُ التَّغَايُرِ الْمَوْهُوْمِ فِيْ زَعْمِ الْمُشْرِكِ بَيْنَهٗ سُبْحَانَهٗ وَبَيْنَ سَائِرِ الْاَشْيَاءِ

وَلَا فِي الْوَاقِعِ كَتَغَايُرِ بَيْنَ الْحَقَائِقِ فَلَا حَاجَةَ إِلَى نَفْيِهِ وَصِدْقُهَا مَوْقُوفٌ عَلَى إِثْبَاتِ وَحْدَةِ الْوُجُودِ وَامْتِنَاعِ التَّعَدُّدِ وَالْفَرْقِ ۵

دوسری تنبیہ۔ اس تنبیہ سے یہ بات ظاہر ہوگی کہ کلمہ طیبہ یعنے (لا الہ الا اللہ) سے مشرکین کے گمان فاسد کی نفی و تردید مقصود ہے کیونکہ مشرکین کو یہ توہم تھا کہ حق سبحانہ اور تمام اشیاء میں غیریت اور علیحدگی ہے حالانکہ کوئی مغائرت مابین حقائق اشیاء پائی نہیں جاتی ہے پس ہمیں ایسی شے کی جو فی الواقع نہ ہو نفی کی ضرورت نہیں ہے۔ اب صرف اس کی تصدیق باقی رہی۔ جو وحدت الوجود کے اثبات پر موقوف ہے۔ اور وحدت الوجود سے جو تعدد اور فرق مابین حق سبحانہ و دیگر اشیا کے سمجھا جائے۔ اُس کا امتناع لازم آتا ہے۔ کیونکہ وحدت۔ اور تعدد دونوں متضاد امر ہیں۔ وحدت وجود میں عدم تعدد لازم آتا ہے۔ اور تعدد وجود میں عدم وحدت کا لزوم ہوتا ہے۔ پس جب تک وحدت بخوبی نہ ثابت ہو جائے نفی تغایر کسیطرح سمجھ میں نہیں آسکتی ہے ۔

وَلْنُقَدِّمْ ثُبُوتَهُ عَقْلًا وَاعْلَمْ أَنَّ مَا زَعَمَهُ أَكَابِرُ الْحُكَمَاءِ أَنَّ أُصُولَ حَقَائِقِ الْأَشْيَاءِ ثَلَاثَةٌ الْوُجُوبُ وَالِامْتِنَاعُ وَالْإِمْكَانُ بَاطِلٌ إِذْ مَدَارُ الْقِسْمَةِ عِنْدَهُمْ عَلَى أَنَّ الشَّيْءَ مَعْنًى مَا يَعْلَمُ وَيُخْبَرُ عَنْهُ لَا يَخْلُو إِمَّا أَنْ يَقْتَضِيَ وُجُودَهُ أَوْ عَدَمَهُ أَوْ لَا يَقْتَضِيَ شَيْئًا مِنْهُمَا فَالْأَوَّلُ الْوَاجِبُ وَالثَّانِي الْمُمْتَنِعُ وَالثَّالِثُ الْمُمْكِنُ الْخَاصُّ وَيَرِدُ عَلَيْهِ أَشْكَالَانِ لَا يَنْدَفِعَانِ ۵

لہذا ہمیں اس بات کی ضرورت ہے۔ کہ ہم وحدت وجود کا ثبوت از روئے عقل پیش کریں ۔

واضح ہو کہ اکابر حکما کا یہ خیال ہے حقائق الاشیاء کے تین اصل ہیں (۱) وجوب (۲) امتناع (۳) امکان۔ جو تقسیم بالکل درست نہیں۔ اس لئے

کہ حکماء کی تقسیم کا دارومدار اسی پر ہے۔ کہ شے از روئے معنی وہ چیز ہے جو کہ معلوم ہو۔ اور جس کی خبر بھی دی جا سکے۔ اور اس کی تین صورتیں ہوتی ہیں (۱) یہ کہ وہ شے اپنے وجود کی مقتضی ہو (۲) یہ کہ وہ شے اپنے عدم کی مقتضی ہو (۳) یہ کہ وجود اور عدم دونوں کی مقتضی نہ ہو۔ پس جو شے اپنی ہستی کی مقتضی ہو۔ وہ واجب ہے۔ اور جو شے اپنی نیستی کی مقتضی ہو۔ وہ ممتنع ہے۔ اور جو شے نیستی و ہستی دونوں کی مقتضی نہ ہو۔ وہ ممکن خاص ہے مگر اس تقسیم میں دو مشکلیں ایسی پیدا ہوتی ہیں جن کا اندفاع مشکل ہے ؛

اَحَدُ هُمَا خُلُوُّ الْوَاجِبِ فِیْ مَرْتَبَةِ الذَّاتِ عَنِ الْوُجُوْدِ وَهُوَ قَبِیْحٌ جِدًّا وَ ثَانِیْهِمَا اَنَّ اِقْتِضَاءَ فَرْعُ الْوُجُوْدِ بَدَاهَةً عَلٰی مَا وَرَدَ اَنْبِیَاءُ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ بِمُجَیِّهِمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَکَیْفَ یَتَصَوَّرُ خُلُوُّ الْمَاهِیَّةِ مِنْ حَیْثُ هِیَ عَنِ الْوُجُوْدِ وَالْعَدَمِ کِلَیْهِمَا فِیْ مَرْتَبَةِ الذَّاتِ وَلِبُطْلَانِ اِرْتِفَاعِ النَّقِیْضَیْنِ فَبَطَلَتِ الْقِسْمَةُ الْمَذْکُوْرَةُ ؛

اُن دو مشکلوں میں سے (۱) یہ کہ مرتبہ ذات میں وجود سے واجب کا خالی ہونا لازم آتا ہے۔ اور یہ نہایت قبیح ہے۔ کیونکہ ذات کو اس مرتبہ میں موجود کہنا۔ اور وجود سے خالی سمجھنا بعید از عقل ہے ؛

(۲) یہ کہ اقتضا بداہۃً وجود کی ایک فرع ہے۔ لہذا ماہیت کا بایں طور وجود و عدم سے خالی ہونا ہرگز متصور نہیں ہو سکتا۔ جبکہ وجود و عدم دونوں کے دونوں مرتبہ ذات میں ہوں۔ یعنے ہر چیز کا اقتضا۔ اس کی موجودیت پر موقوف ہے۔ جب ذات آپ ہی موجود نہیں ہے۔ تب وہ کس طرح ہستی و نیستی کی مقتضی ہوگی۔ اور اگر اس مرتبہ میں وجود عدم دونوں کا ارتفاع مان لیا جائے تو ارتفاع النقیضین لازم آتا ہے۔ اور یہ ہو نہیں سکتا۔ کہ وجود بھی نہ ہو۔ اور عدم بھی نہ ہو۔ یا وجود ہی ہوگا۔ جو عدم کی ضد ہے۔ یا عدم ہوگا جو وجود کی ضد ہے۔ پس ارتفاع نقیضین کے ابطال سے

قسمت مذکورہ جو کہ (وجود و عدم سے خلو ماہیت پر) مبنی تھی بالکل باطل ہو گئی۔ اور ماہیت مطلقہ بحال خود جو کہ (وجود و عدم میں سے) باقی رہی۔ اب صرف بحث طلب یہ امر ہے۔ کہ وجود عین ذات ہے۔ یا غیر ذات۔ اور مفہوم وجود جزئی ہے۔ یا کلی۔ اور اس کے (افراد و متغایر) خارج یا ذہن میں ہیں یا نہیں۔ لہٰذا اُن کی تنقیح اس طور پر کی جاتی ہے ؎

ثم اعلم انہ قد تحقق فی موضعہ ان الوجود جزئی حقیقی ولیس بکلی داخل تحت العام ای لیس لہ افراد متغایرۃ لا فی الخارج ولا فی الذہن ؎

یہ امر بخوبی ثابت ہو چکا ہے۔ کہ تحقیقاً وجود جزئی حقیقی ہے اور ایسا کلی نہیں ہے جو کہ تحت عام میں داخل ہو۔ اور کلی تحت العام اس کو کہتے ہیں کہ جس کے افراد نہ تو خارج ہی میں متغایر ثابت ہوں اور نہ ذہن میں ؎

وقد تقرر ایضاً ان الوجود واجب بالذات لا یحتاج الی غیرہ ولا یحتاج الی العدم والعقل یابی عنہ ولا بد من وحدۃ لبطلان تعدد الواجب عند العقل ؎

اور یہ بات بھی حکماء کے نزدیک بخوبی ثابت ہو چکی ہے۔ کہ جو وجود بذات خود واجب ہے اس کی شان یہ ہے۔ کہ وہ (محتاج الی الغیر) ہو اور جب اُس کو غیر کی احتیاج ہو گی۔ تب وہ بالضرور عدم کا محتاج ہو گا۔ اس واسطے کہ (غیر وجود) عدم کے سوا نہیں ہے۔ اور یہ بات خلاف عقل ہے۔ کہ وجود عدم کا محتاج ہو۔ پس چار ناچار (حقیقت وجود) کی وحدت ماننی ہی پڑیگی۔ کیونکہ عقلاً تعدد واجب غلط ہے ؎

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ جب وجود کا وجوب ثابت ہے۔ اس کی وحدت بھی لازمی امر ہے۔ کیونکہ واجب ایک سے زیادہ نہیں ہو سکتا

والتعدد المحسوس بین الموجودات لیس بحقیقی بان التغایر بین الشیئین لا یحصل الا بانضمام امر ثالث الیہما

اَوْ اِلٰی اَحَدِ هِمَا وَظَاهِرٌ اَنَّ الشَّیْءَ لَا یَنْضَمُّ بِنَفْسِهٖ وَعَیْنِهٖ۔ فَالْاَمْرُ الثَّالِثُ لَا یَخْلُوْا اِمَّا اَنْ یَّکُوْنَ وُجُوْدًا اَوْ عَدَمًا مَحْضًا فَالْوُجُوْدُ لَا یَنْضَمُّ بِنَفْسِهٖ وَالْعَدَمُ الْمَحْضُ اَیْضًا لَا یَنْضَمُّ اِلَی الْوُجُوْدِ لِاَنَّهٗ یَلْزَمُ اِجْتِمَاعُ النَّقِیْضَیْنِ ؕ

اور جو تعدد اور فرق از روئے حواس خمسہ مابین موجودات محسوس ہوتا ہے یہ مطلقاً تغایر حقیقی نہیں ہے۔ کیونکہ دو چیزوں میں اسی وقت غیریت حاصل ہوگی۔ جبکہ (امر ثالث) بھی ان دونوں متغایر اشیاء میں۔ یا ان دونوں میں سے ایک میں ضم کر دیا جائے۔ اور یہ ظاہر ہے۔ کہ شے کبھی (بہ نفس خود) یعنے اپنی حقیقت میں منضم نہ ہوگی۔ پس اس امر ثالث کے دو ہی صورتیں ہیں۔ (۱) یا تو وجود ہوگا (۲) یا عدم محض ہوگا۔ اگر وجود ہوگا۔ تو وہ اپنے نفس کے ساتھ ضم نہیں ہو سکتا ہے۔ کیونکہ (اجتماع شے واحد مین) لازم آتا ہے۔ اور اگر عدم محض ہوگا۔ تو بھی نفس وجود کے ساتھ کبھی ضم نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ اس سے (اجتماع نقیضین) لازم آتا ہے ۔

فَلَا بُدَّ اَنْ یَّکُوْنَ مَابِهِ التَّغَایُرُ عَدَمًا اِضَافِیًّا وَهُوَ اَمْرٌ اِنْتِزَاعِیٌّ وَاِخْتِرَاعِیٌّ مَحْضٌ لَا وُجُوْدَ لَهٗ فِی الْخَارِجِ بَلْ فِی الْوَهْمِ وَالْاِعْتِبَارِ کَزَوْجِیَّةِ الْخَمْسَةِ وَهٰذَا التَّغَایُرُ الْاِعْتِبَارِیُّ لَا یُنَافِی الْوَحْدَةَ فَثَبَتَ وَحْدَةُ الْوُجُوْدِ حَقِیْقَةً ؕ

پس بالضرور وہ (امر ثالث) جس کے سبب سے تغایر ہے (عدم اضافی) ہے۔ اور یہ ایک ایسا امر ہے جو محض انتزاعی۔ اور اختراعی ہے۔ جس کا خارج میں وجود ہی نہیں ہے۔ صرف فرضی طور پر مان لیا گیا ہے۔ جیسے (زوجیت خمسہ) یعنے (پانچ کا جفت ہونا)۔ اور یہ محض فرضی امر ہے۔ کیونکہ پانچ کے خارج میں بالتساوی تقسیم غیر ممکن ہے۔ اور جفت کی تعریف یہ ہے۔ کہ برابر تقسیم ہو جائے اب اگر پانچ کو کوئی شخص خواہ مخواہ جفت فرض کر کے تو ایسے تغایر اعتباری یعنی

فرضی سے وحدت کی نفی لازم نہیں ہوتی ہے۔ پس یہ متحقق ہوگیا۔ کہ وجود کی وحدت از روئے حقیقت ہے اور از روئے اعتبار نہیں ہے ۔

وَالْوُجُوْدُ لَا يَتَجَاوَزُ عَنِ الْمَوْجُوْدِ وَلَا لِتَجَاوُزَ اِلَى الْعَدَمِ فَيَلْزَمُ اِجْتِمَاعُ النَّقِيْضَيْنِ وَهُوَ مُحَالٌ۔ وَكَذَا الْمَوْجُوْدُ لَا يَزِيْدُ عَلَى الْوُجُوْدِ وَلَا لَزَادَ بِالْعَدَمِ وَهُوَ اَيْضًا اِجْتِمَاعُ النَّقِيْضَيْنِ۔ فَظَهَرَ اَنَّهُ لَا تَفَارُقَ بَيْنَ الْوُجُوْدِ وَالْمَوْجُوْدِ اِلَّا لَفْظًا فَثَبَتَ وَحْدَةُ الْمَوْجُوْدَاتِ وَامْتِنَاعُ تَعَدُّدِهَا اَيْضًا ۔

یہاں اس بات کا شبہ پیدا ہوتا ہے۔ کہ جب وجود کی وحدت ثابت ہوئی تب تغایر وجود کا (سب موجودات) سے کیونکر ہو سکتا ہے اس شبہ کا ارتفاع یوں کیا جاتا ہے۔ کہ وجود کبھی موجود سے تجاوز نہیں کرتا ہے اور اگر ایسا نہ ہو۔ اور وجود نے معدوم کی طرف تجاوز کیا ہو۔ تب دو نقیضوں کا اجتماع لازم آئیگا۔ اور وہ دونوں وجود اور عدم ہیں۔ اور اجتماع نقیضین بالکل محال ہے۔ اور اسی طرح موجود۔ وجود پر زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ اور اگر ہوتا تو عدم کے ساتھ زاید ہوتا۔ تب بھی اجتماع نقیضین لازم آتا ہے پس بخوبی معلوم ہوگیا۔ کہ جو کچھ وجود۔ اور موجود کے مابین فرق ہے۔ وہ صرف از روئے لفظ ہے۔ اور از روئے معنی نہیں ہے پس موجودات کی وحدت بھی ثابت ہوئی اور موجودات کی تعدد کا امتناع بھی ثابت ہوا ۔

فَظَهَرَ اَنَّ اِخْتِلَافَ الْوُجُوْدِ عَيْنًا وَذِهْنًا وَزَمَانًا وَمَكَانًا وَكَذَا اِخْتِلَافُ جَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا مِنَ الْبَسَائِطِ وَالْمُرَكَّبَاتِ اِخْتِرَاعِيٌّ مَحْضٌ كَسَرَابٍ بِقِيْعَةٍ يَحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاۗءً ۔

اور وجود کا اختلاف یا تو از روئے خارج ہے یا از روئے ذہن ہے۔ یا از روئے زمان ہے۔ یا از روئے مکان۔ اور اسی طرح سے تمام مخلوقات سماوی وارضی۔ اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان از قبیل عناصر بسیط ومرکبہ واقع ہے

سب کے سب (اختراعی) محض (ہیں) - اور اس کی مثال ایسی ہے کہ جب پیاسا دور سے کسی ریت کے ٹیلہ کو جنگل میں آفتاب کے نور سے چمکتا ہوا دیکھتا ہے تب اس کو ضرور دھوکا ہوتا ہے - کہ وہ پانی ہے ۔

فَاِطْلَاقُ الْحَقِیْقَۃِ حَقِیْقَۃً عَلَی الْوُجُوْدِ فَقَطْ وَ عَلٰی نَقِیْضِہٖ وَھُوَ الْعَدَمُ الْمَحْضُ وَ الْمُمْتَنِعُ مَجَازٌ ۔

پس اطلاق حقیقت کا حقیقۃً صرف وجود پر ہے اور اس کے نقیض جو عدم محض اور ممتنع ہے - مجاز ہے ۔

فَالْوُجُوْدُ یَجِبُ دَوَامُہٗ اَیْ لَا یَتَجَاوَزُ اِلَی الْعَدَمِ الْمَحْضِ اَصْلًا وَ لَا یَصِیْرُ مَعْدُوْمًا مَحْضًا مُطْلَقًا وَ اِلَّا یَلْزَمُ اِنْقِلَابُ الْمَاھِیَّۃِ وَھُوَ بَاطِلٌ ۔

پس ہمیشگی وجود کے واسطے واجب ہے - یعنے نہ تو وجود عدم محض کی طرف کبھی متجاوز نہ ہوگا - اور نہ کبھی وجود معدوم محض ہوتا ہے کیونکہ اس سے انقلاب ماہیت لازم آتا ہے - اور یہ باطل ہے ۔

فَلَا فَرْقَ بَیْنَ الْوُجُوْدِ الدَّائِمِ وَالْوَاجِبِ الْوُجُوْدِ اَلَّذِیْ وَحْدَتُہٗ مَعْرُوْفَۃٌ وَمُسَلَّمَۃٌ عِنْدَ الْعَقْلِ - فَکُلُّ مَوْجُوْدٍ خَالِقًا کَانَ اَوْ مَخْلُوْقًا وَاجِبٌ وَالتَّغَایُرُ بَیْنَھُمَا اِعْتِبَارِیٌّ مَحْضٌ

پس کوئی فرق موجود دائم - اور اس واجب الوجود میں نہیں ہے جس واجب الوجود کی وحدت از روئے عقل مسلمہ ہے اور معلوم ہے پس ہر موجود خواہ خالق ہو یا مخلوق ہو بالضرور واجب ہے - اور خالق و مخلوق کے درمیان جو کچھ تغایر ہے وہ اعتباری محض ہے ۔

اَلَا تَرٰی اَنَّ الْمُسَمّٰی بِالْمُمْکِنِ کَزَیْدٍ مَثَلًا اِذَا صَارَ رَمِیْمًا وَمِنَ التُّرَابِ مَدَرًا وَمِنَ الْمَدَرِ تُرَابًا وَمِنَ التُّرَابِ مَاءً وَمِنَ الْمَاءِ ھَوَاءً وَمِنَ الْھَوَاءِ نَارًا - وَھٰذِہٖ دَوَامُہٗ فَیَکُوْنُ وَاجِبَ الْوُجُوْدِ دَائِمًا وَکَانَ وَاجِبًا اَزَلًا اَیْضًا فَانْتَقَلَ مِنْ مَرْتَبَۃٍ اِلٰی مَرْتَبَۃٍ

حَتّٰی وُلِدَ وَسُمِّیَ بِزَیْدٍ ۔

آیا تجھے نظر نہیں آتا ہے۔ کہ (ناموجود ممکن) جیسے زید مثلاً وہ جس وقت سڑ گل کر ہڈی ہو گیا۔ اور پھر ہڈی مٹی ہو گئی۔ اور مٹی سے پانی۔ اور پانی سے ہوا اور ہوا سے آگ۔ تب ممکن مذکور کی ہستی باقی گئی۔ اور یہی مذکورہ واجب الوجود ابدی ہو گا۔ اور واجب ازلی بھی تھا۔ بعد اس کے وہ مرتبہ اول سے مرتبہ دیگر طرف منتقل ہوا۔ یہاں تک کہ جنا گیا۔ اور زید نام رکھا گیا +

وَلَا خِفَاءَ فِیْ وُجُوْبِہٖ لِاَنَّ الْوَاجِبَ مَا کَانَ وُجُوْدُہٗ ضَرُوْرِیًّا بِحَیْثُ یَمْتَنِعُ اِنْفِکَاکُہٗ عَنْہُ وَوُجُوْدُ زَیْدٍ بِمَعْنٰی مُبْدَاءِ الْاٰثَارِ لَمْ یَنْفَکَّ عَنْہُ فِیْ شَیْءٍ مِّنْ مَرَاتِبِ اسْتِحَالَاتِ الْمَذْکُوْرَاتِ بَلْ لَمْ یَنْفَکَّ عَنْہُ الشَّخْصُ الْمُطْلَقُ اَیْضًا وَھُوَ ظَاھِرٌ ۔

اور ممکن مذکورہ کے وجوب میں پوشیدگی نہیں ہے۔ اس واسطے کہ واجب وہی ہے جس کا وجود ضروری ہو یعنی وجود واجب سے جدا نہ ہو سکتا ہو۔ اور وجود زید (مبدا اثار) کے معنی میں ہے۔ لہذا وہ زید سے مراتب استحالات و تغیرات مذکورہ کے کسی مرتبہ میں جدا نہ ہوا بلکہ اس سے شخص مطلق بھی جدا نہ ہوا اور یہ ظاہر ہے +

اِنَّمَا الْفَکُّ عَنْہُ ھُوِیَّۃُ الشَّخْصِ وَھِیَ اِعْتِبَارِیَّۃٌ مَّحْضَۃٌ لَا یَنْعَدِمُ بِالْوُجُوْدِ بِانْعِدَامِھَا کَمَا لَا یَنْعَدِمُ وُجُوْدُ زَیْدٍ فِیْ حَیَاتِہٖ بِانْتِقَالِہٖ مِنَ الصِّبَا اِلَی الشَّبَابِ وَمِنَ الشَّبَابِ اِلَی الشَّیْخُوْخَۃِ فَظَھَرَ اَنَّ انْقِلَابَہٗ مِنْ ھُوِیَّۃٍ اُخْرٰی لَا یَضُرُّ فِیْ وُجُوْدِہٖ وَوُجُوْبِہٖ وَیُعَبَّرُ عَنْ مِثْلِ ھٰذَا الْاِنْقِلَابِ وَالتَّغَیُّرِ بِاعْتِبَارِیٍّ بِالْاِمْکَانِ الْخَاصِّ وَاِلَّا فَاَیُّ شَیْءٍ مَا لَمْ یَجِبْ لَمْ یُوْجَدْ ۔

کہ سوائے خصوصیت شخص کے اس سے کوئی چیز جدا نہیں ہوتی اور وہ خصوصیت محض ہے جس خصوصیت کے معدوم ہونے کی وجہ سے وجود منعدم

نہیں ہوتا۔ چنانچہ زید کا وجود اس کے زمانہ حیات میں۔ اس انتقال کے سبب سے منعدم نہیں ہوتا ہے۔ کہ بچے سے جوان ہو جائے اور جوان سے بوڑھا ہو جائے۔ پس یہ بات ظاہر ہے۔ کہ اس کا یہ انقلاب جو کہ خصوصیت تشخصیہ سے خصوصیت ثانیہ کی طرف ہوا ہے۔ اس کے وجود اور وجوب میں ضرر رسان نہیں ہے۔ اور ایسے انقلاب اور تغیر اعتباری یعنے فرضی سے امکان خاص تعبیر کیا جاتا ہے۔ وگرنہ امر مقررہ ہے کہ شے جب تک واجب نہیں ہوتی ہے۔ وجود ہی میں نہیں آتی ہے۔ یہاں تک تو وجود کا ثبوت عقلاً بیان کیا گیا ہے ٭

وَاَمَّا نَقْلًا فَمِنَ الْکِتَابِ مَا یَدُلُّ عَلَی الْجَمْعِ بَیْنَ الْاَشْیَاءِ کُلِّھَا وَبَیَّنَہٗ سُبْحَانَہٗ قَوْلُہٗ تَعَالٰی۔ ھُوَ الْاَوَّلُ۔ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ۔ وَالْبَاطِنُ۔ اِذْ جَمِیْعُ الْاَشْیَاءِ کُلًّا اَوْ جُزْءً کُلِّیًّا اَوْ جُزْئِیًّا مَحْسُوْسًا اَوْ مَعْقُوْلًا حَسَنًا اَوْ قَبِیْحًا مُنْحَصِرٌ فِیْ ھٰذِہِ الْاَرْبَعِ فَمَا تَرَکَ شَیْئًا اِلَّا اَدْخَلَہٗ فِیْ عِبَارَتِہٖ ٭

اب نقلاً بیان کیا جاتا ہے۔ پس کتاب مجید میں سے وہ کلام جو کہ تمام اشیاء اور حق سبحانہ میں عینیت پر دلالت کرتا ہے۔ وہ خدائے عزوجل کا یہ قول ہے۔ ہو الاوّل۔ والآخر۔ والظاہر۔ والباطن یعنے وہی اوّل ہے اور وہی آخر ہے۔ اور وہی ظاہر ہے۔ اور وہی باطن ہے۔ اس واسطے کہ تمام اشیاء (کلی ہوں۔ یا جزوی۔ محسوسہ ہوں یا معقولہ۔ نیک ہوں یا بد) سب کے سب انہیں چار صفتوں میں منحصر ہیں۔ پس حق تعالےٰ جل شانہ نے ایسی کوئی چیز نہیں چھوڑی۔ جو کہ آیۂ موصوفہ کی عبارت میں داخل نہ ہو۔ اور چونکہ خبر آیۂ مذکورہ میں عدم ہے۔ لہذا یہی ان چار صفتوں کے حصر پر جو کہ حق سبحانہ میں ہیں دلالت کرتی ہے۔ اور جو آیتیں کہ وحدت پر دلالت کرتی ہیں وہ حسب ذیل ہیں ٭

وَقَوْلُہٗ سُبْحَانَہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ وَمَا لَکُمْ مِنْ اِلٰہٍ غَیْرُہٗ۔ وَلَوْ کَانَ فِیْھِمَا اٰلِھَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ لَفَسَدَتَا۔ وَلَوْ کَانَ

مَعَهٗ اِلٰهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِى الْعَرْشِ سَبِيْلًا۔ وَمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ۔ وَلَوْ كَانَ هٰؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا۔ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ۔ وَاَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىْءٍ مُّحِيْطٌ۔ وَلَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَهُوَ اللّٰهُ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ وَهُوَ الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَفِى الْاَرْضِ اِلٰهٌ۔ وَقِسْ ۞

اور قول اللہ تعالےٰ جل جلالہٗ یعنے (۱) نہیں ہے کوئی معبود غیر خدا ۞

(۲) اور تمہارے لئے سوا خدا کے کوئی معبود نہیں ۞

(۳) اور اگر آسمان و زمین میں ایسے متعدد معبود ہوتے۔ جو غیر خدا ہوں تو بالضرور آسمان و زمین برباد ہو جاتے ۞

(۴) اور اگر خدا کے ساتھ اور معبود ہوتے جیسا کہ کفار کہتے ہیں اس وقت البتہ صاحب عرش کا طریق ڈھونڈھتے ۞

(۵) اور اگر ساتھ خدا کے اور معبود ہوتے تب البتہ ہر معبود اپنے مخلوق کو لے جاتا ۞

(۶) اور اگر یہ معبود ہوتے تو آگ میں نہ جاتے ۞

(۷) اور پس جس طرف تم منہ پھیرو گے اللہ ہے ۞

(۸) اور آگاہ رہو کہ اللہ تعالےٰ ہر شے پر محیط ہے ۞

(۹) اور اللہ کے مانند کوئی شے نہیں ہے۔ اور وہ اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے ۞

(۱۰) اور وہ آسمانوں اور زمین میں خدا ہے ۞

(۱۱) اور یہ وہی خدا ہے جو کہ آسمان میں بھی معبود ہے۔ اور زمین میں بھی معبود ہے ۞

آیات مذکورہ پر دوسری آیتوں کا بھی قیاس کرو۔ جو کہ توحید پر دلالت کرتی ہیں ۞

وَمِنَ السُّنَّةِ - لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ - وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَوْ اَنَّكُمْ دَلَّيْتُمْ بِحَبْلٍ اِلٰى اَسْفَلِ الْاَرْضِ السُّفْلٰى لَهَبَطَ عَلَى اللّٰهِ وَلَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ فَاِنَّ الدَّهْرَ هُوَ اللّٰهُ - وَغَيْرُ ذَالِكَ مِنَ الْاَحَادِيْثِ الْوَارِدَةِ فِي الْجَمْعِ صَرِيْحًا ۝

اور جو کلام کہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں سے وحدت پر دلالت کرتی ہیں سو حسب ذیل ہیں یعنے

(۱) کوئی معبود تیرے سوا نہیں ہے ۔

(۲) اور قسم خدا کی جس کے دست قدرت میں محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی جان ہے اگر تم ڈول کو رسی کے ساتھ کسی ایسی گہری جگہ میں ڈالو جس کا گہراؤ بہت زیادہ ہو۔ اس کا ہبوط بالضرور اللہ ہی پر ہوگا ۔

(۳) اور تم زمانہ کو گالی مت دو اس لئے کہ زمانہ عین خدا ہے ۔

اور سوائے ان احادیث کے اور بھی احادیث ہیں جو کہ وحدت میں صریحی طور پر وارد ہوئی ہیں ۔

اَلتَّنْبِيْهُ الثَّالِثُ

اِنَّ النَّاسَ سِوٰى اَئِمَّةِ نَبِيَّاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ مَغْلُوْبُ الْعَقْلِ بِالْوَهْمِ اِلَّا مَنْ شَاءَ اللّٰهُ وَقَدِ اسْتَصْعَبَ التَّمْيِيْزُ عَلَى الْاَكْثَرِ بَيْنَ الْمُدْرَكَاتِ الْعَقْلِيَّةِ وَالْوَهْمِيَّةِ وَهُوَ كَالْهُ عَلٰى مَنْ لَهٗ حَظٌّ مِنَ الْعَقْلِ وَالنَّقْلِ ۝

تیسری تنبیہ ۔ باستثنائے پیغمبران علیہ السلام کے جس قدر اشخاص ہیں سب کی عقل مغلوب الوہم ہے ۔ مگر جس کو اللہ نے چاہا ۔ اس کی عقل البتہ وہم پر غالب ہے ۔ اور معلومات عقلی اور وہمی میں ۔ امتیاز اکثر لوگوں پر دشوار ہے ۔ اور یہ امر اس شخص پر ظاہر ہے جس کو معقول سے اور منقول سے آگاہی ہے ۔ اسی واسطے حضرت شیخ فریدالدین عطار رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ؎

اے برادر عصائے تو وہم است کہ ہمی افتی از سر دیوار

وہم تیرا عصا ہے اے بھائی
سر سے دیوار کے ابھی گر جائے

ورنہ ہنگام رفتنت بزمیں ✦ زیر پا آیدت ہماں مقدار

وقت چلنے تیرے زمیں پر
تیرے پاؤں میں آنا ہی آئے

وَمُفَادُ الْكَلِمَةِ الطَّيِّبَةِ وَهُوَ الْوَحْدَةُ وَالْجَمْعُ خِلَافُ الْوَهْمِ لِهٰذَا لَا يَقْبَلُهُ الْعَقْلُ النَّاقِصُ اَیِ الْوَهْمُ وَلٰكِنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخَالِفٌ لِبَدَاهَةِ الْوَهْمِ قَدْ اَوَّلَ الْاَكَابِرُ مِنَ الْعُلَمَاءِ الْكَلِمَةَ الطَّيِّبَةَ بِالْخَبِيْثَةِ اَیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا غَيْرَ اللّٰهِ ✦

اور کلمہ طیبہ کا مقصود وحدت وجود ہے لیکن یہ خلاف وہم ہے۔ اور اسی سبب سے عقل ناقص یعنے وہم اُس کو قبول نہیں کرتا ہے۔ کیونکہ مضمون (لا الہ الا اللہ) یعنے (نہیں ہے کوئی موجود مگر عین خدا) بداہت وہمی کے مخالف ہے پس بالضرور علماء عظام نے کلمہ طیبہ کو کلمہ خبیثہ کے ساتھ جو کہ (لا الہ الا غیر اللہ) ہے یعنے (نہیں ہے کوئی معبود مگر غیر خدا) تاویل کیا ہے ✦

وَلَمْ يَفْهَمُوْا اَنَّ التَّوْحِيْدَ وَكَذَا اَكْثَرُ اَحْكَامِ الْاِسْلَامِ كَالصَّوْمِ وَالصَّلٰوةِ وَالْحَجِّ وَالزَّكٰوةِ وَالْجِهَادِ وَالْمَعَادِ قَدْ تُرِكَ خِلَافُ الْعَقْلِ اَیِ الْوَهْمِ فَيَجِبُ اَنْ يُتْرَكَ عَلٰى حَالِهَا ✦

اور اُن علماء عظام نے توحید کو بالکل نہیں سمجھا ہے۔ اور ایسے ہی اکثر احکام اسلام (روزہ۔ نماز۔ حج۔ وزکوۃ۔ وجہاد۔ ومعاد۔ وغیرہ کو کہ سب برخلاف عقل یعنی وہم مشروع ہوئے ہیں پس واجب ہے۔ کہ وہ احکام علی حالہ چھوڑ دئے جائیں۔ یعنے کسیکو یہ استحقاق نہیں ہے۔ کہ احکام شرعیہ کو موافق وہم کے تاویل کرے ✦

وَلَا فَائِدَةَ بَعْثَةِ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَاَيْضًا

یَلْزَمُ لَغْوِیَّۃُ الْمُعْجِزَاتِ کَاَنَّ اِظْھَارَھَا لِدَفْعِ الْوَھْمِ وَرَفْعِ اِنْکَارِ اِذِ الْمُعْجِزَاتُ اَیْضًا خِلَافُ الْعَقْلِ وَالْحُکْمُ الَّذِیْ ھُوَ مُخَالِفٌ لِلْعَقْلِ لَا یَثْبُتُ اِلَّا بِمَا ھُوَ خِلَافُ الْعَقْلِ ۵

اور اگر احکام اسلام موافق وہم ہوتے۔ تب انبیا علیہم السلام کے مبعوث ہونے ہی کا کیا فائدہ تھا۔ اور نیز معجزات کا لغو ہونا بھی لازم آتا ہے اس واسطے کہ معجزات کا اظہار بغرض اندفاع وہم وارتفاع انکار ہوتا ہے اور معجزہ بھی خلاف ہوتا ہے۔ اور جو حکم مخالف عقل ہو۔ وہ کبھی سوائے اس چیز کے جو کہ مخالف عقل ہو ثابت نہیں ہوتا ہے ۔

مَثَلًا اِذَا دَعَی النَّبِیُّ اَنَّ اللّٰہَ یُحْیِی مَنْ فِی الْقُبُوْرِ وَاِحْیَاءُ الْمَوْتٰی خِلَافُ الْعَقْلِ بَدَاھَۃً فَلَمَّا اَظْھَرَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ مُعْجِزَۃَ اِحْیَاءٍ عَلٰی یَدِ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ اِنْدَفَعَ الْوَھْمُ فَصَدَّقُوْہُ بِالْعَقْلِ ۵

جیسے کہ کسی پیغمبرؑ نے یہ دعویٰ کیا۔ کہ اللہ تعالےٰ مُردوں کو قبروں میں زندہ کرتا ہے اور مردہ کا زندہ کرنا از روئے بداہت خلاف عقل ہے پس جس وقت حق سبحانہ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے (احیا موتیٰ) یعنے مردوں کو زندہ کرنے کا معجزہ ظاہر کیا۔ تب وہم دفع ہوگیا۔ اور ان کی امت نے تصدیق کی ۔

فَکَذَا التَّوْحِیْدُ کَانَ خِلَافَ الْعَقْلِ اَیِ الْوَھْمِ فَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَسْتَکْبِرُوْنَ ۔ وَقَالُوْٓا اَجَعَلَ الْاٰلِھَۃَ اِلٰھًا وَّاحِدًا ۔ اِنَّ ھٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۔ فَلَمَّا اَظْھَرَ اللّٰہُ الْمُعْجِزَاتِ الْمُتَوَاتِرَۃَ عَلٰی یَدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْدَفَعَ الْوَھْمُ عَمَّنْ صَدَّقَہٗ صَلَّی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۵

پس ایسی ہی توحید بھی خلاف عقل یعنے وہمی تھی ۔ اور جس وقت مشرکین کو (لا الہ الا اللہ) کہا گیا۔ تب مشرکوں نے کہا۔ آیا محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے بتوں کو خدائے واحد مان لیا یہ تو عجب معاملہ ہے۔ پس جس وقت معجزات حضرت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے ان پر ظاہر ہوئے۔ تب اس شخص کا وہم

(جس نے حضرت نبی صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی تصدیق کی) دفع ہوگیا۔

فَالتَّوْحِيْدُ تَفْعِيْلٌ مِنَ الْوَحْدَةِ كَمَا اَنَّ الْاِشْرَاكَ اِفْعَالٌ مِنَ الشِّرْكِ فَمَعْنَى التَّوْحِيْدِ لُغَةً جَعْلُ الْكَثِيْرِ اَوِ الْكَثْرَةِ وَاحِدًا اَوْ وَحْدَةً كَمَا اَنَّ الْاِشْرَاكَ جَعْلُ الْوَاحِدِ كَثِيْرًا اَوْ كَثْرَةً فَالْمُشْرِكُ الْمُتَوَهِّمُ يَجْعَلُ اللّٰهَ الْوَاحِدَ الْجَامِعَ بَيْنَ الْوُجُوْبِ ذَاتًا وَاِطْلَاقًا وَبَيْنَ الْاِمْكَانِ تَعْيِيْنًا وَتَقْيِيْدًا كَثِيْرًا فِي الْوُجُوْدِ زَعْمًا وَوَهْمًا ۝

لفظ توحید باب تفعیل سے ہے۔ جس کا وحدت سے اشتقاق کیا گیا جس طرح سے۔ لفظ اشراک باب افعال سے ہے۔ اور مشتق شرک سے ہے پس از روئے لغت توحید کے معنی (اشیاء متعدد کو ایک کرنا ہے یا کثرت کو وحدت کرنا) جیسے کہ اشراک کے معنی (ایک کو بہت کرنا ہے۔ یا وحدت کو کثرت کرنا) پس (مشرک متوہم) خدائے وحدت کو وجوب ذاتی و اطلاقی میں۔ اور امکان تعینی و تقیدی میں جامع گردانتا ہے اور از روئے وہم و زعم خدائے واحد کو وجود میں کثیر جانتا ہے +

كَالْمُحَوَّلِ فَاِنَّهٗ يَجْعَلُ الشَّيْءَ الْوَاحِدَ فِيْ نَفْسِ الْاَمْرِ اِثْنَيْنِ فِي الْوَهْمِ۔ اَيْ يَجْعَلُ شَيْئًا غَيْرَ شَيْءٍ ۝

(اور مشرک متوہم) کا حال احوال کے حال کے مانند ہے۔ اس واسطے کہ اُس کو تو یہ بیماری ہے۔ کہ وہ ایک چیز کو دو چیز دیکھتا ہے اور وہ چیز فی الحقیقت ایک ہے۔ لیکن اُس کا وہم یہی ہے۔ کہ وہ دو ہیں۔ یعنے وہ ایک چیز کو دوسری چیز کے سوا جانتا ہے۔ مثلاً ایک چاند اور ایک چراغ۔ اس کو دو چاند اور دو چراغ دکھلائی دیتے ہیں +

فَكَذَالِكَ الْمُشْرِكُ يَزْعَمُ الشَّيْءَ الْوَاحِدَ شَيْئَيْنِ فَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ قَدْ جَعَلَ الْكَثِيْرَ فِي الْوَهْمِ اَيِ الْمُمْكِنَ وَالْوَاجِبَ وَاحِدًا فِي الْاَيْقَانِ كَمَا هُوَ وَاحِدٌ فِيْ نَفْسِ الْاَمْرِ ۝

اور اسی طرح (مشرک متوہم) بھی شے واحد پر دو شے کا گمان کرتا ہے پس کلمہ طیبہ نے اشیاء متعددہ میں یعنے ممکن و واجب کو یقین میں واحد کر دیا جس طرح سے وہ نفس الامر میں واحد ہیں ۔

وَبِهٰذَا اظْهَرُ وَجْهُ تَسْمِيَتِهَا بِكَلِمَةِ التَّوْحِيْدِ وَالْكَلِمَةِ الطَّيِّبَةِ اَيْضًا وَالطَّيِّبَةُ مَاْخُوْذَةٌ مِنَ الطِّيْبِ وَبِهٖ يُتِمُّ طِيْبُ الْعَيْنِيَّةِ وَالْوِصَالِ كَمَا فِي الْكَلِمَةِ الْخَبِيْثَةِ وَكَلِمَةِ الشِّرْكِ يُشَمُّ خُبْثُ الْغَيْرِيَّةِ وَالْفَرْقِ كَمَا يُشْعِرُ بِهَا قَوْلُهٗ سُبْحَانَهٗ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ اِذْ لَا بُدَّ لِلنَّجَاسَةِ مِنْ خُبْثِ الرِّيْحِ وَهُوَ الشِّرْكُ اَيْ زَعْمُ شَرِكَةِ الْغَيْرِ بِاللّٰهِ سُبْحَانَهٗ فِي الْوُجُوْدِ ۔

حاصل یہ ہے کہ توحید کے لغوی معنی نفی غیریت کے ہیں پس اثبات غیریت میں ضرور تھا کہ کلمہ کو کلمہ اشراک کہتے ۔ کیونکہ علماء ظواہر کے قول کے مطابق کلمہ مذکورہ اشیائی غیر متناہی کو خدا کے ساتھ وجود میں شریک کرتا ہے پس متعدد کو ایک جاننا یہ توحید کے لغوی معنی اس پر صادق نہیں آتے ہیں ۔

اور کلام مذکورہ سے (لا الہ الا اللہ) کی وجہ تسمیہ بھی کلمہ طیبہ کے ساتھ ظاہر ہوئی ہے ۔ اس واسطے کہ طیبہ طیب سے مشتق ہے ۔ جو کہ خوشبو کے معنی میں ہے ۔ اور اسی کلمہ کے سبب سے ان تمام چیزوں کی خوشبو سونگھی جاتی ہے ۔ جن کو اللہ کے ساتھ عینیت اور وصال حاصل ہے ۔ جیسے کہ کلمہ خبیثہ ۔ اور کلمہ اشراک یعنے (لا الہ الا غیر اللہ) میں غیریت اور جدائی کی بدبو سونگھی جاتی ہے ۔ اور اس امر پر خود خدائے پاک کا قول شعر ہے ۔ قولہ سبحانہ (انما المشرکون نجس) یعنی نہیں مشرک مگر ناپاک اس لئے کہ نجاست کے واسطے بدبو اور گندگی ضرور ہے ۔ اور وہ شرک ہے ۔ یعنے (وجود میں خدا کے ساتھ شرک غیر کا گمان کرنا) ۔

اَلتَّنْبِیْہُ الرَّابِعُ

اِعْلَمْ اَنَّ الْوُصُوْلَ اِلٰی مُرَادِ الْحَقِّ مِنَ الْکَلِمَۃِ الطَّیِّبَۃِ مَوْقُوْفٌ عَلٰی اُمُوْرٍ۔ اَلْاَوَّلُ اَلْمُتْیَازُ بَیْنَ الْمَوْھُوْمِ وَ الْمَعْقُوْلِ۔ وَالثَّانِیْ اِنْقِطَاعُ رِبْقَۃِ التَّقْلِیْدِ وَالْاِلْتِزَامُ عَلٰی اِرَادَۃِ التَّحْقِیْقِ عَلٰی مَا یَدُلُّ عَلَیْہِ الْمُحْکَمَاتُ مِنَ الْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ وَالثَّالِثُ اِدْرَاکُ مَنْشَاءِ اَغْلَاطِ الَّتِیْ وَقَعَتْ مِنَ الْعُلَمَاءِ وَبَعْضِ الصُّوْفِیَّۃِ قُدِّسَ اَسْرَارُھُمْ فِیْ بَیَانِ مَعْنَی الْکَلِمَۃِ کَمَا سَیَجِیْءُ تَفْصِیْلُہٗ ۵

چوتھی تنبیہ۔ اس بات کا دریافت کرنا کہ کلمہ طیبہ سے اللہ تعالےٰ کی کیا مراد ہے۔ امور ذیل پر موقوف ہے ۔

(۱) معلومات وہمی اور عقلی میں تمیز کرنا۔ جیسا کہ تنبیہ سوم میں بیان کیا جا چکا ہے ۔

(۲) رشتۂ تقلید کا قطع کرنا اور اس طرح پر التزام تحقیق کا ارادہ کرنا کہ صریح المعانی آیات قرآن وحدیث کس امر پر دلالت کرتے ہیں ۔

(۳) اُن غلطیوں کا منشا دریافت کرنا جو علماء اور بعض صوفیان قدس اسرارھم نے کلمہ طیبہ کی معنی بیان کرنے میں کی ہیں۔ جن کی تفصیل اصول عشرہ میں بیان کی جائیگی ۔

وَالرَّابِعُ۔ اَلْاِسْتِمْرَارُ وَالْاِعْتِرَافُ بِحُجِّیَّۃِ الْمُحْکَمَاتِ مِنَ الْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ الَّتِیْ ھِیَ مَاْخَذُنَا فِیْ تَصْحِیْحِ مَعْنَی الْکَلِمَۃِ ۶

(۴) وہ دلائل محکمات جو قرآن اور حدیث میں ہوں اُن کی حقیقت کو قبول اور تسلیم کرنا چاہیئے۔ کیونکہ وہ (محکمات) کلمہ کی (تصحیح معنے میں) ہمارے لئے ماخذ ہیں ۔

حاصل یہ ہے کہ ہم اس شخص سے کلمہ کی (تصحیح معنی) میں کلام کرتے ہیں

جو قرآن وحدیث کو مانتا ہو۔ اور محکمات کی تاویل نہ کرتا ہو۔

وَالْخَامِسُ الْاِدْعَانُ بِصِحَّةِ دَعْوَتِنَا وَهِيَ اَنَّ الْغَيْرِيَّةَ بَيْنَ شَيْءٍ۔ وَبَيْنَهٗ سُبْحَانَهٗ لَا يَدُلُّ عَلَيْهِ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ اَصْلًا لَا عِبَارَةً اِذْ لَمْ يُسَقْ شَيْءٌ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ فِي الْغَيْرِيَّةِ قَطُّ وَلَا دَلَالَةً وَهُوَ الظَّاهِرُ اِذِ الدَّلَالَةُ فَرْعُ السَّوْقِ وَلَا اِشَارَةً وَلَا اِقْتِضَاءً ۞

(۵) ہمارے دعوی کی صحت پر یقین کرنا چاہیئے۔ اس لئے کہ قرآن و حدیث ہرگز اس بات پر دلالت نہیں کرتے ہیں کہ کسی چیز میں اور حق سبحانہ میں غیریت ہے۔ اور معنی مرادی ہیں (سوق کلام) کی ضرورت ہے۔ اور کوئی چیز قرآن اور حدیث سے غیریت میں ہرگز سوق نہیں ہے۔ اور نہ دلالت از روئے دلالت النص ہے۔ اس لئے کہ معنی مرادی پر دلالت (سوق) کی ایک فرع ہے۔ پس جہاں سوق نہیں ہے۔ وہاں دلالت بھی نہیں ہے۔ اور نہ دلالت از روئے اشارت النص۔ واقتضاء النص ہے۔

نَعَمْ يَفْهَمُ الْغَيْرِيَّةَ وَهْمًا اِذْ كُلٌّ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ مَسُوْقٌ فِيْ مَعْنًى مِنَ الْمَعَانِيْ دُوْنَ الْغَيْرِيَّةِ فَيَسْبِقُ مِنْهُ الْوَهْمُ اِلَى الْغَيْرِيَّةِ ۞

ہاں حق سبحانہ اور دیگر اشیاء میں غیریت از روئے وہم البتہ پائی جاتی ہے۔ کیونکہ قرآن وحدیث اس معنی میں مسوق ہیں۔ جو غیریت کے معنی میں سے نہیں ہیں۔ پس وہم ان معانی سے غیریت کی معنی کی طرف سبقت کرتا ہے۔ جیسے ملزوم کا ذکر کرنے سے لازم کی طرف منتقل ہوتا۔

كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ۔ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكَافِرِيْنَ۔ فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ۔ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْ اِلَّا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔ اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ۔ وَبِئْسَ الْبَوَاقِيْ۔

جیسا کہ اللہ تعالے کا قول منجملہ ان آیات کے جو کہ (سوائے غیریت

دوسرے معنی میں) مسوق ہیں اور ان سے غیریت کا توہم ہوتا ہے۔ اور وہ یہ ہے ؛

(۱) یعنی جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہو ؛

(۲) اور تحقیق اللہ تعالےٰ کافروں کا دشمن ہے ؛

(۳) پس حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ؛

(۴) پس تحقیق رب العالمین کے سوا سب بت میرے دشمن ہیں ؛

(۵) اور بے تحقیق تم سب مشرک ہو۔ اور اس چیز کی پرستش کرتے ہو۔ جو کہ غیر اللہ ہے اور یہ دوزخ کی آگ بھڑکانے والی ہے ؛

انہیں آیتوں پر تم دوسری آیتوں کو بھی قیاس کرو ؛

فَاِنَّ کُلًّا مِّنْھَا مَسُوْقٌ فِیْ مَعْنًی مِّنَ الْمَعَانِیْ کَوُرُوْدِ اللَّعْنَۃِ عَلَی الْکَاذِبِ وَکَوْنِہٖ سُبْحَانَہٗ عَدُوًّا لِّلْکَافِرِیْنَ وَکَوْنِ اِبْرٰھِیْمَ جُذَاذًا وَعَدُوًّا لِّلْخَلِیْلِ وَکَوْنِھِمْ حَصَبُ جَھَنَّمَ وَلَیْسَتْ شَیْءٌ مِّنْھَا نَفْسَ الْغَیْرِیَّۃِ وَھُوَ ظَاھِرٌ ؛

ان آیات مذکورہ میں سے۔ ہر ایک آیت اس معنی میں مسوق ہے جو معانی مندرجہ ذیل سے (۱) لعنت کا جھوٹ بولنے پر ورود ہو (۲) حق سبحانہ کافروں کا دشمن ہے (۳) ابراہیم علیہ السلام کے ہاتھوں سے بت ٹکڑے ٹکڑے ہوئے (۴) اور ابراہیم علیہ السلام کے سب بت دشمن ہیں۔ (۵) بت دوزخ کی آگ بھڑکانے والے ہیں ؛

اب واضح ہو کہ کوئی چیز معنی مذکورہ میں سے عین غیریت نہیں ہے۔ کیونکہ غیریت میں سیاق کلام اس سے عبارت ہے کہ اس چیز کا جو کہ غیر خدا ہے بیان کیا جائے اور آیات مذکورہ ہرگز اس پر دال نہیں ہیں۔ کہ کوئی چیز معنی مسوق فیہا میں سے غیر خدا ہے اگرچہ آیات مذکورہ از روئے وجوہات دلالت جو کہ عبارت اور اشارت اور اقتضاء وغیرہ ہیں۔ ہرگز غیریت کے طرف مشعر نہیں ہیں ؛

لٰکِنَّ الْوَھْمَ یَاْبٰی عَنْ کَوْنِ اللَّاعِنِ عَیْنَ الْمَلْعُوْنِ وَنَفْسَہٗ اَوْ عَدُوًّا لِّنَفْسِہٖ اَوْ تَعْذِیْبِہٖ نَفْسَہٗ اَوْ تَحْقِیْرِہٖ لِنَفْسِہٖ عَلٰی

وَلَا يَلْزَمُ عَلَى الْعَيْنِيَّةِ فَيُحْكَمُ بِالْغَيْرِيَّةِ بَيْنَهُ سُبْحَانَهُ وَبَيْنَ الْمُمْكِنِ الْمُقَابِلِ فِي الذِّكْرِ ۝

لیکن وہم اس بات سے انکار کرتا ہے۔ کہ لاعن عین ملعون اور نفس ملعون ہو جائے۔ یا اپنے نفس کا دشمن ہو جائے۔ یا اپنے نفس کی تعذیب کرے یا اپنے نفس کی تحقیر کرے۔ کیونکہ ان معانی کو غیریت لازم ہے۔ جو عینیت کے منافی ہے۔ اور وہم مابین حق سبحانہ اور مابین اس ممکن کے جو مقابل فی الذکر ہے۔ غیریت کا حکم رکھتا ہے۔ اسی وجہ سے عوام یہ سمجھتے ہیں۔ کہ آیات مذکورہ غیریت صریح پر دلالت کرتی ہیں۔

فَيَجِبُ عَلَى الْمُنَاظِرِ مَعَ كُلِّ مِنَّا أَنْ يُثْبِتَ الْغَيْرِيَّةَ بِالْحُكْمِ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ دُونَ غَيْرِهِمَا مِمَّا ذَكَرْنَا وَلَا يُنَاظِرُ مِثْلَ أَقْوَالِ الْكُفَّارِ هٰذَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا وَلَا بِأَقْوَالِ الْعُلَمَاءِ وَالصُّوفِيَّةِ الَّذِينَ لَمْ يَخْرُجُوا عَنْ رِبْقَةِ الْوَهْمِ وَالتَّقْلِيدِ ۝

پس اس شخص پر جو کہ ہمارے ساتھ مناظرہ کرے۔ یہ واجب ہے کہ قرآن و حدیث کے آیات صریحہ سے غیریت ثابت کرے۔ اور ان دونوں کے ماورا اور کسی چیز سے جس کا ہم ذکر کر چکے ہیں۔ نہ ثابت کرے۔ اور یہ بھی واجب ہے کہ ہم سے کفار کے اقوال سے مناظرہ نہ کرے۔ جیسا کہ وہ کہا کرتے تھے۔ کہ یہ وہ مذہب ہے جس کے ہمارے باپ دادا پیرو تھے۔ اور نہ ان علماء ظاہر اور صوفیوں کے اقوال سے مناظرہ کرے۔ جو کہ وہم اور تقلید کی رسیوں میں جکڑے ہوئے ہیں۔

لِأَنَّا جَعَلْنَا الصُّوفِيَّةَ قُدِّسَتْ أَسْرَارُهُمْ عَلَى جَانِبِ الْيَمِينِ وَالْعُلَمَاءَ عَلَى جَانِبِ الْيَسَارِ وَأَلْهَاهُمَا الْفَاسِرَةُ تَحْتَ أَقْدَامِنَا وَجَعَلْنَا الْكِتَابَ وَالسُّنَّةَ الَّذِينَ سِيقَا فِي التَّوْحِيدِ فَقَطْ حُكْمًا أَمَامَنَا دُونَ شَيْءٍ آخَرَ وَأَثْبَتْنَا مَا أَثْبَتْنَا مِنَ التَّوْحِيدِ بِالْمُحْكَمَاتِ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ ۝

اسی واسطے کہ ہم نے صوفیان پاک اسرار کو اپنے دہنے طرف کیا ہے۔ اور علماء ظواہر کو بائیں طرف اور اوہام فاسدہ کو اپنے زیر قدم۔ اور ہم نے قرآن و حدیث کو جو کہ صرف توحید ہی میں از روئے محکم مسوق ہیں۔ اپنا امام گردانا ہے۔ اور کسی دوسری چیز کی طرف رُخ بھی نہیں کیا ہے۔ اور جو کچھ کہ ہم نے توحید ثابت کی ہے وہ قرآن و حدیث کی آیات صریح المعانی سے ثابت کی ہے ٭

خلاصہ کلام یہ ہے کہ علماء اور صوفیہ کے ان اقوال کی جو قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔ پیروی نہیں کی اور نہ کہیں محکمات مذکورہ کی مطابقت فروگذاشت کی ٭

وَاِنَّمَا شَمَّرْنَا عَنْ سَاقِ الْجِدِّ فِی الرَّدِّ عَلَی الْعُلَمَاءِ وَبَعْضِ الصُّوْفِیَّةِ لِاَنَّا قَدْ تَصَدَّیْنَا لِاِظْهَارِ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ وَالْمَرْدُوْدُ مِنْ اَقْوَالِ الْعُلَمَاءِ وَبَعْضِ الصُّوْفِیَّةِ سَاتِرٌ لِلْحَقِّ وَالصَّوَابِ فَوَجَبَ عَلَیْنَا کَشْفُ السِّتْرِ عَنْهُمَا وَالْکَشْفُ الْمَذْکُوْرُ لَا یَتَصَوَّرُ بِدُوْنِ الرَّدِّ عَلٰی اَنْفُسِ الْمَذْکُوْرَةِ ٭

اور ہم نے خواہ مخواہ علماء اور بعض صوفیہ کی تردید پر کمر نہیں باندھی ہے لیکن حق اور صواب کے اظہار کا البتہ ارادہ رکھا ہے۔ اور علماء اور صوفیہ کے اقوال مردودہ نے حق و صواب کو بالکل چھپا رکھا تھا پس ہم پر ان دونوں پوشیدہ چیزوں کا انکشاف واجب ہوا۔ اور یہ انکشاف مذکورہ جب تک کہ اقوال مذکورہ کی تردید نہ کریں ناممکن ہے ٭

لِهٰذِهِ الضَّرُوْرَةِ اَلْقَیْنَا الرَّدَّ بِطَرِیْقِ الْمَنْعِ عَلٰی اَنْفُسِ الْاَقْوَالِ الْمَذْکُوْرَةِ وَاِلَّا فَنَحْنُ بُرَآءٌ عَنِ الطَّعْنِ وَالْقَدْحِ وَالتَّخْطِئَةِ فِیْ حَقِّ اَحَدٍ فَضْلًا عَنِ الْعُلَمَاءِ وَالصُّلَحَاءِ ٭

لہذا ہم نے بحالت ضرورت بالاطریق منع اقوال مذکورہ کی تردید کی ورنہ ہم تردید سے اور اس بات سے کہ علماء اور صلحاء میں کسی کو بھی منسوب بہ خطاب کریں خوش نہیں ہیں ٭

بقول مولانا رومی قدس سرہٗ مثنوی ؎

عیب ہائے سگ بسی آدمی شمرد عیب داں از عیب داں بوئے نہ بُرد

عیب کتوں کے بہت ہیں جانتا
عیب ہیں کب غیب ہیں کو مانتا

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد میلش اندر طعنۂ پاکاں بُرد

جس کو حق چاہے کہ بس رسوا کرے
طعنۂ پاکاں کی رغبت اُسکو دے

ور خدا خواہد کہ پوشد عیب کس کم زند در عیب معیوباں نفس

جس کا حق چاہے چھپانا عیب کو
کم وہ ہوئے دوسروں کا عیب جو

اَلْوَصْلُ الْاَوَّلُ

فِیْ بَیَانِ مَا یَشْتَمِلُ عَلَیْہِ الْکَلِمَۃُ الطَّیِّبَۃُ اِجْمَالًا اِعْلَمْ اَنَّ الْکَلِمَۃَ الطَّیِّبَۃَ مُشْتَمِلَۃٌ عَلٰی اُمُوْرٍ قَدْ خَفِیَ غَالِبُہَا عَلٰی اَکَابِرِ الْعُلَمَاءِ شَرْقًا وَغَرْبًا سَلَفًا وَخَلَفًا۔ اَلْاَوَّلُ کَلِمَۃُ لَا الَّتِیْ لِنَفْیِ الْجِنْسِ۔ وَالثَّانِیْ اِسْمُہُ الْمَنْظُوْرُ۔ وَالثَّالِثُ خَبَرُہَا الْمَحْذُوْفُ وَالرَّابِعُ الْقَرِیْنَۃُ عَلَیْہِ مَا ہِیَ۔ اَلْخَامِسُ کَلِمَۃُ اِلَّا لِلْاِسْتِثْنَاءِ۔ وَالسَّادِسُ فَہْمُ الْمُفَرَّغِ۔ وَالسَّابِعُ کَوْنُہَا مِنْ قَبِیْلِ قَصْرِ الْمَوْصُوْفِ عَلَی الصِّفَۃِ دُوْنَ الْعَکْسِ وَکَوْنُ الْقَصْرِ قَصْرَ قَلْبٍ دُوْنَ الْاِفْرَادِ وَالتَّعْیِیْنِ۔ وَالثَّامِنُ اَنَّہٗ مُشْتَمِلٌ عَلٰی حُکْمَیْنِ اِیْجَابًا وَسَلْبًا۔ وَالتَّاسِعُ اَنَّہَا تَرْجِعُ اِلٰی کُلِّیَّتَیْنِ سَالِبَۃٍ وَمُوْجِبَۃٍ۔ وَالْعَاشِرُ اَنَّہَا حُکْمٌ مِنْ مُحْکَمَاتِ الْقُرْاٰنِ دُوْنَ غَیْرِہٖ مِنْ اَقْسَامِ النَّظْمِ وَلَا بُدَّ لِمَعْرِفَتِہَا مَعَ دَلَائِلِہَا مِنْ بَصِیْرَۃٍ فِی النَّحْوِ وَالْمَعَانِیْ وَالْبَیَانِ وَالْبَلَاغَۃِ وَفَنِّ اُصُوْلِ وَالْمِیْزَانِ وَالتَّفْسِیْرِ وَالْحَدِیْثِ وَلَمَّا کَانَ بَعْضُ اُمُوْرِ الْاَوَّلِ مَوْقُوْفًا عَلٰی

الْقَصْرِ وَالْاِسْتِثْنَاءِ فَلْيُقَدَّمْ ذِكْرُهُمَا عَلَى الْاٰخَرِ ؕ

پہلی وصل - یہ وصل کلمہ طیبہ کے اجمالی بیان میں ہے +

واضح ہو کہ (لا الہ الا اللہ) چند امور پر مشتمل ہے - جو ہنوز مشرق سے مغرب تک کے علماء متقدمین اور متاخرین پر مخفی ہے +

(۱) لفظ لای نفی جنس +

(۲) لای نفی جنس کا اسم منکور +

(۳) لفظ لای کی خبر محذوف +

(۴) یہ کہ محذوف پر قرینہ کیا پایا جاتا ہے +

(۵) کلمہ الا جو کہ استثنا کے واسطے ہے +

(۶) مفرغ کا سمجھنا +

(۷) یہ کہ کلمہ طیبہ قصر موصوف بر صفت کے قبیل سے ہے اور از قبیل قصر صفت بر موصوف نہیں ہے - اور قصر قصر قلب ہے - قصر افراد و تعین نہیں ہے +

(۸) کلمہ طیبہ دو حکم ایجابی اور سلبی پر مشتمل ہے +

(۹) کلمہ طیبہ دو قضیہ کلیہ سالبہ و موجبہ کی طرف راجع ہے +

(۱۰) یہ کہ کلمہ طیبہ محکمات قرآن میں سے محکم ہے - اور ماسوا اُن کے اقسام نظم وغیرہ میں سے نہیں ہے اور کلمہ کے جاننے کے واسطے معہ اُس کے دلائل کے - علم نحو - اور معانی - اور بیان - اور بلاغت - اور فن اصول - اور میزان اور تفسیر اور حدیث - وغیرہ کی ضرورت ہے - اور چونکہ بعض امور مذکورہ قصر اور استثنا پر موقوف تھے پس ہم کو چاہیے کہ ان دونوں کا ذکر اور امور پر مقدم کریں +

اَلْوَصْلُ الثَّانِیْ

فِی الْقَصْرِ - اَلْقَصْرُ فِی اللُّغَةِ الْحَبْسُ وَفِی الْاِصْطِلَاحِ تَخْصِیْصُ الشَّیْءِ بِالشَّیْءِ بِطَرِیْقٍ مَخْصُوْصٍ وَهُوَ حَقِیْقِیٌّ - وَ

هُوَ تَخْصِيصُ الشَّيْءِ بِحَيْثُ لَا يَتَجَاوَزُهُ أَصْلًا۔ وَغَيْرُ حَقِيقِيٍّ وَهُوَ أَنْ يَتَجَاوَزَهُ بِالْإِضَافَةِ إِلَى بَعْضٍ مَخْصُوصٍ۔ وَكُلٌّ مِنْهُمَا نَوْعَانِ قَصْرُ الْمَوْصُوفِ عَلَى الصِّفَةِ۔ وَقَصْرُ الصِّفَةِ عَلَى الْمَوْصُوفِ ؕ

دوسری وصل۔ درمیان قصر۔ قصر لغت میں بند کرنے کو کہتے ہیں اور اصطلاح میں کسی شے کا شے ثانی کے ساتھ بطریق مخصوص خاص کرنا ہے اور اس قصر اصطلاحی یعنے (تخصیص شے بہ شے ثانی بطریق مخصوص) کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) قصر حقیقی ہے اور وہ اس حیثیت سے شے اول کی شے ثانی کے ساتھ تخصیص ہے۔ کہ شے اول شے ثانی سے ہرگز تجاوز نہ کرے۔ (۲) غیر حقیقی ہے اور وہ یہ ہے کہ شے اول شے ثانی سے بعض مخصوص سے تجاوز نہ کرے۔ قصر حقیقی۔ اور قصر غیر حقیقی کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) قصر موصوف بر صفت (۲) قصر صفت بر موصوف ؛

وَالْأَوَّلُ مِنَ الْحَقِيقِيِّ نَحْوُ مَا زَيْدٌ إِلَّا كَاتِبٌ إِذَا أُرِيدَ أَنَّهُ لَا يَتَّصِفُ بِغَيْرِ الْكِتَابَةِ وَهُوَ لَا يَكَادُ يُوجَدُ لِتَعَذُّرِ الْإِحَاطَةِ بِصِفَاتِ الشَّيْءِ ؕ

قصر موصوف بر صفت کی مثال جو قصر حقیقی کی قسم اول ہے۔ یہ ہے (لا زید الا کاتب) یعنے نہیں ہے۔ زید مگر لکھنے والا۔ جس وقت اس کلام سے متکلم کا یہ ارادہ ہو۔ کہ زید سوائے وصف کتابت کے اور کسی صفت کے ساتھ موصوف نہیں ہے۔ لیکن چونکہ تمام صفات شی کا احاطہ دشوار ہے۔ لہذا یہ قسم تو تقریباً معدوم ہے۔ اس لئے کہ یہ کلام تو اسی وقت صادق ہوتا جبکہ زید نہ صفت قیام کے ساتھ موصوف ہوتا ہے اور نہ عدم قیام کے ساتھ اس لئے کہ یہ صفتیں صفت کتابت سے مغایر ہیں۔ جن کا سلب متصور سے واجب ہے۔ اور جب قصر موصوف قطع نظر اور صفتوں کے صفت واحد میں ہے۔ تب ارتفاع نقیضین لازم آتا ہے پس یہ قسم اغلباً عدیم الوجود ہے ؛

وَالثَّانِي نَحْوُ مَا فِي الدَّارِ إِلَّا زَيْدٌ وَقَدْ يُقْصَدُ بِهِ الْمُبَالَغَةُ

لِعَدَمِ الْاِعْتِدَادِ بِغَيْرِ الْمَذْكُوْرِ ۔

قصر صفت بر موصوف کی مثال جو قصر حقیقی کی قسم دوم ہے۔ یہ ہے۔ کہ (نہیں ہے گھر میں مگر زید) اور کبھی اس کلام سے مبالغہ بھی مقصود ہوتا ہے جبکہ وہ چیز جس کا ذکر کیا گیا ہے۔ نامعتبر سمجھے جائے۔ یعنی اگرچہ زید کے ساتھ اس کے ملازمین اور متعلقین میں سے بھی بعض لوگ موجود ہوں۔ تب بھی یہ کلام صادق آئیگا۔ اور اس حال میں قصر بطریق مبالغہ ہوگا ۔

وَالْاَوَّلُ مِنْ غَيْرِ الْحَقِيْقِيِّ تَخْصِيْصُ الْاَمْرِ بِصِفَةٍ دُوْنَ صِفَةٍ اُخْرٰى اَوْ مَكَانِهَا وَالثَّانِيْ تَخْصِيْصُ صِفَةٍ بِاَمْرٍ دُوْنَ اَمْرٍ اٰخَرَ اَوْ مَكَانِهٖ ۔

اور قصر غیر حقیقی کی قسم اوّل یعنے قصر موصوف بر صفت سے مراد (موصوف کا ایک صفت کے ساتھ اختصاص ہے۔ جو دوسری صفت کے سوا ہو۔ یا موصوف کا ایسے وصف کے ساتھ اختصاص ہے۔ جو صفت مذکورہ کے قائم مقام ہو ۔

اور قصر حقیقی کی قسم دوم یعنے (قصر صفت بر موصوف) سے مراد صفت کا ایک موصوف مخصوص کے ساتھ اختصاص ہے۔ جو سوا موصوف ثانی کے ہو۔ یا صفت کے ایسے موصوف کے ساتھ اختصاص ہے۔ جو دوسرے موصوف کے قائم مقام ہو) ۔

وَكُلٌّ مِنْهُمَا ضَرْبَانِ وَالْمُخَاطَبُ بِالْاَوَّلِ مِنْ ضَرْبَيْ كُلِّ مَنْ يَّعْتَقِدُ الشَّرِكَةَ اَوِ التَّسَاوِيَ وَيُسَمّٰى هٰذَا الْقَصْرُ اِمَّا قَصْرَ اِفْرَادٍ لِقَطْعِ الشَّرِكَةِ اَوْ قَصْرَ تَعْيِيْنٍ لِرَفْعِ الْاِبْهَامِ وَالْمُخَاطَبُ بِالثَّانِيْ مَنْ يَّعْتَقِدُ الْعَكْسَ وَيُسَمّٰى هٰذَا الْقَصْرُ قَصْرَ قَلْبٍ لِقَلْبِ حُكْمِ الْمُخَاطَبِ ۔

اور قصر غیر حقیقی کی قسم اول و ثانی کی دو قسمیں ہیں۔ قسم اوّل یہ ہے کہ مخاطب دو قسموں میں باہمی شرکت و مساوات خیال کرتا ہو جس کی دو قسمیں ہیں (۱) قصر افراد جس سے اعتقاد شرکت کا انقطاع ہوتا ہو۔ (۲) قصر تعیین جس

سے ابہام مرتفع ہوتا ہو۔

قسم دوم یہ ہے کہ متکلم نے جس چیز کا ذکر کیا ہو اس کے برعکس مخاطب کا خیال ہو۔ اور اسی وجہ سے یعنے مخاطب کے گمان کے پلٹ جانے سے اس قسم کا نام قصر قلب رکھا گیا ہے۔

وَشَرْطُ قَصْرِ الْمَوْصُوْفِ عَلَى الصِّفَةِ اِفْرَادًا عَدَمُ تَنَافِي الْوَصْفَيْنِ وَقَلْبًا تَحَقُّقُ تَنَافِيْهِمَا ۚ

اور شرط قصر موصوف بر صفت کی از روئے افراد یہ ہے کہ دو وصفوں میں عدم منافات پائی جائے۔ اور از روئے قلب یہ شرط ہے کہ دو وصفوں میں منافات متحقق ہو۔ پس قصر افراد اسی مقام پر ہوگا جہاں دو وصفوں میں نفس الامر میں شرکت ممکن ہو۔ چنانچہ مخاطب نے گمان کیا۔ کہ زید کاتب اور شاعر ہے پس متکلم اس کے گمان کی تردید قصر افراد کے ساتھ یوں کریگا کہ (نہیں ہے زید مگر لکھنے والا)۔ اور قصر تعیین وہاں ہوتا ہے۔ جہاں مخاطب کا یہ گمان ہو کہ دو امروں میں سے ایک امر ضروری ہے۔ جس کی مثال یہ ہے۔ کہ (زید یا تو عمرو کا بیٹا ہے یا خالد کا بیٹا ہے) تب متکلم اس کا ارتفاع ابہام قصر تعیین کے ساتھ یوں کریگا کہ (زید عمرو کا بیٹا ہے)۔ اور قصر قلب وہاں ہوتا ہے۔ جہاں دو وصفوں کا اجتماع غیر ممکن ہو۔ چنانچہ مخاطب نے یہ گمان کیا۔ کہ (زید عمرو کا بیٹا ہے۔ تب متکلم مخاطب کی تردید گمان قصر قلب کے ساتھ۔ یوں کریگا کہ (زید خالد کا بیٹا ہے) یعنے عمرو کا بیٹا نہیں ہے۔

فَاَمَّا غَلَطُ الْعُلَمَاءِ فِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فِي الْقَصْرِ اَنَّهُمْ جَعَلُوْهُ مِنْ قَصْرِ الصِّفَةِ عَلَى الْمَوْصُوْفِ لِزَعْمِهِمْ اَنَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بِمَعْنَى الْمُسْتَحِقِّ اَوِ الْمَعْبُوْدِ بِالْحَقِّ وَاَنَّ اسْتِحْقَاقَ الْمَعْبُوْدِيَّةِ بِالْحَقِّ صِفَةٌ دُوْنَ مَوْصُوْفٍ وَلَيْسَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ بَلْ هُوَ مِنْ قَصْرِ الْمَوْصُوْفِ عَلَى الصِّفَةِ ۚ

جو کچھ علماء نے کلمہ طیبہ کے بیان قصر میں غلطی کی ہے۔ وہ یہ ہے کہ علماء نے کلمہ طیبہ کو قصر صفت بر موصوف کی جنس مان لیا ہے۔ اور یہ گمان کیا

ہے کہ الٰہ یا تو مستحق کے معنی میں ہے یا معبود حق کے معنی میں ہے اور (استحقاق معبودیت بحق) صفت ہے۔ موصوف نہیں ہے۔ حالانکہ یہ امر در اصل ایسا نہیں ہے بلکہ قصر مذکور (قصر موصوف بر صفت) کی قسم میں سے ہے +

فَإِنْ قُلْتَ عَلَى هٰذَا يَكُوْنُ مَعْنَاهُ اَنَّ الْمَنْكُوْرَ مَقْصُوْرٌ عَلَى الْاِتِّصَافِ بِكَوْنِهٖ اللّٰهَ فَيَلْزَمُ الْوُقُوْعُ فِيْمَا عَنْهُ الْفِرَارُ وَهُوَ التَّاْوِيْلُ فِي الْمُحْكَمِ مَعَ اَنَّهٗ يَأْبَاهُ قُلْتُ التَّاْوِيْلُ الْمَذْكُوْرُ لِتَصْحِيْحِ كَوْنِ الْمَنْكُوْرِ مِنْ قَبِيْلِ قَصْرِ الْمَوْصُوْفِ عَلَى الصِّفَةِ دُوْنَ الْعَكْسِ وَكَوْنُهٗ مِنْ قَبِيْلِ الْاَوَّلِ اَمْرٌ زَائِدٌ خَارِجٌ مِنْ مُرَادِ الْمُحْكَمِ اِذْ ظَاهِرُ مُرَادِهٖ اَنَّ الْمَنْكُوْرَ مَقْصُوْرٌ وَالْمُفْتَرٰى مَقْصُوْرٌ عَلَيْهِ وَلَا يَظْهَرُ عَنْهُ اَنَّهٗ مِنْ قَصْرِ الْمَوْصُوْفِ اَوِ الْعَكْسِ فَيَكُوْنُ خَارِجًا زَائِدًا عَلٰى ظَاهِرِ مُرَادِهٖ وَالتَّاْوِيْلُ يُنَافِي الْمُحْكَمَ فِيْ ظَاهِرِ مُرَادِهٖ دُوْنَ مَا هُوَ خَارِجٌ عَنْهُ وَزَائِدٌ عَلَيْهِ وَبِالْجُمْلَةِ اَنَّ التَّاْوِيْلَ الْمَذْكُوْرَ لِتَصْحِيْحِ الْقَاعِدَةِ دُوْنَ تَصْحِيْحِ الْمُرَادِ فَبَطَلَ مَا تَوَهَّمْتَ مِنَ الْاِبَاءِ وَالْوُقُوْعِ فِيْمَا عَنْهُ الْفِرَارُ ۵

اگر تمہارا یہ سوال ہو کہ (قصر موصوف بر صفت) کی رو سے کلمہ طیبہ کی معنی یہ ہونگے کہ الٰہ جو جمع منکورہ ہے۔ وہ اللہ پر مقصور ہے۔ پس وقوع یعنی قیام اس چیز میں جس سے گریز ہے لازم آئیگا۔ اور یہ تاویل محکم میں کی گئی ہے باوجودیکہ محکم یعنی آیت صریح المعنی میں تاویل کی مطلقاً ضرورت ہی نہیں ہے۔ ہم اس کا جواب یوں دینگے۔ کہ تاویل مذکورہ اس معنی کی تصحیح کے واسطے ہے۔ کہ الٰہ منکور کا قصر کلمہ طیبہ میں از قبیل قصر موصوف بر صفت ہے۔ اور (قصر صفت بر موصوف) کی جنس سے نہیں ہے۔ اور یہ تصحیح اور تعین یعنے الٰہ از قبیل قصر موصوف بر صفت ہے۔ یا از قبیل قصر صفت بر موصوف ہے۔ ایک ایسا امر ہے جو کہ محکم کی مراد یعنے مفہوم اصلی سے زاید از خارج ہے۔ اس لئے کہ محکم معانی ظاہری اسی قدر ہیں۔ کہ الٰہ مقصور ہے اور اللہ مقصور علیہ ہے اور محکم سے اس

امر کا انکشاف نہیں ہوتا ہے۔ کہ یہ قصر از قبیل قصر موصوف بر صفت ہے۔ یا از قبیل قصر صفت بر موصوف۔ پس محکم کی معانی ظاہری پر یہ تاویل خارج و زاید ہے۔ اور جو تاویل کہ محکم کی معانی ہے۔ وہ تاویل محکم کی معانی ظاہری میں ہے نہ کہ وہ تاویل جو کہ ظاہر محکم سے خارج۔ اور زاید ہے ٭

حاصل کلام یہ ہے کہ اہل بلاغت کے فوائد مقررہ سے یہ بخوبی ثابت ہے کہ قصر کی دو صورتیں ہیں ٭

(۱) قصر موصوف بر صفت ٭

(۲) قصر صفت بر موصوف ٭

اور یہ ظاہر ہے کہ (لا الہ الا اللہ) میں دونوں صورتیں نہیں پائی جاتی ہیں اس لئے کہ لفظ الہ اور اللہ دونوں کے دونوں موصوف ہیں صفت نہیں ہیں پس قاعدہ مذکورہ کی درستی کے واسطے تاویل مذکورہ واجب ہوئی۔ کیونکہ یہ تاویل کچھ اصل معانی محکم میں نہیں ہے۔ جو قطعاً ممنوع ہے۔ اور تاویل تسمیں صحیح قاعدہ اور اثبات حصر کے واسطے مشہور ہیں ٭

چنانچہ علامہ تفتازانی نے (مازید الا اخوک) در ابواب لا العاج میں یہ بیان کیا ہے۔ کہ قصر موصوف بر صفت۔ اس معنی کے لحاظ سے ہے۔ کہ جو زید چونکہ بھائی کی صفت کے ساتھ متصف ہے۔ اس لئے مقصور ہے۔ اور دروازہ چونکہ ہاتھی دانت کی صفت کے ساتھ موصوف ہے۔ اس لئے مقصور ہے ٭

وَسَتَعْلَمُ اَنَّ الْمَنْظُوْرَ مُشْتَرَكٌ لَفْظِيٌّ لَا يُسْتَعْمَلُ اِلَّا بِالْقَرِيْنَةِ فَالْمُرَادُ مِنَ الْمَنْظُوْرِ جَمِيْعُ الْاٰلِهَةِ الْمُمْكِنَةِ الْمَعْبُوْدَةِ مِنَ الْاَصْنَامِ وَغَيْرِهِمْ بِقَرِيْنَةِ وُقُوْعِهٖ فِيْ سِيَاقِ النَّفْيِ فَيُفِيْدُ الْاِسْتِغْرَاقَ۔ وَاَلْاِسْتِغْرَاقُ قَرِيْنَةُ اِمْكَانٍ دُوْنَ الْوُجُوْبِ۔ فَتَعَيَّنَ اَنَّ الْاٰلِهَةَ مَوْصُوْفَةٌ دُوْنَ صِفَةٍ وَمَقْصُوْرَةٌ عَلٰى صِفَةِ الْعَيْنِيَّةِ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهٗ سُبْحَانَهٗ لَا يَتَجَاوَزُ اِلَى الْغَيْرِيَّةِ لِمَا فِيْ زَعْمِهِمْ وَلِجَلَاءِ الثَّنَائِيِّ بَيْنَ غَيْرِ اللّٰهِ وَعَيْنِهٖ بِتَحَقُّقِ شَرْطٍ

قَصْرُ الْمَوْصُوْفِ عَلَى الصِّفَةِ فَظَهَرَ غَلَطُهُمْ فِيْ قَصْرِ الصِّفَةِ عَلَى الْمَوْصُوْفِ ۔

اور عنقریب یہ بات معلوم ہو جائیگی۔ کہ بالیقین منکور یعنے لفظ الٰہ مشترک لفظی ہے اور مشترک لفظی قیام قرینہ ہی کے وقت مستعمل ہوتا ہے۔ الٰہ سے سب الٰہ ممکن مراد ہیں خواہ وہ اصنام سے ہوں۔ یا ان کے سوا ہوں اور وقوع نکرہ بعد نفی استغراق کے لئے مفید ہے اور استغراق قرینہ امکان سے ہے قرینہ وجوب نہیں ہے لہذا یہ امر ثابت ہے۔ کہ الٰہ موصوف ہے صفت نہیں ہے اور الٰہ جو موصوف ہے صفت عینیت میں۔ جو مابین الٰہ باطل یعنے اصنام و حق سبحانہ ہے متصور ہے اور صفت غیریت کی طرف ہرگز تجاوز نہیں کر سکتا جیسا کہ مشرکین کا گمان تھا اور چونکہ غیر خدا۔ اور عین خدا میں صاف صاف فرق مستنبط ہوتا ہے لہذا قصر موصوف بر صفت بخوبی ثابت ہے اور علماء کی غلطی قصر صفت بر موصوف سمجھنے میں صاف طور پر کھل گئی ۔

اَمَّا غَلَطُهُمْ فِيْ تَعْيِيْنِ الْقَصْرِ اَنَّهُمْ عَيَّنُوْهُ مِنْ قَصْرِ الْجِنْسِ فُرَادٰى دُوْنَ الْقَلْبِ وَلَيْسَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ اِذِ الْمُخَاطَبُ لَا يَخْلُوْا اِمَّا اَنْ يَّزْعَمَ اَنَّ الْاٰلِهَةَ اَيِ الْاَصْنَامُ الَّذِيْنَ يَعْبُدُهُمْ عَيْنُ اللّٰهِ اَوْ غَيْرُ اللّٰهِ فَعَلَى الْاَوَّلِ يَلْزَمُ كَوْنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَغْوًا وَالْعِيَاذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا فَتَعَيَّنَ الثَّانِيْ وَهُوَ ظَاهِرٌ اَيْ يَزْعَمُ الْعَكْسَ اَعْنِيْ اَنَّ الْاٰلِهَةَ غَيْرُ اللّٰهِ فَرَدَّ زَعْمَهُمْ قَلْبًا بِقَوْلِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَيْ لَا اِلٰهَ غَيْرُ اللّٰهِ فَظَهَرَ غَلَطُهُمْ فِي الْاِفْرَادِ اَيْضًا ۔

لیکن علماء کی غلطی تعیین قصر میں یہ ہے۔ کہ انہوں نے قصر کو قصر افراد کی جنس سے معین کیا ہے اور قصر قلب سے معین نہیں کیا ہے اور یہ امر فی الحقیقت اس طرح ہرگز نہیں ہے۔ کیونکہ مخاطب کی دو ہی حالتیں ہونگی ۔

(۱) یا تو ان بتوں کو جن کی وہ عبادت کرتا ہے۔ عین خدا جانتا ہوگا ۔

(۲) یا غیر خدا جانتا ہوگا ۔

پس حالت اول یعنے بتوں کو عین خدا ماننا اس سے تو (لا الہ الا اللہ) کا لغو اور بے فائدہ ہونا لازم آتا ہے۔ ایسے عقیدہ سے اللہ پناہ میں رکھے +

اور حالت ثانی یعنے یہ گمان کہ اصنام غیر خدا ہیں اس کا تعین البتہ صحیح و درست ہے پس مطابق قول خدائے عزوجل یعنے (لا الہ الا اللہ) مشرکین کے گمان فاسد کی از روئے قلب تردید کی گئی اور کلمہ (لا الہ الا اللہ) کی معنی یہ ہیں۔ کہ نہیں ہے کوئی موجود سوا اللہ کے۔ اس سے علماء کی غلطی تعین افراد میں بھی ظاہر ہے +

اَلْوَصْلُ الثَّالِثُ

فِی الْاِسْتِثْنَاءِ اَلْمُسْتَثْنٰی اِمَّا مُتَّصِلٌ وَهُوَ الْمُخْرَجُ مِنَ الْمُتَعَدِّدِ بِاِلَّا وَاَخَوَاتِهَا نَحْوَ جَاءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا اَوْ مُنْقَطِعٌ وَهُوَ الْمَذْکُوْرُ بَعْدَ اِلَّا غَیْرُ مُخْرَجٍ نَحْوَ جَاءَنِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا اھ

تیسری وصل استثنا کے بیان میں۔ استثنا کے لغوی معنی (کسی چیز کے تعدد سے خارج کرنے کے ہیں) اور جو شے متعدد سے خارج کی جائے اُس کو مستثنےٰ کہتے ہیں اور متعدد کو مستثنیٰ منہ۔ اور جس چیز کے ذریعہ سے استثنا کیا جاتا ہے اس کو حرف استثنا کہتے ہیں۔ جیسے (الا وغیرہ) +

واضح ہو کہ مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) مستثنیٰ متصل (۲) مستثنیٰ منقطع۔ مستثنیٰ متصل وہ ہے جو متعدد سے بذریعہ لفظ (الا) یا بذریعہ اس لفظ کے جو الا کا ہم معنی ہو جیسے غیر۔ حاشا۔ خلا۔ عدا۔ وغیرہ۔ خارج کیا جائے۔ اور اس کی مثال یہ ہے (جاءنی القوم الا زیداً) یعنے سوا زید کے میرے پاس قوم آئی۔ یعنے زید نہیں آیا۔ مستثنیٰ منقطع وہ ہے۔ کہ کسی چیز کا بعد لفظ الا ذکر تو کیا جائے۔ مگر وہ چیز متعدد سے خارج نہ کی گئی ہو۔ جیسے (جاءنی القوم الا حماراً) یعنی سوائے خر کے میرے پاس قوم آئی۔ حماراً اگرچہ مستثنیٰ ہے اور بعد لفظ الا مذکور ہے لیکن چونکہ متعدد یعنے قوم کی جنس سے نہیں ہے لہذا غیر مخرج ہے۔ اور مثال اول الذکر میں چونکہ زید جنس قوم میں سے تھا لہذا وہ مخرج از متعدد یعنے قوم ہے +

وَالْمُتَعَدِّدُ فِی الْاِسْتِثْنَاءِ نَوْعَانِ اَحَدُهُمَا مَعْنَوِیٌّ کَاسْمَاءٍ

الْجَمْعِ مِثْلُ قَوْمٍ وَرَهْطٍ وَاَلْفَاظِهٖ نَحْوُ رِجَالٍ وَمُسْلِمِيْنَ وَ اَسْمَاءِ الْعَدَدِ وَلَا يَكُوْنُ الْمُتَعَدِّدُ الْمَعْنَوِيُّ كُلِّيًّا اِذَا وَقَعَ فِيْ حَيِّزِ النَّفْيِ فَيَكُوْنُ كَالْمُتَعَيِّنِ وَالْمَعْنَوِيِّ مِنْ غَيْرِ الْكُلِّيِّ ۞

اور متعدد کے استثنا میں دو قسمیں ہوتی ہیں (۱) متعدد معنوی (۲) متعدد لفظی اور متعدد معنوی کی تین قسمیں ہیں:۔

(۱) اسماء جمع۔ اور اسم جمع اصطلاح میں اسے کہتے ہیں۔ کہ لفظ تو مفرد ہو۔ مگر اس کی معنی میں کثرت پائی جائے۔ جیسے لفظ (قوم) جس کے گروہ کے معنی ہیں ۞

(۲) الفاظ جمع۔ جیسے (رجال) جمع رجل کی۔ اور مسلمین جمع مسلم کی ۞

(۳) اسماء عدد۔ جیسے (۳ و ۴ و ۵ و ۱۰ و ۲۰ و ۳۰) اور متعدد معنوی مثل انسان۔ حیوان۔ وغیرہ کے کبھی (کلی) نہیں ہوتا ہے۔ مگر جب کہ مقام نفی میں واقع ہو۔ تب البتہ متعدد معنوی غیر کلی سے (کلی) ہو جاتا ہے جیسے (لا رجل فی الدار الا زیداً) یعنے کوئی مرد گھر میں نہیں ہے مگر زید۔ اس مثال میں لفظ رجل متعدد معنوی اور غیر کلی ہے چونکہ بعد لا نفی جنس مقام نفی میں واقع ہوا ہے لہذا کلی ہو گیا ۞

وَثَانِيْهِمَا لَفْظِيٌّ كَالْمُرَكَّبِ بِالْعَطْفِ مِنْ لَفْظَيْنِ نَحْوُ مَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ اَيْ مَا مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ وَبَرِيٌّ عَنِ الْهَلَاكِ اِلَّا رَسُوْلٌ ۞

اور (۲) متعدد لفظی ایسے کلام کے مانند ہے۔ جو معطوف اور معطوف علیہ سے مرکب ہو۔ جیسے (ما محمد الا رسول) اے محمد و بری عن الہلاک الا رسول) یعنے نہیں ہیں محمد مگر رسول اور ہلاک سے محفوظ نہیں ہیں مگر رسول ۞

وَكُلٌّ مِنْ كِلَا الْقِسْمَيْنِ اِذَا لَمْ يُبَيَّنِ الْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ مَذْكُوْرًا فَهُوَ مُفَرَّغٌ وَاِلَّا فَغَيْرُ مُفَرَّغٍ وَالْمَذْكُوْرُ غَالِبًا هُوَ الْمُتَعَدِّدُ الْمَعْنَوِيُّ وَالْمَحْذُوْفُ غَالِبًا هُوَ اللَّفْظِيُّ ۞

اور اگر مستثنیٰ متصل اور مستثنیٰ منقطع میں متعدد یعنے مستثنیٰ منہ کا ذکر نہ کیا جائے تو اس کو (مستثنیٰ مفرغ) کہتے ہیں۔ اور اگر مستثنیٰ منہ مذکور ہو تو مستثنیٰ غیر مفرغ) کہتے ہیں۔ لیکن مذکورہ اکثر متعدد معنوی ہوتا ہے اور غیر مذکور یعنے محذوف

اکثر متعدد لفظی ہوتا ہے +

وَالْاِسْتِثْنَاءُ مُطْلَقًا قِسْمٌ مِنَ الْقَصْرِ فَلَا يَخْلُوْا اِمَّا اَنْ يَّكُوْنَ قَصْرَ اِفْرَادٍ اَوْ قَصْرَ تَعْيِيْنٍ وَهُمَا فِي الْمُتَّصِلِ اَوْ قَصْرَ قَلْبٍ وَهُوَ فِي الْمُنْقَطِعِ فَقَطْ ۝

پس استثناء عام اس سے کہ وہ متصل ہو۔ یا منقطع ہو۔ (قصر کی ایک قسم ہے اور قصر خواہ قصر افراد ہو۔ یا قصر تعین ہو۔ یہ دونوں قسمیں (مستثنیٰ متصل) میں ہوتی ہیں۔ اور اگر قصر قلب ہو۔ یہ قسم صرف مستثنیٰ منقطع میں ہوتی ہے +

وَلَهُمْ كَابِرٌ فَنَّ اَهْلُ اُصُوْلٍ فِيْ هٰذَا الْبَابِ مَذَاهِبُ فَلْنُفَصِّلْ اَوَّلًا حَتّٰى يَتَّضِحَ غَلَطُهُمْ فِيْ كُلِّ مَذْهَبٍ ۝

اور فن اصول کے علماء عظام کے (استثنا) میں مختلف مذاہب ہیں اور انہیں کے ہر ایک نے اپنی رائے ظاہر کی ہے پس ہمیں یہ ضرور ہے۔ پہلے اُن کے مذاہب بالتفصیل بیان کر دیں۔ جو انہوں نے اختیار کئے ہیں۔ تاکہ ہر مذہب میں اُن کی غلطی ظاہر ہو جائے +

اَلْاَوَّلُ اَنَّ الْمُفَرَّغَ يَكُوْنُ مُتَّصِلًا فَقَطْ كَمَا قَالَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ اِذَا الْمُفَرَّغُ مُتَّصِلٌ۔

وَالثَّانِيْ اَنَّ الْمُنْقَطِعَ لَا يَقَعُ فِي الْكَلَامِ الْبَلِيْغِ۔

وَالثَّالِثُ عَدَمُ تَعْيِيْنِهِمُ الْمَحْذُوْفَ فِي الْمُفَرَّغِ۔

وَالرَّابِعُ عَدَمُ تَعْيِيْنِهِمُ الْقَرِيْنَةَ الدَّالَّةَ عَلَى الْمَحْذُوْفِ۔

وَالْخَامِسُ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ بَعْضُهُمْ اَنَّ الْمُسْتَثْنٰى مَسْكُوْتٌ عَنْهُ وَلَيْسَ الْحُكْمُ اِلَّا فِيْ جَانِبِ الْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ ۝

(۱) یہ ہے کہ مفرغ فقط متصل ہی ہوتا ہے۔ جیسا کہ (صاحب مسلم) نے بیان کیا ہے مفرغ متصل ہے +

(۲) منقطع کلام بلیغ میں واقع نہیں ہوتا +

(۳) علماء کا محذوف کو مفرغ میں معین نہ کرنا یعنے ہر مفرغ میں وہ جدید مصدر

بلا تعین کہتے ہیں ۔

(۴) علماء کا قرینہ کو نہ معین کرنا۔ جو محذوف پر مفرغ میں دلالت کرتا ہو ۔

(۵) بعض علماء کا یہ مذہب ہے۔ کہ مستثنیٰ کو مسکوت عنہ جانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ حکم مستثنیٰ منہ کی طرف ہے ۔

فَنَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ اَنَّ الْمُفَرَّغَ يَكُوْنُ مُتَّصِلًا وَّمُنْقَطِعًا وَيَقَعُ كَذٰلِكَ فِي الْكَلَامِ الْبَلِيْغِ اَيِ الْكِتَابِ الْمَجِيْدِ وَالْمَحْذُوْفُ فِي الْمُفَرَّغِ سَوَاءٌ كَانَ مَرْفُوْعًا اَوْ مَنْصُوْبًا اَوْ مَجْرُوْرًا مَا هُوَ الْمَزْعُوْمُ لِلْمُخَاطَبِ بِعَيْنِهٖ اَيِ الْمُرَكَّبِ بِالْعَطْفِ مِنَ الْمُفَرَّغِ وَعَدِيْلِهٖ فِي النَّعْمِ السَّابِقِ شَرِكَةً اَوْ اِيْهَامًا فِي الْاِفْرَادِ وَالتَّعْيِيْنِ وَعَكْسُ الْمُفَرَّغِ فِي الْقَلْبِ دُوْنَ شَيْءٍ اٰخَرَ مِنْ مَوْجُوْدٍ اَوْ مُمْكِنٍ ۵

اور مذاہب مذکورہ کی غلطی ہم بیان کرتے ہیں رہ جو یہ ہے۔ کہ مفرغ متصل اور منقطع ہوتا ہے اور یہ دونوں قسم مفرغ کلام بلیغ یعنی قرآن مجید میں واقع ہوئی ہیں اور مفرغ خواہ بنا بر فاعلیت مرفوع ہو۔ یا بنا بر مفعولیت منصوب ہو۔ یا بنا بر مجروریت مجرور ہو۔ اس میں وہ چیز محذوف ہوتی ہے جس کا مخاطب نے بجنسہ گمان کیا ہے۔ اور وہ چیز قصر افراد۔ اور قصر تعیین میں۔ از روئے شرکت۔ یا از روئے ابہام مزعوم سابق ہے۔ جو مفرغ اور عکس مفرغ سے مرکب بالعطف ہوتا ہے۔ اور بلا تقدیر موجود یا ممکن کے (عکس مفرغ) قصر قلب میں ہوتا ہے ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ مخاطب کو قصر افراد۔ اور قصر تعیین میں۔ دو امر یا وصفوں کے درمیان شرکت یا ابہام کا گمان ہوتا ہے۔ اور متکلمین نے اس کی تردید گمان میں صرف مفرغ کو ذکر کیا ہے۔ جو گمان کے ہوئے دو اجزاء میں سے ایک جزو ہے اور اس سے یہ معلوم ہوا۔ کہ دوسرا جزو عکس مفرغ مذکور کا ہوگا۔ تب بالضرور افراد۔ اور تعیین میں مفرغ۔ اور عکس مفرغ سے محذوف مرکب ہوگا۔ لیکن قصر قلب میں۔ مخاطب کے گمان میں۔ کوئی ایک چیز ہوتی ہے جس کی تردید میں متکلم اس چیز کے نقیض ذکر کرتا ہے۔ اور شے مذکورہ مفرد ہے۔ تب محذوف بھی عکس اور مقابل

درج ہیں۔ ہرگز جائز نہیں ہے۔ کیونکہ ان میں قیام قرینہ نہیں ہے۔ اور موجود کا مقدر کرنا اقتضائے قصر کی بھی خلاف ہے۔ جیسا کہ تفصیل اُن کی گزر چکی ہے۔

وَالْخَامِسُ انہ قال فِی وَجْہِ حَذْفِ الْخَبَرِ الْعَامِ لدلالۃ النفی عَلَیْہِ وَجْہُ بُطْلَانِہ اَنَّ کَلِمَۃَ لَا مَوْضُوْعَۃٌ لِنَفْیِ مَا وَرَدَتْ عَلَیْہِ مِنَ الْخَبَرِ مُطْلَقًا عَامًّا اَوْ خَاصًّا مَذْکُوْرًا اَوْ مَحْذُوْفًا مَا رَادَ عَلَیْہِ فَعُمُوْمُ النفی وَخصوصہ لَیْسَ مَدْلُوْلًا مُطَابِقِیًّا لَھَا وَلَا جُزْءًا لَہٗ وَلَا لَازِمًا لَہٗ وَلَا مَدْلُوْلًا عَقْلِیًّا وَلَا طَبْعِیًّا فَلَا مَعْنٰی لِدَلَالَۃِ کَلِمَۃِ لَا عَلٰی عُمُوْمِ النفی وَلَا خصوصہ فَظَھَرَ غَلَطُ الْجَامِیْ وَمَنْ اَتْبَعَہٗ وَمَنْ تَابَعَہٗ فِی الْوُجُوْہِ الْخَمْسَۃِ ظُھُوْرًا بَیِّنًا ۝

پانچویں غلطی یہ ہے کہ جامی قدس سرہٗ نے حذف خبر عام کے سبب میں (لدلالۃ النفی علیہ) بیان کیا ہے۔ یعنے اس بات پر کلمہ لا کی دلالت کرنے کے واسطے کہ اس کی خبر افعال عامہ سے محذوف ہے۔ اور وجہ اس کے بطلان کی یہ بیان کی ہے کہ کلمہ لا اس چیز کی نفی کے واسطے وضع کیا گیا ہے جس چیز پر وہ جنس خبر سے داخل ہوتا ہے۔ اور وہ چیز خواہ عام ہو۔ یا خاص ہو۔ یا مذکور ہو۔ یا محذوف ہو موضوع اس چیز کے واسطے نہیں ہے۔ جو کہ نفی پر زاید ہو پس منفی کا عموم۔ یا خصوص حرف لا کے واسطے۔ نہ تو مدلول مطابقی ہے۔ اور نہ تضمینی۔ اور نہ التزامی۔ اور نہ عقلی۔ اور نہ طبعی۔ اور دلالت کے بھی پانچ اقسام ہیں پس کلمہ لا کے لئے یہ ضرور نہیں ہے۔ کہ عموم یا خصوص نفی پر دلالت کرے۔ اور ان وجوہ پنجگانہ میں جامی رحمۃ اللہ علیہ کی غلطی اور اُن کی غلطی جنہوں نے ان کا اتباع کیا بیان متذکرہ سے بخوبی ثابت ہے۔

اَلْوَصْلُ الْخَامِسُ

فِی تحقیق لفظ لا لہ وکلمۃ لا اعلم ان لا لہ یطلق بالاشتراک اللفظی فقط علی معینین اَحَدُھُمَا ذات الواجب

تعالیٰ۔ والثانی الممکن الموجود والمعبود والدلیل علی ان المشترک اللفظی انہ لا یستعمل فی کل من معنیہ الا بالقرینۃ کلفظ العین ۵

پانچویں وصل۔ تحقیق میں لفظ (الالہ) اور کلمہ (الا) جان کہ لفظ آلہ بوجہ اشتراک لفظی حسب ذیل دو معنوں میں مستعمل ہے۔

اوّل معبود واجب الوجود +

دوم معبود ممکن الوجود +

اس کے مشترک لفظی ہونے کی دلیل تو یہ ہے کہ لفظ آلہ کسی معنی میں اس وقت تک استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔ جب تک کہ کوئی قرینہ معنی مرادی پر دلالت نہ کرتا ہو۔ اور اشتراک لفظی کا مفہوم یہ ہے کہ کسی لفظ کے بہت سے معنی ہوں۔ مگر وہ لفظ بغیر قیام قرینہ کے کسی معنی میں بھی مستعمل نہ ہو۔ جیسے کہ لفظ (عین) جو آفتاب اور چشمہ اور آنکھ اور زانو وغیرہ کے لئے موضوع ہے اور جس کے معنی بلحاظ مناسبت مقام سمجھے جاتے ہیں۔ پس ایسا ہی لفظ آلہ ہے +

نحو قولہ تعالیٰ ما تعبدون من بعدی قالوا نعبد الھک والہ اٰبائک ابراھیم واسمٰعیل واسحاق الھا واحدا۔ فانہ مستعمل فی الحق تعالیٰ شانہ بقرینۃ الاضافۃ والتوصیف بالوحدۃ۔ وقالوا لا تذر الھتکم فانہ مستعمل فی الممکن المذکور من الاصنام بقرینۃ الجمع والاضافۃ ۵

اللہ تعالیٰ کے قول کے موافق یعنے یعقوب علیہ السلام کے اس سوال پر کہ (تم میرے بعد کس کی پرستش کروگے) فرزندان یعقوب علیہ السلام نے کہا ہم تیرے خدا کی پرستش کرینگے اور تیرے باپ دادا ابراہیم و اسمٰعیل و اسحاق کے خدا کی جو معبود یکتا ہے۔ اس آیت میں لفظ آلہ ذات واجب تعالےٰ کی معنی میں مستعمل ہے۔ اور اس آیت میں دو قرینہ پائے جاتے ہیں +

ایک یہ کہ لفظ آلہ ضمیر مخاطب کے ساتھ مضاف ہے +

عَلَيْهِ مَا هِيَ ۞

مثلاً جس وقت کسی نے گمان کیا۔ کہ زید کاتب یا شاعر ہے۔ یا کاتب اور شاعر کی دونوں صفتوں میں ابہام کیا۔ یا ایک صفت کے برعکس خیال کیا۔ یعنے کاتب نہیں ہے۔ تب مخاطب کے گمان کی تردید۔ اس کلام سے کہ (نہیں زید مگر کاتب) بذریعہ قصر افراد کی گئی۔ مگر اس صورت میں جبکہ دونوں صفتوں پر۔ جو کہ کاتب و شاعر میں گمان ہو۔ یا بذریعہ قصر تعیین کیا گیا۔ جبکہ دونوں صفتوں میں سے ایک پر۔ اشتباہ ہو۔ یا بذریعہ قصر قلب تردید کی گئی جبکہ مخاطب کے گمان میں دو صفتوں میں ایک صفت کی تقیض ہو۔ اب نظر انصاف سے دیکھنا چاہیئے کہ محذوف کیا ہے اور محذوف پر قرینہ کیا ہے ۞

فَالْمَحْذُوفُ فِي الْمِثَالِ الْمَذْكُورِ إِمَّا قَصْرُ إِفْرَادٍ أَوْ تَعْيِينٍ مَا زَيْدٌ كَاتِبٌ وَشَاعِرٌ إِلَّا كَاتِبًا وَقَلْبٌ مَا زَيْدٌ لَيْسَ بِكَاتِبٍ إِلَّا كَاتِبٌ فَالْقَرِينَةُ عَلَيْهِ هُوَ النَّعْمُ السَّابِقُ دُونَ شَيْءٍ آخَرَ ۞

پس محذوف مثال مذکورہ میں از روئے قصر افراد و قصر تعیین یہ ہے۔ کہ نہیں ہے زید کاتب اور شاعر مگر کاتب) اور از روئے قصر قلب یہ ہے کہ (نہیں ہے زید غیر کاتب مگر کاتب) پس قرینہ اس محذوف کا وہی گمان سابقہ ہے اور کوئی چیز نہیں ہے ۞

وَإِنْ لَمْ تَثِقْ بِالْمِثَالِ الْمَذْكُورِ فَانْظُرْ إِلَى الْكِتَابِ الْمَجِيدِ مِثَالَ الْقَصْرِ إِفْرَادٍ نَحْوُ قَوْلِهِ تَعَالَى۔

لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا أَيْ لَا عِلْمَ كَائِنٌ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا وَغَيْرَ مَا عَلَّمْتَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا۔

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ۔ أَيْ مَا مُحَمَّدٌ رَسُولٌ وَبَدِيٌّ مِنَ الْهَلَاكِ إِلَّا رَسُولٌ ۞

وَهَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ إِلَّا الْإِحْسَانُ أَيْ هَلْ جَزَاءُ الْإِحْسَانِ ۞

إِلَّا الْإِحْسَانُ وَغَيْرُ مِنَ الْإِسَاءَةِ إِلَّا الْإِحْسَانُ ۞

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ۔ اَیْ مَآ اَرْسَلْنَاكَ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وَعَذَابًا لَّهُمْ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ۝

وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَیْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ اَیْ لَا تَقُوْلَنَّ لِشَیْءٍ اِنِّیْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَلَمْ یَشَآءِ اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ فَتَحَقَّقَ شَرْطُ الْاِفْرَادِ وَهُوَ عَدَمُ مُنَافِیْ وَصْفَیْنِ فِیْ كُلٍّ مِّنَ الْاَمْثِلَةِ الْمَذْكُوْرَةِ ۝

اور اگر مثال مذکورہ پر جو کہ (مازید الا کاتب) تھی وثوق نہیں ہے۔ تب کتاب مجید میں دیکھو کہ قصر کی مثال از روئے افراد خدا تعالےٰ کے اقوال ذیل میں ہیں۔ قولہ سبحانہ تعالےٰ:۔

(۱) یعنی نہیں ہے علم ہمیں۔ مگر جو کچھ کہ تو نے ہم کو سکھایا۔ یعنے نہیں ہے ہمارا علم ثابت اس کے متعلق جو تو نے ہمیں سکھایا۔ نہیں سکھایا مگر صرف اسی قدر جس قدر کہ تو نے سکھایا +

(۲) یعنی نہیں ہیں محمدؐ مگر رسول۔ یعنی نہیں محمدؐ رسول ہیں مگر رسول +

(۳) یعنے نہیں ہے بدلہ احسان کا مگر احسان یعنے نہیں ہے بدلہ نیکی کا نیکی اور ماسوا اس کے بدی سے مگر نیکی +

(۴) یعنے نہیں بھیجا ہم نے تم کو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم مگر عالموں کی رحمت کے واسطے یعنی ہم نے تم کو عالموں کی رحمت کے واسطے اور اُن کے عذاب کے واسطے نہیں بھیجا ہے۔ مگر عالموں کی رحمت کے واسطے +

(۵) اور کسی چیز کے واسطے ایسا مت کہہ میں اس کام کو کل کروں گا۔ مگر جب یہ نے کہا ہو کہ اگر اللہ نے چاہا۔ یعنے کسی کام کے واسطے ایسا مت کہہ کہ میں اس کام کو کل کرنے والا ہوں۔ اگر اللہ چاہے یا نہ چاہے۔ مگر اس شرط سے کہ خدا چاہے پس قصر افراد کی شرط جو کہ دو وصفوں کے درمیان عدم منافات ہے مثال ہائے مذکورہ میں ثابت ہوئی +

وَمِثَالُ الْقَصْرِ تَعْیِیْنًا نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی۔

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَوْ كَانَ جَوَابًا لِّاِسْتِفْهَامٍ

اَیْ اِلَّا عَبْدَ اللّٰہِ قُوَّۃٌ فَاَجَبْتُہٗ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَیْ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَبِغَیْرِ اللّٰہِ اِلَّا بِاللّٰہِ +

اور مثال قصر از روئے تعین خدا تعالےٰ کے اقوال صدر سے ظاہر ہے (۱) یعنی جو چیز کہ اللہ نے چاہا ہے نہیں ہے قوت مگر خدا میں۔ اگر یہ قول اس سوال کے استفہام کے واسطے ہو۔ یعنے آیا سوائے خدا کے قوت ہے۔ تب جواب دیا گیا (لا قوت الا باللہ) اے (لا قوۃ باللہ وبغیر اللہ الا باللہ) یعنے نہیں توانائی خدا میں اور غیر خدا میں۔ مگر خدا میں +

فَلَنْ یَّزِیْدَکُمْ اِلَّا عَذَابًا اَیْ فَلَنْ یَّزِیْدَکُمْ عَذَابًا وَّرَحْمَۃً اِلَّا عَذَابًا +

مَا قُلْتُ لَھُمْ اِلَّا مَا اَمَرْتَنِیْ اَیْ مَا قُلْتُ لَھُمْ مَا اَمَرْتَنِیْ وَغَیْرَ مَا اَمَرْتَنِیْ اِلَّا مَا اَمَرْتَنِیْ +

(۲) یعنی نہ زیادہ کروں گا تم کو اے کافرو مگر عذاب یعنے نہ زیادہ کروں گا میں عذاب اور رحمت دوں گا مگر صرف عذاب +

(۳) یعنے نہیں کہا میں نے اپنی قوم کے واسطے مگر جو کچھ تو نے مجھ کو حکم کیا یعنی نہ کہا میں نے اُن کے واسطے جو کچھ کہ تو نے حکم کیا اور حکم نہ کیا مگر جو کچھ تو نے حکم کیا +

وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِہٖ اِلَّا اَسْمَآءً سَمَّیْتُمُوْھَا اَیْ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِہٖ اَسْمَآءً اَلْفَیْنَاھَا اَیْ مُؤَثِّرَۃً وَغَیْرَ مُؤَثِّرَۃٍ اِلَّا اَسْمَآءً اَسْمَیْتُمُوْھَا +

(۴) یعنے شرک سوائے خدا کے پرستش نہیں کرتے ہیں مگر ان ناموں کا جن کا تم نے نام رکھا ہے۔ یعنے سوائے خدا کے وہ نام ہائے محض یعنے غیر موثرہ اور نام ہائے موثرہ کی عبادت نہیں کرتے ہیں۔ مگر ان ناموں کا جن کا تم نے نام رکھا ہے +

حاصل یہ ہے۔ کہ مراد خدا تعالیٰ کے ذکر اسمائے سے وہ چیز ہے۔ جو کہ موثر نہ ہو۔ چنانچہ دوسری جگہ بھی تعریض فرمائی ہے۔ تم ایسی چیز کی عبادت کرتے ہو۔ جو کہ تم کو نفع و ضرر نہیں پہنچا سکتی ہے۔ چیز ہی کیسے نہیں ہے مگر نام محض ہے +

مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا الرَّحْمٰنُ أَيْ مَا يُمْسِكُهُنَّ الرَّحْمٰنُ وَغَيْرُ إِلَّا الرَّحْمٰنُ بِوُجُودِ الشَّرْطِ الْمَذْكُورِ فِي كُلٍّ مِنْهُمَا (۱) یعنے نہیں ٹھہرایا ہے۔ پرندوں کو ہوا پر۔ مگر رحمٰن نے۔ یعنے پرندوں کو خدا اور غیر خدا نے نہیں ٹھہرایا ہے۔ مگر خدا نے۔ یہ سب مثالیں قصر تعین کی ہیں کیونکہ ان میں قصر تعین کی شرط موجود تھی۔ اور وہ شرط عدم منافات وصفین ہے۔

وَمِثَالُ الْقَصْرِ قَلْبًا مَا هٰذَا بَشَرًا إِنْ هٰذَا إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ أَيْ إِنْ هٰذَا بَشَرٌ إِلَّا مَلَكٌ كَرِيمٌ۔

وَإِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحٰى أَيْ إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحٰى۔

وَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ أَيْ لَا إِلٰهَ غَيْرُكَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ قِسْ عَلَيْهِ

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا۔

وَلَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ۔

وَلَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ۔ وَكَقَوْلِهِ سُبْحَانَهُ۔

وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ أَيْ مَا تَشَاءُونَ غَيْرَ أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللّٰهُ قِسْ عَلَيْهِ۔

وَقَعَ فِيهِ الْمُفْرِغُ الْمُسْتَعْلِمُ قَصْرَ قَلْبٍ، وَمِنَ الْآيَاتِ الْكَثِيرَةِ ۵

اور مثال قصر قلب کی آیات یہ ہیں (۱) یعنے یوسف بشر نہیں ہے۔ مگر فرشتہ نیک خصال۔ یعنے یہ بشر نہیں ہے۔ مگر فرشتہ بزرگ پس محذوف مفرغ میں سوائے لفظ بشر کے نہیں ہے۔

(۲) یعنے نہیں ہے یہ قرآن مگر پیام جو کہ خدا کیطرف سے لایا گیا ہے۔ یعنی نہیں ہے قرآن ہوائے نفس سے مگر وحی ہے جو کہ وحی کیا گیا ہے۔

(۳) اور نہیں ہے معبود مگر تو پاک ہے یعنے سوا تیرے معبود نہیں ہے مگر معبود تو ہی ہے۔ اور اسی پر قیاس کرو۔

(۴) یعنے نہیں ہے کوئی معبود مگر میں۔

(۵) یعنے نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ۔

(۶) یعنے نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ جو کہ ہمیشہ زندہ اور قایم ہے اور اسی طرح ہے۔ قول خدائے پاک۔

(۷) یعنے تم کوئی چیز نہیں چاہتے ہو۔ مگر یہ کہ جسکو خدائے رب العالمین چاہتا ہے یعنے تم کسی چیز کو نہیں چاہتے ہو۔ جو کہ خدا چاہتا ہے مگر وہی جو کہ خدا چاہتا ہے اور اسی پر قیاس کرو۔ اور ان آیتوں پر بہت سی آیتوں کو جنمیں مفرغ منقطع از روے قصر قلب واقع ہوا ہے۔

وَلَا احْتِمَالَ لِقَصْرِ الْاِفْرَادِ وَالتَّعْيِيْنِ الَّذِيْنَ هُمَا قِسْمَا مُتَّصِلٍ فِيْ اٰيَةِ مُتَنَزِّلِ الْمَذْكُوْرَةِ لِتَحَقُّقِ شَرْطِ الْوَصْفَيْنِ بَيْنَ الْبَشَرِ وَالْمَلَكِ وَبَيْنَ الْوَحْيِ وَالْهَوٰى وَبَيْنَ اللّٰهِ وَغَيْرِهٖ وَبَيْنَ مَشِيَّتِ اللّٰهِ وَغَيْرِ مَشِيَّةِ اللّٰهِ وَالْمُنَافِيْ لَا يَدْخُلُ فِي الْمُنَافِيْ الْاٰخَرِ فَيَمْتَنِعُ اِخْرَاجُهٗ فَلَا يُمْكِنُ اَنْ يَّكُوْنَ الْمُسْتَثْنٰى مُتَّصِلًا اِفْرَادًا اَوْ تَعْيِيْنًا فِيْ كُلٍّ مِّنْ اٰيَاتِ الْمَذْكُوْرَةِ ۵

اور قصر افراد اور تعین کے واسطے یہ احتمال نہیں ہے۔ کہ یہ دونوں مثالیں مذکورہ میں مستثنیٰ متصل کی دو قسمیں ہیں کیونکہ قصر قلب کی شرط متحقق ہوگئی۔ اور وہ شرط یہ ہے۔ کہ دو وصفوں کے مابین منافات ہو۔ چنانچہ منافات مابین بشر و فرشتہ اور مابین وحی اور ہوائے۔ اور مابین خدا اور غیر خدا۔ اور مابین خواہش خدا اور غیر خواہش خدا ظاہر ہے کہ ایک ضد دوسری ضد میں داخل نہیں ہے۔ پس کوئی منافی دوسری منافی میں داخل نہ ہوگا۔ کیونکہ اس کا خروج ممتنع ہے۔ اور ممکن نہیں ہے۔ کہ قصر از روئے افراد اور تعین تمام آیات مذکورہ میں مستثنیٰ متصل ہو۔

فَثَبَتَ بِالْكِتَابِ الْمَجِيْدِ بَعْدَ بُطْلَانِ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ الْاَكْثَرُ مِنَ الْاُمُوْرِ الْاَرْبَعَةِ۔ اَلْاَوَّلُ مَا يُخَالِفُهٗ مِنْ اُمُوْرٍ اَرْبَعَةٍ كَوْنُ الْمُفَرَّغِ مُتَّصِلًا وَّمُنْقَطِعًا كُلِّيْهِمَا۔ وَوُقُوْعُ الْمُنْقَطِعِ فِيْ اَبْلَغِ الْكَلَامِ۔ وَتَعَيُّنُ الْمَحْذُوْفِ فِي الْمُفَرَّغِ مِمَّا هُوَ مَزْعُوْمُ الْمُخَاطَبِ۔ وَتَعَيُّنُ الْقَرِيْنَةِ الَّتِيْ هُوَ الزَّعْمُ السَّابِقُ الَّذِيْ

اُلْقِیَ الْمُفْرَغُ لِدَفْعِہٖ وَرَدِّہٖ۔ فَتَعْیِیْنُ الْمَحْذُوْفِ وَالدَّالُّ الْمَذْکُوْرُ مِمَّا ھُوَ مُعَیَّنٌ وَّمُسَلَّمٌ عِنْدَ الْعَقْلِ الصَّحِیْحِ بِحَیْثُ لَا یَتَخَلَّفُ مَادَّۃٌ مِنْ مَوَادِ الْمُفْرَغَاتِ الْقُرْاٰنِیَّۃِ وَغَیْرِ الْقُرْاٰنِیَّۃِ عَنْہُ لِتَسَارُعِ الْعَقْلِ فِی الْاِدْرَاکِ اِلَی الْمَحْذُوْفِ کَتَسَارُعِہٖ اِلَی الْمَذْکُوْرِ ۵

پس حسب مذاہب علماء مذکور۔ بعد تردید اقوال اربعہ کے کتاب مجید سے اور چار امور ثابت ہوئی۔ جو کہ امور مذکورہ کے مخالف ہیں۔ (۱) مفرغ کا متصل اور منقطع ہونا (۲) منقطع کا بلیغ تریں کلام۔ یعنے کلام الٰہی میں واقع ہونا۔ (۳) محذوف کا مفرغ میں متعین ہونا۔ اس قبیل سے۔ کہ وہ محذوف مخاطب کا گمان کردہ شدہ ہو۔ (۴) قرینہ کا معین ہونا۔ کہ جو گمان سابقہ ہے۔ اور ایسا قرینہ ہے۔ جو مفرغ نے اس کے دفع اور تردید کے واسطے القا کیا ہے۔ پس تعیین محذوف اور قرینہ مذکورہ اس جنس میں ہے۔ جو کہ عقل کے نزدیک مسلم اور معین ہے کیونکہ یہ قاعدہ کسی مادہ میں مواد مفرغات قرآنی وغیر قرآنی میں مختلف نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ عقل سرعت کے ساتھ اس کا ادراک کر لیتی ہے ۔

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ تعیین محذوف۔ اور قرینہ اور قانون معینہ جملہ اقسام مفرغ اور جو کلام بشری والٰہی میں جاری ہے ۔

وَلَا یَخْفٰی اَنَّ التَّقْدِیْرَ وَالتَّعْیِیْنَ الْمَذْکُوْرَ مُطَابِقٌ لِقَانُوْنِ الْبَلَاغَۃِ۔ وَمُوَافِقٌ لِلْاُصُوْلِ الْعَرَبِیَّۃِ ھُوَ التَّتَبُّعُ وَالْاِسْتِقْرَاءُ وَاِنْ کَانَ مُخَالِفًا لِاٰرَاءِ الْعُلَمَاءِ الَّذِیْنَ قَصَرُوْا الْقَصْرَ وَالْاِسْتِثْنَاءَ فِیْ اَمْثِلَۃِ الْخَیَالِ وَالْجِنَانِ وَلَمْ یَتَفَکَّرُوْا فِیْ مَوَادِ الْحَدِیْثِ وَالْقُرْاٰنِ الَّذِیْ ھُوَ اَحْسَنُ الْکَلَامِ وَاَبْلَغُ النِّظَامِ ۵

اور یہ امر پوشیدہ نہیں ہے۔ کہ تقدیر اور تعین مذکورہ موافق قاعدہ بلاغت اور موافق اصول عربیت ہے اور وہ تتبع اور استقراء کلام عرب ہے۔ اگرچہ ان علماء کے رایوں کے مخالف ہے کیوں نہ ہو جنہوں قصر اور استثناء کو

مثالہائے خیالی میں محدود کیا ہے۔ اور آپ بنالیا ہے اور مواد قرآن اور حدیث میں جو کہ بہترین کلام اور بلیغ ترین عبارات ہے فکر نہ کی ✦

وَاَمَّا الْاَمْرُ الْخَامِسُ وَهُوَ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ اَنَّ الْمُسْتَثْنٰى مَسْكُوْتٌ عَنْهُ وَلَيْسَ الْحُكْمُ اِلَّا فِيْ جَانِبِ الْمُسْتَثْنٰى مِنْهُ فَهُوَ اَيْضًا بَاطِلٌ وَالْحَقُّ فِيْهِ اَنَّ الْاِسْتِثْنَاءَ بَعْدَ الْاِيْجَابِ نَفْيٌ وَبِالْعَكْسِ ✦

لیکن امر پنجم جس سے متعلق بعض علماء کا یہ مذہب ہے۔ کہ مستثنیٰ مسکوت عنہ ہے اور مستثنیٰ منہ کی جانب حکم ہے۔ بالکل باطل ہے اور حق یہ ہے کہ استثناء بعد ایجاب کے نفی کے واسطے ہوا کرتا ہے اور نفی بعد ایجاب کے واسطے ہوا کرتا ہے ✦

وَمِمَّا يَكُوْنُ كَلَامُهُ سُبْحَانَهٗ اَبْلَغَ حَاسِرًا عَنْ طَاقَتِهِ الْبَشَرِ۔

(۱) فَلَبِثَ فِيْهِمْ تِسْعَ مِائَةٍ وَخَمْسِيْنَ عَامًا

وَمَا مُحَمَّدٌ بَرِيْءٌ مِنَ الْهَلَاكِ ✦

(۲) وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ اِذْ عَدَمُ ذِكْرِ شَيْءٍ اَبْلَغُ فِي السُّكُوْتِ مِنْ ذِكْرِهٖ وَاِرَادَةِ سُكُوْتِهٖ ✦

(۳) وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ اِذْ عَدَمُ ذِكْرِ شَيْءٍ اَبْلَغُ فِي السُّكُوْتِ مِنْ ذِكْرِهٖ وَاِرَادَةِ سُكُوْتِهٖ ✦

اقوال مندرجہ ذیل سے تکلم و سکوت میں اقوال مندرجہ کتاب مجید بلیغ تر ہیں ✦

(۱) یعنی توقف کیا نوح علیہ السلام نے قوم میں نو سو پچاس سال ✦

(۲) یعنے نہیں ہیں محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) ہلاکت سے بچنے والے ✦

(۳) یعنی نہیں بھیجے ہم نے تم کو اے محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) عذاب واسطے عالم کے ✦

یہ اقوال بلیغ ترین تکلم و سکوت میں بمقابلہ اُن اقوال کے جو ذکر کئے گئے ہیں کتاب مجید میں (۱) یعنے نوح علیہ السلام نے اس قوم میں ہزار سال توقف کیا مگر پچاس سال (۲) یعنے اور نہیں ہیں محمد صلے اللہ علیہ وسلم مگر رسول (۳) یعنے نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو مگر عالموں کی رحمت۔ کیونکہ کسی چیز کا ذکر نہ کرنا۔ اس کے ذکر اور ارادہ سکوت سے سکوت بلیغ تر ہے +

وَتَحْقِيقُ الْمَقَامِ فِي هٰذَا الْمَرَامِ اَنَّ التَّخْصِيصَ لَمَّا كَانَ مُشْتَمِلًا عَلٰى حُكْمَيْنِ اِيْجَابٍ وَسَلْبٍ وُضِعَ لَهٗ اَوَّلًا مَا يَدُلُّ عَلَيْهِمَا صَرِيحًا۔ نَحْوُ لَبِثَ فِيهِمْ تِسْعَ مِائَةٍ وَخَمْسِينَ عَامًا۔ وَلَمْ يَلْبَثْ فِيهِمْ خَمْسِينَ عَامًا۔ وَمَا مُحَمَّدٌ بَرِيْئًا عَنِ الْهَلَاكِ وَمُحَمَّدٌ رَسُولٌ۔ وَمَا اَرْسَلْنَاكَ عَذَابًا لِّلْعَالَمِينَ وَاَرْسَلْنَاكَ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ فَاَرَادَ الْوَاضِعُ ثَانِيًا مَا يَدُلُّ عَلَيْهِمَا اَبْلَغَ فَاَخَذَ جُزْءًا مِّنَ السَّلْبِ وَجُزْءًا مِّنَ الْاِيْجَابِ وَاَوْرَدَ بَيْنَهُمَا اِلَّا وَمَا لِلْاِخْتِصَارِ نَحْوُ لَبِثَ فِيهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِينَ عَامًا وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُولٌ۔ وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ فَاسْتَرَاحَ مِنَ التَّكْرَارِ۔

اور تحقیق یہ ہے کہ تخصیص یعنے کلام قصری جبکہ دونوں۔ ایجابی و سلبی پر مشتمل ہو۔ تب اس کے لئے ایسا کلام ہے۔ جو دونوں حکموں پر۔ از روے صراحت دلالت کرتا ہے۔ جیسا کہ اقوال متذکرہ سے ظاہر ہے +

پس واضع نے مرتبہ ثانی میں ایسی چیز کا ارادہ کیا۔ جو دونوں حکموں پر دلالت کرتی ہے اور وہ دونوں جملہ مع جزء اور سالبہ میں پس ایک جزو سلب سے اور دوسرا جزو ایجاب سے۔ اخذ کئے دونوں کے درمیان لفظ الا بقصد اختصار رکھا اور اختصار سے تکرار سے نجات پائی +

فَيَكُونُ كَلَامُهٗ سُبْحَانَهٗ اَبْلَغَ مِنْ كَلَامِ الْبَشَرِ الْمَذْكُورِ فِي الْمَسْئَلَةِ الثَّلٰثَةِ سَابِقًا۔ وَقَدْ طَوَّلَ اللّٰهُ كَابِرُ فِي السُّكُوتِ وَالتَّكَلُّمِ بِمَا لَا يَشْفِي الْعَلِيلَ وَيَرْوِي الْغَلِيلَ

وَاِلَّا لَمَا بَقِیَ الْاِخْتِلَافُ اِذْ مَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَالُ ۝

پس خدائے پاک کلام۔ بشر کے کلام سے۔ جو مافوق (۳) مثالوں میں ذکر کیا گیا ہے۔ بلیغ تر ہے۔ اور بالضرور علما کا سکوت۔ اور تکلم میں طول کلام کا قصد ہے۔ جو طوالت بیمار کو شفا نہیں دیتی ہے۔ اور نہ پیاس سے سیراب کرتی ہے۔ اور اگر یہ نہ ہوتا تو اختلاف باقی نہیں رہتا۔ کیونکہ بعد ثبوت حق۔ گمراہی کے سوا اور کیا ہے +

اَلْوَصْلُ الرَّابِعُ

فِیْ لَا الَّتِیْ لِنَفْیِ الْجِنْسِ اَیْ لِنَفْیِ وُجُوْدِ الْجِنْسِ غَالِبًا وَلِنَفْیِ صِفَةِ الْجِنْسِ قَلِیْلًا وَیُحْذَفُ خَبَرُهَا کَثِیْرًا وُجُوْبًا لِقِیَامِ قَرِیْنَةٍ عَلَیْهِ وَسَدِّ شَیْءٍ مُسَدَّهَا اِذْ لَوْ ذُکِرَ بَعْدَ الْقَرِیْنَةِ یَکُوْنُ لَغْوًا وَلَوْ ذُکِرَ بَعْدَ السَّدِّ مَسَدَّهَا یَکُوْنُ اَشَدَّ لَغْوًا ۝

وصل چہارم۔ اکثر اوقات جو (لا) وجود جنس کی نفی کے واسطے استعمال کیا جاتا ہے اور جن کا استعمال صفت جنس کی واسطے بہت کم ہوتا ہے لائی مذکورہ کی خبر اکثر مواضع میں اس وقت از روئے وجوب محذوف ہوتی ہے۔ جبکہ (محذوف پر قیام قرینہ پایا جائے اور کوئی چیز لائی نفی جنس کی خبر کے قائم مقام ہو) کیونکہ اگر بعد وجود قرینہ (خبر) مذکور ہو تو اس کا ذکر سراسر لغو ہوگا۔ اور اگر بعد کسی چیز کے قائم مقام کرنے کی (خبر) مذکور ہو تو یہ فعل بے انتہا لغو ہوگا +

وَتَحْقِیْقُ الْمَقَامِ اَنَّ کَثْرَةَ اِسْتِعْمَالِ لَا لَا یُوْجَدُ اِلَّا فِیْ مَوْضِعَیْنِ۔ اَلْاَوَّلُ۔ الظَّرْفُ وَشِبْهُهٗ اَمَّا الظَّرْفُ فَهُوَ لَا رَیْبَ فِیْهِ وَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ۔ وَلَا اِکْرَاهَ فِی الدِّیْنِ۔ وَلَا خَیْرَ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوَاهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَیْنَ النَّاسِ ۝

فی الحقیقت لائے نفی جنس کی کثرت استعمال دو ہی صورتوں میں پائی جاتی ہے +

پہلی صورت ظرف اور شبہ ظرف ہے جس کے امثال ذیل میں درج ہیں
(۱) یعنے اس میں کچھ شک نہیں ہے (۲) یعنے حج میں فساد اور فسق اور جنگ جائز نہیں ہے۔ (۳) یعنے دین میں جبر نہیں ہے (۴) یعنے زیادہ تر اُن لوگوں کے مشوروں میں بھلائی نہیں ہے۔ مگر صرف وہ شخص جو کہ خیرات۔ یا امر نیک۔ یا صلح کا۔ لوگوں کو حکم دے جس کا مفہوم یہ ہے۔ کہ امور مذکورہ کی ماسوا۔ جو مشورہ ہو۔ اس میں کچھ بھلائی نہیں ہے +

وَاَمَّا شِبْهُهٗ نَحْوُ لَا عِلْمَ وَلَا طَاقَةَ لَنَا ؕ

اور مثال شبہ ظرف۔ نہیں علم ثابت واسطے ہمارے اور نہیں ہے توانائی ثابت واسطے ہمارے +

(۱) وَالثَّانِیْ الْمُفْرَغُ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی۔ (الف) لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَحِمَ۔ (ب) وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ (ج) وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ (د) وَلَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ۔ (ہ) وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا۔ (و) وَلَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (ز) وَلَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ ؕ

دوسری صورت۔ لای نفی جنس کے استعمال کی مستثنیٰ مفرغ ہے جس کے امثلہ ذیل میں درج ہیں +

(الف) یعنے آج کے دن اللہ تعالےٰ کے حکم سے کوئی بچانے والا نہیں ہے۔ مگر وہی شخص جس پر اللہ تعالےٰ نے رحم فرمایا (ب) یعنے (نہیں ہے کوئی موجود مگر اللہ) (ج) یعنے نہیں ہے کوئی معبود مگر تُو پاک ہے (د) یعنی نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ (ہ) یعنے نہیں ہے کوئی معبود مگر میں (و) یعنے نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ خدا جو کہ زندہ اور قایم ہے (ز) یعنے نہیں ہے کوئی معبود مگر وہ خدا جو کہ صاحب عرش عظیم ہے +

وَقَوْلُهٗ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔ لَا خَیْرَ اِلَّا خَیْرُكَ وَلَا طَیْرَ اِلَّا طَیْرُكَ۔ وَنَحْوُ قَوْلِ مَعْرُوْفٍ۔ لَا فَتٰی اِلَّا عَلِیٌّ وَلَا سَیْفَ اِلَّا ذُو الْفَقَارِ۔ وَاَمَّا نَحْوُ قَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ مَا شَاءَ

اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ وَقَوْلُہٗ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ مَجْمَعٌ بَیْنَ الْمُفْرَغِ وَشِبْہِ الظَّرْفِ ۵

اور قول حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم جس کو حدیث کہتے ہیں اُس کا ترجمہ یہ ہے۔ وہ بھی مثل آیات کے ہے (۱) یعنے نہیں ہے نیکی مگر نیکی تیری (۲) اور نہیں ہے فال اور شگون مگر شگون تیرا۔ جیسا کہ مشہور قول ہے (۱) یعنے نہیں ہے کوئی جوان مگر علیؑ (۲) اور نہیں ہے کوئی تلوار مگر ذوالفقار ۔

حاصل یہ ہے کہ ان سب اقوال میں لائے نفی جنس کا استعمال صرف (مستثنیٰ مفرغ) ہی کی صورت میں ہے۔ بصورت ظرف اور شبہ ظرف نہیں ہے لیکن قول حق سبحانہ مندرجہ ذیل میں لائے نفی جنس (مفرغ اور شبہ ظرف) میں جو کہ جار مجرور ہیں جمع ہے ۔

(۱) یعنے جو کچھ اللہ نے چاہا ہے۔ نہیں ہے قوت مگر خدا میں اور ایسا ہی حدیث شریف میں آیا ہے ۔

(۱) نہیں ہے طاقت اور توانائی مگر اللہ میں۔ پس اس میں ہر دو قول جمع ہیں۔ درمیان (مفرغ اور شبہ ظرف) کے اور وہ جار مجرور ہے ۔

فَالْمَحْذُوْفُ فِی الظَّرْفِ وَشِبْہِہٖ ھُوَ الْعَامُّ فَقَطْ لَا الْخَاصُّ لِاقْتِضَاءِ الظَّرْفِ وَشِبْہِہٖ تَعَلُّقَہٗ بِالْعَامِّ لَا الْخَاصِّ ۵

چونکہ لائے نفی جنس کی صورت استعمال بیان کر دی گئیں۔ اب یہ بھی بیان کیا جاتا ہے۔ کہ ہر مقام میں کیا چیز محذوف ہوا کرتی ہے بصورت ظرف و شبہ ظرف۔ الفاظ عامہ میں سے۔ کوئی لفظ محذوف ہوا کرتا ہے جیسے (موجود۔ حاصل۔ ثابت۔ وغیرہ) نہ کوئی خاص معین لفظ ہے۔ اس لئے کہ ظرف اور شبہ ظرف مقتضی افعال عام ہے۔ خاص کا مقتضی نہیں ہے ۔

فَالْقَرِیْنَۃُ عَلَی الْمَحْذُوْفِ الْعَامِّ فِی الظَّرْفِ وَشِبْہِہٖ ھُوَ الظَّرْفُ وَشِبْھُہٗ دُوْنَ شَیْءٍ آخَرَ لِاقْتِضَاھُمَا لَہٗ وَھُمَا السَّادَّانِ مَسَدَّہٗ ۵

پس ظرف اور شبہ ظرف میں محذوف عام پر قرینہ ظرف اور شبہ ظرف ہوا ہے اور کوئی دوسری چیز نہیں ہے۔ کیونکہ ظرف اور شبہ ظرف لفظ عام ہی کے مقتضی ہیں۔ اور وہی ظرف اور شبہ ظرف محذوف کا قایم مقام ہوتا ہے۔

وَالْمَحْذُوْفُ فِی الْمُفَرَّغِ هُوَ الْخَاصُّ الْمُتَعَدِّدُ الْمَعْمُوْمُ مِنَ الْمُفَرَّغِ وَعَدِيْلِهٖ فِی الْاِفْرَادِ وَالتَّعْيِيْنِ وَالْعَكْسِ فَقَطْ اَیْ اَحَدُ الْاَمْرَيْنِ اَوِ الْوَصْفَيْنِ فِی الْقَلْبِ لِكَوْنِهٖ قَصْرًا وَالْقَصْرُ يَدْفَعُ زَعْمًا سَابِقًا دُوْنَ مَوْجُوْدٍ اَوْ مُمْكِنٍ لِعَدَمِ الْقَرِيْنَةِ عَلَيْهِ ۵

لیکن محذوف (مستثنیٰ مفرغ) میں جو ظرف۔ یا شبہ ظرف نہ ہو۔ وہ کسی خاص لفظ کا تعدد ہوا کرتا ہے جن میں سے ایک مفرغ کہلاتا ہے اور دوسرا عکس مفرغ۔ یعنے جو متعدد کہ محذوف ہوتا ہے۔ وہ قصر کی دو ہی قسموں کے ساتھ مخصوص ہے اور وہ دونوں افراد ہے اور محذوف قصر قلب میں صرف عکس مفرغ ہوتا ہے۔ یعنے دو امر یا دو وصفوں میں سے ایک امر ہوتا کہ وہ مفرغ کلام قصری ہو جائے اور کلام قصری گمان سابقہ کو جو کچھ مخاطب کے ذہن میں گزرا ہوا دفع کرتا ہے اور محذوف موجود نہیں ہے۔ کیونکہ قرینہ پایا نہیں جاتا ہے اور یہاں قرینہ صرف گمان مخاطب ہے۔

فَالْقَرِيْنَةُ عَلَيْهِ هُوَ الزَّعْمُ السَّابِقُ لَمَا مَرَّ دُوْنَ شَیْءٍ آخَرَ اَیْ لَا خَيْرَ خَيْرَانِ خَيْرُكَ وَخَيْرُ غَيْرِكَ اَوْ لَا خَيْرَ اَمْرَانِ اَوْ ضَرْبَانِ خَيْرُكَ وَخَيْرُ غَيْرِكَ وَقِسْ عَلَيْهِ لَا طَيْرَ اِلَّا طَيْرُكَ وَكَذٰلِكَ لَا فَتٰی اَمْرَانِ عَلِیٌّ وَغَيْرُهٗ اِلَّا عَلِیٌّ۔ وَلَا سَيْفَ اَمْرَانِ ذُو الْفِقَارِ وَغَيْرُهٗ اِلَّا ذُو الْفِقَارِ لِقَرِيْنَةِ الزَّعْمِ دُوْنَ مَوْجُوْدٍ اَوْ مُمْكِنٍ لِعَدَمِ الْقَرِيْنَةِ عَلَيْهِ ۵

پس قرینہ محذوف پر وہی گمان سابقہ ہے۔ جیساکہ بیان کیا جا چکا ہے اور کوئی دوسری چیز نہیں ہے اور تقدیر دو وصفوں کی بسبب قرینہ گمان مخاطب کے

اس حدیث میں (لا خیر خیران خیرک وخیر غیرک) یہ ہے کہ (لا خیر) سے مراد دو امر ہیں۔ ایک خیرک۔ دوسرے خیر غیرک۔ مگر پہلی نیکی تیری۔ اور اسی پر قیاس کرو (لا طیر الا طیرک) علی ہذا۔ لافتیٰ بھی دو امر ہیں ایک علی۔ دوسری غیر علی۔ علی ھذا لا سیف بھی دو امر ہیں۔ ایک ذوالفقار دوسرے غیر ذوالفقار۔ قول لافتیٰ میں مخاطب کا گمان تو یہی تھا کہ مثل علی کے کوئی دوسرا جوان ہو۔ اور مثل ذوالفقار کے۔ کوئی دوسری تلوار ہو۔ تب اس کی گمان کی تردید میں۔ اگر لفظ موجود۔ یا ممکن مقدر کیا جائے۔ تو گمان مخاطب کی صریحی خلاف ہے۔ کیونکہ اس پر قرینہ نہیں پایا جاتا ہے ٭

فَقُولُنَا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ بِمَعْنٰی لَا اِلٰہَ غَیْرُ اللّٰہِ۔ اِلَّا اللّٰہُ وَقِسْ عَلَیْہِ۔ لَا اِلٰہَ غَیْرُکَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ۔ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُ اللّٰہِ اِلَّا ھُوَ۔ وَقِسْ عَلَیْہِ۔ لِقِیَامِ الْقَرِیْنَۃِ عَلٰی مَا ذَکَرْنَا دُوْنَ مَوْجُوْدٍ اَوْ مُمْکِنٍ کَمَا تَوَھَّمُوْا ٭

پس ہمارا قول (لا الہ الا اللہ) اس معنی میں ہے۔ کہ (نہیں ہے کوئی معبود غیر خدا مگر خدا) اور (لا الہ الا غیرک الا انت سبحانک) اس معنی میں ہے کہ (نہیں ہے کوئی معبود سوا تیرے۔ مگر تو پاک ہے) اور (لا الہ غیر اللہ الا ہو) اس معنی میں ہے (اور کوئی معبود سوا خدا کے نہیں ہے۔ مگر وہی معبود ہے) انہیں آیات پر دوسری آیتوں کو بھی قیاس کرو۔ اور یہ تقدیریں بالکل صحیح ہیں۔ کیونکہ ان تقدیروں پر۔ جو کہ ہم ذکر کر چکے ہیں قرینہ پایا جاتا ہے۔ جیسا کہ ظاہری علماء نے گمان کیا ہے ٭

وَاَمَّا قَوْلُنَا۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَالْمُقَدَّرُ فِیْہِ اَمْرَانِ۔ اَلْاَوَّلُ کَائِنٌ مِنْ جِھَۃِ تَعَلُّقِ شِبْہِ الظَّرْفِ بِہٖ وَاسْتِقْرَارِ عَامِلِہٖ لَہٗ۔ وَالثَّانِیْ ھُوَ الْمُتَعَدِّدُ وَاللَّفْظِیُّ مِنْ بِاللّٰہِ وَبِغَیْرِہٖ لِقِیَامِ الْقَرِیْنَۃِ عَلَیْہِ ھُوَ الزَّعْمُ مِنْ جِھَۃِ التَّفْرِیْغِ کَمَا فِیْ سَائِرِ الْمُفَرَّغَاتِ ٭

لیکن قول (لا حول ولا قوۃ الا باللہ) میں دو امر مقدر ہیں۔ (ا) لفظ کائن جس سے شبہ ظرف یعنی جار مجرور متعلق ہے۔ اور شبہ ظرف فعل عام ہی کا

مقتضیٰ ہوتا ہے +

(۲) لفظ (باللہ) و (بغیرہ) کی قسم میں سے وہی متعدد لفظی ہے جب اسکا قرینہ پایا جائے ! اور قرینہ بسبب تفریغ کے وہی گمان مخاطب ہے۔ جیسا کہ دوسرے مفرغوں میں ہوا کرتا ہے پس تقدیر محذوف (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) میں یہ ہے +

اَیْ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ کَائِنٌ بِاللّٰہِ وَبِغَیْرِہٖ اِلَّا بِاللّٰہِ وَ قِسْ عَلَیْہِ۔ مَا شَاءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ وَاَمَّا ذِکْرُ غَیْرِ الْاَرْبَعَۃِ دُوْنَ الْمُفْرَغِ وَالظَّرْفِ وَشِبْہِہٖ فَقَلِیْلٌ نَحْوُ قَوْلِہٖ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ لَا اِلٰہَ غَیْرُکَ وَقَوْلُہٗ سُبْحَانَہٗ فِی الدُّعَاءِ السُّرْیَانِیِّ۔ لَا شَیْءَ مِثْلِیْ وَقَوْلُ الْمَادِحِ فِی الْقَصِیْدَۃِ مصراعہ۔ لَا طِیْبَ یَعْدِلُ تُرْبًا ضَمَّ اَعْظَمَہٗ۔ مصراعہ ثانی۔ طُوْبٰی لِمُنْتَشِقٍ مِنْہُ وَمُلْتَثِمٍ

لیکن لائے نفی جنس کی خبر سوائے مفرغ اور ظرف اور شبہ ظرف کے بہت کم مذکور ہوتے ہیں۔ جیسا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ قول ہے (لَا اِلٰہَ غَیْرُکَ) یعنے کوئی معبود سوائے تیرے نہیں ہے ! اور دوسرا قول خدا تعالیٰ کا (لَاشَیْءَ مِثْلِیْ) ہے۔ جو کہ دعائے سریانی میں واقع ہے۔ یعنے کوئی چیز مثل میرے نہیں ہے۔ یا یہ قول مدح ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم مندرجہ قصیدہ بردہ (لَا طِیْبَ یَعْدِلُ تُرْبًا ضَمَّ اَعْظَمَہٗ) یعنے ایسی کوئی خوشبو نہیں ہے جو کہ اس خاک کے ساتھ برابری کر سکے۔ جس خاک میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی استخوان ہائے مبارک ملی ہوئی ہیں۔ پس لفظ (غیرک) اور (مثلی) اور (یعدل) لائے نفی جنس کی خبر واقع ہوئی ہے ! اور کوئی چیز تینوں اقوال میں خبر کے عوض محذوف نہیں ہے ! اور جو لوگ (لا الہ غیرک) میں خبر مقدر مانتے ہیں۔ یہ اُن کی نافہمی ہے +

فَعُلِمَ بِھٰذَا التَّحْقِیْقِ اَنَّ وَجْہَ کَثِیْرٍ مِّنْ حَذْفِ خَبَرِ لَا اِقَامُ قَرِیْنَۃٍ عَلَیْہِ وَسَدُّ شَیْءٍ مُسَدَّہٗ فَلَوْ ذُکِرَ بَعْدَ قِیَامِ الْقَرِیْنَۃِ یَکُوْنُ لَغْوًا۔ وَلَوْ ذُکِرَ بَعْدَ سَدِّ شَیْءٍ مُسَدَّہٗ لَا یَکُوْنُ السَّادُّ سَادًّا فَیَلْزَمُ خِلَافُ وَضْعِہٖ ھٰذَا

وَجَبَ حَذْفُہٗ ۵

پس تحقیق مذکورہ سے یہ معلوم ہوگیا۔ کہ خبر لائے نفی جنس کی جو بکثرت حذف ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ اس خبر پر قیام قرینہ پایا جاتا ہے۔ اور وہ چیز بھی پائی جاتی ہے جو خبر کی قائم مقام ہو۔ پس اگر خبر بعد از قیام قرینہ ذکر کیا جاوے تو اس کا ذکر بے فائدہ ہوگا۔ اور جبکہ کوئی چیز خبر کی قائم مقام ہو۔ اور اس کے بعد خبر کا ذکر کیا جاوے تو بدل۔ بدل نہ رہیگا جس سے خلاف وضع کسی چیز کا قائم مقام کرنا لازم آئیگا۔ اور اسی وجہ سے حذف خبر واجب ہے ۔

فَفِی الْمَحْذُوْفِ مِنْ قِسْمِ الْمُفَرَّغِ الْقَرِیْنَۃُ ھُوَ النَّعْمُ السَّابِقُ وَالسَّادُّ شَیْءٌ آخَرُ وَھُوَ الْمُفَرَّغُ۔ وَفِی الْمَحْذُوْفِ مِنَ الظَّرْفِ الْمُسْتَقِرِّ وَشِبْھِہٖ فَالْقَرِیْنَۃُ عَلَیْہِ وَالسَّادُّ شَیْءٌ وَاحِدٌ وَھُوَ الظَّرْفُ وَشِبْھُہٗ ۵

پس قرینہ اس محذوف میں جو کہ مفرغ کی قسم سے ہے ہو۔ وہی گمان سابق ہے اور قائم مقام خبر دوسری ہی چیز ہے۔ اور وہ چیز مفرغ ہے۔ اور اس محذوف میں جو کہ قسم ظرف سے ہو۔ اور شبہ ظرف سے ہو۔ قرینہ اور قایم مقام خبر ایک ہی چیز ہے۔ جو ظرف۔ یا شبہ ظرف ہوگا ۔

وَاَیْضًا ظَھَرَ مِنَ التَّحْقِیْقِ الْمَذْکُوْرِ بُطْلَانُ مَا قَالَ الْجَامِیْ قُدِّسَ سِرُّہُ السَّامِیْ فِیْ خَبَرِ لَا الَّتِیْ لِنَفْیِ الْجِنْسِ حَیْثُ قَالَ اَیْ لِنَفْیِ صِفَۃٍ اِذْ لَا رَجُلَ قَائِمٌ مَثَلًا لِنَفْیِ الْقِیَامِ عَنِ الرَّجُلِ لَا لِنَفْیِ الرَّجُلِ نَفْسِہٖ وَقَالَ فِیْ مُقَامِ الْحَذْفِ وَیُحْذَفُ خَبَرُھَا ھٰذَا حَذْفًا کَثِیْرًا اِذَا کَانَ الْخَبَرُ عَامًّا کَالْمَوْجُوْدِ وَالْحَاصِلِ لِدَلَالَۃِ النَّفْیِ عَلَیْہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ اَیْ لَا اِلٰہَ مَوْجُوْدٌ اِلَّا اللّٰہُ اِنْتَھٰی ۵

اور نیز تحقیق مذکورہ سے جامی قدس سرہٗ کے کلام کا بھی بطلان ثابت ہوگیا۔ جہاں کہ انہوں نے یہ لکھا ہے (لای نفی جنس صفت جنس کی نفی کے

واسطے ہوا کرتا ہے) کیونکہ ہمارا قول یہ ہے۔ کہ (لا رجل قائم میں) لا رجل کی نفی قیام کے واسطے ہے۔ ذات رجل کی نفی کے واسطے نہیں ہے۔ اور دوسری جگہ مقام حذف خبر میں جامی قدس سرہٗ نے یہ عبارت لکھی ہے کہ (لا نفی جنس کی خبر از روئے حذف کثیر اس وقت محذوف ہوتی ہے۔ جبکہ خبر افعال عامہ سے ہو) جیسے لفظ موجود۔ حاصل تاکہ نفی خبر دلالت کرے۔ اور اس کی مثال (لا الہ الا اللہ) ہے۔ یعنے کوئی معبود موجود نہیں ہے مگر اللہ ؛

وَجْهُ الْبُطْلَانِ اَنَّ فِیْ هٰذَا الْبَیَانِ خَمْسَةُ اَغْلَاطٍ۔

اَلْاَوَّلُ اَنَّهٗ اَوْرَدَ مِثَالًا لِنَفْیِ صِفَةِ الْجِنْسِ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهٖ وَحَكَمَ بِانْحِصَارِ نَفْیِ صِفَةِ الْجِنْسِ وَلَمْ یَنْظُرْ اِلٰی اَبْلَغِ الْكَلَامِ وَهُوَ كِتَابُ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلَّامِ اَنَّهٗ مَمْلُوٌّ مِنْ نَفْیِ الْجِنْسِ بِلَا هٰذِهٖ كَمَا مَرَّ مِنْ اَنَّ مَثَلَهُ الْقُرْاٰنِیَّةَ اِذْ لَا مَعْنٰی لِنَفْیِ الْاٰلَةِ اِلَّا نَفْیَ وُجُوْدِهٖ ؛

جامی قدس سرہٗ کے قول کا اس وجہ سے بطلان کیا گیا ہے۔ کہ جامی علیہ الرحمۃ کے بیان میں پانچ غلطیاں ہیں ؛

اوّل یہ کہ جامی رحمۃ اللہ نے صفت جنس کی نفی کے لئے اپنے خیال سے مثال قرار دی ہے۔ اور لائی نفی کو صفت جنس میں منحصر کر دیا۔ اور بلیغ ترین کلام کی طرف۔ جو کہ خدائے عزوجل کا کلام ہے توجہ نہیں کی۔ کتاب مجید نفی جنس سے اسی حرف لا کے ساتھ مملو ہے امثلہ قرآنی بیان کئے جا چکے ہیں۔ جیسے (لا ریب فیہ الخ) کیونکہ نفی جنس کی معنی لفظی وجود جنس کے ہیں ؛

وَالْمَنْفِیُّ الْمُقَدَّرُ فِیْ كُلٍّ مِنْ لَا رَیْبَ فِیْهِ۔ وَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِی الْحَجِّ۔ وَلَا اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ وَلَا خَیْرَ فِیْ كَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ۔ وَلَا عِلْمَ لَنَا۔ وَلَا طَاقَةَ لَنَا۔ هُوَ الْوُجُوْدُ اَوْ مِثْلُهٗ۔ فَلَا هٰذِهٖ لِنَفْیِ جِنْسِ الرَّیْبِ وَالْفُسُوْقِ وَالْجِدَالِ وَالْاِكْرَاهِ وَالْخَیْرِ وَالْعِلْمِ وَالطَّاقَةِ دُوْنَ صِفَةٍ۔ اِذْ لَوْ اُرِیْدَ نَفْیُ جِنْسِ الرَّجُلِ نَفْسِهٖ دُوْنَ صِفَةٍ فَلَا

یُقَالُ لَا رَجُلَ مَوْجُوْدٌ فَهُوَ یَدُلُّ عَلٰی نَفْیِ الرَّجُلِ نَفْسِہٖ لَا عَلٰی نَفْیِ صِفَۃٍ۔ فَکَذَا لَا مُتَلَۃَ الْمَذْکُوْرَۃِ ۵

اور نفی مقدر۔ یعنے خبر ان امثلہ یعنے (لاریب فیہ) میں اور (لارفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج) میں اور (لااکراہ فی الدین) میں اور (لاخیر فی کثیر) میں اور (نجواہم) میں اور (لاعلم لنا) میں اور (طاقۃ لنا) میں لفظ (موجود) یا حاصل یا کائن وغیرہ ہے۔ پس یہ حرف لا آیت مذکورہ میں (ریب) اور (فسوق) اور (جدال) اور (اکراہ) اور (خیر) اور (علم) اور (طاقۃ) کی نفی جنس کے واسطے ہے۔ (ریب) اور (فسق) وغیرہ کی نفی صفت کے واسطے نہیں ہے۔ کیونکہ اگر جنس رجل یعنے ذات رجل کی نفی کی جائے اور اس کی نفی صفت نہ منظور ہو تو (لا رجل موجود) نہ کہا جائیگا۔ اس لئے کہ یہ قول ذات رجل کی نفی پر دلالت کرتا ہے نہ اس کی صفت پر۔ علی ھذا اور دوسری امثلہ ۔

الثانی ان لا ھذہ کما یکون لنفی صفۃ الجنس قلیلاً یکون لنفی موصوف الجنس ایضاً نحو لا قائم رجل فانہ لنفی الرجولیۃ عن القائم بمعنی ان القائم لیس برجل بل امراءۃ او صبی او حیوان بخلاف نفی الصفۃ فی لا رجل قائم ای قاعدٌ او مضطجعٌ فالتخصیص بانہ لنفی صفۃ الجنس فقط غلطٌ فاحش ۵

دوسری غلطی یہ ہے کہ جس طرح سے یہ حرف لا صفت جنس کی نفی کے واسطے بہت کم مستعمل ہوتا ہے۔ اسی طرح نفی موصوف جنس کے واسطے بھی بہت کم مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے لا رجل کیونکہ اس مثال میں حرف لا (قایم) سے رجولیت کی نفی کرتا ہے اور یہ معنی ہو جاتے ہیں۔ کہ جو چیز قایم ہے وہ مرد نہیں ہے۔ بلکہ (عورت) یا (بچہ) یا (جانور) ہے۔ بخلاف اس نفی کے جو کہ صفت کے واسطے ہو۔ چنانچہ (لا رجل قائم) یعنے کوئی مرد قائم نہیں ہے۔ بلکہ بیٹھا ہوا ہے اور کروٹ سے لیٹا ہوا ہے۔ پس یہ خصوصیت کہ صفت جنس کی نفی کے واسطے ہوتا ہے۔ سراسر غلط ۔

وَالثَّالِثُ مع اَنَّہٗ خصص لا لنفی صفۃ الجنس قدر موجودٌ فی لا الٰہ الا اللّٰہ وَبدیہی ان نفی وجود الٰہ لہ ھو نفی الجنس نفسہ دون صفۃ اذ مرتبۃ الصفۃ متاخرۃٌ عن مرتبۃ وجود الجنس فی زعمہ فنفی وجود الٰہ لہ ھو نفی نفسہ دون صفۃ ۵

تیسری غلطی یہ ہے کہ باوجودیکہ جامی رحمۃ اللہ علیہ نے حرف لا کو صفت جنس کی نفی کے واسطے مخصوص کیا ہے۔ لیکن موجود کو (لا الہ الا اللہ) مقدر قرار دیا ہے۔ اور یہ ظاہر ہے کہ باوجود معبود کی نفی کے۔ ذات معبود کی عین نفی ہے۔ کچھ نفی صفت نہیں ہے کیونکہ جامی قدس سرہ کے گمان میں ذات جنس کے مرتبہ سے صفت کا مرتبہ متاخر ہے لیکن محققین کے نزدیک ذات جنس اور وجود جنس ایک ہی شے ہے۔ تب وجود اُن کے نزدیک صفات میں سے نہیں ہے ۔

وَالرَّابِعُ۔ تَخْصِیْصُ کثرۃ حذف الخبر بافعال عامۃ غلطٌ محضٌ اذ قد عرفت فی کلٍ المفرغات القرآنیۃ وغیرھا المذکورۃ ان المحذوف ھو الخاص من المفرغ وعدیلہ لقرینۃ المقام ۵

چوتھی غلطی یہ ہے۔ کہ حذف خبر کو بکثرت افعال عامہ میں مخصوص کیا ہے اور یہ غلط محض ہے۔ کیونکہ مفرغات قرآنی۔ اور غیر قرآنی میں۔ یہ معلوم ہو چکا ہے کہ مخاطب کے گمان کے مطابق ان میں محذوف وہی خاص ہے۔ جو کہ مفرغ اور عکس مفرغ ہے

وَلَا یجوز تقدیر موجود ومایماثلہ فی شیٍٔ من اقوال سُبحانہٗ۔ لا الٰہ الا اللّٰہ۔ ولا الٰہ الا انت سبحانک ولا الٰہ الا ھو۔ ولا الٰہ الا انا۔ ولا الٰہ الا ھو الحی القیوم۔ ولا الٰہ الا ھو رب العرش العظیم لعدم القرینۃ علیہ ولکونہ خلاف مقتضی القصر کما مر تفصیلہ ۵

اور لفظ موجود۔ یا ممکن وغیرہ کا اُن آیات قرآنی میں مقدر کرنا۔ جو کہ اوپر

درج ہیں۔ ہرگز جائز نہیں ہے۔ کیونکہ ان میں قیام قرینہ نہیں ہے۔ اور موجود کا مقدر کرنا اقتضائی قصر کی بھی خلاف ہے۔ جیسا کہ تفصیل اُن کی گزر چکی ہے۔

وَالْخَامِسُ اَنَّهٗ قَالَ فِیْ وَجْهِ حَذْفِ الْخَبَرِ الْعَامِّ لِدَلَالَةِ النَّفْیِ عَلَیْهِ وَجْهُ بُطْلَانِهٖ اَنَّ كَلِمَةَ لَا مَوْضُوْعَةٌ لِنَفْیِ مَا وَرَدَتْ عَلَیْهِ مِنَ الْخَبَرِ مُطْلَقًا عَامًّا اَوْ خَاصًّا مَذْكُوْرًا اَوْ مَحْذُوْفًا لَا مَا زَادَ عَلَیْهِ فَعُمُوْمُ النَّفْیِ وَخُصُوْصُهٗ لَیْسَ مَدْلُوْلَهَا وَلَا جُزْءًا لَهٗ وَلَا لَازِمًا لَهٗ وَلَا مَدْلُوْلَهَا عَقْلِیًّا وَلَا طَبْعِیًّا فَلَا مَعْنٰی لِدَلَالَةِ كَلِمَةِ لَا عَلٰی عُمُوْمِ النَّفْیِ وَلَا خُصُوْصِهٖ نَظْهَرُ غَلَطُ الْجَامِیْ وَمَنْ اَتْبَعَهٗ وَمَنْ تَابَعَهٗ فِی الْوُجُوْهِ الْخَمْسَةِ ظُهُوْرًا بَیِّنًا ۝

پانچویں غلطی یہ ہے کہ جامی قدس سرہٗ نے حذف خبر عام کے سبب میں (لدلالۃ النفی علیہ) بیان کیا ہے۔ یعنے اس بات پر کلمہ لا کی دلالت کرنے کے واسطے کہ اس کی خبر افعال عامہ سے محذوف ہے۔ اور وجہ اس کے بطلان کی یہ بیان کی ہے کہ کلمہ لا اس چیز کی نفی کے واسطے وضع کیا گیا ہے جس چیز پر وہ جنس خبر سے داخل ہوتا ہے۔ اور وہ چیز خواہ عام ہو۔ یا خاص ہو۔ یا مذکور ہو۔ یا محذوف ہو موضوع اس چیز کے واسطے نہیں ہے۔ جو کہ نفی پر زاید ہو پس منفی کا عموم۔ یا خصوص حرف لا کے واسطے۔ نہ تو مدلول مطابقی ہے۔ اور نہ تضمنی۔ اور نہ التزامی۔ اور نہ عقلی۔ اور نہ طبعی۔ اور دلالت کے بھی پانچ اقسام ہیں پس کلمہ لا کے لئے یہ ضرور نہیں ہے۔ کہ عموم یا خصوص نفی پر دلالت کرے۔ اور ان وجوہ پنجگانہ میں جامی رحمۃ اللہ علیہ کی غلطی اور اُن کی غلطی جنہوں نے ان کا اتباع کیا بیان متذکرہ سے بخوبی ثابت ہے۔

اَلْفَصْلُ الْخَامِسُ

فِیْ تَحْقِیْقِ لَفْظِ لَا لَهٗ وَكَلِمَةِ لَا اِعْلَمْ اَنَّ لَا لَا یُطْلَقُ بِالْاِشْتِرَاكِ اللَّفْظِیِّ فَقَطْ عَلٰی مَعْنَیَیْنِ لَا قَوْلُ ذَاتِ الْوَاجِبِ

تعالیٰ۔ والثانی الممکن الموجود المعبود والدلیل علی الاشتراک اللفظی انہ لا یستعمل فی کل من معنیہ الا بالقرینۃ کلفظ العین ۵

پانچویں وصل تحقیق میں لفظ (الالہ) اور کلمہ (الا) جان کہ لفظ آلہ بوجہ اشتراک لفظی حسب ذیل دو معنوں میں مستعمل ہے۔

اوّل معبود واجب الوجود ٭

دوم معبود ممکن الوجود ٭

اس کے مشترک لفظی ہونے کی دلیل تو یہ ہے کہ لفظ آلہ کسی معنی میں اس وقت تک استعمال نہیں کیا جاتا ہے۔ جب تک کہ کوئی قرینہ معنی مرادی پر دلالت نہ کرتا ہو۔ اور اشتراک لفظی کا مفہوم یہ ہے کہ کسی لفظ کے بہت سے معنی ہوں۔ مگر وہ لفظ بغیر قیام قرینہ کے کسی معنی میں بھی مستعمل نہ ہو۔ جیسے کہ لفظ (عین) جو آفتاب اور چشمہ اور آنکھ اور زانو وغیرہ کے لئے موضوع ہے اور جس کے معنی بلحاظ مناسبت مقام سمجھے جاتے ہیں۔ پس ایسا ہی لفظ آلہ ہے ٭

نحو قولہ تعالیٰ ما تعبدون من بعدی قالوا نعبد الھک وإلہ اٰبائک ابراھیم واسمٰعیل واسحاق الٰھا واحدا۔ فانہ مستعمل فی الحق تعالیٰ شانہ بقرینۃ الاضافۃ والتوصیف بالوحدۃ۔ وقالوا لاٰلھتکم فانہ مستعمل فی الممکن المذکور من الاصنام بقرینۃ الجمع والاضافۃ ۵

اللہ تعالیٰ کے قول کے موافق یعنے یعقوب علیہ السلام کے اس سوال پر کہ (تم میرے بعد کس کی پرستش کروگے) فرزندان یعقوب علیہ السلام نے کہا ہم تیرے خدا کی پرستش کرینگے اور تیرے باپ دادا ابراہیم و اسمٰعیلؑ و اسحاقؑ کے خدا کی جو معبود یکتا ہے۔ اس آیت میں لفظ آلہ ذات واجب تعالےٰ کی معنی میں مستعمل ہے۔ اور اس آیت میں دو قرینہ پائے جاتے ہیں ٭

ایک یہ کہ لفظ آلہ ضمیر مخاطب کے ساتھ مضاف ہے ٭

دوسرے یہ کہ آلہ صفت واحد کے ساتھ متصف ہے ۔

اور یہ ظاہر ہے کہ اللہ واحد سوا ذات واجب الوجود کے کوئی نہیں ہے۔ یعنے بعض کفار نے بعض کفار سے کہا کہ تم اپنے معبودوں کو ہرگز مت چھوڑو۔ اس آیت میں لفظ آلہ (معبود ممکن الوجود کے معنی میں مستعمل ہے اور یہاں بھی دو قرینہ ہیں۔

ایک قرینہ جمع اور دوسرے قرینہ اضافت ۔

وَقَوْلُہٗ تَعَالٰی اَجَعَلَ الْاٰلِھَۃَ اِلٰھًا وَّاحِدًا۔ اَلْاَوَّلُ فِی الْمُمْکِنِ بِقَرِیْنَۃِ الْجَمْعِ۔ وَالثَّانِیْ فِی الْوَاجِبِ بِقَرِیْنَۃِ تَوْصِیْفِہٖ بِالْوَاحِدِ۔ وَقِسْ عَلَیْہِ۔ اَجْعَلْ لَّنَا اِلٰھًا کَمَا لَھُمْ اٰلِھَۃٌ استعمل فِی الممکن بقرینۃ الجمع والتشبیہ ۔

اور قول اللہ تعالے کا۔ یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام معبودوں کو خدائے واحد قرار دیا ہے ۔

اوّل اس آیۃ کا پہلا لفظ (ممکن الوجود) کے معنی میں مستعمل ہے اس لئے کہ یہاں قرینہ جمع موجود ہے ۔

اور دوسرا لفظ آلہ چونکہ متصف بوحدت ہے ۔

لہذا اس قرینہ سے (واجب الوجود) کے معنی مستنبط ہوتے ہیں یعنی بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا۔ کہ ہمارے لئے ایسا ہی ایک معبود قرار دو۔ جیساکہ مشرکوں کے معبود ہیں۔ اس آیت میں لفظ الہ اوّلاً بسبب (قرینہ تشبیہ) اور ثانیاً بسبب (قرینہ جمع) ممکن الوجود کے معنی میں مستعمل ہوا ہے ۔

وَبِالْجُمْلَۃِ ان الاٰلہ لا یثبت اطلاقہ عَلٰی غَیْرِ الْمَعْنَیَیْنِ الْمَذْکُوْرَیْنِ من القرآن۔ ولا یستعمل فِی شَیْءٍ من معنییہ المذکورین الا بالقرینۃ وَالاحتیاج الی القرینۃ فی کل من معنییہ دلیل علی الاشتراک اللفظی فظھر غلط الاکابر فی حملھم المذکور المذکور علی الاشتراک المعنوی من المعبود مطلقاً او المعبود بالحق او الواجب اذ لما یثبت الاشتراک اللفظی بالدلیل

بطل الاشتراك المعنوی وکونہ حقیقۃ فی البعض۔ ومجازاً فی الآخر۔

گو ایسے آیات اور بھی قرآن شریف میں موجود ہیں جس میں لفظ الٰہ ہے لیکن جہاں جہاں یہ لفظ مستعمل ہوا ہے۔ یا معبود (ممکن الوجود) کے معنی میں۔ ان معانی کے سوا کسی اور معانی میں قرآن شریف میں یہ لفظ مستعمل نہیں ہوا قبل ازیں بیان کیا جا چکا ہے۔ کہ لفظ الٰہ ان دو معانی مذکورہ میں سے کسی معنی میں اسی وقت مستعمل ہوتا ہے۔ جب کسی معنی کا قرینہ اور قرینہ کی احتیاج پائی جائے۔ جو اشتراک لفظی کی دلیل ہے۔ پس اس سے یہ ثابت ہے۔ کہ علماء عظام کا یہ گمان کہ (لفظ الٰہ مشترک معنی ہے) یعنے (معبود مطلق) بالکل غلط ہے۔ اور جو بعض علما لفظ الٰہ کی معنی ازروئے حقیقت (معبود حق یا واجب) کے قرار دیتے ہیں اور ازروئے مجاز (معبود باطل یا ممکن) کے یہ بھی محض غلط ہے۔ اس لئے کہ جب اشتراک لفظی بدلائل متذکرہ ثابت ہو چکا ہے۔ تب لفظ الٰہ کا (مشترک معنوی) ہونا قطعاً غلط ہے۔ اور بعض جگہ معنی حقیقی میں۔ اور بعض جگہ معنی مجازی میں مستعمل ہونا بھی لغو ہے۔

وَایضاً اذا تحقق الاشتراك اللفظی فلا بد من توحید المراد من المذکور المذکور فی المدلول وھو لا الٰہ الا اللہ واداتہ فی الوجوب فقط او الامکان فقط اذ علی الاختلاف بینھما فیھما لا یصح التقریب اصلاً وعلی الخصوص من طرف والعموم من طرف اخر لا یتم او یزید فیلغوا۔

پس ضرور ہے کہ الٰہ کا مدلول اور (لا الٰہ الا اللہ) کا مدلول صرف وجوب یا امکان میں متحد ہو۔ اس لئے کہ بصورت اختلاف تقریب درست نہ ہوگی۔ ایک طرف خصوص۔ اور دوسرے طرف عموم ہو تو تقریب کس طرح تمام ہو سکتی ہے۔ یا دعوی پر دلیل کا زائد یا دلائل ہوگا۔ تب بھی دلیل لغو ہو جائیگی۔

فَقَوْلُہٗ سُبْحَانَہٗ فِیْ دَلِیْلِ التَّوْحِیْدِ۔ لَوْ کَانَ فِیْھِمَا اٰلِھَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ لَفَسَدَتَا۔ یُنَادِیْ بِاَعْلٰی نِدَاءٍ عَلٰی اَنَّ الْمُرَادَ مِنَ الْمَذْکُوْرِ فِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ھُوَ الْاٰلِھَۃُ الْمُمْکِنَۃُ مِنَ الْاَصْنَامِ وَغَیْرِھِمْ

وَکَوْنُہٗ مقیدًا بِغَیْرِ اللّٰہِ فِی لَوْ کَانَ فِیْہِمَا اٰلِھَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ اَیْ غَیْرُ اللّٰہِ لفسدتا۔ ینادی بارفع صوتٍ علی تقییدِ المذکورِ المطلق المذکورِ فی الادلۃ بِغَیْرِ اللّٰہِ۔ وَکَوْنِہٖ مقیداً بِغَیْرِ اللّٰہِ یحکم حُکْمًا بَیِّنًا علی زعم المخاطب الغیریۃ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَہٗ سُبْحَانَہٗ ؕ

توحید میں خداوند تعالیٰ پاک کا یہ ارشاد ہے۔ یعنے (اگر یہ بت سوا اللہ کے معبود ہوتے۔ تو دوزخ میں نہ گرتے) جو باواز بلند یہ پکارتا ہے کہ (لا الٰہ الا اللہ) میں الہ سے مراد معبود ان ممکنہ ہیں۔ علیٰ ہذا۔ لو کان فیہما اٰلھۃ الخ میں فقط الٰہ کا غیر اللہ میں تقیید باواز بلند یہ پکارتا ہے کہ (منکور مطلق) دوسری دلائل میں بھی ما سوی اللہ کے ساتھ مقید ہے یعنے دونوں جگہ الہ معبود ممکن کے معنی میں ہے۔ اور الہ کا غیریت میں تقید اس امر کا مظہر ہے۔ کہ مخاطب مابین خدا تعالےٰ اور بتوں کے تغایر سمجھتا ہے +

وَقس عَلَیْہِ تعین المراد مِنَ المنکورِ فی سایر الادلۃ المذکورِ فِی الکتاب المجید علی التوحید۔ وَاِذَا تعین المراد مِنَ المنکورِ المذکورِ فی الادلۃ وَھُوَ مُمْکِن فَقَطْ مِنَ الاصنام وَغَیْرِھِمْ تعین المراد مِنَ المنکورِ فِی المدلول اَیْضًا والا لا ینطبق احدھما علی الاٰخر کما عَرَفْتَ ؕ

پس اب لفظ کی معنی مرادی۔ باقی آیات قرآنی (دال علی التوحید میں) جو اوپر بیان کی جاچکی ہیں۔ حسب آیت متذکرہ ہو سکتا ہے۔ اور جب الہ کی مراد دلائل میں متعین ہو چکی (جو معبود ممکن ہے از قبیل اصنام وغیرہ) تب مدلول میں بھی الہ کی مراد کا تعین ہوگیا۔ اگر ایسا نہ ہو تو ایک دوسرے پر کبھی منطبق نہ ہوگا +

فبطل مَا قال الاکابر من ان المراد من الاٰلہ فِی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الواجب تعالیٰ شانہٗ وَالمستحق للعبادۃ تناولاً اَوْ وَصْفًا عُمُومًا لان لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ محکم والمحکم یابی عَنْہُ

ای عن التاویل بل یکفر مؤولہ والواضع العرفی لا تثبت بمجرد الوھم بل بالقطع ولا قطع الا ارادۃ المستحق من المنکور فی شئ من الکتاب والسنۃ ۵

پس اکابر علما کا یہ قول کہ کلمہ طیبہ میں الٰہ سے مراد (واجب تعالیٰ۔ یا مستحق العبادۃ) ہے محض غلط ہے۔ اس لئے کہ اگر تاویلاً یہ معنی مراد ی قرار دی جاتے ہیں۔ تو اس وجہ سے کہ (لا الہ الا اللہ) آیۃ محکم ہے۔ اور محکم میں تاویل جائز نہیں ہے۔ تاویل کرنے والا کافر ہو جاتا ہے۔ لہذا تاویل کی اسمیں گنجایش نہیں ہے۔ اور اگر بطور وضع عرفی یہ معنی قرار دئے جاتے ہیں۔ تو محض وہم اور علما کے قیاس ناقص سے وضع عرفی ثابت نہیں ہو سکتی۔ اس لئے کہ وضع عرفی کا ثبوت یقین پر موقوف ہے جس میں معنی مرادی میں استعمال قطعی ثابت ہونا چاہیئے جس کی کوئی دلیل قرآن شریف و حدیث میں نہیں ہے۔ لہذا یہ دعویٰ تو ان کا بلا دلیل ہے۔ جو مسموع نہیں ہو سکتا ۔

لانہ قد یثبت ان المراد من المنکور المذکور فی المطلوب وادلتہ ھو الاصنام وغیرھم باستشھاد الادلۃ و استشھاد القرینۃ وھی اولاً وقوع النکرۃ فی سیاق النفی وھی تفید العموم والکثرۃ والعموم والکثرۃ لا توجد الا فی الاصنام وغیرھم من الممکنات ۵

بشہادت دلائل و قراین یہ ثابت ہے کہ (لا الہ الا اللہ) میں جو لفظ الہ مذکور ہے۔ اس سے مراد اصنام ہیں (۱) نکرہ کا سیاق نفی میں واقع ہونا جس سے عموم اور کثرت مستفید ہوتی ہے۔ اور عموم اور کثرت اصنام وغیرہ ممکنات ہی میں پائی جاتی ہے ۔

وثانیاً المقام وھو معبود من الالھۃ الممکنۃ من الاصنام وغیرھم دون الواجبۃ اصلا لقولہ سبحانہ حکایتاً منھم ویعبدون من دون اللہ ما لا یضرھم ولا ینفعھم وما لا یضر ولا ینفع لیس الا

الاصنام والاوثان ۵

اور (۲) معبودان ممکن کی معبودیت۔ ماسوا معبود واجب الوجود کے جیسا کہ حق تعالےٰ کے اس ارشاد سے ظاہر ہے۔ یعنی یہ لوگ سوا خدا کے ان کی عبادت کرتے ہیں۔ جو اُن کو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان) اس سے ظاہر ہے۔ کہ جس چیز سے نہ نفع پہنچے۔ اور نہ نقصان پہنچے وہ اصنام ہیں ٭

وقس علیہ۔ قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ فَمَا تَعْبُدُوْنَ هُوَ الَّا صنامُ۔ وکذا قولہ سُبْحَانَهٗ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً۔ وَاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصنامَ۔ وَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوثان۔ وَمَا هٰذِهِ التَّمَاثِیْلُ الَّتِیْ اَنْتُمْ لَهَا عَاکِفُوْنَ۔ وَلَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَکُمْ وَلَا تَذَرُنَّ وَدًّا وَّلَا سُوَاعًا وَّلَا یَغُوْثَ وَیَعُوْقَ وَنَسْرًا وقس۔ فَهٰذِهٖ اَلْفَاظٌ بِدَلَالَةِ الْمَقَامِ وَمُقْتَضَی الْحَالِ تَدُلُّ دَلَالَةً قَطْعِیَّةً عَلٰی اَنَّ الْمُرَادَ مِنَ الْمَنْظُوْرِ هُمُ الْاَصْنَامُ وَالْاَوْثَانُ فَالصَّنَمُ وَالْوَثَنُ وَالتِّمْثَالُ بِمَعْنًی وَاحِدٍ هٰهُنَا فَاِرَادَةُ الْمُسْتَحَقِّ مِنَ الْمَنْظُوْرِ ضُعْفًا عُرْفِیًّا دَعْوٰی بِلَا تَنْبِیْهٍ فَلَا یُسْمَعُ اَصْلًا ۶

آیات صدر پر یہ آیات بھی قیاس کرو۔ یعنے (۱) (اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم یہ کہو کہ میں اس کی عبادت نہیں کرتا جسکو تم پوجتے ہو) اور جس کی مشرکین عبادت کرتے ہیں وہ اصنام ممکنہ تھے ٭

(۲) (یعنے تم بتوں کو معبود اختیار کرتے ہو) ٭

(۳) یعنے (خدایا مجھ کو اور میرے فرزندوں کو اس بات سے دُور رکھ کہ ہم بتوں کی عبادت کریں) ٭

(۴) یعنے (اور تم بتوں کی نجاست سے بچتے رہو) ٭

(۵) یعنے (اور یہ کیا تصویریں ہیں جن کے لئے تم معتکف ہو) ٭

(۶) یعنے (اور تم اپنے معبودوں کو ہرگز مت چھوڑو۔ نہ ود کو چھوڑو۔ نہ سواع کو نہ یغوث کو نہ یعوق کو۔ نہ نسر کو) یہ سب بتوں کے نام ہیں ٭

پس یہ سب اقوال بلحاظ دلالت مقام اور اقتضای حال مخاطب بطور قطعی اس بات پر دلالت کرتے ہیں۔ کہ مراد لفظ آلہ سے معبودان ممکن ہیں۔ جو اصنام ہیں۔ اور لفظ صنم اور وثن اور تمثال اور الہ کی قرآن مجید میں ایک ہی معنی ہیں۔ لفظ الہ سے مستحق العبادت مراد لینا باعتبار وضع عرفی۔ ایک دعوے بلا دلیل ہے۔ جو ہرگز مسموع نہیں ہو سکتا ۔

وَاما کلمۃ الا۔ فجعل الہ کا بدلہا معینین الاول الاستثناء حقیقۃ والثانی کونہ بمعنی الغیر مجازا۔ والباعث علی حمل الا علی المجاز۔ فی لو کان فیہما الہۃ الا اللہ لفسدتا فی زعمہم تعذر الحقیقۃ۔ ولیس الامر کذلک وسیظہر غلطہم ووجہ بطلان قولہم فی الاصل الثانی انشاء اللہ تعالیٰ ۔

کلمہ الا کے اکابر علماء نے دو معنی قرار دیئے ہیں (۱) استثنا از روئے حقیقت (۲) از روئے مجاز غیر کی معنی۔ اور آیہ (لو کان فیہما الخ) میں لفظ الا کو جو مجاز پر عمل کرنے کا باعث علماء کے گمان میں تعذر حقیقت ہے۔ حالانکہ یہ امر در اصل ایسا نہیں ہے عنقریب اصل ثانی میں وجہ غلطی عظیم کی ظاہر ہوگی۔ اور نیز وجہ بطلان قول علماء انشاء اللہ تعالیٰ ۔

اَلْوَصْلُ السَّادِسُ

فی خبر لا المحذوف فی لا الٰہ الا اللہ اعلم ان العلماء کلہم قدروا فی خبرہا موجودا او ممکنا ای لا الٰہ موجود او ممکن الا اللہ۔ فنقول انہم غلطوا فیہ غلطا فاحشا عقلا ونقلا ۔

چھٹی وصل۔ لای نفی جنس کی خبر کے بیان میں جو کہ کلمہ طیبہ میں محذوف ہے جمہور علماء لای نفی جنس کی خبر لفظ (موجود) یا (ممکن) قرار دیتے ہیں اور خبر مقدر (لا الہ) میں لاکر یہ کہتے ہیں (لا الہ موجود او لا الہ ممکن) اب ہم قاعدۂ نحو سے لاء

نفی جنس کا عمل بھی بتلائے دیتے ہیں۔ تاکہ ہر شخص بآسانی سمجھ سکے ؛

واضح ہو کہ لائے نفی جنس حروف عاملہ میں سے ہے۔ اسم اس لا کا اکثر مضاف منصوب ہوتا ہے اور خبر مرفوع ہوا کرتی ہے۔ جیسے (لا غلام رجل ظریف فی الدار) غلام رجل کی طرف مضاف ہے۔ اور لا کا اسم ہے۔ اس وجہ سے منصوب ہے اور (ظریف) چونکہ لائے نفی جنس کی خبر ہے۔ لہذا مرفوع ہے اور اگر لا نفی جنس کا اسم نکرہ مفرد ہو۔ یعنے مضاف نہ ہو تو مبنی بر فتحہ ہوتا ہے۔ (لا الہ) چونکہ لفظ (الہ) جمع منکور ہے اور مضاف نہیں ہے۔ لہذا لا نفی جنس کا اسم ہے۔ اور اسی وجہ سے منصوب بھی ہے اور اس کے ساتھ خبر کی بھی ضرورت ہے۔ کیونکہ بغیر خبر لا نفی جنس کا عمل ناقص رہتا ہے۔ تب لفظ موجود یا ممکن کو خبر مقدر ٹھہرایا تو ترکیب یہ ہوئی کہ (الہ) جو جمع منکور ہے۔ وہ لا نفی جنس کا اسم ہے اور موجود اور ممکن لا نفی جنس کی (خبر مقدر) ہے۔ تمام علماء کا اسی پر اتفاق ہے لیکن ہم کو بوجوہات مندرجہ ذیل اس سے مطلقاً اتفاق نہیں ہے اس لئے کہ تمام علماء نے جان بوجھ کر اس میں غلطی کی ہے۔ اور اُن کی غلطیاں ہم وجوہات عقلی اور نقلی سے صاف طور پر ثابت کئے دیتے ہیں ؛

أَمَّا عَقْلاً فَالْأَوَّلُ ان تقدیرہ مَوْجُوْدٌ او مُمْکِنٌ یستلزم حمل الکلمۃ علی الکذب اَوْ علی مَالا دلالۃ لَھَا عَلَیْہِ اذ المنکور لا یخلو اما ان یراد منہ الممکن فقط اَوالواجب فقط۔ علی الاول یصیر معناھا لا الہ من الآلھۃ الممکنۃ مِنَ الاصنام وَغیرھُم مَوْجُوْدٌ اِلَّا اللّٰہ نکذبہ ظاھرا اذ لاصنام موجودۃ ؛

وجوہات عقلیہ حسب ذیل ہیں۔

وجہ اول یہ ہے۔ اگر لا نفی جنس کی خبر (لا الہ الا اللہ) میں موجود یا ممکن قرار دی جائے۔ تو اس میں دو خرابیاں پیدا ہونگی ایک یہ کہ کلمہ طیبہ کذب پر محمول ہوگا۔ دوسرے یہ کہ ایسے معنی پر محمول ہوگا جس پر مطلقاً دلالت نہیں کرتا ہے۔ اس لئے کہ الہ سے یا تو الہ ممکن مراد ہو سکتے ہیں یا صرف الہ واجب اگر صرف الہ ممکن مراد ہے۔ تو کلمہ طیبہ کے یہ معنے ہونگے۔ کہ (کوئی معبود معبودان

ممکن یعنے اصنام وغیرہ میں سے سوا خدا تعالےٰ کے موجود نہیں ہے) حالانکہ یہ بالکل غلط ہے۔ اس لئے کہ الٰہ ممکن یعنے اصنام وغیرہ واقعی موجود ہیں پس موجود کا نفی قرار دینا صریحاً غلط ہے +

وَعَلَی الثَّانِیْ لَا یَکُوْنُ الْمُسْتَثْنٰی مِنْہُ مُتَعَدِّدًا۔ وَلَوْ اُوِّلَ فِی الْمَنْکُوْرِ عَلٰی عُمُوْمِ الْمَجَازِ۔ وَقِیْلَ اِنَّ مَا تَسْمُوْنَہٗ مِنَ اللّٰہِ وَغَیْرِہٖ۔ اَوْ مَا تَزْعُمُوْنَہٗ مُسْتَحِقًّا مِنَ اللّٰہِ وَغَیْرِہٖ مِنَ الْاٰلِہَۃِ اَصْنَامٌ لَیْسَ بِمَوْجُوْدٍ اِلَّا اللّٰہُ فَکُنْ بِہٖ اَیْضًا ظَاھِرًا وَلَوْ خُصِّصَ بَعْدَ التَّاوِیْلِ وَقِیْلَ اِنَّ الْمُسْتَحِقَّ وَرَاءَ الْاٰلِہَۃِ اَصْنَامٌ مِنَ اللّٰہِ وَغَیْرِہٖ لَیْسَ بِمَوْجُوْدٍ اِلَّا اللّٰہُ فَصَدَقَہٗ مُسَلَّمٌ لٰکِنْ لَا دَلَالَۃَ لِلْکَلَامِ عَلَیْہِ وَلَا یُفْھَمُ مِنْہُ صَرِیْحًا نَفْیُ اِسْتِحْقَاقِ الْاٰلِہَۃِ اَصْنَامٌ اِلَّا کِنَایَۃً وَھُوَ بَعِیْدٌ عَنِ الْبَلَاغَۃِ

اور اگر الٰہ سے صرف الٰہ واجب مراد ہو تو مستثنیٰ منہ متعدد نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ وجوب میں تعدد ممکن ہی نہیں ہے۔ اور مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ کی تفصیلی قواعد ہم بیان کر چکے ہیں۔ اور اگر بالفرض ہم الٰہ سے الٰہ واجب مراد لیں۔ اور بطریق عموم مجاز الٰہ منکور میں ہم تاویل بھی کریں تب معانی ذیل پیدا ہوتے ہیں انتباہ عموم مجاز ایسے لفظ کو کہتے ہیں جو موضوع لہ اور غیر موضوع لہ پر بھی مستعمل ہو +

الف یہ کہ جس چیز کو تم خدا اور غیر خدا سے نامزد کرتے ہو۔ وہ سوائے خدا تعالےٰ کے موجود نہیں ہے +

ب یہ کہ جس چیز کو تم خدا اور غیر خدا سے مستحق عبادت گمان کرتے ہو وہ سوائے خدا تعالےٰ کے موجود نہیں ہے +

ان دونوں تاویلی معنوں کی غلطی بھی صاف طور پر ظاہر ہے۔ کہ جس چیز کو وہ خدا یا غیر خدا سے نامزد کرتے ہیں۔ یا اس کے مستحق العبادت ہونے کا گمان کرتے ہیں وہ اصنام ہیں۔ اور موجود ہیں۔ جس کی نفی کسی طرح بھی درست نہیں ہو سکتی۔ لیکن اگر تاویل مذکورہ کے بعد تخصیص کی جائے۔ تو البتہ اس تاویل کی صداقت

مسلمہ ہوگی۔ اور یہ معنی ہو جائینگے کہ (سوائیوں کے کوئی مستحق عبادت خدا اور غیر خدا سے بجز خدا تعالےٰ کے موجود نہیں ہے) اس معنی تاویلی و تخصیصی کی صداقت البتہ ظاہر ہے اور مستحق عبادت کی نفی بھی درست ہے لیکن اس معنی پر کوئی دلالت نہیں پائی جاتی ہے۔ اور صراحت کے ساتھ استحقاق اصنام کی نفی ہوئی ہے۔ صرف کنایتاً نفی پائی جاتی ہے۔ اور یہ امر بعید از بلاغت ہے۔ اس لئے کہ جو متکلم کا مقصود اہم ہے۔ وہ عبارت سے صریحی طور پر ظاہر نہیں ہوتا ہے +

وَالثَّانِیْ اِنَّہٗ قَدْ تَقَرَّرَ فِی الْوَصْلِ الثَّالِثِ اَنَّ الْمَحْذُوْفَ فِی الْمُفَرَّغِ مُتَعَدِّدٌ لَفْظِیٌّ اَوْ مُفْرَدٌ مِنْ اَحَدِ الْاَمْرَیْنِ اَوِ الْوَصْفَیْنِ مُرَادٌ لِلْمُخَاطَبِ۔ وَقَدْ ثَبَتَ اَیْضًا اَنَّ الْمُخَاطَبَ یَزْعَمُ اَنَّ الْاٰلِھَۃَ الْمُمْکِنَۃَ مِنَ الْاَصْنَامِ غَیْرُ اللّٰہِ تَقْدِیْرًا مَوْجُوْدٌ اَوْ مُمْکِنٌ خِلَافُ الزَّعْمِ۔ وَالْمَحْذُوْفُ اللَّفْظِیُّ مِنَ الْمَوْجُوْدِ لَوِ الْمُمْکِنِ حَاصِلٌ لِلْمُسْتَثْنٰی مِنْہُ لَا نَفْسُہٗ وَالْمُسْتَثْنٰی مِنْہُ فِی الْحَقِیْقَۃِ ھُوَ ضَمِیْرٌ مُسْتَتِرٌ فِیْہِ رَاجِعٌ اِلَی الْمَنْکُوْرِ فَیَکُوْنُ مَعْنَوِیًّا لَا لَفْظِیًّا ۵

وجہ دوم یہ ہے کہ وصل سوم میں بخوبی ثابت ہو چکا ہے کہ محذوف مستثنیٰ مفرغ متعدد لفظی ہوتا ہے۔ یا دو امروں۔ یا دو صفتوں میں سے ایک امر ہوتا ہے۔ جو مخاطب کے گمان میں ہوں۔ اور یہ بھی ثابت ہو چکا ہے۔ کہ مخاطب کا جو گمان ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ اصنام اور خدا تعالےٰ میں (غیریت ہے) پس لفظ موجود یا ممکن کو خبر مقدر قرار دینا گمان مخاطب کے سراسر خلاف ہوگا۔ اس لئے کہ اصنام اور خدا تعالےٰ میں غیریت ایک علیحدہ چیز ہے۔ اور (الٰہ ممکن) یعنے اصنام وغیرہ کا موجود نہ ہونا۔ ایک دوسرا امر ہے۔ اور لفظ موجود۔ یا ممکن خود مستثنیٰ منہ نہیں ہے بلکہ اس میں جو ضمیر مستتر ہے۔ اور (الٰہ منکور) کیطرف راجع ہے۔ وہ مستثنیٰ ہے جس سے محذوف لفظی کا عدم متحقق ہوتا ہے۔ اور متعدد معنوی کا تحقق ثابت ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے۔ کہ مستثنیٰ مفرغ میں تعدد لفظی کا ہونا شرط ہے +

وَالثَّالِثُ اَنَّ الْعَقْلَ یَاْبٰی عَنْ قَبُوْلِ اخْتِلَافِ الْمَحْذُوْفِ

نوعاً فی نوعٍ واحدٍ من الکلام والمفرغ لنوع واحدٍ منه فتقدیر موجودٍ او ممکنٍ فی بعضٍ دون آخر خلاف العقل ۵

وجہ سوم یہ ہے کہ (محذوف کا اختلاف) کلام کی نوع واحد میں بالکل خلاف عقل ہے اور مستثنیٰ مفرغ۔ کلام کی نوع واحد ہے۔ تب اس میں محذوف کا اختلاف ہرگز جائز نہیں ہے! اور عقلاً یہ کسی طرح درست نہیں ہے۔ کہ کہیں تو لفظ موجود یا ممکن مقدر ہو! اور کہیں نہ ہو۔ حاصل یہ کہ تمام علماء کی تقدیر مجوزہ بعض مقام میں درست ہوتی ہے! اور بعض مقام میں نہیں ہوتی ہے اور جو تقدیر ہم بیان کرتے ہیں۔ وہ تمام مفرغات میں صحیح ہوتی ہے ۔

الرابع ان تقدیر موجودا و ممکن من افعال العامة مخصوص بالظرف وشبه نحو لا ریب فیه والحمد لله لاقتضائهما التعلق بالغیر لاحتیاجهما الیه والظرف لتوسعه یقتضی عموم ما یتعلق به من افعال العامة ولشبه الظرف حکم الظرف دون غیرهما لاقتضائه عدم التعلق بشئ فضلاً عن عمومه وخصوصه واما لم یکن بین الظرف وشبهه وبین غیرهما فرق ۵

وجہ چہارم یہ ہے کہ لفظ موجود یا ممکن کا مقدر ہونا جو کہ افعال عامہ سے ہیں۔ صرف ظرف اور شبہ ظرف ہی کے ساتھ مخصوص ہے جیسے لاریب فیہا اور (الحمد للہ) جن میں سے پہلے مثال ظرف کی ہے۔ اور دوسری مثال شبہ ظرف کی ہے۔ ظرف اور شبہ ظرف دونوں اس بات کی مقتضی ہیں۔ کہ ہمارا غیر کے ساتھ تعلق ہو۔ کیونکہ یہ متعلق کے محتاج ہیں اور ظرف وسعت عمل کی وجہ سے ایسے متعلق کا طالب ہے۔ جو کہ افعال عامہ میں سے ہو۔ یعنی ایسا فعل ہو جس میں عمومیت پائی جاتی ہو۔ اور جو حکم (عموم متعلق کے طلب کے نسبت) ظرف کا ہے۔ وہی شبہ ظرف کا بھی ہے۔ اور ظرف اور شبہ ظرف کے سوا کسی کو متعلق کی مطلقاً حاجت نہیں ہے۔ کیونکہ وہ عدم تعلق کا مقتضی ہے! اور عمومیت متعلق یا خصوصیت متعلق سے تو کچھ سروکار ہی نہیں ہے! اور ایسا نہ ہوتا تو ظرف

اور شبہ ظرف۔ اور اُن کے ماسوا میں کچھ فرق بھی نہ پایا جاتا +

وَالْخَامِسُ ان قول اھل البلاغۃ فی القصر تخصیص صفۃ بامر دون امر اخر او مکانہ یحکم ببطلانہ اذ قولنا لا الٰہ الا اللّٰہ لا یخلو عندھم اما ان یکون من قبیل قصر الصفۃ علی الموصوف او بالعکس علی کل فالمقدر لحکم القول المذکور امر ان او وصفان ای لا الٰہ امر ان اللّٰہ وغیرہ او وصفان اللّٰہ وغیر دون موجود او ممکن ۵

وجہ پنجم یہ ہے۔ کہ اہل بلاغت تو قصر کے معنی حسب ذیل قرار دیتے ہیں +

الف (قصر موصوف بر صفت) سے مراد کسی موصوف کے ایک ہی صفت کے ساتھ تخصیص ہے جو ماسوی کسی دوسری صفت کے۔ یا کسی موصوف کی ایسی صفت کے ساتھ تخصیص ہو۔ جو کہ اُسی صفت کے قایم مقام ہو) +

ب (قصر صفت بر موصوف) سے مراد (کسی صفت کے ایسے موصوف کے ساتھ تخصیص ہے۔ جو موصوف ثانی کے سوا ہو۔ یا ایسے موصوف کے ساتھ صفت کی تخصیص ہو۔ جو موصوف ثانی کے قایم مقام ہو) پس اہل بلاغت کے اس قول سے ظاہر ہے کہ موجود یا ممکن کی تقدیر بالکل غلط ہے۔ اس لئے کہ ہمارا قول (لا الہ الا اللہ) علما کے نزدیک۔ یا از قبیل قصر موصوف بر صفت ہوگا۔ یا از قبیل قصر صفت بر موصوف۔ اور ان دونوں صورتوں میں اہل بلاغت کے قول کے مطابق فقط (امران) یا (وصفان) مقدر ہوگا۔ یعنے (لا الہ امران اللہ) یا (لا الہ وصفان اللہ) اور لفظ موجود یا ممکن قطعاً مقدر نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ بلاغت کے خلاف ہے +

وَالسَّادِسُ۔ ان القصر عبارۃ عدم تجاوز المقصور عن المقصور علیہ الی غیرہ لا عن نفی وجودہ اصلا فتقدیر موجود ینبئی عن نفی وجودہ او لا وان استلزم عدم تجاوزہ ثانیاً ۵

وجہ ششم یہ ہے کہ قصر سے مراد تو یہ ہے۔ کہ مقصور (مقصور علیہ) سے غیر مقصور علیہ کیطرف ہرگز متجاوز نہ ہو۔ یہ ہرگز مراد نہیں ہے۔ کہ مقصور علیہ کے

وجود کی (نفی) ہو پس لفظ موجود مقدر کرنا پہلے تو دالہ ہے کے وجود کی نفی کرتا ہے۔ اس کے بعد دالہ اکا عدم تجاوز مستلزم ہو گا۔ کلمہ طیبہ کلام قصری ہے اور کلام قصری میں متکلم کا مقصود یہی ہوتا ہے۔ کہ مقصور مقصور علیہ سے متجاوز نہ ہو۔ یہ مقصود نہیں ہوتا۔ کہ مقصور کا وجود نہیں ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ حسب قواعد قصر لفظ موجود۔ یا ممکن کی تقدیر بالکل خلاف مقصود ہے +

وَالسَّابِعُ ان التناسب بین المحذوف فی المفرغ وبین مزعوم المخاطب امر اھم عند البلیغ وقد فات علی تقدیر موجود وما یرادفہ کما لا یخفی ؕ

وجہ ہفتم یہ ہے۔ کہ محذوف مابین مفرغ۔ اور مابین گمان مخاطب جو مناسب پائی جاتی ہے۔ وہ اہل بلاغت کے نزدیک عین مقصود ہے اور لفظ موجود۔ یا ممکن کے مقدر لانے کی صورت میں مناسبت مذکورہ بالکل جاتی رہتی ہے۔ جیساکہ دلائل مذکورہ بالا سے ثابت ہو چکا ہے۔ کہ مخاطب کا گمان یہ ہے کہ خداوند تعالےٰ اور اصنام میں غیریت ہے اور یہ ظاہر ہے کہ وجود۔ اور غیریت میں کوئی مناسبت نہیں ہے +

وَالثَّامِنُ انہ لابد من القرینۃ علی المحذوف اتفاقاً ولا قرینۃ علی تقدیر موجود او ممکن اذ قرینۃ الزعم یدل علی حذف غیرہ دون موجود او ممکن قیاساً علی سایر المفرغات من قولہ تعالیٰ۔ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ وغیرہ مما ذکرناہ ؕ

وجہ ہشتم یہ ہے کہ محذوف کے لئے قیام قرینہ کی ضرورت ہے اور موجود یا ممکن کے مقدر ہونے کا کوئی قرینہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ گمان مخاطب کا قرینہ لفظ وغیرہ کے محذوف ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ نہ کہ لفظ موجود۔ یا ممکن پر۔ اور یہی قیاس دوسرے مفرغات میں بھی ہوتا ہے۔ اس لئے کہ ان میں عین مزعوم۔ یا عکس مزعوم محذوف ہوتا ہے۔ جیساکہ اللہ تعالےٰ کے اس ارشاد سے ظاہر ہے (ما محمد الا رسول) اور دوسرے مفرغات میں بیان کیا جا چکا ہے +

الا اذا کان ما وقع فیہ المفرغ ظرفاً او شبہہ فالمقدر

فیہ امران۔

اَلْاَوَّل لفظ من العامہ لتعلق الظرف وشبھہ بہ ۔

وَالثَّانِی امران او وصفان لجعلہ مستثنیٰ منہ کما مر تفصیلہ فی لاعلم لنا ولاطاقۃ لنا۔ واما تقدیر الموجود فی مثل لا فتیٰ الا علیٌ فلا یذھب الیہ الا ذھن البلید الحمیر دون البلیغ الخبیر ۔

قاعدہ کلیہ یہ ہے۔ کہ جب مستثنیٰ مفرغ ظرف اور شبہ ظرف کی قسم سے نہ ہو۔ تب مفرغ میں عین مزعوم۔ یا عکس مزعوم محذوف ہوتا ہے۔ اور اگر مستثنیٰ مفرغ ظرف یا شبہ ظرف ہو تو اس میں دو چیزیں مقدر ہوا کرتی ہیں ۔

الف موجود۔ یا حاصل۔ وغیرہ جو الفاظ عامہ ہیں۔ تاکہ ظرف اور شبہ ظرف کا ان کے ساتھ تعین ہو ۔

ب لفظ (امران) یا (وصفان) تاکہ یہ مستثنیٰ منہ قرار دئے جائیں۔ جس کے تفصیل (لاعلم لنا) و (لا طاقۃ لنا) میں بیان کی جا چکی ہے لیکن اگر کوئی شخص لفظ موجود یا ممکن لا فتیٰ الا علی میں مقدر کرے۔ تو بلاغت نہایت بعید ہو گا۔ اس لئے کہ بلیغ کا رجحان ذہن ایسے لغویات کیطرف مائل نہیں ہو سکتا ۔

اذ البلیغ ینظر الی القرینہ ولا قرینۃ الا علی المتعدد المزعوم المدفوع من علی وغیرہ وذو الفقار وغیرہ من السیوف لا علی الموجود او الممکن ۔

اس کی وجہ یہ ہے کہ بلیغ ہمیشہ قرینہ پر نگاہ رکھتا ہے کہ قرینہ کس قسم کے محذوف کو چاہتا ہے۔ اور (لا فتیٰ الا علی) اور (لا سیف الا ذو الفقار) میں گمان مخاطب کا تو یہی ہے۔ کہ مثل علی کے دوسرے علی۔ اور مثل ذو الفقار کے دوسری تلوار کا امکان ہے۔ تب یہاں قرینہ اس بات کا مقتضی ہے کہ مخاطب کا گمان دفع کیا جائے۔ اس وجہ سے تقدیر عبارت یوں ہوگی (لا فتیٰ امران علی وغیرہ الا علی) و (لا سیف امران ذو الفقار وغیرہ ذو الفقار) ۔

ومنشاء غلط الاکابر لتقدیر موجود فی لا الٰہ الا اللہ

وغیرہ من القول المعروف انهم لما رأوا الكثرة تقدیر موجود فی خبر لا فی الظرف وشبهه حكموا ان خبر لا التی وقع فی المفرغ بلا ظرف ایضاً كذلك ولم یشعروا انه لا بد للمحذوف من القرینة ولا قرینة علی تقدیر موجود فی المفرغ وقرینة الزعم یابی عن تقدیر موجود او ممكن ۵

اس سے یہ مراد متحقق ہوگیا۔ کہ لفظ موجود۔ یا ممکن کا کوئی قرینہ نہیں تھا۔ اور تمام علماء عظام نے (لا الہ الا اللہ) میں اور (لا فتی الا علی) میں لفظ موجود کو غلطی سے مقدر مانا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ جب انہوں نے ظرف اور شبہ ظرف میں لائے نفی جنس کی خبر میں بکثرت لفظ موجود یا ممکن کو آتے دیکھا تو انہوں نے بے سمجھے بوجھے یہ فرض کرلیا کہ اگر لائے نفی جنس کی خبر مستثنیٰ مفرغ میں (غیر ظرف) بھی واقع ہو تو بھی وہاں لفظ موجود یا ممکن مقدر ہوگا۔ اور یہ امر نہیں سمجھے کہ وہاں محذوف کے لئے قرینہ درکار ہے اور ماسوا ظرف کے مفرغ میں موجود کے مقدر لانے کا کوئی قرینہ نہیں ہے اگر گمان مخاطب کا قرینہ۔ جو مفرغ میں ہے۔ وہ موجود یا ممکن کی تقدیر سے منکر ہے ۵

واما فی الظرف وشبهه فالقرینة علی تقدیر موجود ومایرادفه هو الظرف وشبهه لاقتضائهما التعلق كالافعال العامة۔ واما غیرهما فلا یخلوا من ان یكون مستثنیٰ وغیره فلا بحث لنا فی الثانی والمستثنیٰ لا یخلوا من ان یكون مفرغا وغیره فغیر المفرغ یتعلق بما یتعلق به المستثنیٰ منه المذكور من عامله۔ والمفرغ ایضاً یتعلق بما یتعلق به المحذوف لقیامه مقامه فلا احتیاج له من حیث التعلق الی غیر عامله من الافعال العامه او الخاصة۔ فتقدیر موجود فیما وقع فیه المفرغ یستدعی قرینة ولا قرینة علیه فبطل تقدیر موجود فی المفرغ غیر الظرف وشبهه فاحفظ لئلا تقع فی الغلط ۵

لفظ موجود یا ممکن کے مقدر لانے پر قرینہ خود ظرف۔ اور شبہ ظرف ہی ہے۔ اس لئے کہ ظرف اور شبہ ظرف افعال عامہ کے ساتھ تعلق کا محتاج ہے اور لفظ موجود یا ممکن وغیرہ افعال عامہ ہیں۔ لیکن غیر ظرف اور شبہ ظرف یا تو مستثنیٰ ہوگا۔ یا غیر مستثنیٰ اور غیر مستثنیٰ سے تو ہمیں کچھ کام نہیں ہے۔ لیکن جو غیر ظرف اور شبہ ظرف مستثنیٰ ہے اُس کی دو قسمیں ہیں (۱) مفرغ (۲) غیر مفرغ۔ غیر مفرغ ایسے عامل سے متعلق ہوتا ہے جس کا مستثنیٰ منہ متذکرہ سے متعلق ہو۔ اور مفرغ بھی ایسی چیز کے ساتھ متعلق ہوتا ہے جس سے محذوف کا تعلق ہو کیونکہ وہ چیز محذوف کے قائم مقام ہے اس سے یہ معلوم ہوا کہ مفرغ اپنے عامل کے ساتھ خواہ وہ افعال عامہ سے ہو یا افعال خاصہ سے ہو تعلق کا محتاج نہیں ہے۔ پس لفظ موجود کا ایسے کلام میں مقدر کرنا بالکل غلط ہے جس میں مفرغ قرینہ کا طلبگار ہے۔ اور غیر ظرف اور شبہ ظرف ہے اور کوئی قرینہ بھی لفظ موجود یا ممکن کے تقدیر پر نہیں پایا جاتا ہے۔ یہاں تک تو وجوہات عقلی بیان کی گئیں ٭

وامّا نقلاً اوّلاً فلان قولہ علیہ السلام لا الہ غیرک تفسیر الکلمۃ الطیبۃ ولا احتمال لتقدیر موجود فیہ لان غیرک بالرفع خبرٌ مذکورٌ فلا یقال ان الخبر محذوف وغیرک بمعنی سواک صفۃ للا الہ لان رفعہ یابی عن کونہ صفۃ للمنکور المنصوب ٭

اب وجوہات نقلی جو کہ موجود کی تقدیر کو باطل کرتے ہیں۔ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں (۱) حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ قول کہ (لا الہ غیرک) جو کلمہ طیبہ کی تفسیر ہے اور جس میں لفظ موجود کے مقدر کرنے کا احتمال تک بھی نہیں ہے اس لئے کہ لفظ غیرک حالت رفعی میں لا مذکورہ کی خبر ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص غیرک کے معنی (سواک) قرار دیدے۔ اور الہ منکور کی صفت ٹھہرائے پس اس حالت میں چونکہ صفت اپنے موصوف کے اعراب میں تابع ہوتی ہے۔ لہذا غیرک منصوب پڑھا جائیگا اور فی الحقیقت لفظ غیرک مرفوع ہے۔ اور الہ منصوب کی صفت نہیں ہے ٭

وَثَانِیًا فلان قولہ سبحانہ۔ مالکم من الٰہ غیرہٗ۔ فی المواضع عدیدۃ والادلۃ المذکورۃ فی الکتاب نحو لو کان فیھما الھۃ الا اللّٰہ لفسدتا یدل دلالۃً قطعیّۃً علی نفی الغیریۃ بین المنکور وبینہ سبحانہ اذ الٰہ اللّٰہ بمعنی غیر اللّٰہ بالاتفاق وتفسیر النبی صلے اللہ علیہ وسلم موافقٌ لقولہ سبحانہ فی الادلۃ۔ فوجب ان یقدر فی المدلول ما ھو العکس للمفرغ المزعوم للمخاطب ای غیر اللّٰہ لیتم التقریب۔ وعلی تقدیر موجود ومایماثلہ لایتم التقریب اصلاً کما سیظھر فی الادلۃ ان شاء اللّٰہ تعالٰی۔ فظھر غلط الاکابر فی تقدیر المحذوف موجودًا کان او ممکنًا وجعلھم دلالۃ النفی قرینۃ علیہ ۵

(۲) خدائے عزوجل کا یہ ارشاد (مالکم من الٰہ غیرہ) یعنے تمہارے واسطے کوئی معبود غیر خدا نہیں ہے۔ علیٰ ھٰذا کثرت سے دلائل قرآن شریف میں بہت جگہ موجود ہیں۔ جیسے کہ (لو کان فیھما الھتہ الا اللّٰہ لفسدتا) وغیرہ جو کہ قطعی طور پر اس بات پر دلالت کرتے ہیں۔ کہ خدائے تعالیٰ۔ اور الٰہ میں کوئی غیریت نہیں ہے۔ اور (لا الٰہ) باتفاق علماء (غیر اللّٰہ کے معنی میں ثابت ہے) +

اور حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی تفسیر۔ اور قول خداوند تعالےٰ (لو کان فیھما الخ) بالکل موافق ہے جو کہ دلائل میں واقع ہوا ہے پس (لا الٰہ الا اللّٰہ) میں وہ شے مقدر کرنا ہوگی۔ جو گمان مخاطب کے خلاف ہے! اور گمان مخاطب کا یہ ہے۔ کہ اصنام اور حق سبحانہ میں غیریت ہے۔ تب تقریب۔ یعنے سوق دلیل موافق مدعا تمام ہوگی۔ اور لفظ موجود یا ممکن۔ کے قرار دینگے۔ صورت میں تقریب تمام نہیں ہوگی۔ جو بالتفصیل بیان کیا جائیگا پس ان وجوہات عقلی ونقلیہ سے لفظ موجود یا ممکن کے مقدر کرنے میں علماء کی غلطی صاف طور پر ظاہر ہے! اور یہ متحقق ہوگیا۔ کہ انہوں نے دلالت نفی کو محذوف پر جو قرینہ ٹھیرایا ہے وہ بالکل غلط ہے +

اَلْوَصْلُ السَّابِعُ

ان لا الٰہ الا اللہ یرجع الی کلیتین متلازمتین سالبۃ و موجبۃ ای لا شی من الٰہ الممکن الموجود بغیر اللہ وکل الٰہ ممکن موجود باللہ۔ فنقیض السالبۃ الکلیۃ الایجاب الجزئی ای بعض الآلہ الممکن الموجود غیر اللہ ونقیض الموجبۃ الکلیۃ السلب الجزئی ای بعض الٰہ الممکن الموجود لیس باللہ والایجاب الجزئی والسلب الجزئی ایضاً متلازمان آذ السالبۃ البسیطۃ المذکورۃ بعد وجود الموضوع ترجع الی الایجاب الجزئی۔ المذکور۔

ساتویں وصل۔ قضایائے سالبہ کلیہ اور موجبہ جزئیہ ہیں۔ کلمہ طیبہ کے انحصار کے بیان میں۔ کلمہ طیبہ میں دو قضایائے کلیہ متلازمہ پائے جاتے ہیں (۱) سالبہ کلیہ (اے لا شئے من الٰہ الممکن الموجود بغیر اللہ) یعنے کوئی چیز معبود ممکنہ موجودہ سے غیر خدا نہیں ہے (۲) موجبہ کلیہ (اے کل الٰہ ممکن موجود باللہ) یعنے ہر معبود ممکنہ موجودہ خدا ہے۔ جن کے نقایض حسب ذیل ہیں۔

الف۔ سالبہ کلیہ نقیض موجبہ جزئیہ ہے۔ (اے بعض الالٰہ الممکن الموجود غیر اللہ) یعنے بعض معبود ممکنہ موجودہ غیر خدا ہیں۔

ب۔ موجبہ کلیہ کے نقیض۔ سالبہ جزئیہ ہے (اے بعض الالٰہ الممکن الموجود لیس باللہ) یعنے بعض معبود ممکنہ موجودہ۔ خدا نہیں ہیں۔ ایجاب جزئی۔ اور سلب جزئی میں بھی دونوں متلازم ہیں۔ اس لئے کہ سالبہ بسیطہ مذکورہ یعنے لا شئے من الالٰہ الممکن الموجود بغیر اللہ) وجود موضوع کے بعد ایجاب جزئی مذکورہ یعنے بعض الالٰہ الممکن لیس باللہ) کی طرف راجع ہے۔

فلا بد ان یشتمل قولہ سبحانہ۔ لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا علی نقیض المطلوب لعدم اشتمالہ علی عین المطلوب اذ الدلیل علی ھیئۃ القیاس الاستثنائی ولا بد من

اشتمالہ علی نفس المطلوب ای لا الٰہ الا اللہ او نقیضہ۔ و لیس مشتملا علی عین المطلوب بدیہۃ فیجب اشتمالہ علی نقیضہ وھو بعض الالہ غیر اللہ والا لا ینتج المطلوب لعدم اشتمالہ علی وضعہ ؕ

اور بوجہ دلیل کے مطلوب پر مشتمل ہونے کے خدائے تعالیٰ کا یہ ارشاد (لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا) نقیض مطلوب پر مشتمل ہے اس لئے کہ دلیل مذکورہ (قیاس استثنائی) کی صورت میں ہے۔ اور یہ امر ضروری ہے۔ کہ دلیل استثنائی یا تو نفس مطلوب پر مشتمل ہو۔ جو (لا الہ الا اللہ) ہے۔ یا نقیض مطلوب پر مشتمل ہو۔ جو (بعض الا لہ غیر اللہ) اور یہ بداہتاً نفس مطلوب یعنے (لا الہ الا اللہ) پر مشتمل نہیں ہے۔ تب خواہ مخواہ نقیض مطلوب پر اس کا اشتمال واجب ہے۔ جو (بعض الالہ غیر اللہ) ہے اور اگر دلیل مذکورہ عین مطلوب اور نقیض مطلوب دونوں پر مشتمل ہوگی۔ تو عدم اشتمال کے سبب سے وضع اصلی پر نتیجہ مطلوب میں غیر منتج ہوگی +

و وجہ غلط الاکابر فی الرجوع انھم زعموا ان لا الٰہ الا اللہ یرجع الی سالبۃ کلیۃ و موجبۃ جزئیۃ ای لا شئ من الالہ بموجود و اللہ موجود۔ فنقیض الاول بعض الالہ موجود و نقیض الثانی اللہ لیس بموجود۔ و لا تلازم بین النقیضین المذکورین حتی یغنی ذکر احدھما فی الدلیل عن الاخر۔ فالدلیل المذکور علی مذھبھم یشتمل علی جزء النقیض المطلوب و ھو بعض الالہ موجود دون کلہ لان نقیض المطلوب مرکب من ایجاب جزئی و ھو بعض الالہ موجود۔ و سلب جزئی و ھو اللہ لیس بموجود فالدلیل مشتمل علی ایجاب جزئی لا علی سلب جزئی لحملھم الا فی الدلیل علی غیر دون الاستثناء ؕ

اب علماء کی غلطی بالتصریح بیان کی جاتی ہے۔ جو یہ ہے۔ کہ علما نے یہ گمان کیا کہ کلمہ (لا الہ الا اللہ) قضایای سالبۂ کلیہ۔ اور موجبۂ جزئیہ پر مشتمل ہے۔ یعنی (لا شئ من الالہ بموجود و اللہ موجود) یعنے کوئی شے اللہ سے موجود

نہیں ہے۔ اور اللہ موجود ہے۔ حالانکہ موجبہ جزئیہ۔ سالبہ کلیہ کی نقیض ہے اور وہ نقیض (بعض الالہ موجود) ہے اور قضیۂ دوم۔ یعنے موجبہ جزئیہ کی نقیض (اللہ لیس بموجود) ہے پس ان نقیضین میں۔ ایسا تلازم نہیں پایا جاتا ہے۔ کہ اگر ایک نقیض دلیل میں مذکور ہو تو۔ دوسرے نقیض کی احتیاج جاتی رہے۔ اور دلیل مذکورہ علماء کے مذہب کے لحاظ سے نقیض مطلوب کے ایک جزو پر مشتمل ہے جو یہ ہے کہ (بعض الالہ موجود) اور سلب جزئی (اللہ لیس بموجود) سے مرکب ہے۔ تب یہ بخوبی ظاہر ہوگیا۔ کہ دلیل مذکورہ کا اشتمال۔ صرف ایجاب جزئی پر (بعض الالہ موجود) پر ہے اور نقیض کی جزو ثانی یعنے (اللہ لیس بموجود) نہیں ہے۔ اور دلیل مذکورہ کی ایجاب جزئی (بعض الالہ موجود) پر اس وجہ سے اشتمال ہے کہ۔ کہ علماء نے لفظ (الہ) کو قطع نظر۔ استثنا کے غیر کے معنی پر مجازاً محمول ہے۔ اور معنی حقیقی سے استثنائیت ہی قطع نظر کی ہے +

ولو حملوہ علی الاستثناء فلا یشتمل الدلیل المذکور علی کلا جزئی نقیض المطلوب لکن یفوت المقصود اذ یصیر معناہ لو کان فیھما الھۃ ولم یکن اللہ موجود لفسدتا۔ فوجہ الفساد بدیھیٌ اذ یفھم منہ لزوم الفساد علی وجود الالہ مع عدم وجود اللہ سبحانہ فلا دلالۃ لہٗ علی نفی شرکتہ مع اللہ فی الوجود فظھر غلطھم فی الرجوع الی سلب کلی وایجاب جزئی ؂

پس اگر علماء کے (الا) کو استثنا پر محمول کریں۔ تب تو دلیل مذکورہ کا اشتمال نقیض مطلوب کے دونوں جزوں پر نہیں رہیگا۔ اور اصل مقصود فوت ہو جائیگا۔ اور دلیل مذکورہ کے یہ معنی ہو جائیں گے کہ (اگر آسمان و زمین میں معبود ہوں۔ اور خدا تعالےٰ موجود نہ ہو۔ تب زمین و آسمان بالضرور برباد ہو جائیں گے) جس معانی کا نقیض ظاہر ہے۔ اس لئے کہ خدا تعالےٰ کی عدم موجودگی۔ اور معبودین کی موجودگی کی صورت میں زمین و آسمان کا فساد لازم آتا ہے۔ دلیل مذکورہ میں ایسی دلالت نہیں پائی جاتی جس سے خدا تعالےٰ کے ساتھ وجود میں شرکت معبودین کی

نفی مستنبط ہو۔ حالانکہ دلیل سے اصل مقصود یہی ہے۔ کہ معبودان غیر خدا کی شرکت کا بطلان ہو۔ پس قضایائے سالبۂ کلیہ اور موجبہ جزئیہ میں کلمہ طیبہ کے انحصار میں علما کی غلطی بخوبی ظاہر ہے +

الوصل الثامن

فی احکام لا الٰہ الا اللہ فلنذکر مقدمۃ فی ذکر نبذ من اصطلاحم فی الاصول اولا حتی یظہر غلطھم ؎

آٹھویں وصل۔ لا الہ الا اللہ کے محکم ہونے کے بیان میں اب ہمیں اس کی ضرورت ہے کہ پہلے ہم ایک مقدمہ ذکر کریں جس میں بعض اصطلاحات فقہی صراحت کے ساتھ مذکور ہوں۔ اور جس سے علماء کی یہ غلطی ظاہر ہو جائے جو انہوں نے تاویل کی وجہ سے کلمہ طیبہ کو از قبیل متشابہات شمار کیا ہے +

مقدمہ

النظم ان ظہر معناہ فان لم یسبق لہ فھو ظاہر۔ وان سیق لہ۔ فان احتمل التخصیص والتاویل فھو النص وان لم یحتمل النسخ فھو المفسر وما لا یحتمل النسخ فھو المحکم ؎

مقدمہ۔ کلام کا انحصار اقسام اربعہ مندرجہ ذیل میں ہے +

(۱) جس عبارت کے معنی ظاہر ہوں۔ اور ظاہر معنی کے واسطے کلام (سیاق) نہ کیا گیا ہو اس قسم کو (نظم ظاہر کہتے ہیں +

(۲) اور اگر معنی ظاہری کے لئے کلام (سوق) ہے اور عبارت تخصیص و تاویل کی متحمل ہے۔ اس قسم کو نص کہتے ہیں +

(۳) اور اگر عبارت تاویل کے قابل نہیں ہے اور نسخ متحمل ہے یعنی اس کی معنی (ظاہری) کسی اور دلیل سے منسوخ ہو سکتے ہیں۔ اس قسم کو (مفسر) کہتے ہیں +

(۴) اور اگر ایسی عبارت ہے جس کے معنی (ظاہری) تخصیص و تاویل کو

بھی قبول نہیں کرتے۔ اور نسخ کی بھی متحمل نہیں ہیں۔ اس قسم کو محکم کہتے ہیں۔
لہذا۔ اس قسم میں۔ یعنے محکم میں (معنی مرادی) کا ظہور۔ اور (سوق کلام) کا معنی مذکورہ کے وجود اور تاویل اور تخصیص اور نسخ کا عدم جوان شرط ہے۔

ولا یخفی ان ما یدل علی توجیب الباری من الکتاب المجید والسنۃ یجب ان یکون محکمًا۔ اذ لا جایز ان یکون ظاھرًا لعدم السوق فیہ ووجوب السوق فی التوحید ولا نصًا ولا یثبت بہ التوحید قطعًا ویقینًا لبقاء الاحتمال فیہ ولو ضعیفًا ولا مفسرًا لاحتمال النسخ والتوحید مما لا یقبلہ اصلًا فیجب ان یکون محکمًا ۵

بڑے اصول فقہ علماء کے قرار دادہ معنی کی تغلیط، جو آیات قرآن مجید اور احادیث اللہ تعالے کی توحید پر دلالت کرتے ہوں۔ اصولاً ان کا محکم ہونا واجب ہے۔ اس لئے کہ یہ جایز نہیں ہے۔ کہ ایسا کلام از قسم نظم ظاہر ہو۔ اس لئے کہ نظم ظاہر میں (سوق کلام) نہیں ہوتا۔ اور سوق کلام کا توحید میں ہونا واجب ہے۔ اور کلام توحیدی کا نص ہونا بھی جائز نہیں ہے اس لئے کہ اس صورت میں کلام مذکورہ سے قطعی اور یقینی طور پر توحید کبھی ثابت نہیں ہو سکتی۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ نص میں تخصیص و تاویل درست ہے۔ جس کی وجہ سے اس میں احتمال باقی رہتا ہے۔ گو وہ احتمال ضعیف ہی کیوں نہ ہو۔ لیکن تاہم احتمال کی وجہ سے یقین حاصل نہیں ہوتا۔ اور کلام توحیدی مفسر بھی نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ مفسر متحمل نسخ ہوتا ہے۔ اور توحید نسخ کو قبول نہیں کر سکتی۔
لہذا یہ واجب ہوا کہ ہر کلام جو توحید سے متعلق ہو محکم ہو۔ اور چونکہ کلمہ طیبہ توحید کی بنیاد ہے۔ لہذا ضرور وہ محکم ہے۔ اور جب کلمہ طیبہ کا محکم ہونا ثابت ہے۔ تب علماء کی وہ تاویلات جو انہوں نے الہ اور خبر لای نفی میں کئے ہیں قطعًا ناجائز ہیں۔ اور جو کچھ ناجائز ہے۔ وہ یقینًا کالعدم ہے پس جس بنیاد پر علماء کے معنی مبنی ہیں۔ جب وہ کالعدم ہے۔ تب وہ معنی بھی بے

اصل ہیں ۔

فالمحکم من الکتاب الذی یدل علی التوحید - قولہ تعالیٰ لآ الہ الا اللہ - وَمَا لَکُم مِّن اِلٰہٍ غَیرُہٗ - وَلَوْ کَانَ فِیھِمَا اٰلِھَۃٌ اِلَّا اللہُ لَفَسَدَتَا - وَلَوْ کَانَ مَعَہٗ اٰلِھَۃٌ کَمَا یَقُولُونَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰی ذِی الْعَرْشِ سَبِیلًا - وَمَا کَانَ مَعَہٗ مِنْ اِلٰہٍ اِذًا لَّذَھَبَ کُلُّ اِلٰہٍ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُھُمْ عَلٰی بَعْضٍ - ولو کان ھؤلاء الٰھۃ ما وردوھا - وقس من السنۃ ۔

قولہ صلی اللہ علیہ وسلم - لآ الٰہ غیرک والذی نفس محمد بیدہ لو انکم ولیتم بحبل الی الارض السفلی لہبط علی اللہ ۔

قرآن شریف میں جو آیات محکمات توحید پر دلالت کرتی ہیں - ان میں سے بعض حسب ذیل ہیں :-

اللہ سبحانہ کا قول (۱) کوئی معبود نہیں ہے - مگر اللہ - (۲) تمہارے واسطے کوئی معبود غیر خدا نہیں ہے - (۳) اگر آسمان و زمین میں غیر خدا معبود ہوتے - تو بالضرور آسمان و زمین برباد ہو جاتے - (۴) یعنی اگر خدا کے ساتھ معبودان ممکن ہوتے - جیسا کہ مشرک کہا کرتے ہیں - تب وہ صاحب عرش سے مقابلہ کے واسطے راستہ ڈھونڈھتے - (۵) اگر خدا کے ہمراہ معبودان ممکن میں سے کوئی معبود ہوتا - تو اس وقت ہر ایک معبود ممکن اپنی مخلوق کو لے جاتا - اور بالضرور یہ بعض معبود بعض معبود پر غالب ہو جاتے (۶) یعنے اگر بت معبود ہوتے تو دوزخ میں نہ گرتے ۔

پس ان آیات پر دیگر آیات کو بھی قیاس کرنا چاہئے - جو توحید سے متعلق ہوں ۔

اور جو احادیث توحید پر دلالت کرتی ہیں وہ یہ ہیں :- (۱) یعنی کوئی معبود غیر خدا نہیں ہے - (۲) یعنے قسم ہے اس کی جس کے دست قدرت میں محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کا نفس ہے - اگر تم ڈول کو رسی کے ذریعہ آیسی زمین

میں ڈالو جس کا بے انتہا گہراؤ ہو۔ اس ڈول کا نزول بھی اللہ ہی پر ہو گا۔ جس سے ظاہر ہے۔ کہ ارض سفلی بھی غیر خدا نہیں ہے +

واعلم ایضًا ان المطلق فی الکتاب والسنۃ یحمل علی مقید فیھما ولو اختلفا حادثۃ عند الشافعی رحمۃ اللہ۔ والمطلق یحمل علی مقیدٍ ان اتفقا حادثۃ عند ابی حنیفہ رحمۃ اللہ فاما اذا اتفقا حادثۃ فنعم الاتفاق علی الحمل عندھما ؕ

واضح ہو کہ قرآن شریف اور حدیث شریف میں (مطلق) مقید پر محمول ہوتا ہے۔ اگر مطلق اور مقید میں از روئے حادثہ اختلاف ہو۔ یہ تو مذہب امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔ اور ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک اس وقت مطلق مقید پر محمول ہوتا ہے۔ جبکہ دونوں میں از روئے حادثہ اتفاق ہو۔ لہذا مطلق کے مقید پر محمول کرنے میں ابوحنیفہ اور شافعی رحمۃ اللہ علیہما دونوں کو اتفاق ہے۔ چونکہ فن اصول کے قواعد کا یہ اقتضا ہے کہ قرآن شریف اور حدیث شریف میں کوئی لفظ اگر کسی جگہ مطلق بے بلا (قید) مذکور ہو۔ اور دوسری جگہ وہی لفظ کسی قید خاص کے ساتھ مذکور ہو۔ تو اُس صورت میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول ہے۔ کہ اگر مطلق اور مقید (مقدمہ واحد) میں ہو۔ تو مطلق کو قید کے معنی پر محمول کرنا چاہئے۔ اور اگر مقدمۂ واحد نہ ہو تو اس صورت میں مطلق کا مقید پر محمول ہونا جائز نہ ہوگا۔ اور امام شافعی رحمۃ اللہ کے نزدیک دونوں صورتوں میں مطلق مقید پر محمول ہوگا +

فالمذکور المطلق ای الالہ فی الادلۃ المذکورۃ الدالۃ علی التوحید محمول علی المقید فیھا اتفاقا لورود المطلق والمقید فی الادلۃ المذکورۃ فی دفع الاشراک والاشراک حادثۃ واحدۃ +

پس دلائل مذکورہ میں جو توحید پر دلالت کرتے ہیں۔ نکرۂ مطلق یعنے الٰہ مقید پر محمول ہوگا۔ جس کے دلائل میں سے ایک دلیل (لوکان فیھما الٰھۃ

الا اللہ لفسدتا بھی ہے۔ اس میں حضرت امام ابو حنیفہ اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہما کو بالکل اتفاق ہے۔ اس لئے کہ دلائل مذکورہ میں مطلق اور مقید دفع اشراک ہی کے لئے ہے۔ اور اشراک حادثہ واسدہ ہے۔ پس اس سے ثابت ہے کہ الٰہ کا مفہوم اصنام ہیں نہ الٰہ حق جس سے علماء کے قرار دادہ معنی بحال نہیں رہ سکتے ۔

وایضًا الدلایل المذکورۃ کلھا علی ھیئۃ القیاس الاستثناء والاستثنائے یجب اشتمالہ علی عین المطارب او نقیضہ وظاھرٌ انہ لا یشتمل شیئٌ منھا علی عین المطلوب وھو لا الہ الا اللہ فیجب اشتمالہ علی نقیضہ وھو بعض الا الہ غیر اللہ - فیجب حمل المذکور المطلق فی ما اطلق علی المقید بغیر اللہ لیصح الاستدلال والا یبطل ۔

اور نیز دلائل مذکورہ سب کے سب قیاس استثناء کی صورت میں واقع ہوئے ہیں۔ اور دلیل استثنائی کے لئے ضرور ہے۔ کہ یا تو وہ نفس مطلوب پر مشتمل ہو یا نقیض مطلوب پر مشتمل ہو۔ لیکن ان دلائل میں سے چونکہ کوئی دلیل نفس مطلوب یعنی (لا الہ الا اللہ) پر مشتمل نہیں ہے۔ لہذا یہ واجب ہوا۔ کہ نقیض مطلوب یعنی (بعض الا اللہ غیر اللہ) کے ساتھ مشتمل ہو۔ لہذا حسب مذکورۂ بالا یہ بھی واجب ہوا۔ کہ نکرۂ مطلق یعنے (الٰہ جن آیات میں مطلق ذکر کیا گیا ہے۔ ان ہی آیات میں (الٰہ مطلق) بسبب صفت غیر اللہ کے (الٰہ مقید) پر محمول کیا جاتا ہے۔ کہ استدلال درست ہو ۔

وما یتوھم ان حملہ علی المقید یخرجہ عن السوق فی الظاھر حقیقۃ فلا یکون محکمًا اذ السوق فی الظاھر لا بد منہ للاحکام فمدفوعٌ بان المراد من السوق فی الظاھر اعم من ان یکون الظاھر حقیقۃ او حکمًا - فالظاھر الحقیقی مثلا المطلق والحکمی المقید - فالصرف عن السوق فی الظاھر الحقیقی الی السوق فی الظاھر الحکمی بقرینۃٍ قطعیۃٍ عقلیۃٍ ونقلیۃٍ لا یخرجہ عن الاحکام ۔

اور اگر یہ وہم پیدا ہو کہ (الہ مطلق) کے (الہ مقید) پر محمول کئے جانے سے (معنی ظاہر حقیقی) میں کلام (سوق) سے خارج ہو جاتا ہے۔ اور اس حالت میں کلام محکم نہیں رہیگا۔ کیونکہ (سوق) (قسم ظاہر) میں محکم کرنے کے واسطے ضروریات سے ہے۔ پس سوال متوہم کا حاصل یہ ہوگا کہ (الہ) اپنے معنی ظاہری میں جس میں سیاق کلام موجود ہے۔ کسی صفت کے ساتھ مقید نہیں ہے۔ اور جس وقت اس کو صفت غیر اللہ کے ساتھ مقید کیا جائے (سوق کلام معنی ظاہری میں نہیں رہیگا) +

حالانکہ محکم میں اُس کی اشد ضرورت ہے۔ لہذا مسائل کا وہم یوں دفع کیا گیا ہے۔ کہ مراد سوق سے قسم ظاہر میں عام ہے۔ خواہ ظاہر حقیقی ہو یا حکمی ہو۔ الف۔ ظاہر حقیقی کی مثال الہ مطلق ہے۔ ب۔ ظاہر حکمی کی مثال آلہ مقید ہے۔ پس یہ تصریف کہ ظاہر حقیقی سے ظاہر حکمی کی طرف سوق ہو از روئے قرینہ قطعی عقلی و نقلی کلام کو محکم ہونے سے خارج نہیں کرتی +

والا یلزم ان لا یکون قولہ سبحانہ واللہ علیٰ کلّ شئ قدیر۔ محکمًا فانہ ایضًا مصروف بالعقل الی شئ ممکن فالعقل یحکم بان اللہ لیس بقادر علی الممتنع والواجب ۵

اور اگر (سوق) ظاہر حقیقی سے ظاہر حکمی کی طرف از روئے قرینۂ عقلی کلام کو محکم ہونے سے خارج کردے۔ تب یہ الزام آتا ہے۔ کہ قول خدائے عزّ وجل۔ (واللہ علی کلّ شئ قدیر) یعنے اللہ تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ محکم نہ ہو۔ اس لئے کہ لفظ (شئ) کے قول مذکورہ میں بھی از روئے قرینۂ عقلی (شئ) ممکن کی طرف تقریب ہے۔ اور عقل یہ حکم کرتی ہے۔ کہ خدا ممتنع و واجب پر قادر نہیں ہے۔ حالانکہ یہ آیت محکمات قرآنی سے ہے +

فالنقلیہ ھو التقید المذکور فی الکتاب المجید والعقلیۃ ماذکرنا فی قولہ۔ واللہ علی کلّ شئ قدیر ۵

پس قرینہ نقلی۔ کتاب مجید میں وہی تقید مذکورہ ہے۔ یعنی لفظ (الا اللہ) (لو کان فیھما الھۃ) میں۔ اور قرینہ عقلی۔ اللہ تعالیٰ کے قول پاک (واللہ علیٰ کل شئ قدیر) میں (شئے ممکن) کے (شئے عام) سے تخصیص ہے) +

فلا یزعموا ان لا الہ الا اللہ - من المتشابہات ویلزم علیہم ان یکون الناس علی اللہ حجۃً اذ المتشابہ لا یعلم تاویلہ الا اللہ فقط او الراسخون فی العلم ایضًا - وَالا میون لیسوا من الراسخین وقد قال اللہ تعالیٰ اذ بعث فی الامیین رسولًا منہم - فتمت الحجۃ لہم علیہ سبحانہ وہم باطل فثبت انہ من بحکمات ۵

اکابر علماء نے کلمہ طیبہ کو از قبیل آیات متشابہات خیال کیا ہے - اور اس وجہ سے ان پر الزام لازم ہوتا ہے - کہ خلق کے واسطے اللہ تعالےٰ پر حجت باقی ہے - کیونکہ متشابہ کی تاویل سوا خدا تعالےٰ کے کوئی نہیں جانتا ہے - یا علماء راسخین جانتے ہیں - اور اُمیانِ اُمّت علماء راسخین میں سے نہیں ہیں - کیونکہ اللہ تعالےٰ قرآن مجید میں فرماتا ہے اذ بعث فی الامیین رسولا منہم یعنی اللہ تعالےٰ نے اُمیوں کے درمیان رسول اُمّی بھیجا - اس سے مخلوق کے واسطے حق سبحانہٗ پر اتمام حجت ہوگئی - اور حجت اور الزام خلق کا حق سبحانہ پر عائد ہونا بالکل باطل ہے - کیونکہ انبیاء علیہم السلام کے ارسال کا یہی فائدہ ہے - کہ خلق کے واسطے اللہ تعالےٰ پر بحث باقی نہیں رہتی - اب بحث مذکورہ سے بخوبی متحقق ہوگیا - کہ کلمہ طیبہ آیات محکمات سے ہے ۵

والمحکم لا یقبل التاویل ومع ذلک الاکابر من العلماء شرقًا وغربًا مطلقًا محدثین ومفسرین منفقہین ومتکلمین قد اولوا - اَوّلًا فی المنکور وثانیًا فی المحذوف فانہم وان تلقوہ لسانًا لکنہم نبذوہ وراء ہم ظہریا من حیث لم یحتسبوا بالتاویل والتحریف الی ما حکموا وہا مہم و تلقوا بالقول بکلمۃٍ باطلۃٍ فی الاشراکِ وہی لا الہ الا غیر اللہ قلبًا من حیث لم یشعروا ۵

اور باوجودیکہ محکم میں تاویل جائز نہیں ہے - لیکن باایں ہمہ تمام علماء اور محدثین اور مفسرین اور فقہا اور متکلمین نے کلمہ طیبہ میں تاویل کی (۱) منکور یعنی

لفظ الہ میں۔ (۲) خبر محذوف میں لفظ (موجود) اور (ممکن) وغیرہ سے اور اسی وجہ سے علماء نے گو زبان سے کلمہ (لا الہ الا اللہ) کو جو کہ دافع شرک ہے۔ کہا۔ لیکن دل سے کلمۃ خبیثہ (لا الہ الا اللہ غیر اللہ) کو جو کہ شرک کی بنیاد ہے قبول کیا۔ یعنے علماء نے اپنے خیالات فاسدہ سے ایسے تاویلی معنے گھڑے جو کہ موجب اشراک ہیں۔ اور اسی کے معتقد ہوئے ÷

وَصْلُ نَهْمٌ

وبالجملة ظهر من الوصول الثمانية المذكورة۔ امور الاول۔ تعين المراد من المنكور المذكور في المدلول والادلة وهو الاصنام وغيرهم من الممكن۔ والثّاني بطلان ارادة المستحق من المنكور۔ والثّالث تعيين المحذوف في المفرغ وهو غير الله۔ والرّابع بطلان تقدير موجود ما يماثله في الخبر۔ والخامس انه لا قرينة على المحذوف الا الزعم وان المخاطب الملقى اليه يزعم العكس وهو انه لا اله الا غير الله۔ والسّادس۔ ان لا اله الا الله من قبيل قصر الموصوف على الصفة لا العكس وانه قصر قلب دون الافراد والتعيين ۞

نویں وصل۔ وصول سابقہ کے مضامین کے بیان میں خلاصۂ کلام یہ ہے۔ کہ وصول ثمانیہ یعنی آٹھوں وصول مذکورہ سے چند امور متعین ہوئے ÷

(۱) الٰہ نکرہ کے مراد کا تعین جو اصنام وغیرہ ممکنات ہیں۔ (۲) ارادۂ مستحق المنکورہ سے باطل ہونا۔ (۳) خبر محذوفہ کا مفرغ میں معین ہونا۔ جو لفظ غیر اللہ ہے۔ (۴) لفظ موجود یا ممکن وغیرہ کے تقدیر کا خبر میں باطل ہونا۔ (۵) گمان مخاطب کے سوا محذوف مذکورہ پر کسی قرینہ کا نہ ہونا۔ اور جن کی طرف کلمہ طیبہ القا کیا گیا ہے وہ مشرکین عرب سے۔ جو اس کے خلاف (لا الہ غیر اللہ) خیال کرتے تھے (۶) یہ کلمہ طیبہ از قبیل قصر موصوف بر صفت ہے اور از قبیل

قصر صفت بر موصوف نہیں ہے اور قصر قلب ہے۔ قصر افراد و تعین نہیں ہے ۔

وَالسَّابِعُ انها مشتملة على حكمين ايجابًا و سلبًا۔ فالسَّلب راجع الى الغير والايجاب الى الله ۔ وَالثَّامن انها محكم من محكمات الكتاب لايقبل التاويل اصلاً۔ وَالتَّاسِعُ انها ترجع الى كليتين متلازمين سالبة وموجبة لا الى سالبة كلية وموجبة جزئية كما زعموا۔ وَالعَاشِرُ اِنَّهَا نزلت لرد زعم الغيرية الموهومة للمشركين بينه سبحانه وبين سائر الاشياء۔ وَالحادى عشر ان وحدة الوجود ثابتة بالعقل والنقل كلهما ولا تغاير بينه سبحانه و بين العالم الا عتبار أو وهمًا۔ وَالثانى عشر ان ما قال العلماء فى تفسير الكلمة وتاويلها مخالف الكتاب والسنة اصول البلاغة و موافق الاوهامهم ۔

(۷) کلمہ طیبہ دو حکم ایجابی وسلبی پر مشتمل ہے۔ اور سلب غیر کی طرف راجع ہے۔ اور ایجاب خدا تعالےٰ کی طرف (۸) کلمہ طیبہ محکمات کتاب سے ہے اور محکم ناقابل تاویل ہے۔ (۹) کلمہ طیبہ (دو قضیہ کلیہ متلازمہ سالبہ وموجبہ) پر مبنی ہے نہ کہ سالبہ کلیہ اور موجبہ جزئیہ پر۔ جیسا کہ علماء نے گمان کیا ہے۔ (۱۰) یہ کہ کلمہ طیبہ مشرکین کے گمان کی تردید کے واسطے نازل ہوا ہے۔ اور ان کا گمان یہ تھا۔ کہ (خدا تعالےٰ اور دیگر اشیاء میں غیریت ہے (۱۱) یہ کہ وحدت وجود ثابت ہے۔ عقل اور نقل دونوں سے۔ اس لئے کہ خدائے سبحانہٗ اور عالم میں جدائی اور تمیز نہیں ہے سوائے اعتبار اور وہم کے۔ (۱۲) جو کچھ کہ علماء نے کلمہ طیبہ کی تفسیر اور تاویل میں بیان کیا ہے۔ وہ بالکل قرآن شریف اور حدیث شریف اور قواعد بلاغت کے خلاف ہے۔ اور صرف ان کے اوہام کے مطابق ہے ۔

فالمان واجب علينا تفسيرا لكلمة الطيّبة و ادلتها على ما هو مطابق للواقع والعقل والنقل موافقا لقواعد البلاغة دافعًا للوهم رافعًا للشرك الجلى والخفى مرتبطًا بالايات

المحکمات والنصوص الظاھرات بلا تاویلٍ وتخصیصٍ ھا انا اشرع فی المقصود ؕ

اب ہم پر یہ واجب ہوا۔ کہ کلمہ طیبہ کی تفسیر اور دلائل اس طریقہ سے بیان کریں۔ کہ جو مطابق واقع ہوں۔ اور عقل اور نقل کے بھی موافق ہوں۔ اور قواعد بلاغت سے بھی اُن کی مطابقت پائی جائے۔ اور جن سے وہم اور شرک خفی وجلی کا ارتفاع ہو۔ اور آیات محکمات اور فصوص جن میں تاویل وتخصیص کی گنجائش نہ ہو۔ اُن سے تائید ہو۔ پس ہم اپنا مقصود آغاز کرتے ہیں ٭

الاصل الاول

فی تفسیر لا الہ الا اللہ وغیرہ مما یدل علی التوحید اخباراً ولا یخفی ان المراد علی ما ھو الحق من لا الہ الا اللہ لا یظھر الا بعد ظھور امور المذکورۃ فی الوصل وقد عرفت ظھورھا بما لا مزید علیہ ؕ

اصل پہلی۔ کلمہ طیبہ کی تفسیر اور توحید کے بیان میں۔ اور ماسوا کلمہ طیبہ کے اُن چیزوں کے بیان میں جو توحید پر ازروئے اخبار دلالت کرتے ہیں۔ وصل ہائے سابقہ میں جو امور ذکر کئے گئے ہیں۔ اُن کے اظہار کے بعد کلمہ طیبہ سے وہی مراد ظاہر ہوتی ہے۔ جو واقعی ہے ٭

فلا الہ الا اللہ معناہ علی ما ھو المراد عند اللہ لا الہ من الالھۃ الممکنۃ فقط الموجود ای الاصنام والاوثان والتماثیل وغیرھم ممن یطلق علیہ المنکور غیر اللہ الا اللہ۔ فلما استثنی من المحذوف المذکور اللہ بقی فی المورد النفی والملاصق بالنفی کلیٌ کثیراً فزاد ؕ

پس (لا الہ الا اللہ) کی واقعی معنی یہ ہیں کہ (کوئی معبود ان ممکنۂ موجود یعنے اصنام وغیرہ میں سے جن پر آلہ منکور کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ غیر خدا نہیں ہے۔ مگر خدا) جب محذوف مذکورہ یعنے غیر اللہ سے اللہ مستثنیٰ کیا گیا۔ تو (غیر اللہ)

ہی تحت نفی باقی رہا۔ اور لا نفی کی قریب۔ جو لفظ الٰہ ہے۔ وہ کل کثیر الافراد جس سے مراد الٰہ ممکن ہے اور ممکن کی افراد بیشمار ہیں +

فیرجع المفاد الی کلیتین سالبۃ و موجبۃ ای لا شئ من الالٰہ بغیر اللہ و کل الٰہ ھو اللہ۔ فحصل التوحید بین الآلھۃ الممکنہ و بینہ سبحانہ بعبارۃ المحکمۃ

کلمہ طیبہ کا انحصار و قضایائی سالبہ کلیہ و موجبہ پر ہے۔ قضیۂ سالبہ تو یہ ہے کہ (کوئی چیز معبودان ممکن سے غیر خدا نہیں ہے) اور قضیۂ موجبہ یہ ہے۔ کہ (ہر معبود ممکن عین خدا ہے) اس سے معبودان ممکنہ اور حق سبحانہ میں۔ عبارت نص یعنی کلمہ طیبہ سے عینیت ثابت ہوئی +

واذا حصل التوحید المذکور حصل التوحید بین سایر الاشیاء و بینہ سبحانہ بدلالۃ المحکم۔ اذ لا فارق بین ممکن و ممکن اخر فحصل من الجمع بین العبارۃ و الدلالۃ لا موجود مطلقا الھا او غیرہ جزئیا او کلا جزئیا او کلیا او معقولا محسنا او قبیحا الا اللہ المعبر بالفارسیۃ ہمہ اوست

اور جب معبودان ممکنہ اور خدا میں۔ توحید ثابت ہوئی۔ تب محکم دلالت النص سے حق سبحانہ۔ اور دیگر اشیاء میں بھی توحید ثابت ہو گئی۔ اس لئے کہ دونوں ممکنوں میں کوئی باعث امتیاز نہیں ہو سکتا۔ جو ایک ممکن تو معبود ہو۔ اور دوسرا ممکن معبود نہ ہو۔ اور عبادت النص۔ اور دلالت النص میں اجتماع سے حکم عام منتج ہو گا۔ جس کے معنی یہ ہونگے۔ کہ نہیں ہے کوئی موجود علی الاطلاق آلہ ہو یا غیر آلہ۔ جزئی ہو۔ یا کلی محسوس ہو یا معقول ہو نیک ہو یا بد مگر خدا جس سے ہمہ اوست مراد ہے +

ویرجع المفاد الی لا شئ من الموجود مطلقا بغیر اللہ فارتفع الغیریۃ بین الموجود مطلقا و بینہ سبحانہ بالکلیۃ فلیس لغیرہ سبحانہ مصداق اصلا کشریک الباری۔ و اما مفھومہا فھو موجود معقول داخل فی المقصور

اور کلمہ طیبہ کا مفہوم رجحان ذہن کو اس طرف مائل کرتا ہے۔ کہ موجودات میں سے کوئی شے خواہ کیسی ہی ہو (غیر خدا نہیں ہے) اس لئے کہ عینیت کا ایجاب غیریت کے سبب کا متلزم ہے۔ پس موجودات میں اور خدائی پاک میں کسی طرح سے غیریت اور جدائی نہیں ہے۔ غیر خدا کا مطلقاً کوئی مصداق نہیں ہے جیسے شریک باری کا مصداق نہیں ہے لیکن غیریت کا مفہوم موجود عقلی ہے۔ جو الٰہ مقصورہ کے افراد میں شامل ہے ٭

ولما کان ھذا المفاد من العینیۃ خلاف الموھوم صنم معہ خلاف المعھود وھو المعجزۃ لیثبت خلاف الموھوم بخلاف المعھود للتجانس بینھما ٭

اور چونکہ عینیت کی معنی خلاف تھی۔ لہذا اُن کا ایسی شے کے ساتھ اظہار کیا گیا۔ جو خلاف عادت تھی۔ جو معجزہ ہے۔ تاکہ خلاف عادت امر سے خلاف وہم امر ثابت ہو۔ اس لئے کہ خلاف وہم یعنے (عینیت) اور خلاف عادت یعنی (معجزہ) میں ایک قسم کی مناسبت ہے ٭

وینطبق علیہ قولہ علیہ السلام لا الہ غیرک فانہ تفسیر لقولہ لا الہ الا اللہ ای لا الہ من الالھۃ غیرک فاذا ثبت التوحید بین الالھۃ وبینہ سبحانہ عبارۃ فثبت بین غیرھا وبینہ سبحانہ دلالۃ اذ لا فارق بین ممکن وممکن اخر ٭

اور (لا الہ الا اللہ) کی معنی مذکورہ۔ اور پیغمبر علیہ السلام کے اس قول میں (لا الہ غیرک) بالکل مطابقت ہے۔ اس لئے کہ یہ قول کلمہ طیبہ کی تفسیر ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ (کوئی معبود معبودان ممکن میں سے سوائے تیرے نہیں ہے) پس جس وقت معبودان ممکن اور حق سبحانہ میں از روئے عبارت النص توحید ثابت ہوگئی۔ تب غیر معبودان ممکن۔ اور خدا تعالےٰ میں بھی دلالۃ النص کی اعتبار سے توحید ثابت ہوگئی۔ کیونکہ کوئی فارق ممکن معبود۔ اور غیر ممکن معبود میں نہیں ہے ٭

وجہ التفسیر انہ لا فارق بین الحدیث وبین السالبۃ المفہومۃ من لا الہ الا اللہ الا بزیادۃ شئ ومن والالف واللام فی الموضوع وبزیادۃ الباء فی المحمول فیہا۔ فالحدیث فصیح وبلیغ والسالبۃ المذکورۃ لیست لذلک وبالحدیث یعلم ان المحذوف فی لا الہ الا اللہ لیس موجودا او ممکنا علی ما توہم بل غیرہ ؕ

اور وجہ تفسیر یہ ہے۔ کہ حدیث میں (اور قضیہ سالبہ) میں جو کہ (لا الہ الا اللہ) سے مفہوم ہوتا ہے۔ کوئی فارق نہیں ہے۔ اگر اس (قضیۂ سالبہ میں) لفظ (شے) حرف (من) اور (الف) اور (لام) موضوع ہیں اور بالمحمول میں زیادہ نہ ہو۔ لہذا حدیث مذکورہ۔ فصیح اور بلیغ ہے۔ اور قضیۂ سالبہ مذکورہ۔ حدیث مذکورہ کی طرح فصیح و بلیغ نہیں ہے۔ اس لئے کہ حدیث مذکورہ عرب کا فصیح تر کلام ہے۔ پس حدیث مذکورہ سے یہ ثابت ہوا۔ کہ خبر محذوفہ کلمہ طیبہ میں لفظ (موجود) یا (ممکن) جیسا کہ علماء نے گمان کیا ہے۔ بلکہ لفظ غیر اللہ ہے ؕ

وینطبق علیہ قول بعض الکبراء قدس سرہ واسرارہم ؕ

تیغ لا در قتل غیر حق براند ۔۔۔ در نگر زاں پس کہ بعد از لا چہ ماند
ماند الا اللہ و باقی جملہ رفت ۔۔۔ شاد باش ای عشق شرکت سوز وقت

وجہ التطبیق ان المراد بالقتل فی قولہ

تیغ لا در قتل غیر حق براند

غیر الحق ای غیر اللہ سبحانہ عن المنکور عبارۃً وعن غیرہ دلالۃً لا عبارۃً والا فکیف یصدق قولہ

ماند الا اللہ باقی جملہ رفت

اور عینیت میں بعض صوفیہ کرام قدس سرہم یعنی مولانا جلال الدین رومی کا قول کلمہ طیبہ سے بالکل مطابق ہے جنہوں نے اپنی مثنوی میں کلمہ طیبہ کے معنی یہ بیان فرمائے ہیں۔ یعنے ؕ

تیغ لا در قتل غیر حق براند ورنگرزاں پس کہ بعد از لا چہ ماند

غیر حق پر چل گئی جب تیغ لا۔
دیکھ لا کے بعد کیا باقی رہا

ماند الا اللہ و باقی جملہ رفت شاد باش اے عشق شرکت سوز و رفت

رہ گیا الا اللہ باقی سب گیا
جل گئی شرکت رہو خوش عاشقا

اور وجہ تطبیق یہ ہے کہ قتل سے مصرعہ اوّل میں غیر حق کی نفی الٰہ منکور سے از روئے عبارت النص نہیں ہے ورنہ مولانائے روم کا یہ قول صادق نہ آتا۔ کہ ؎

ماند الا اللہ و باقی جملہ رفت

والمراد من کلمۃ لا فی قولہ بعد از لا چہ ماند نفی غیر حق عن المنکور وغیرہٖ عبارۃً و دلالۃً لا نفسہ لا و لا فبعد لفظ لا إسمہ المنکور لا إلٰہ اللہ۔ وظاھر انتفاء غیر الحق عمومًا لا یتصور الا علی تقدیر حذف غیر اللہ فی المفرغ دون موجود ونحوہٗ

اور کلمہ لا سے مولانائے رُوم قدس سرّہٗ کے قول میں بعد لا کے الٰہ منکور اور غیر الٰہ منکور سے از روئے عبارت النص اور از روئے دلالت النص نفی غیر حق مراد ہے۔ لفظ (لا) مراد نہیں ہے یعنی مصرعہ ثانی میں کلمہ (لا) سے صرف لا مراد نہیں ہے ورنہ بعد لفظ (لا) کے (لا کا اسم منکور باقی رہتا۔ (الا اللہ) باقی نہ رہتا اور ظاہر ہے کہ از روئے عموم غیر حق کی نفی یعنے غیر کی (الٰہ) اور (غیر الٰہ) دونوں سے متصوّر نہیں ہے مگر اس صورت میں جبکہ لفظ غیر اللہ محذوف ہو۔ نہ کہ لفظ موجود اور ممکن وغیرہ۔

فقولہ قدس سرہ لا ینطبق الا علی ما قلنا من لا الغیر اللہ الا اللہ۔ فإذا ارتفع غیر اللہ بسیف النفی بمنطوق المحکم و مدلولہ معًا فلم یبق الا اللہ فیصدق ؎

ماند الا اللہ و باقی جملہ رفت

لہٰذا مولانا روم کی تطبیق۔ اوسی ترکیب مذکورہ سے ہوتی ہے جس کی

تشریح میں (لا الہ غیر اللہ الا اللہ) ہم نے بیان کیا ہے۔ اور جس وقت غیر خدا کا عبارت النص۔ اور دلالت النص سے۔ بذریعہ شمشیر نفی ارتفاع ہوگیا۔ تب خدا کے سوا۔ کچھ باقی نہیں رہا۔ اور یہ مصرعہ صادق آیا ؎

ماند الا اللہ و باقی جملہ رفت

وینطبق ایضاً علی ما قلنا قولہ سبحانہ حکایۃً عن المشرکین۔ اجعل الآلہۃ الٰھاً واحداً ان ھذا لشیٔ عجاب فانھم کانوا اھل اللسان فھموا ما ھو المراد من لا الٰہ الا اللہ من القصر والحصر والمقام ومقتضی الحال فالقصر والحصر یفید التوحید بین الآلہ وبینہ سبحانہ فقالوا ما قالوا من اجعل الآلہۃ الٰھۃ ای نزعم الآلہۃ الٰھاً واحداً ان ھذا لشیٔ عجاب ۵

اور نیز اس ترکیب کے ساتھ بھی تطبیق پائی جاتی ہے۔ جو کلمہ طیبہ میں حق سبحانہ کا قول پاک ہم نے بیان کیا ہے۔ جو مشرکین کی حکایت پر مبنی ہے اور وہ یہ ہے۔ (اجعل الآلہۃ الٰھا واحدا ان ہذا لشیٔ عجاب) یعنے آیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام معبودوں کو خدای واحد قرار دیا ہے۔ تحقیق یہ بات عجیب ہے۔ چونکہ مشرکین عرب اہل زبان تھے لہذا انہوں نے کلمہ طیبہ کا مفہوم قصر اور حصر سے بلحاظ مقام ومقتضای حال بخوبی سمجھ لیا۔ اور معبودان ممکن۔ اور حق سبحانہ میں قصر وحصر منتج توحید ہے۔ اسی وجہ سے مشرکین عرب نے کہا (اجعل الآلہۃ الٰھا واحدا ان ہذا لشیٔ عجاب) یعنی معبودان ممکن کا خدائے واحد ہونا۔ تحقیق شی عجیب ہے +

وما قیل فی تفسیر ھذہ الآیۃ ایسعنا ویکفینا اللہ واحداً فی حوائجنا کما یقول محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان ھذا الذی یقول محمد بہ لشیٔ عجاب ای عجیب قولھم لا یوافق لھذا التفسیر ان یرد اجعل الٰھۃ کافیاً او ترک الآلہۃ واتخذ الٰھا واحدا ان ھذا لشیٔ عجاب

دون ینزل اجعل الالھۃ الھا واحدا الخ ۵

اور اس آیت کی مفسرین نے یہ تفسیر بیان کی ہے کہ (آیا ہمارے تمام حاجات میں خدائے واحد کافی ہوگا۔ جیسا کہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) کہتے ہیں) یہ تفسیر مفسرین نے اوہام کے مطابق کی ہے۔ اس لئے کہ تفسیر مذکورہ سے اس وقت تطابق ہوتا جبکہ بجائے آیۃ مذکورہ کے آیت کی یہ عبارت ہوتی (اجعل الاطھتہ کافیا الخ) جس کے معنی یہ ہوتے کہ (آیا محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے خدا کو ہمارے حوائج میں کافی قرار دیا ہے) یا بجائے عبارت مذکورہ کے یہ آیت نازل ہوتی (اترک الالھتہ واتخذ الھا واحدا الخ جس کے معنی یہ ہوتے کہ (آیا محمد صلی اللہ علم نے تمام معبودوں کو چھوڑ دیا۔ اور خدائے واحد کو منتخب کرلیا بتحقیق یہ شی عجیب ہے) یہ آیت یعنی (اجعل الالھتہ الخ) نہ نازل ہوتی +

حاصل کلام یہ ہے ۔ کہ غور طلب صرف یہ امر ہے۔ کہ مشرکین کو کس چیز سے اور کس مقام میں اس قدر تعجب ہوا ہے۔ پس جو کچھ کہ سیاق آیت مذکورہ سے ظاہر ہے وہ یہ ہے۔ کہ جس وقت (لا الہ الا اللہ) کی تبلیغ کی گئی تب دو امور ظاہر ہوئے +

(۱) استکبار۔ چنانچہ آیۃ (اذا قیل لھم لا الہ الا اللہ یستکبرون) سے استکبار ثابت ہے +

(۲) استعجاب۔ چنانچہ (وعجبوان جاءھم منذر منھم وقال الکفرین ھذا ساحر کذاب واجعل الالھتہ الھا واحدا ان ھذا لشیٔ عجاب) سے استعجاب بھی ثابت ہے +

لیکن استکبار کی وجہ یہ تھی۔ کہ اُن کا گمان اصنام کے نسبت غیریت کا تھا۔ اور کلمہ طیبہ سے عینیت سمجھ میں آئی۔ تب انہوں نے سرکشی کی جیسے کہ اسلام کے تمام فریق کیا کرتے ہیں +

استعجاب کی یہ وجہ تھی۔ کہ اُن کا خیال یہ ہوا۔ کہ بہت سے معبودین جو کہ مختلف الحقیقۃ اور مختلف الاوضاع ہیں۔ وہ خدائے یکتا کیونکر ہو سکتے ہیں خدائے یکتا معبودین کثیرہ کا عین کیونکہ ہو سکتا ہے +

پس اگر مشرکین اپنے گمانوں کے مطابق یہ سمجھتے کہ کلمہ کا مقصود حق سبحانہ کے ساتھ معبودیں کی غیریت ہے۔ تب استکبار اور استعجاب کی کوئی وجہ وجہ نہ تھی ٭

فبطل تاویل القاضی البیضاوی بقولہ اجعل الالوھیۃ التی کانت لھم للواحد انتھی حاصلہ اجعل الالوھیۃ المشارکۃ بین جمیع الآلھۃ مختصاً بالٖہ واحدٍ ان ھذا لشیٔ عجاب ۵

اور قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ کی تاویل جو انہوں نے آیت مذکورہ میں بیان فرمائی ہے وہ بھی صحیح نہیں ہے۔ جو یہ ہے۔ کیا محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے تمام معبودین کی ربوبیت مشترکہ معبود یکتا کے ساتھ مختص قرار دی ہے۔ یہ امر البتہ شی عجیب ہے) جو وجوہ قبل ازیں بیان کئے جا چکے ہیں۔ وہی اس کی عدم صحت کی دلیل ہیں ٭

وینطبق علی التوحید قولہٗ موکدٌ بالقسم لنبینا صلے اللہ علیہ وسلم۔ والذی نفس محمد بیدہٖ لو انکم ولیتم بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ۔ ثم قراء ھو الاول والاخر۔ والظاھر والباطن۔ وھو بکل شی علیم ۵

توحید کے ساتھ ہمارے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ ارشاد بالکل مطابق ہے (والذی نفس محمد بیدہ لو انکم ولیتم بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ) یعنی قسم ہے اس خدا کی جس کے دست قدرت میں محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا نفس ہے۔ اگر تم ڈول کو رسی میں باندھ کر نہایت گہری زمین میں ڈالو۔ اس ڈول کا نزول اللہ ہی پر ہو گا۔ اور بعد قول مذکورہ کے حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بطریق استشہاد قرآن شریف کی یہ آیت پڑھی تھی (ھو الاول۔ والآخر۔ والظاھر والباطن۔ وھو بکل شیٔ علیم) یعنے وہی اول ہے۔ وہی آخر ہے۔ وہی ظاہر ہے۔ وہی باطن ہے اور وہی ہر شی کا جاننے والا ہے ٭

وما قال المفسرون فی قولہ تعالی والنجم اذا ھوی۔

ماضل صاحبکم وما غوی من انہ رد لقول قریش فی حق نبینا صلے اللہ علیہ وسلم ضل محمد وغوی لترکہ دین قومہ وَھُمْ ایضاً ۵

اور جو کچھ کہ مفسرین نے خدا تعالےٰ کے قول پاک (والنجم اذا ہوی ماضل صاحبکم وما غوی) کی تفسیر بیان کی ہے۔ کہ آیۂ مذکورہ سے قول قریش کی تردید ہوتی ہے جو کچھ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں وہ کہا کرتے تھے یعنے (ضل محمدؐ وغوی لترکہ دین قومہ) یعنی محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) گمراہ ہو گئے اور رستہ بھول گئے۔ اس لئے کہ انہوں نے اپنی قوم کا دین چھوڑ دیا۔ یہ تفسیر بھی بالکل مفسرین کے وہم کے مطابق ہے ۔

لانھم لو قالوا ما قالوا لترک دین قومہ لسمع منھم ھذا القول قبل البعثۃ وقد اقام فیھم اربعین سنۃً وَمَا سَمِعَ منھم قولاً ثقیلاً بل سمع منھم امیناً صَادِقاً ۔

کیونکہ اہل قریش اگر یہ قول کہتے۔ جیسا کہ مفسرین نے اپنی تفسیر میں (گمراہی) کا سبب قوم کا ترک دین بیان کیا ہے) تب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو ضرور اہل قریش کی زبان سے قول مذکورہ یعنی نسبت گمراہی قبل بعثت نبوت گوش زد ہوتا۔ باوجودیکہ آپنے قبل بعثت نبوت چالیس سال تک اہل قریش میں بود و باش کی لیکن آپ نے کبھی کوئی اُن سے کوئی سخت بات بھی نہیں سُنی۔ بلکہ آپ کو وہ (امین۔ صادق) یعنے مرد با امانت۔ راست گو کہا کرتے تھے ۔

ولانہ یقطع ھذا الوھم قولہ۔ بعدہ وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحیٌ یوحی اذ لو کان سبب ورود ماضل صاحبکم وما غوی ھذا الوھم لورد بدل وما ینطق عن الھوی وما یترک عن الھوی ان ھو الا بامرنا دون ما ینطق الخ لینطبق الرد بالمردود ۵

اور تفسیر مذکورہ کی دوسری طور پر اس طرح تکذیب ہوتی ہے۔ کہ خدا تعالےٰ

کا ارشاد جو (ماضل صاحبکم وماغوی) کے بعد واقع ہے۔ اس وہم کا بالکلیہ دافع ہے جو یہ ہے (وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی) یعنی محمد صلے اللہ علیہ وسلم اپنی خواہش نفسانی سے کچھ نہیں کہتے۔ بلکہ جو کچھ وہ کہتے ہیں۔ وہ بذریعہ وحی اُنہیں پہنچا ہے۔ اس لئے کہ اگر (ماضل صاحبکم وماغوی) کے نزول کا سبب وہم مذکورہ ہوتا یعنی (اپنی قوم کا ترک دین) تب بجائے (وما ینطق عن الھوی) کے (وما ترک عن الھوی الخ) کا نزول اور ورود ہوتا جس کے معنی یہ ہوتے کہ (محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوم کا دین خواہش نفسانی سے نہیں چھوڑا ہے اور ترک دین ہمارے ہی حکم سے ہے) تاکہ (رد) کی (مردود) سے تطبیق ہو۔ حالانکہ بجائے عبارت مذکورہ کے (وما ینطق عن الھوی الخ) نازل ہوئی ✣

خلاصہ یہ کہ جب پیغمبر خدا نے دعوت اسلام علی الاعلان کی اور کلمہ توحید کی اہل عرب کو تلقین فرمائی۔ اُنہوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے حق میں (ضل محمد وغوی) کہا اور قائلین کے اس قول کی تردید کے واسطے والنجم اذا ھوی ماضل صاحبکم وماغوی۔ وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی) نازل ہوا۔ اور صاحب قرآن القرآن وغیرہ مفسرین نے بیان کیا ہے کہ (والنجم سے وماغوی) تک قول قریش کا رد ہے۔ جو کہ یہ کہا کرتے تھے۔ کہ (محمد صلے اللہ علیہ وسلم اپنی قوم کے ترک دین کے سبب سے گمراہ ہو گئے) اور آیۃ (وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی) کتاب مجید کی عصمت ثابت کرتی ہے۔ یعنی (جو کچھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم خدا کا کلام بیان کرتے ہیں۔ وہ بذریعہ وحی اُنہیں پہنچا ہے) مفسرین مذکورہ کی تفسیر جس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ اسبات کی خصوصیت۔ کہ اہل قریش آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف گمراہی کی نسبت قوم کے دین کے ترک کی وجہ سے کیا کرتے تھے اور نیز اسبات کی تشخیص کہ مراد وحی سے۔ صرف قرآن مجید ہے۔ کلمہ توحید نہیں ہے۔ دو دلیلوں سے بالکل باطل ہوتی ہے ✣

(۱) یہ کہ اگر نسبت گمراہی کی وجہ ترک دین۔ اور ترک بت پرستی ہوتی تو قبل از بعثت نبوت ایام طفولیت ہی سے چالیس برس تک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اہل قریش گمراہ کہتے۔ لیکن چالیس سال کے قبل یعنی قبل از بعثت نبوت آپ کو کسی نے

کچھ نہیں کہا۔ باوجودیکہ قبل بعثت نبوت آپ نے کبھی بُت پرستی نہیں کی۔ اور نہ اپنی قوم کے دین کی پیروی کی +

(۲) یہ کہ اگر نسبت گمراہی کا سبب ترک دین ہوتا تو بجائے (ما ینطق) کے (ما یترک عن الھوی الخ) کا نزول ہوتا۔ اس لئے کہ بلاغت کا اقتضا یہی ہے +

ولو قیل قولہ وما ینطق الخ قول آخر لا تعلق لہ بالرد کما یدل علیہ تغیر الاسلوب من الماضی الی المضارع ۵

سوال اگر یہ اعتراض کیا جائے۔ کہ قول خدائے سبحانہ (ما ینطق) ایک علیحدہ قول ہے اور اس کو کوئی تعلق قول آخر یعنے (ما ضل صاحبکم الخ) کے ساتھ نہیں ہے۔ کیونکہ ان قولوں کی علیحدگی پر ماضی سے مضارع کی طرف خود تغیر اسلوب دلالت کرتا ہے یعنی قول سابق (ما ضل وما غوی) میں ماضی کا صیغہ ہے اور (ما ینطق عن الھوی) میں فعل مضارع کا صیغہ ہے۔ اگر قول ثانی کو۔ قول اوّل کے ساتھ تعلق ہوتا۔ تو افعال میں بھی ضرور مطابقت ہوتی +

قلت فان عمم المراد من منطوق الکتاب والسنۃ یرد علیہ عفا اللہ عنک لم اذنت لھم۔ ویا ایھا النبی لم تحرم ما احل اللہ لک۔ وقصۃ اساری بدر وغیرھا وان خصص بالکتاب المجید کما خصص القاضی البیضاوی بہ فیرد علیہ اوّلاً انہ دلیل علی التخصیص المذکور فی اللفظ وثانیاً یلزم ارتفاع الوثوق بالسنہ والعیاذ باللہ۔ فبطل بالتخصیص المذکور عصمۃ الکتاب ایضاً اذ عصمۃ الکتاب بالتخصیص المذکور فرع قطعیۃ کون الکتاب غیر کلامہ صلی اللہ علیہ وسلم لم ینزل علینا جبرئیل مخبراً بان ما صدر عن لسانہ۔ مما یعجز البشر فھو کلامہ سبحانہ وما لم یعجز فھو کلامہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ وھذا الاخبار لم یحصل لنا الا من کلامہ علیہ السلام۔ واذا ارتفع العصمۃ من کلامہ ولو وھما بالتخصیص بطل قطعیۃ کون الکتاب

کتاباً۔ فبطل عصمۃ الکتاب ایضاً۔ والتخصیص بالکتاب یبطل عصمتہٗ ایضاً فتعین ان سبب نزول قولہ تعالیٰ ما ضل صاحبکم وما غوی لیس الا لقائہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قول الحق المخصوص وَھُوَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ الی قومہ وھُمُ اھل اللسان فادرکوا ما ھُوَ المراد منہ من الجمع والعینیۃ بین الالھۃ وبینہ سبحانہ فقالوا ما قالوا من قولھم ضل محمدٌ وغوی لکون الجمع کمال خلاف ادھامھم۔ فردھم اللّٰہ سُبحانہ بقول المذکور

جواب۔ اگر ہم بالفرض تھوڑی دیر کے واسطے یہ بھی مان لیں۔ کہ (ما ینطق عن الھویٰ) کو (ما ضل وما غوی) سے کوئی تعلق نہیں ہے تو دو صورتیں تو ضرور ہی ہونگیں ؛

(۱) یہ کہ قرآن شریف اور حدیث شریف میں۔ یا تو منطوق سے عام مراد ہے ؛

(۲) یا منطوق سے خاص مراد ہے عموم کی صورت میں اُن آیات کا رد ہوتا ہے جو کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے زلات یعنی لغزشوں کے صدور پر دلالت کرتی ہیں۔ وہ درج ذیل ہیں :۔

(۱) (عفی اللّٰہ عنک لم اذنت لھم) یعنے خدا تجھے درگذر کرے تو نے اُن کے واسطے کیوں اذن دیا ؛

(۲) (یا ایھا النبیّ لم تحرم ما احل اللّٰہ لک) ای پیغمبر تو کس واسطے اس چیز کو حرام کرتا ہے جس چیز کو خدا نے تیرے واسطے حلال کیا ہے ؛

(۳) اور (قیدیاں بدر کا قصہ جو کہ مشہور ہے) وغیرہ وغیرہ ؛

خلاصہ مراد یہ ہے۔ کہ اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی نسبت منطوق حسب وحی ہوتیں تو عتاب ہائے مذکورہ کا آپ پر ورود نہ ہوتا۔ اور اگر کتاب مجید میں سے منطوق کی مراد (تخصیص) ہو جیسا کہ قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے تخصیص کی ہے اُس کی نسبت یہ اعتراض وارد ہوتے ہیں۔

(۱) یہ کہ تخصیص مذکورہ پر کوئی دلیل لفظ میں نہیں پائی جاتی ہے ؛

(۲) یہ کہ کلام نبوی سے اعتماد و ثوق کا ارتفاع لازم ہوتا ہے۔ (نعوذ باللہ منہا) پس تخصیص مذکورہ سے کلام مجید کی عصمت بھی باطل ہو جائیگی۔ اس لئے کہ تخصیص مذکورہ کے بعد کتاب مجید کی عصمت اس وقت ثابت ہوگی۔ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کے سوا ہو یعنی عصمت مذکورہ۔ اس بات پر موقوف ہے۔ کہ کلام الٰہی کلام نبوی سے ممتاز ہو۔ اس لئے کہ کلام الٰہی (بالوحی) ہوگا۔ اور کلام نبی (بغیر وحی) اور جبرائیل ہم پر نازل نہیں ہوئے۔ تاکہ وہ ہمیں اس طور پر خبر دیں کہ جو کچھ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے صادر ہوا ہے۔ اُس سے بشر عاجز ہے۔ اور وہ کلام خدائے سبحانہ کا ہے۔ اور جس سے بشر عاجز نہیں ہے وہ کلام نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ اور یہ اخبار یعنے کلام کا معجز اور غیر معجز ہونا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم ہی کے کلام سے معلوم ہوا ہے۔ اور جس وقت تخصیص مذکورہ سے کلام الٰہی کی عصمت جاتی رہی۔ اگرچہ از روے وہم ہی کیوں نہ ہو۔ تب کتاب مجید کا قطعی ہونا بھی باطل ہو گیا۔ اور کتاب مجید کی عصمت بھی باطل ہو گئی پس منطوق کی تخصیص کتاب مجید سے جیسا کہ صاحب بیضاوی نے اعتبار کیا ہے۔ کتاب کی عصمت کو باطل کرتی ہے (نعوذ باللہ منہا) اس سے اس بات کا یقین ہو گیا۔ کہ (ما ضل صاحبکم الخ) کا سبب نزول یہی ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول مخصوصہ کی جو حق ہے۔ اپنی قوم کو تلقین کی۔ اور قول مخصوصہ (لا الہ الا اللہ) ہے۔ اور قوم چونکہ اہل زبان تھی لہذا اس قول کا جو کچھ مفہوم تھا۔ وہ قوم کو معلوم ہو گیا۔ اور مراد اس قول سے ممکنات اور حق سبحانہ میں عینیت تھی۔ جس کی وجہ سے انہوں نے حضرت کی نسبت یہ کہا۔ کہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم گمراہ ہو گئے۔ کیونکہ وحدت کا مضمون اُن کے اوہام کے بالکل خلاف تھا۔ لہذا اللہ تعالےٰ نے اپنے قول پاک (لا الہ الا اللہ) سے اُن کے گمان ہائے فاسدہ کی تردید کی ؛

واختص قولہ وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحیٰ بقولہ لا الٰہ الا اللہ فقط۔ فانطبق الرد علی المردود ولیس علیہ شیٔ من القیل والقال المذکور ؛

اور (لا الہ الا اللہ) کو اپنے قول پاک (وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی

یوحیٰ) کے ساتھ مخصوص کیا۔ تب قول رد کا قول مردود سے انطباق ہو گیا اور مناقشات مذکورہ سے کوئی چیز باقی نہیں رہی ۔

سوال۔ اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے۔ کہ مراد منطوق وحی سے۔ آیۃ (وما ینطق عن الھوی) میں صرف (لا الہ الا اللہ) ہی ہے۔ اس کی کیا دلیل ہے ۔

ووجہ ترجیحہ ظاھر لورودہ اولا فی الالقاء دون باقی الکتاب والسنۃ لکونہ اصل الکتاب والسنۃ ولبا بھما فالایمان بہ ایمان بھما وانکارہ انکار بھما ۵

جواب تخصیص مذکورہ کی وجہ ترجیح ظاہر ہے۔ کیونکہ قرآن شریف اور حدیث شریف کے ماسوائے پہلے (لا الہ الا اللہ) کا ورود ہوا ہے۔ تاکہ اس کی قوم کو تلقین کیجائے اور اسی وجہ سے (لا الہ الا اللہ) قرآن شریف اور حدیث شریف کا اصل الاصول اور لب لباب ہے۔ پس (لا الہ الا اللہ) پر ایمان کتاب وسنت پر عین ایمان اور (لا الہ الا اللہ) کا انکار عین قرآن شریف اور حدیث شریف سے انکار ہے۔

غرض مختصر یہ ہے۔ کہ مشرکین کو اولاً اقرار توحید سے انکار تھا۔ جو اہل شرک اور اہل اسلام میں مابہ الامتیاز تھی۔ دوسرے اصنام کی عبادت کے چھوڑ دینے سے انکار تھا۔ اور توحید۔ اور ترک عبادت اصنام پر (لا الہ الا اللہ) کا مضمون حاوی ہے۔ اور تمام انبیا اسی پر مامور تھے۔ تاکہ اس سے اپنی اقوام کو کلمہ طیبہ کی تلقین کریں۔ اور قرآن مجید۔ اور حدیث شریف کے احکامات سب (لا الہ الا اللہ) کی فرع ہیں ۔

واما عصمۃ الکتاب والسنۃ فظھور المعجزات کان فیھما ۵

سوال۔ اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے۔ کہ آیۂ کریمہ یعنی (وما ینطق عن الھوی) سے (لا الہ الا اللہ) کے ساتھ تخصیص منطوق پائی جاتی ہے لیکن اس سے صرف کلمہ طیبہ کی عصمت ثابت ہوتی ہے۔ یعنی یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس قول کا القا بغیر وحی الٰہی کے نہیں کیا۔ لیکن باقی کتاب مجید کی عصمت کا حال آیۃ مذکورہ سے نہیں معلوم ہوتا۔ لہٰذا باقی کلام الٰہی اور کلام نبوی کی عصمت

کی کیا دلیل ہے +

جواب - آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے معجزات کے اظہار سے کتاب وسنت کی عصمت کا کافی ثبوت ہو چکا ہے۔ اور یہ امر بخوبی ظاہر ہے کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوم سے نبوت کا دعویٰ کیا۔ اور کلام الٰہی کا اپنی امت کی طرف القا کیا۔ تب سامعین وقت تھے۔ اُس وقت نہ تو قرآن کو قرآن مجید سمجھا۔ اور نہ حدیث کو حدیث شریف لیکن بعد مشاہدہ معجزات کے جن لوگوں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے بیان کی وجہ سے نبوت کی تصدیق کی۔ انہوں نے قرآن کو قرآن مجید اور حدیث کو حدیث شریف مان لیا +

واما صدور الزلات منه فی المسکوت عنه فلیس بقادح بعصمته فی شی من الکتاب والسنة والا لبطل حکمة ظهور المعجزة ۵

سوال - اگر یہ اعتراض کیا جائے۔ کہ جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی عصمت ظہور معجزات سے ثابت ہوئی تب قصور وخطا کا معصوم سے صادر ہونا کسیطرح جائز نہیں ہے۔ حالانکہ بعض آیات مذکورہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے زلل یعنے لغزشات کا ظہور ہوا اور اس کی وجہ سے عتاب کا بھی ظہور ہوا۔ تب یہ لازم ہوا کہ معصوم معصوم نہیں رہا +

جواب - جن امور میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے لغزشات صادر ہوئی ہیں۔ ان سے کتاب مجید میں ساکت ہے۔ وہ قرآن شریف میں سے کسی میں بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم قادح عصمت نہیں ہیں۔ وگرنہ ظہور معجزات کی حکمت باطل ہو جاتی ہے۔ اس لئے کہ ظہور معجزات ہی سے قرآن مجید اور حدیث شریف کی عصمت ثابت ہوتی ہے +

مختصر یہ ہے کہ بعض معاملات میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی رای مبارک سے حکم فرمایا۔ ان میں یہ دعویٰ نہیں کیا۔ کہ میں حکم خدا سے کہتا ہوں۔ تب اس حکم کی منسوخی۔ جو کہ باقتضائی حکمت الٰہی ہوئی ہو۔ وہ آپکی

عصمت کو باطل نہیں کر سکتی۔ اس لئے کہ کچھ یہ ضرور نہیں ہے۔ کہ نبی بغیر نزول وحی کے کچھ حکم ہی صادر نہ فرمائے۔ ہاں یہ واجب ہے کہ جو کچھ بذریعہ وحی معلوم ہو اس کے خلاف عمل نہ کرے۔ اور اسباب کا ہرگز گمان بھی نہ کرنا چاہیئے کہ لغزشات مذکورہ کے صادر ہونے سے کسی قسم کا پیغمبر علیہ السلام کی عصمت میں فتور پیدا ہوتا ہے ۔

بل صدور الزلات بعد الاخبار بها مقوٍ ومؤيدٌ بعصمته فی الصادر عن مشكوة النبوة على صاحبها الصلوة والسلام لان يكون قادحا اذ المعصوم والمعهود فيها بين الناس ستر المعيب واخفائه فاذا اظهر احدٌ ما هو المعيوب لنفسه صورةً من صدور الزلات ظهر كمال عفته وورعه وتقواه وامانته وعدالته والضافه فی ما صدر منه سوى الزلات خصوصًا اذا ظهر من المعصوم الذی ثبت عصمته بالمعجزات فصدور الزلات منه صلى الله عليه وسلم هو الذی اوقعهم فی ورطة التخصيص بالكتاب لزعمهم قدحه فی عصمته ما صدر منه صلى الله عليه وسلم من السنة نعوذ بالله من هذا الزعم ۔

بلکہ جن لغزشات کا صدور ہوا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے صدور کی خبر دی۔ یہ خود آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی عصمت کا ثبوت ہے۔ اس لئے کہ عام عادت یہ ہے۔ کہ جو چیز باعث نقص ہو۔ اس کو چھپاتے ہیں کبھی ظاہر نہیں کرتے پس جب آپ نے اپنی لغزشات کا خود اظہار کیا تب اس سے ظاہر ہے کہ آپ صدق سے زیادہ امین اور عادل۔ اور متقی تھے ۔

فان قلت فعلى هذا يصح التعميم فی وما ينطق الخ فيبطل ما قلت من انه ناظر الى قوله لا اله الا الله فقط ۔

سوال۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے۔ کہ عدم تخصیص کی صورت میں آیۃ (وما ینطق عن الھوی) میں تعمیم صحیح ہوگی۔ تب یہ ارشاد کہ (وما ینطق عن الھوی)

صرف (لا الہ الا اللہ) ہی سے متعلق ہے بالکل باطل ہوگا۔

قُلْتُ ورود کلمۃ ما فی جواب القسم قرینۃ قویۃ علی عطف ما ینطق علی سابقہ و ربطہ بہ فیکون ناظراً الی قولہ لا الٰہ الا اللہ فقط آذ مرافقۃ الربط بالعطف رعایۃ للبلاغۃ امر مہم عند البلغاء کما لا یخفی ۵

جواب یہ ہے کہ (وما ینطق) میں کلمہ (ما) حروف عاطفہ میں سے ہے لہذا عطف سابقہ پر دلالت کرتا ہے اور جواب میں آنے سے (کلمہ ما) کے عطف پر ایک قوی قرینہ ہے جس سے ظاہر ہے۔ کہ جملہ ثانی یعنی (وما ینطق) کا جملہ (اوّل) (ما ضل صاحبکم) پر عطف ہے۔ اسی ربط کی وجہ سے (ما ینطق) صرف آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول مبارک (لا الہ الا اللہ) سے متعلق ہے۔ اس لئے کہ معطوف اور معطوف علیہ میں موافقت کا ہونا۔ بلغا کے نزدیک بلاغت کے واسطے ضروری ہے۔

سوال۔ اگر یہ سوال ہو کہ ماضی سے مضارع میں جو تغیر اسلوب ہوا ہے اس سے از روئے بلاغت (ما ینطق عن الہوی) کا (ما ضل صاحبکم وما غوی) سے عدم تعلق ثابت ہوتا ہے۔ اس لئے کہ تغیر اسلوب کی صورت میں جملہ ثانی کا تعلق جملہ اول کے ساتھ لغو ہو جائیگا۔

وأما تغیر الاسلوب من الماضی الی المضارع فلعدم تخصیص نطق لا الٰہ الا اللہ منہ بالماضی بل یتجدد نطقہ یوما فیوما للارشاد ۵

جواب ماضی سے مضارع کی طرف جو تغیر اسلوب ہوا ہے۔ اس سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے منہ کی یعنے (لا الہ الا اللہ) زمانہ گذشتہ میں عدم تخصیص ثابت ہوتی ہے۔ بلکہ قوم پر کلمہ طیبہ (لا الہ الا اللہ) کے القا کرنے سے آنحضرت صلعم کا نطق روز بروز تازہ ہوتا جاتا ہے۔ اگر بجائے (ینطق) جملہ سابقہ کی رعایت کی وجہ سے (ما ینطق) وارد ہوتا ہے۔ تب صیغہ ماضی اس بات پر دلالت کرتا کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا منطوق خاص یعنی (لا الہ

الا اللہ زمانہ گزشتہ میں ہوا ہے۔ حالانکہ قول مذکور علی سبیل الدوام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا منطوق لازم الوثوق ہے۔ پس اس فائدہ کی غرض سے ماضی سے مضارع میں تغیر اسلوب ہوا ہے۔ کیونکہ صیغہ مضارع زمانہ حال و مستقبل کو شامل ہے +

وینطبق علی التوحید قولہ مولانا لنبینا صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفس محمد بیدہ لو انکم دلیتم بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ۔ ثم قراء ھو الاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شئ علیم ؕ

اور توحید پر ہمارے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا قول مبارک منطبق ہے۔ جو درج ذیل ہے۔

(والذی نفس محمد بیدہ لو انکم ولیتم بحبل الی الارض السفلی لھبط علی اللہ) یعنی قسم خدا کی جس کے دست قدرت میں محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا نفس ہے اگر تم ڈول کو رسی میں باندھ کر زمین زیرین میں ڈالو۔ وہ ڈول اللہ ہی پر پڑیگا یعنی اس کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بطریق استشہاد آیۂ (ھو الاول۔ ھو الآخر ھو الظاھر ھو الباطن وھو بکل شی علیم) یعنی وہی اول ہے۔ اور وہی آخر ہے۔ اور وہی ظاہر ہے۔ اور وہی باطن ہے۔ اور وہی ہر شے کا جاننے والا ہے۔ پڑھا +

وجہ الانطباق انہ لو وصل الدلو المشدود علی الارض السفلی لھبط علی السفلی فغیر من الارض السفلی باللہ فیلزم بین الارض وبینہ سبحانہ العینیۃ عبارۃً وبین غیرھا من جمیع الاشیاء وبینہ سبحانہ دلالۃً ؕ

اور حدیث مذکورہ کی کلمہ توحید پر منطبق ہونے کی یہ وجہ ہے۔ کہ اگر رسی میں بندھا ہوا ڈول زمین زیرین پر پہنچے تو ضرور وہ زمین زیرین پر ہی ٹھہریگا اور کسی چیز پر تو نہیں ٹھہریگا۔ پس زمین زیرین سے خدا مراد ہے۔ جس سے از روئے عبارت النص۔ خدائے سبحانہ۔ اور زمین زیرین میں عینیت کا لزوم ہوا۔ اور از روئے دلالت النص۔ ماسوئی زمین کے دیگر اشیاء اور خدائے سبحانہ میں بھی عینیت مستلزم ہوئی۔ اس لئے کہ زمین بھی موجود ممکن ہے۔ اور دوسرے

اشیاء بھی موجود ممکنہ ہیں۔ تب اس صورت میں یہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ کہ زمین تو عین خدا ہوا۔ اور دیگر ممکنات غیر خدا ہوں ۔

وَاعْلَمْ اَنَّهٗ۔ قد تقرر عند علماء البلاغة ان تاکید المضمون بالقسم لا یکون الا عند شدة انکار المخاطب به او تنزیله منزلة المنکر فلا بد من الانکار فی المضمون اَوَّلًا حَتّٰی یوکد ثَانِیًا دفعًا للانکار او تنزیله منزلتَهٗ

واضح ہو کہ علماء بلاغت کے نزدیک۔ یہ قرار پا چکا ہے کہ جس وقت مخاطب کو کسی جملہ کے مضمون سے سخت انکار ہو۔ تب اس حالت میں مضمون جملہ کا موکد بقسم ہوتا ہے۔ اور یہ بھی ضرور ہے۔ کہ جو انکار مخاطب کے دل میں جاگزین ہے۔ یا جو انکار متکلم کے اعتبار کے مخاطب کے دل میں متمکن ہے اس کے اندفاع کے لئے مضمون جملہ میں اولاً انکار ہونا چاہیئے۔ تاکہ وہ مضمون کسی دوسری مرتبہ تاکید کے شایان ہو جائے ۔

وظاهر انه لیس فی المضمون المذکور الا نکار الا من جهة الجمع والوحدة بین الارض السفلی وبینه تعالیٰ والمخاطب ینکره شدید الانکار لکمال استبعاده فی الوهم فلهذا اکده صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بالقسم

اور یہ ظاہر ہے کہ زمین میں۔ اور خدا سبحانہ میں عینیت اور وحدت کے سبب سے حدیث مذکورہ میں انکار ہے۔ اور مخاطب نے بھی اس امر سے اس لئے سخت انکار کیا ہے کہ اس نے عینیت کو بالکل اپنے وہم کے خلاف سمجھا اسی وجہ سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے مضمون مذکورہ کو قسم کے ساتھ موکد فرمایا۔ اور اسی وجہ سے آیۂ (ہو الاول۔ ہو الآخر) کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے استشہاد فرمایا ۔

وعلی الاقتداء بالنبی صلی اللہ علیہ وسلم فی هذا المضمون قال العارف الجامی قدس سرہ السامی ؎

مصرع واللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست

ونراد الجامی ظاھراً فی التاکید علی الرسول صلی اللہ علیہ وسلم بانہ اقسم بقسمین لان قولہ صلی اللہ علیہ وسلم باطناً مؤکداً بالقسمین ایضاً۔ احدھما المذکور فی کلامہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ وثانیھما المذکور فی کلامہ سبحانہ اذ قال اللہ تعالی والنجم اذا ھوی ما ضل صاحبکم وما غوی فیہ ای فی الجمع۔ وما ینطق قولہ المخصوص لا الہ الا اللہ عن الھوی ان ھوای منطوقہ الخاص لا الہ الا اللہ الا وحیٌ یوحی فاقسم اللہ سبحانہ بانہ صلی اللہ علیہ وسلم ما ینطق بما یلقی الیکم من قولہ لا الہ الا اللہ عن الھوی فعلم ان الجامی قدس سرہٗ وافق نبیہ صلی اللہ علیہ وسلم ونبہ سبحانہ فسبحان من جعلہ مصیباً قدس سرہٗ

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے عارف جامی قدس سرہ نے مضمون عینیت میں یہ اشعار لکھے ہیں ؎

در دلق گدا و طلس شاہ ہمہ اوست ہمسایہ و ہمنشین و ہمراہ ہمہ اوست

شال میں شہ کے گدا کی گودڑی میں سب وہی
ہمنشیں ہمراہ اور ہم سایہ میں بھی سب وہی

در انجمن فرق و نہاں خانہ جمع واللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست

ظاہری محفل میں اور خلوت کے خانہ جمع میں
سب وہی ہے قسم اللہ پھر قسم ہے سب وہی

جامی علیہ الرحمۃ نے ظاہری طور پر قسم میں تاکید زیادہ کی ہے یعنی لفظ واللہ اور باللہ کے ساتھ دوبارہ قسم کھائی ہے۔ اس لئے کہ سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم کا قول بھی از روئے باطن دو قسموں کے ساتھ موکد ہے۔ (۱) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا کلام مذکورہ ہے۔ (۲) خدائے عزوجل کا قول پاک یعنی (والنجم اذا ھوی ما ضل صاحبکم وما غوی) ہے یعنی قسم ہے ستارہ کی جبکہ طلوع ہوتا ہے۔ کہ تمہارے صاحب یعنے

محمد صلے اللہ علیہ وسلم گمراہ نہیں ہوئے یعنی تمہارے صاحب نے نہ کلمہ طیبہ کے ساتھ افادۂ وحدت میں گمراہی کی نہ توحید میں کوئی غلطی کی۔ اور کلام مخصوصہ کو جو (لا الہ الا اللہ) ہے وہ اپنی خواہش نفسانی سے نہیں کہتے ہیں یعنی اس کا قول خاص (لا الہ الا اللہ) وحی ہے۔ جو اُن پر نازل ہوئی ہے پس اللہ تعالے نے یہ قسم یاد فرمائی۔ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جس چیز کو یعنے (لا الہ الا اللہ) کو تمہاری طرف القا کرتے ہیں اُس میں کوئی خواہش نفسانی نہیں ہے۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ جامی قدس سرہٗ نے بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خلاق عالم کی تاکید اور تکرار کے لحاظ سے قسم میں موافقت کی۔ اور اُن کو خدائے پاک ہی۔ نے قول مذکورہ میں (حق) پر رسائی مرحمت فرمائی۔

ولیس مرادہ صلی اللہ علیہ وسلم من ھذا القول التاویل بعلی علمہ وقدرتہ وسلطانہ کما قال الترمذی رحمہ اللہ وقلدہ علماء الظواھر الا لما قسم لان التاویل المذکور لیس بمنکر فضلا عن شدید الانکار فحینئذ لا یکون کلام افصح العرب بلیغا نعوذ باللہ من ھذہ العقیدۃ

اور سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے ارشاد (لبط علی اللہ) سے۔ یہ تاویل مراد نہیں ہے۔ کہ ڈول علم خدا۔ اور قدرت خدا۔ اور سلطان خدا پر پہنچیگا۔ جیسا کہ ترمذی علیہ الرحمۃ نے حدیث مذکورہ کی تاویل (علی علمہ وقدرتہ۔ وسلطانہ) بیان کی ہے۔ جس کی تمام علماء ظواہر نے تقلید کی ہے۔ حالانکہ اگر تاویل مذکورہ مراد ہوتی تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم قسم نہ کھاتے۔ اس لئے کہ سخت انکار کے قطع نظر تاویل مذکورہ میں معمولی انکار بھی نہیں ہے۔ اور اس صورت میں یہ لازم آتا ہے کہ کلام افصح العرب بلیغ نہ قرار پائے۔ اللہ ایسے عقیدہ سے محفوظ رکھے۔

وایضا لو کان مرادہ صلی اللہ علیہ وسلم التاویل المذکور لاستشھد علیہ بان قراءۃ اللہ علی کل شئ قدیر۔ واللہ بکل شئ علیم۔ واللہ غالب علی امرہ لیکون مطابقا بالتاویل دون ان قراءۃ۔ ھو الاول۔ والاٰخر۔ والظاھر۔ والباطن لان ھذا المقروسوی بکل شئ علیم۔ لا دخل لہ فی الاستشناء علی

التاویل المذکور ہ

اور اگر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی مراد تاویل مذکورہ ہوتی تب اُس پر ان آیات یعنے (واللہ بکل شئی علیم) وغیرہ کے پڑھنے سے استشہاد کرتے تاکہ تاویل مذکورہ میں مطابقت ہو جاتی۔ اور آیۃ (ہو الاول۔ ہو الآخر۔ ہو الظاہر۔ ہو الباطن) آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کبھی نہ پڑھتے۔ اس لئے تاویل مذکورہ پر سوا۔ (واللہ بکل شئی علیم) آیات مذکورہ کا استشہاد بہت بہتر تھا۔ جو بالکل ظاہر ہے ۔

واعلم لانہ لیس من الکتاب ما یدل عبارۃ فقط علی الجمع بین الاشیاء کلھا وبینہ سبحانہ الا قولہ تعالیٰ ھو الاول۔ والآخر والظاھر والباطن اذ جمیع الاشیاء کلاً او جزءاً کلیاً او جزئیاً محسوساً او معقولاً حسناً او قبیحاً منحصر فی ھذہ الاربع فما ترک شیئاً الا وادخلہ فی عبارتہ و لھذا استشھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم علی قولہ لھبط علی اللہ بھذہ الآیۃ دون قولہ لا الٰہ الا اللہ لانہ جامع لجمیع الاشیاء عبارۃ ودلالۃ لاعتبارہ فقط ۵

واضح ہو کہ سوای قول سبحانہ (ہو الاول۔ ہو الآخر۔ ہو الظاہر۔ ہو الباطن) کے قرآن مجید میں سے کوئی چیز صرف از روئے عبارت النص۔ اس بات پر دلالت نہیں کرتی کہ خدائے سبحانہ اور تمام اشیاء کل یا جزو۔ کلی خواہ جزئی محسوس خواہ معقول۔ نیک خواہ بد) انہیں چار لفظوں میں منحصر ہیں۔ پس خدائے تعالےٰ نے کسی چیز کو باقی نہیں چھوڑا۔ اور سب کو آیۂ کریمہ مذکورہ کی عبارت میں داخل کر لیا اور اسی وجہ سے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے قول پر جو (لہبط علی اللہ) ہے آیۂ مذکورہ کے ساتھ استشہاد فرمایا۔ اور (لا الہ الا اللہ) کے ساتھ استشہاد نہ فرمایا۔ باوجودیکہ یہ تمام اشیاء کی عینیت پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے کہ کلمہ (لا الہ الا اللہ) کچھ از روئے عبارت النص ہی دلالت نہیں کرتا ہے۔ بلکہ از روئے عبارت النص۔ و دلالت النص تمام اشیاء کے واسطے جامع ہے۔ اور آیۃ (ہو الاول

تا آخر) از روئے عبارت النص۔ خدای سبحانہ اور تمام عالم میں غیبیت پر دلالت کرتی ہے۔ لہذا بہ نسبت (لا الہ الا اللہ) کے آیۂ مذکورہ ہی استشہاد کے واسطے بہتر ہے ٭

وبھذا التحقیق ظھر ان الاشراك باللہ والکفر ھو زعم الغیریۃ فاینما جاء الغیریۃ یلزم الکفر فمن حصرہ سبحانہ فی شیء واحد بتعین یلزم الکفر للزوم الغیریۃ ٭

اور تحقیق مذکورہ سے یہ ظاہر ہوگیا کہ خدا کے ساتھ شرک و کفر صرف گمان غیریت ہے پس جہاں غیریت کا دخل ہوا۔ وہاں کفر کا لزوم ہوا۔ اور جس شخص نے خدائے سبحانہ کو ایک خاص شے میں حصر کر دیا تب غیریت کے لزوم کی وجہ سے اس کے لئے کفر کا لزوم ہوا ٭

نحو قولہ سبحانہ حکایۃً عن فرعون انا ربکم الاعلی۔ وعن الخلیل ھذا ربی ھذا ربی۔ ھذا ربی۔ ھذا الکبیر الکواکب الثلث۔ ولھذا تبرء قائلا انی وجھت وجھی للذی فطر السمٰوٰت والارض حنیفاً وما انا من المشرکین ٭

جیسے کہ خدائے سبحانہ کا قول فرعون کے احوال میں ہے۔ (انا ربکم الاعلی) میں تمہارا سب سے بڑا پروردگار بزرگ ہوں۔ اور ایسے ہی خدائی سبحانہ کا قول حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیان میں (ھذا ربی) ہے یعنی یہی ہے پروردگار میرا یہی ہے پروردگار میرا۔ یہی ہے سب سے بڑا پروردگار میرا) یہ کلمات سورج۔ اور چاند۔ اور زہرہ کے واسطے کہے گئے تھے۔ اور اسی گمان حصر کی وجہ سے خلیل اللہ علیہ السلام بیزار ہوئے اور یہ قول کہا (انی وجھت وجھی للذی فطر السمٰوٰت والارض حنیفاً وما انا من المشرکین) یعنی میں نے اس کی طرف منہ کیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ اور (بحال کہ میں باطل سے مائل نہیں ہوں) اور نہ (مشرکین میں سے ہوں) ٭

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ قول خلیل علیہ السلام ھذا ربی سے سورج اور چاند۔ اور زہرہ میں سے ایک ایک ستارا میں ربوبیت کا انحصار ہوتا تھا۔ اسی

وجہ سے آپ بھی اُن سے بیزار ہوئے کیونکہ کواکب غیر خدا نہ تھے۔ اور بیزاری کی وجہ یہ تھی کہ آپ کو پہلے یہ وہم ہوا۔ کہ ربوبیت۔ سورج۔ چاند۔ زہرہ میں منحصر ہے۔

واعلم ان کلمۃ الفصل موضوعۃ للقصر مطلقاً ای القصر الاول فقط علی الثانی نحو قولہ تعالیٰ والکافرون ھم الظالمون۔ اذ الکفر لا یتجاوز عن الظلم اصلا الی غیرہ من العدل و الظلم یتجاوز عنہ الی غیر الکفر من الزلات والمعاصی لقولہ تعالیٰ۔ ربنا ظلمنا انفسنا۔ و لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین۔ و قولہ تعالیٰ انہ کان ظلوماً جھولاً۔

واضح ہو کہ ضمیر فصل جو مبتدا اور خبر میں واقع ہوتی ہے۔ اور ہمیشہ قصر کے واسطے موضوع ہے تاکہ اول کا قصر ثانی پر ہو۔ اور اس کی مثال خدا تعالیٰ کا یہ قول ہے (والکافرون ہم الظالمون) یعنی کافر صرف ظالم ہیں۔ اور بس کیونکہ کفر ظلم سے غیر ظلم کیطرف جو کہ عدل ہے کبھی تجاوز نہیں کرتا ہے۔ اور ظلم کفر سے غیر کفر یعنی گناہوں اور لغزشوں کی طرف تجاوز کرتا ہے۔ اور اس کا موئید قول خدائے برتر ہے (ربنا ظلمنا انفسنا۔ ولا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین) اے پروردگار ہمارے ہم نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا۔ اور نہیں ہے کوئی معبود ممکن مگر تو جو پاک ہے۔ البتہ میں ظلم کرنے والوں میں سے تھا۔ اور دوسرا قول خدا تعالیٰ کا یہ ہے (کانا ظلوماً جھولا) انسان بہت ظلم کرنے والا اور نادان تھا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ۔ (ہم) ضمیر منفصل جو کافرون۔ اور ظالمون کے درمیان واقع ہے صرف خبر میں مبتدا کے قصر کے واسطے ہے اسواسطے نہیں ہے کہ خبر کا مبتدا پر قصر ہو۔ چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے نفس کو منسوب بظلم کیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے ظلم کی نسبت انسان مطلق کے ساتھ کی ہے۔ عام اس سے کہ وہ مسلمان ہو یا کافر ہو۔

وکحوانی انا اللہ رب العالمین۔ من الشجرۃ والا یلزم قصرہ سبحانہ علی الشجرۃ فقط فیلزم الغیرۃ بینہ سبحانہ وبین غیرھا ؕ

اور دوسری مثال (قصر اول کی ثانی میں) خدا تعالےٰ کا قول پاک شجرہ کی حکایت میں ہے (انی انا اللہ رب العالمین) یعنی میں پروردگار عالم ہوں۔ یعنے عالم نہیں ہوں۔ اور اگر یہ قول حق سبحانہ خبر میں مبتداء کے حصر کے واسطے نہ ہو تب خدائے سبحانہ کا فقط شجرہ میں (حصر) لازم آتا ہے۔ اور اس سے غیر شجرہ اور خدائے سبحانہ میں غیریت لازم ہوگی۔ یا کلمہ فصل صرف مبتدا میں قصر خبر کے لئے موضوع ہوتا ہے اس کی مثال خدای تعالےٰ کا یہ قول ہے (انہ ہو الغفور الرحیم) یعنے بتحقیق اللہ تعالےٰ غفور و رحیم ہے ؛

قولہ سبحانہ لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم یحکم بان کلمۃ الفصل فیہ لقصر الاول علی الثانی اذ ھو الکفر صریحا للزوم زعم الغیریۃ فی غیر عیسیٰ علیہ السلام واما لا یظھر جھۃ الکفر ان قصر الثانی فقط علی الاول موافق بلا الہ الا اللہ ؕ

اور دوسرا قول خدا تعالیٰ کا یہ ہے۔ (لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم) بتحقیق خدا بھی مسیح ابن مریم ہے (یعنی غیر مسیح خدا نہیں ہے) قول مذکورہ صاف صاف یہ اظہار کرتا ہے۔ کہ ضمیر فصل اس آیۃ میں اس واسطے نہیں آئی ہے۔ کہ اول کا قصر ثانی میں ہو۔ یعنی (مبتدا کا قصر خبر میں ہو) اس لئے کہ غیر عیسیٰ علیہ السلام میں غیریت کے گمان کرنے سے کفر کا لزوم ہے اور مبتدا میں قصر خبر سے کفر کی جہت ثابت ہوتی ہے۔ اس لئے کہ قصر ثانی کا اول میں یعنے (مسیح کا حق سبحانہ میں قصر کرنا کلمہ طیبہ کے موافق ہے ؛

فبطل ما توھما التفتازانی فی شرح التلخیص من ان کلمۃ الفصل لقصر الثانی فقط علی الاول دون العکس ؕ

پس تفتازانی نے شرح تلخیص میں جو یہ بیان کیا ہے۔ کہ کلمہ فصل

صرف اس واسطے ہے۔ کہ ثانی کا اول میں قصر ہو۔ اس واسطے نہیں ہے۔ کہ اول کا ثانی میں قصر ہو۔ یہ اُن کا وہم بالکل غلط ہے اور اس کی وجہ بطلان کلام الٰہی سے ظاہر ہوتی ہے یعنی کلام مجید قصر اول کا ثانی میں بھی پایا جاتا ہے! اور علی ہذا ثانی کا قصر اول میں +

ولنرجع الی تحقیق لا الٰہ الا اللہ وأعلم ان لا الٰہ الا اللہ من قبیل قصر الموصوف علی الصفۃ قصر قلب قصراً حقیقیاً فیکون ورائہ تاویلا ما ھذا الا زید اذ المعنی ان المنکور مقصور علی الاتصاف بکونہ اللہ کما فی ما ھذا الا زید ومفھوما ومصداقا لا رجل الا الانسان ۵

اب ہم کلمہ طیبہ کی تحقیق بیان کرتے ہیں۔ واضح ہو کہ (لا الٰہ الا اللہ) قصر موصوف بر صفۃ کی قسم سے ہے۔ اور از روے قصر حقیقی قصر قلب ہے تب کلمہ طیبہ۔ از روے تاویل ظاہری اس قول کا ہموزن ہے (ما ہذا الا زید) نہیں ہے یہ چیز مگر زید۔ یعنی عین زید ہے اس لئے کہ کلمہ کی معنی یہ ہیں۔ کہ الٰہ منکور خدا کے ساتھ متصف ہونے پر مقصور ہے۔ یعنی غیر خدا نہیں ہے۔ جیسا کہ (ما ہذا الا زید) سے مستنبط ہوتا ہے! اور کلمہ طیبہ از روے مفہوم۔ و مصداق (لا رجل الا انسان) کے ہموزن ہوگا جس کے معنی یہ ہیں کہ (نہیں ہے مرد مگر انسان) یعنے غیر انسان نہیں ہے +

فاندفع ما قال التفتازانی بل ھذا محال الان للصفۃ المنفیۃ تقیضا وھو من التی لا یمکن نفیھا ضرورۃ ان ارتفاع النقیضین مثلا اذا قلنا ما ھذا الا کاتب فاردنا انہ لا یتصف بغیرہ لزم ان لا یتصف بالقیام ولا بنقیضہ وھو محال انتھی ۵

پس تفتازانی کا یہ قول باطل ہو گیا جو اس نے (بل ہذا محال) لکھا ہے یعنی قصر حقیقی محال ہے اس لئے کہ صفت منفیہ کے واسطے نقیض ہوا کرتی ہے۔ اور وہ نقیض اس قسم سے ہو سکتی ہے جس کی ارتفاع نقیض کی وجہ سے نفی ممکن نہ ہو مثلاً

جس وقت ہم نے یہ کہا کہ (نہیں ہے زید مگر کاتب) اور ہم نے ارادہ یہ کیا۔ کہ زید سوائے وصف کتابت کے اور کسی صفت کے ساتھ متصف نہیں ہے۔ تب یہ لازم ہوگا کہ زید تو صفت قیام ہی سے متصف ہوا۔ اور نہ عدم قیام سے متصف ہوا اور یہ بالکل محال ہے ۔

وجہ الاندفاع انہ للصفۃ المنفیۃ ھھنا وھی غیر اللہ سبحانہ نقیضاً حتی لا یمکن نفیھا بل لھا اصل فقط وھو المقصور علیہ من اللہ سبحانہ فحسب ولیس للصفۃ المنفیۃ مصداق حتی یتصور ان لھا نقیضا وھو من اللتی لا یمکن نفیھا الخ ۵

تفتازانی کے اعتراض کے جواب کی وجہ یہ ہے۔ کہ یہاں صفت منفیہ کے واسطے جو کہ (غیر اللہ ہے) کوئی نقیض نہیں پائی جاتی۔ جسکی وجہ سے اس صفت کی قصر حقیقی سے ممکن نہ ہو۔ بلکہ اس صفت کے واسطے ایک اصل مقصور علیہ ہے یعنی خدائی سبحانہ اور صفت منفیہ یعنی (غیر اللہ) کے واسطے کوئی مصداق نہیں ہے جس سے اس صفت کی نقیض متصور ہو۔ اور صفت مذکورہ کی نفی ارتفاع نقیضین کی وجہ سے ممکن نہ ہو ۔

وما یتوھم ان لا الہ الا اللہ وقع لنفی عموم الاشراک فلا بد ان یکون قصر افراد لا قصر قلب کما لا یخفی قلنا نعم ان فی لا الہ الا اللہ خاصۃ امور ثلثۃ مخالفۃ للوھم الاول انہ قد تقرر ان قصر الموصوف علی الصفۃ قصراً حقیقیاً لا یکاد یوجد او یمتنع کما عرفت وقد وجد قصر الموصوف قصراً حقیقیاً فیہ فیکون خلاف الوھم والثانی ان مفادہ ھو العینیۃ خلاف الوھم ایضاً والثالث ان قصر القلب فی لا الہ الا اللہ لا یدفع الاشراک اذ العکس فیہ ینافیہ بخلاف عکس لا الہ الا اللہ فانہ یستلزم الاشراک کما سیظھر فی الخاتمۃ ان شاء اللہ تعالیٰ ۵

اور علماء نے جو یہ خیال کیا ہے۔ کہ چونکہ کلمہ طیبہ گمان اشراک کا دافع ہے جس کے معنی کسی چیز کو دوسری چیز کے ساتھ وصف مخصوصہ میں شریک کرنے کے ہیں جو دو چیزوں کا طالب ہے اور اسی طرح افراد میں بھی گمان مخاطب دو چیزوں میں ہوتا ہے اور قصر قلب میں مخاطب کے گمان میں شی واحد ہوتی ہے جس کی تردید میں متکلم اس کی نقیض ثابت کرتا ہے۔ علما کا خیال مذکورہ یوں دفع کیا جاتا ہے۔ کہ کلمہ طیبہ میں بالخاصیۃ تین امر مخالف وہم ہیں +

(۱) علماء کے نزدیک یہ قرار پا چکا ہے۔ کہ قصر موصوف برصفت از روئے قصر حقیقی قریب نہیں ہے۔ کہ پایا جا سکے اور یا ممتنع ہے۔ جیسا کہ تفتازانی کے قول سے معلوم ہوا۔ حالانکہ قصر موصوف برصفت از روئے قصر حقیقی کلمہ طیبہ میں پایا جاتا ہے جو علماء کے وہم کے خلاف ہے +

(۲) یہ کہ (لا الہ الا اللہ) کا حاصل جو عینیت ہے خلاف وہم ہے +

(۳) یہ کہ قصر قلب (لا الہ الا اللہ) کے ماسوی میں اشراک کو دفع نہیں کر سکتا۔ اس لئے کہ بخلاف عقل (لا الہ الا اللہ) کے کلمہ (لا الہ الا اللہ) کے ماسوی میں عکس اپنے اصل کا منافی ہوتا ہے۔ حالانکہ یہ غلطی ہے۔ (اور الا اللہ) کا غیر یعنی اس کا ماسوی عکس اشراک کا مستلزم ہے +

فیلزم ان یکون قصر القلب فی لا الہ الا اللہ فقط دافعاً للاشراک ایضاً کالافراد فی غیرہ فیکون خلاف الوھم ایضاً ۵

تب یہ لازم ہوا کہ قصر قلب کلمہ طیبہ میں اشراک کا اندفاع کرے۔ جیسا کہ قصر افراد غیر (لا الہ الا اللہ) میں دافع اشراک ہے! اور یہ بھی خلاف وہم ہے +

واعلم ایضاً انہ قد تحقق عند جمیع الائمۃ ان لا الہ الا اللہ دافع الاشراک فانظر نظر التامل ان قولنا لا الہ الا اللہ ای شیٔ نفی ودفع اوکما وعبارۃ وای شیٔ اوجب کذلک فانہ نفی الغیریۃ ودفعہا اوکما وعبارۃ بین الاصنام وبینہ سبحانہ واوجب العینیۃ کذلک بینھم

وبینہ تعالیٰ فمن اعتقد الغیریۃ بینھم وبینہ سبحانہ۔ فقد انکر المحکم وھو کلا الٰہ الا اللہ من حیث لا یحتسب والعیاذ باللہ منہ وھو اصل الاصول المحکمات الاربعۃ التی بنی الاسلام علی خمس الخ وآمن بالخبیثۃ وھی العکس ای کلا الٰہ الا غیر اللہ۔

اور یہ امر سمجھوں کے نزدیک تحقیق متحقق ہو چکا ہے۔ کہ کلمہ طیبہ اشراک ہے پس نظر غور سے اگر اس بات کو دیکھا جائے کہ ہمارے قول (لا الہ الا اللہ) نے از روئے ابتداء عبارت کس چیز کی نفی کی اور کس کو دفع کیا اور از روئے ابتداء عبارت کس چیز کو واجب کیا تو معلوم ہو گا کہ (لا الہ الا اللہ) نے اصنام اور خدائے سبحانہ میں غیریت متوہمہ کی از روئے ابتداء عبارت نفی کی اور اس کو دفع کیا۔ اور عینیت اور وحدت کو از روئے ابتداء عبارت واجب کیا۔

پس جس شخص نے جمیع اشیاء اور حق سبحانہ میں غیریت کا اعتقاد کیا۔ اس نے محکم سے دیدہ و دانستہ انکار کیا۔ جو (لا الہ الا اللہ) ہے ایسے اعتقاد سے اللہ پناہ میں رکھے اور (لا الہ الا اللہ) محکمات اربعہ کا اصل الاصول ہے۔ جو محکمات اربعہ (بنی الاسلام علی خمس الخ) میں مذکور ہیں۔ اور حق سبحانہ اور دیگر اشیاء میں غیریت کا اعتقاد رکھنے والا کلمہ خبیثہ یعنے (لا الہ الا غیر اللہ) پر ایمان لاتا ہے۔

قد عرفت ایضاً ان لا الٰہ الا اللہ عبارۃ ودلالتہ راجع الی لا موجود مطلقاً الا اللہ وان العکس عبارۃ ودلالتہ راجع الی لا موجود مطلقاً الا غیر اللہ وبھذا التحقیق وریت ان شرک باللہ حقیقۃً والکفر مالتہ ھو زعم الغیریۃ بین شیء من الاشیاء وبینہ سبحانہ ای زعم الموجود مطلقاً حسناً او قبیحاً غیر الحق تعالیٰ کما ان الایمان باللہ حقیقۃ والاسلام اصالتہ ھو ایقان الحق ای الموجود مطلق الحق سبحانہ۔

اور نیز یہ بھی معلوم ہو چکا ہے۔ کہ کلمہ طیبہ از روئے عبارت النص۔ و دلالت النص اس طرف راجع ہے کہ نہیں ہے کوئی موجود خواہ وہ کیسا ہی ہو مگر اللہ اور عکس

کلمہ طیبہ یعنی کلمہ خبیثہ از روئے عبارت و دلالت اس طرف راجع ہے۔ کہ نہیں ہے کوئی موجود خواہ وہ کیسا ہی ہو مگر غیر اللہ تحقیق مذکورہ سے یہ امر بخوبی مستنبط ہوگیا۔ کہ تمام اشیاء اور خدائی سبحانہ میں غیریت کا گمان ہے حقیقتاً خدا کے ساتھ شرک ہے اور اصالتاً کفر ہے یعنی کسی موجود پر خواہ وہ نیک ہو یا بد یہ گمان کرنا کہ غیر خدا ہے کفر اور شرک ہے جیسا خدا پر ایمان لانا از روئے حقیقت اسلام ہے اور از روئے اصالت خدا کو خدا یقین کرنا لازم ہے یعنی اس چیز کو حق جاننا جسکو وہم غیر حق جانتا ہے اور فی الحقیقت وہ موجود عین حق ہے +

وَاعْلَمْ اَیْضًا ان المفاد الموجب من لا الٰہ الا اللّٰہ عبارۃ و دلالۃ وھو کل موجود مطلقا ھو اللّٰہ سبحانہ مادۃ التصادق للکل الافرادی والمجموعی لئلا یلزم الاشراک وھو زعم الغیریۃ علی احد ھما فیصح اطلاق اسم الذات علی کل شئ حسنًا او قبیحًا والا یلزم الوقوع فیما عنہ الفرار وھو زعم الغیریۃ ؕ

واضح ہو کہ از روئے عبارت و دلالت کلمہ طیبہ کا مفہوم یہ ہے۔ کہ ہر موجود بالعموم یعنے بحیثیت افرادی و مجموعی خدائی سبحانہ کا عین ہے) اور (کل افراد اور مجموعی) میں تصادق بایکدیگر کا مادہ ہے۔ تاکہ گمان غیریت جو کہ شرک ہے ان دونوں میں سے ایک کی صورت باقی نہ رہے۔ یعنی اگر یہ مان لیا جائے۔ کہ عینیت صرف (افرادی) کی ہی صورت میں ہے تب کل مجموع موجودات میں خدائے سبحانہ کے ساتھ غیریت لازم ہوگی۔ اور یہ شرک ہے۔ علی ہذا۔ اگر صرف (مجموعی) کی صورت میں عینیت مان لیں۔ تو موجودات کی۔ خدائے سبحانہ کے ساتھ فرداً فرداً غیریت لازم آئیگی۔ اور یہ بھی شرک ہے۔ لہذا کل موجودات (افراداً۔ یا مجموعاً) غیر خدا نہیں ہیں۔ اور جبکہ غیر خدا کا وجود ہی نہیں ہے۔ تب اسم ذات یعنے (اللہ) کا ہر بُری بھلی چیز پر اطلاق کرنا صحیح ہے۔ ورنہ وہی امر لازم آئیگا۔ جس سے گریز۔ اور جو گمان غیریت ہے +

وفرق عظیم بین اطلاق اسم الذات علی القبیح وبین اطلاق القبیح علیہ سبحانہ۔ فالاطلاق الاول یرجع الی

قولہ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ ویحکم بجوازہ لا الٰہ الا اللہ حکماً بینا۔ والثانی یوھم کونہ سبحانہ محاطاً للقبیح ولا یاذن شرع الشریف بہ ایضاً لان فیہ سوء الادب بخلاف الاول لا یخلو من حسن الادب لکونہ دافعاً للاشراک وھو زعم الغیریۃ۔ وقد عرفت جوازہ بحکم لا الٰہ الا اللہ ولقولہ تعالیٰ۔ فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ ۝

سوال۔ اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے کہ بسبب عینیت کے ہر بُری بھلی شے پر اسم ذات کا اطلاق صحیح ہے تب یہ بھی ضرور ہے۔ کہ ہر بُری بھلی شی کا خدا سبحانہ پر اطلاق درست ہو۔ حالانکہ شرع شریف سے یہ بالکل ناجائز ہے۔ بلکہ سوائے اسماء حسنیٰ کے اور کسی نام کا اطلاق نہیں کر سکتے ہیں۔ اور اس کی سخت ممانعت ہے۔ یہانتک کہ خداوند تعالےٰ کو شرعاً حکیم کی جگہ طبیب نہیں کہہ سکتے ہیں +

جواب۔ اس میں بہت فرق ہے کہ اسم ذات کا قبیح پر اطلاق ہو۔ اور خدائے سبحانہ پر قبیح کا اطلاق ہو۔ اس لئے کہ خدا تعالےٰ کا اطلاق قبیح پر حق سبحانہ کی طرف اس قول کے راجع ہے۔ (واللہ بکل شی محیط) یعنی (اللہ تعالےٰ تمام اشیاء پر محیط ہے) یعنی کوئی چیز اس کے سوا نہیں ہے۔ اور کلمہ طیبہ سے بھی اطلاق مذکورہ کا جواز ظاہر ہے اور قبیح کا اطلاق سبحانہ پر اس لئے نہیں ہو سکتا ہے۔ کہ حق سبحانہ قبیح میں محاط نہیں ہے لیکن قبیح پر اسم ذات کے اطلاق میں کوئی بے ادبی نہیں ہے۔ اس لئے کہ اطلاق مذکورہ میں حسن ادب موجود ہے۔ جو گمان غیریت یعنی شرک کا دافع ہے۔ اور اطلاق مذکورہ کے جواز پر حسب شرع شریف حکم (لا الہ الا اللہ) اور قول حق سبحانہ موجود ہے (فاینما تولوا فثم وجہ اللہ) یعنی جس طرف تم منہ پھیرو اُس طرف خدا کا منہ ہے +

وبھذا التحقیق ظھر صدق قولہ سبحانہ واللہ یسجد من فی السمٰوٰت ومن فی الارض۔ اذ لتقدیم بہ للحصر ای اللہ لا بغیرہ ولو کان الاصنام غیرہ سبحانہ یکذب بقولہ من فی الارض ۝

اور تحقیق مذکورہ سے حق سبحانہ کے قول (و للہ من فی السموات ومن فی الارض) کی صدقت ظاہر ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ (جو کچھ آسمانوں میں۔ اور جو کچھ زمین میں ہے۔ وہ صرف خدا ہی کے واسطے سجدہ کرتا ہے) اور اگر کلمہ طیبہ سے غیریت کی نفی مراد نہ ہوتی۔ تو آیۂ مذکورہ کی راستی ظاہر نہ ہوتی۔ اس لئے کہ فعل پر جار و مجرور کی تقدیم حصر کے واسطے ہوا کرتی ہے۔ یعنی صرف خدا ہی کے واسطے سجدہ کرتا ہے غیر خدا کے واسطے نہیں کرتا ہے۔ پس اگر بت غیر خدا ہوتے۔ تب خدای سبحانہ کا قول کہ (من فی الارض) جھوٹا ہو جاتا۔ اس لئے کہ بعض اہل زمین سجدہ اصنام کو بھی کرتے تھے۔ اور غیریت کی صورت میں صنم کا سجدہ سجدہ خدا کے سوا ہوگا۔

وقس علیہ صدق قولہ تعالیٰ اِنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا وَاللّٰهُ الْمَكْرُ جَمِيعًا۔ اذ بعض القوۃ والمکر یوجد فی المخلوق ایضًا فلو لم یکن المخلوق عینہ سبحانہ لا یکون القوۃ والمکر للہ جمیعاً۔

اور آیۂ مذکورہ پر ان اقوال سبحانہ کی بھی صدقت کا خیال کرو۔

(۱) (ان القوۃ للہ جمیعا) (صرف خدا ہی کو اپنی اقسام میں توانائی ہے)

(۲) (و للہ المکر جمیعا) (اور صرف خدا ہی کو اپنی تمام اقسام میں مکر ہے)۔

اور کلمہ طیبہ کا مقصود نفی غیریت نہ ہوتی۔ تب توانائی اور مکر کا حصر خدائے سبحانہ کی ذات میں کب درست ہوتا۔ اس لئے کہ بعض توانائی۔ اور مکر من وجہ مخلوق میں بھی ہوتے ہیں۔ پس اگر مخلوق عین خدا نہ ہوتی۔ تب دوسری توانائیاں اپنی تمام اقسام میں خدا کی ثابت نہ ہوتیں۔

وقس علیہ اِنَّ اللّٰهَ مَعَكُمْ وَاللّٰهُ مَعَنَا۔ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ۔ وزیادۃ القرب من حبل الورید لا یتصور الا بالعینیۃ معہ سبحانہ والمعیۃ باقسامہا باطلۃ فی حقہ سبحانہ بالعینیۃ معہ سبحانہ۔

اور آیات مذکورہ پر ان آیات کو بھی قیاس کرو۔

(۱) (ان اللہ معکم وان اللہ معنا) (تحقیق اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے)

(اور اللہ تعالےٰ ہمارے ساتھ ہے) ٭

(۲) (ونحن اقرب الیہ من حبل الورید) (یعنی ہم رگ جان سے زیادہ تر آدمی کے نزدیک ہیں) اس لئے کہ رگ جان سے زیادہ تر نزدیکی متصور نہیں ہو سکتی ہے مگر اسی صورت میں جبکہ انسان خدای سبحانہ کا عین ہو۔ اور جب تک موجودات کی عینیت خدای تعالےٰ کے ساتھ ثابت نہ ہو۔ تب تک اپنی تمام اقسام کے ساتھ معیت باطل ہوگی ٭

وظہر الفرق بین قول النصاریٰ فی قولہ سبحانہ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ وبین قولہ تعالیٰ مایکون من نجوی ثلثۃ الا ھو رابعھم ولا خمسۃ الا ھو سادسھم ولا ادنی من ذلک ولا اکثر الا ھو معھم۔ فالاول۔ ھو الکفر الصریح۔ والثانی۔ ھو الایمان الخالص ٭

اور تحقیق مذکورہ سے قول نصاریٰ جو کہ خدا تعالےٰ کے قول (لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ثالث ثلثۃ) میں واقع ہے۔ اللہ برتر کے اس قول پاک یعنی (مایکون من نجوی ثلثۃ الا ھو رابعھم ولا خمسۃ الا ھو سادسھم ولا ادنی من ذلک ولا اکثر الا ھو معھم) میں صاف فرق پایا جاتا ہے۔ آیۂ اول کے معنی یہ ہیں کہ (تحقیق وہ لوگ کافر ہوگئے جنہوں نے خدائے تعالےٰ کو تین شخصوں کا تیسرا کہا) (۱) خدا (۲) عیسیٰ (۳) مریم اور آیۂ ثانی کے معنی یہ ہیں کہ (تین آدمیوں میں کوئی مشورہ نہیں ہوتا ہے مگر یہ کہ خدا ان لوگوں میں چوتھا نہ ہو۔ اور پانچ شخصوں میں مشورہ نہیں ہوتا ہے مگر یہ کہ خدا ان لوگوں میں چھٹا ہوتا ہے۔ اور نہ ان میں سے کم۔ اور نہ زیادہ مگر یہ کہ خدا ان کے ساتھ ہوتا ہے) پس مقولہ نصاریٰ تو کفر صریح ہے۔ اور قول ثانی یعنی خدای سبحانہ کو رابع وسادس کہنا ایمان خالص ہے ٭

وجہ الظہور ان الاول ینبئ عن الفرق والتنائی وھو الکفر صریحاً۔ والثانی ینبئ عن الجمع والتوحید بقرینۃ الا ھو معھم والجمع عین الایمان الخالص ٭

اور اقوال مذکورہ میں مقصود کے فرق کی یہ وجہ ہے۔ کہ قول اول سے خدای

سبحانہ اور عیسیٰ اور مریم میں مغایرت پائی جاتی ہے جو کفر صریح ہے اور دوسرے قول سے بسبب قرینہ (لا ہو ھم) کے وحدت اور توحید پائی جاتی ہے اور وحدت میں ایمان خالص ہے ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ اگر کلمہ طیبہ کا مقصود غیریت کی نفی نہ ہوتی تب ان دونوں میں کوئی فرق نہ تھا۔ اس لئے کہ نسبت عددی تو خدا کی طرف ساتھ لفظ ثالث اور رابع اور سادس کے دونوں قولوں میں ایک صورت میں واقع ہے پس کیوں قول اول باعث کفر ہے اور قول ثانی سبب ایمان ہے ۔

وظہر ایضاً صدق قولہ تعالیٰ فان للہ خمسہ وللرسول ولذی القربیٰ والیتامیٰ والمساکین وابن السبیل بلا تاویل ذکر اللہ للتبرک المحض ۔ وجہ الظہور انہ اذا انتفع التغایر بینہ سبحانہ وبین من عطف علیہ صدق ان الخمس کلہ للہ سبحانہ دون غیرہ ویجعل قولہ للرسول الی اخر المقسوم علیہ عطفاً تفسیریاً للمعطوف علیہ اکراماً وتشریفاً للمعطوف ۔ حصر اللہ تعالیٰ فی المکرمین فقط ۔

اور خدا تعالیٰ کے اس قول پاک کی بھی صداقت ظاہر ہے کہ (فان للہ خمسہ وللرسول ولذی القربیٰ والیتامیٰ والمساکین وابن السبیل) یعنے خدا کے واسطے اور رسولؐ کے واسطے اور اولاد کے واسطے اور یتیموں کے واسطے اور محتاجوں کے واسطے اور مسافروں کے واسطے مال غنیمت کا پانچواں حصہ ہے) اور علماء کی یہ تاویل کہ خدا تعالیٰ کا ذکر آیۂ مذکورہ میں محض تبرکاً ہے غلط ہے اور ظہور صداقت کی یہ وجہ ہے کہ جس وقت (خدائے سبحانہ میں اور ان لوگوں میں) جو کہ لفظ اللہ پر معطوف ہیں۔ فرق تغایر جاتا رہا۔ تب یہ صادق ہوا کہ مال کا پانچواں حصہ خدائے سبحانہ کے واسطے ہے غیر خدا کے لئے نہیں ہے اور رسول سے آخر اشخاص مقسوم علیہم تک لفظ اللہ پر عطف تفسیری ہے۔ اور اللہ معطوف علیہ ہے اور عطف مذکورہ اشخاص مذکورہ کی تکریم کے لئے ہے۔ کچھ اشخاص مکرم اور گرامی میں اللہ تعالیٰ کا حصر نہیں ہے ۔

وقس علیہ قولہ تعالیٰ وَمَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ

وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ ۔ وَيَدُ اللَّهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ وَالَّذِينَ يُؤْذُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ ۔ وَلَمْ تَقْتُلُوهُمْ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ قَتَلَهُمْ ۔ وَإِنْ تُقْرِضُوا اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا ۝

اور آیات مذکورہ پر قول حق سبحانہ تعالےٰ مندرجہ ذیل قیاس کرو۔

(۱) (ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ) یعنے جو شخص رسول خدا کی اطاعت کرتا ہے اس نے بالتحقیق اللہ کی اطاعت کی) +

(۲) (وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی) یعنی معرکہ جنگ میں تو نے پتھر نہیں مارا مگر اللہ نے مارا +

(۳) (ید اللہ فوق ایدیہم) یعنے بیعت میں صحابہ رضوان اللہ علیہم کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ تھا +

(۴) (والذین یؤذون اللہ ورسولہ) یعنی جو شخص کہ خدا اور رسول خدا کو ایذا دیتے ہیں +

(۵) (ولکم تقتلوھم ولکن اللہ قتلہم) یعنی تم نے اُن کو قتل نہیں کیا۔ مگر خدا نے اُن کو قتل کیا +

(۶) (ان تقرضوا اللہ قرضا حسنا) یعنی اگر تم خدا کو قرض دو قرض حسنہ +

حاصل کلام یہ ہے۔ اگر کلمہ طیبہ سوی (نفی غیریت) مقصود نہ ہوتی تب اطاعت رسول کی عین اطاعت خدا کیونکر ہوتی۔ اور سنگ اندازی رسول صلے اللہ علیہ وسلم کی عین سنگ اندازی خدا کی کیونکر ہوتی۔ اور ہاتھ رسول خدا کا عین خدا کا ہاتھ کیونکر ہوتا۔ اور متاذی ہونا خدا کا خلق سے کب متصور ہوتا۔ اور اُن لوگوں کے حق میں۔ جو درحقیقت مباشر قتل تھے (ما لم تقتلوھم ولکن اللہ قتلہم) کیونکر درست ہوتا علیٰ ہذا خدا کو قرض حسنہ دینا اُس کے کچھ معنے نہ ہوتے +

سوال۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے۔ کہ آیات مذکورہ میں خدا کی طرف جن افعال کی نسبت کی گئی ہے۔ وہ حقیقت کے بیان پر محمول ہیں۔ اس لئے کہ تمام افعال کا فاعل حقیقی خدا تعالےٰ ہی ہے۔ گو مجازاً اُس کی نسبت عبد کے ساتھ ہوتی ہے +

جواب۔ یہ اعتراض قواعد اصول کے مخالف ہے اس لئے کہ فن اصول میں یہ

امر قرار پا چکا ہے۔ کہ فاعل حقیقی افعال کا وہی ہے جو اُن کا مباشر ہو۔ اور غیر مباشر کی طرف نسبت مجازاً ہے چنانچہ اسی اصل پر بہت سے مسائل فقہی نکلے ہیں جیسے سقوط حدود وقصاص۔ ان لوگوں سے جو کہ سرقہ اور قتل وغیرہ کے جنایت میں شریک ہوں۔ اور اس سے خود مرتکب نہ ہوں +

کما لا یخفی علی الخبیر وینطبق علی ما قلنا من عینیۃ جمیع الاشیاء معہ سبحانہ قولہ تعالی فلما اتاھا نودی من شاطی الوادی الایمن فی البقعۃ المبارکۃ من الشجرۃ ان یا موسی انی انا اللہ رب العالمین فالمنادی ۔ والقایل بالقول المذکور ھو الشجرۃ فقط۔ فدل عبارۃً عینیۃ الشجرۃ معہ سبحانہ ودلالۃً علی عینیۃ غیرھا من جمیع الاشیاء معہ سبحانہ لا فارق بین ممکن وممکن آخر فھذہ الایات کلھا دالۃ عبارۃً ودلالۃً علی الجمع والتوحید بین الاشیاء کلھا وبینہ سبحانہ ؕ

اور جو کچھ کہ ہم نے یہ بیان کیا ہے کہ تمام اشیاء میں اور خدائے سبحانہ میں عینیت ہے اس پر خدای سبحانہ کا قول مندرجہ ذیل منطبق ہے۔ قولہ تعالےٰ (فلما اتاھا نودی من شاطی الوادی الایمن فی البقعۃ المبارکۃ من الشجرۃ ان یا موسی انی انا اللہ رب العالمین) جب موسی علیہ السلام آگ کے نزدیک آئے مقام بابرکت میں درخت کے درمیان سے میدان دائیں کنارہ سے آواز دی گئی۔ اے موسیٰ بحقیق میں خدا رب العالمین ہوں۔ آیۂ کریمہ۔ از روئے عبارت خدائے سبحانہ کے ساتھ درخت کی عینیت پر دلالت کرتی ہے۔ اور از روئے دلالت النص خدائے سبحانہ کے ساتھ تمام چیزوں کی عینیت ثابت ہے۔ اس لئے کہ ایک ممکن اور دوسری ممکن میں کوئی فرق کرنے والا نہیں ہے یعنی جب کہ شجرۂ موجودۂ ممکن عین خدا ہو۔ دوسرے ممکنات کے خدا ہونے میں ترجیح لازم آتی ہے۔ جس قدر آیات مذکورہ مذکور ہوئیں سب کے سب از روئے عبارت النص ودلالت النص۔ اس بات پر دلالت کرتی ہیں۔ کہ تمام اشیاء میں۔ اور حق سبحانہ میں عینیت اور یگانگت ہے +

الاصل الثانی

فی تفسیر الادلۃ الخمسۃ۔ وھو قولہ سبحانہ لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا۔ ولو کان ھؤلاء الھۃ ما وردوھا ولو کان معہ الھۃ کما یقولون اذا لابتغوا الی ذی العرش سبیلا۔ وما کان معہ من الٰہ اذا لذھب کل الٰہ بما خلق ولعلی بعضھم علی بعض وربطھا مع المدلول وھو لا الٰہ الا اللہ ؕ

دوسری اصل۔ دلائل خمسہ جن کا اپنے مدلول یعنے کلمہ طیبہ کے ساتھ ارتباط ہے حسب ذیل ہیں ؛

(۱) قولہ سبحانہ (لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا) اگر زمین و آسمانوں میں خدا کے سوا معبود ہوتے۔ زمین و آسمان ضرور برباد ہو جاتے ؛

(۲) قولہ تعالےٰ (لو کان ھؤلاء الھۃ ما وردوھا) اگر یہ اصنام خدا کے سوا معبود ہوتے تو دوزخ میں نہ جاتے) ؛

(۳) قولہ تعالےٰ (لو کان معہ الھۃ کما یقولون اذا لابتغوا الی ذی العرش سبیلا) اگر خدائے سبحانہ کے ساتھ اور متعدد معبود ہوتے جیسا کہ مشرکین کہتے ہیں۔ تب وہ اس وقت صاحب عرش کا راستہ ڈھونڈتے ؛

(۴) قولہ تعالےٰ (ما کان معہ من الٰہ اذا لذھب کل الٰہ بما خلق) خدائے سبحانہ کے ساتھ کوئی معبود غیر خدا نہیں ہے۔ اور اگر ہوتے تب اس وقت ہر معبود اپنی مخلوق کو لے جاتا ؛

(۵) قولہ تعالےٰ (ولعلی بعضھم علی بعض) بتحقیق بعض اُن معبودین سے بعض معبود پر غالب ہوتے ؛

واعلم ان التعدد فی الوجوب عند العقل الصحیح باطل وھذا المذھب الیہ احدٌ ولا کان مذکورا فی الکتاب والسنۃ لکونہ اشد قبحا وما توھم تعدد الوجوب بین

الممکن والواجب کما للہ مری وغیرھم فظھور امکان
ممکن الذی توھم وجوبہ یدفعہ ۵

واضح ہو کہ عقلاً وجوب میں تعدد بالکل باطل ہے۔ اسی وجہ سے کسی نے بھی اس کو تسلیم نہیں کیا۔ وگرنہ قرآن مجید اور حدیث شریف حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ضرور اس کا ذکر کیا جاتا۔ اس لئے کہ عقیدہ مذکورہ بہ نسبت اور عقائد ذات کے زیادہ تر قبیح ہے۔ اور عقاید کفر شرک میں سے۔ ایسا کوئی عقیدہ نہیں ہے جن کا قرآن مجید۔ اور حدیث شریف میں ذکر نہ ہو۔ لیکن نصاریٰ وغیرہ ممکن اور واجب میں تعدد وجوب جو خیال کرتے ہیں یہ اُن کا خیال باطل اور بے اصل ہے۔ اور خود امکان ممکن کا ظہور ہے جن کا وجوب نصاریٰ وغیرہ مانتے ہیں۔ اُن کے وہم مذکورہ کو بالکل دفع کر دیتا ہے۔ یعنی کسی عاقل کی یہ رائے نہیں ہو سکتی۔ کہ واجب ایک سے زیادہ ہو سکتا ہے لیکن قول نصاریٰ سے۔ جو تین خداؤں کے قائل وجوب کے تعدد کا وہم ہوتا ہے اس لئے کہ تعدد الوہیت سے وہم اس طرف منتقل ہوتا ہے۔ کہ جس ممکن کو مثلاً نصاریٰ نے خدا کہا ہے۔ اس کو امہات صفات کے ساتھ بھی سمجھا ہوگا۔ جو وجوب کے لوازمات سے ہیں۔ اور امہات صفات حیات اور علم اور قدرت اور ارادہ اور سمع اور بصر اور کلام ہیں۔ لیکن وہم مذکورہ کچھ ایسا نہیں ہے جس کے باطل کرنے کی ضرورت ہو۔ اس لئے کہ فکر صحیح جس پر وجوب و امکان کی معنی بخوبی عیاں ہیں یہ بتاتی ہے کہ کوئی ممکن واجب نہیں ہو سکتا۔ اس لئے کہ خود وہ ممکن جس کی الوہیت فرض کی گئی ہے۔ وجوب کو باطل کرتا ہے ۔

واما توھم المجوس تعدد الوجوب بین الخالقین فرعھم
فی دفع وجوبھما اذ خالق الخیر عندھم لا یقدر علی خلق
الشر وخالق الشر بالعکس فعدم قدرۃ کل منھما بدفع
وجوبھما اذ الواجب لابد ان یکون کاملاً والنقصان من
امارات الامکان فلا حاجۃ الی دفع تعدد الوجوب ۵

لیکن قوم مجوس۔ جو دو خالقوں میں تعدد واجب گمان کرتے ہیں۔ اس گمان کو خود ان دونوں خالقوں کا وجوب ہی دفع کرتا ہے۔ اس لئے کہ مجوس کے عقیدہ کے مطابق

(خالق خیر) شر کے پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے۔ اور (خالق شر) خیر کے پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے۔ پس ان دونوں خالقوں میں سے ہر ایک خالق کا نہ قادر ہونا۔ اُن دونوں کے وجوب کا ابطال کرتا ہے۔ اس لئے کہ یہ واجب ہے۔ کہ (واجب) ہر چیز کے پیدا کرنے پر قادر ہو۔ اور نقصان اور عجز امکان کی نشانی ہے۔ لہذا ہمیں کوئی ضرورت نہیں ہے کہ ہم تعدد کا انداز فلاع کریں ٭

وأما التعدد بين الممكن وبينه فقد اختلف فيه فذهب الاكثر الى اثباته موافقا للوهم وذهب الاقل الى نفيه وهم الانبياء باجمعهم عليهم الصلوٰة والسلام بمحبتهم بكلمة لا اله الا الله وهو يدل صريحا على نفيه واتباعهم من قدس هم من الكمل قدست اسرارهم ٭

لیکن خدائے سبحانہ اور ممکن میں تعدد مختلف فیہ مسئلہ ہے اکثر لوگوں نے اپنے خیال فاسدہ کے مطابق۔ خدائے سبحانہ اور ممکن میں تعدد ثابت کیا ہے۔ اور بعض نے خدائے سبحانہ اور ممکن میں تعدد کی نفی کی ہے۔ اور جنہوں نے نفی کی ہے وہ تمام انبیاء علیہم السلام ہیں۔ اس لئے کہ وہ کلمہ طیبہ کو جو کہ صریحی طور پر تعدد مذکورہ کی نفی پر دلالت کرتا ہے۔ لائے۔ اور انبیاء علیہم السلام کی پیروی کاملین قدس اسرارہم نے کی ٭

والحجة لهم قوله سبحانه۔ لو كان فيهما آلهة الا الله لفسدتا فلنذكر۔ اولا ما يتعلق به من الميزان والنحو والبلاغة و ثانيا وجه الملازمة ٭

اور جن لوگوں نے تعدد کی نفی کی ہے۔ اُن کے واسطے خدا تعالیٰ کا قول پاک (لو کان فیہما الہۃ الا اللہ لفسدتا) دلیل ہے۔ لہذا پہلے اُس چیز کا ہم کو ذکر کرنا چاہئے جو قواعد منطق اور نحو۔ اور بلاغت سے دلیل مذکورہ کے ساتھ تعلق رکھتی ہو۔ اور بعد اُس کے مقدم اور ثانی میں وجہ ملازمت بیان کریں ٭

فالميزان ان لو سور المهملة ولو كان المفاد من لا اله الا الله كليتين سالبة وموجبة متلازمين كان نقيضا هما ايجابا جزئيا وسلبا جزئيا متلازمين فى الصدق ايضا اعنى

بعض محمولہ غیر اللہ وبعض الالہ لیس باللہ فتعین ان نقیض المطلوب ایجاب جزئی ومحمولہ غیر اللہ فقط لرجوع السلب الجزئی الیہ ایضاً لوجود الموضوع ۵

پس جو کچھ قاعدہ منطق سے۔ دلیل مذکورہ کو تعلق ہے۔ یہ ہے کہ کلمہ (لو) سور مہملہ ہے ۔

واضح ہو کہ مہملہ ایک قضیہ ہے جس میں افراد کی کمیت۔ یا موضوع کے اوضاع کی کیفیت نہ بیان کی گئی ہو۔ اور (سور) در اصل دیوار کی معنی میں ہے۔ اور منطقیوں کی اصلاح میں (سور) ایسے لفظ کو کہتے ہیں جو افراد کی کمیت یا اوضاع موضوع کی کیفیت کی مبین ہو۔ پس (لو کان الخ) قضیہ شرطیہ مہملہ ہے۔ اور کلمہ (لو) اس کا (سور) ہے۔ اور چونکہ دو قضایائی کلیہ مفاد (لا الہ الا اللہ) ہیں۔ (۱) (سالبہ) (۲) (موجبہ) اور دونوں قضیہ ایک دوسرے کے ساتھ متلازم ہیں۔ تب ان دونوں قضیوں کے نقیض بھی (موجبہ جزئیہ) اور (سالبہ جزئیہ) اس طور سے ہوگی کہ دونوں صدق میں متلازم ہوں (موجبہ جزئیہ) بعض (الالہ غیر اللہ) ہے اور (سالبہ جزئیہ) بعض (الالہ لیس باللہ) پس یہ امر متیقن ہو گیا۔ کہ نقیض مطلب کے (موجبہ جزئیہ) ہے جس کا محمول فقط غیر اللہ ہے۔ اس لئے کہ سلب جزئی کا غیر اللہ کے طرف رجوع موضوع کے موجود ہونیکی وجہ سے بھی ہے ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ (لا الہ الا اللہ) کا دو قضیہ کلیہ کی طرف مرجع ہے (۱) سالبہ (لاشی من الالہ بغیر اللہ) (۲) موجبہ (کل الہ اللہ) چونکہ یہ دونوں قضیہ صدق میں متلازم ہیں۔ لہذا یہ بھی ضرور ہے۔ کہ سالبہ کلیہ مذکورہ کی نقیض یعنی (بعض الالہ غیر اللہ) اور موجبہ کلیہ کی نقیض یعنی (بعض الالہ لیس باللہ) کے ساتھ صدق میں متلازم ہو۔ اور (بعض الالہ غیر اللہ) اور (بعض الالہ لیس باللہ) میں متلازم کی وجہ یہی ہے۔ کہ موضوع اور محمول دونوں کے ایک ہیں۔ اس لئے کہ افراد موضوع موجود ہونے کے سبب سے جو کہ (الہ) ہے (غیر اللہ لیس باللہ) کے مساوی ہے یعنی اگر موضوع موجود نہ ہوتا تب سالبہ جزئیہ کے صدق میں بغیر (بعض الالہ غیر اللہ) کے صدق کا احتمال ہوتا۔ اس لئے کہ جس طرح سالبہ سلب محمول میں موضوع موجود سے صادق ہوتا ہے۔ اسی طرح کبھی موضوع کے موجود ہونے کے سبب سے بھی

صادق ہوتا ہے۔ جیسے (شریک الباری لیس بموجود) یعنی خدا کا شریک موجود نہیں ہے۔

وھذا الدلیل قیاس استثنائی فلابد من اشتمال علی نقیض المطلوب من قولنا بعض الاالہ غیر اللہ لعدم ذکر عینیۃ فیہ فوجب حمل الا اللہ علی غیر اللہ لیشتمل علی نقیض المطلوب۔

اور یہ دلیل یعنی (لو کان فیہما الھۃ الا اللہ لفسدتا) قیاس استثنائی ہے اور منطقین کی اصطلاح میں قیاس استثنائی ایسا کلام ہے جو مقدم اور تالی سے مرکب ہو۔ تب قیاس مذکورہ نقیض مطلوب یعنی (بعض الاالہ غیر اللہ) کے مشتمل ہے۔ اس لئے کہ عین مطلوب اس میں مذکور نہیں ہے پس واجب ہوا کہ (الا اللہ) (غیر اللہ) پر محمول ہو تاکہ قیاس استثنائی کا نقیض مطلوب کے ساتھ اشتمال ہو۔

حاصل کلام یہ ہے کہ (لا الہ الا اللہ) کے دعوی پر (لو کان فیہما الھۃ الا اللہ لفسدتا) دلیل استثنائی ہے اور حسب قواعد منطقیہ مذکور یہ ضرور ہے۔ کہ عین مطلوب یعنی (لا الہ الا اللہ) دلیل مرقوم میں مذکور ہو۔ یا نقیض مطلوب مذکور ہو۔ اور یہ ظاہر ہے۔ کہ عین مطلوب اس میں مذکور نہیں ہے۔ تب بالضرور نقیض مطلوب جو کہ (بعض الاالہ غیر اللہ) مذکور ہو۔ اور اس سے یہ واجب ہوا۔ کہ حرف الا (غیر) کے معنی میں ہو۔ استثنا کے واسطے نہ ہو۔ تاکہ دلیل مذکورہ قاعدہ مذکورہ کے مخالف وضع نہ ہو۔ اب یہاں سے دو امور کا اظہار ہوا۔

(۱) بمقتضائے دلیل مذکورہ (لا الہ الا اللہ) میں لای نفی جنس کی خبر مقدر ہوئے غیر اللہ کے صحیح نہیں ہے۔

(۲) لفظ الا کی معنی غیر پر محمول کرنے کی وجہ سے عین مطلوب پر دلیل کا عدم استعمال پایا جاتا ہے اور صرف اسی وجہ سے لفظ الا میں معنی حقیقی سے عدول کیا گیا ہے۔ تاکہ دلیل مذکورہ نقیض مطلوب پر مشتمل ہو۔

واعلم انہ لاشبھۃ فی ان الاستدلال المذکور استدلال علی ابطال التعدد بین المنکور وبینہ سبحانہ

والتعدد یستلزم التغایر و بالعکس فذکر کل یعنی عن الاخر وقد عرفت ان المراد من المنکور ھو الممکن فقط اذ علی تقدیر ارادۃ الواجب من المنکور یلزم خروج کلامہ سبحانہ عن البلاغۃ والصدق معاً والعیاذ باللہ منھا ۔

اس امر میں کچھ شک نہیں کہ المنکور اور خدائے سبحانہ میں تعدد کے باطل کرنے پر دلیل مذکورہ استدلال ہے اور تعدد کو تغایر کا لزوم ہوتا ہے اور تغایر کو تعدد کا لزوم ہوتا ہے پس تعدد کی ذکر سے تغایر کی حاجت باقی رہتی ہے اور علی ہذا تغایر کے ذکر سے تعدد کے ذکر کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ لہذا تحقیقات سابقہ سے یہ متحقق ہوگیا۔ کہ مراد المنکور صرف ممکن ہے۔ واجب نہیں ہے اگر المنکور سے واجب مراد لی جائے۔ تو خدائے سبحانہ کا کلام بلاغت اور صدق سے خارج ہوتا ہے اور میں ایسے عقیدہ سے پناہ مانگتا ہوں کہ خدا کا کلام غیر بلیغ پر کاذب ہو ۔

اما خروجہ عن البلاغۃ فلانہ علی ابطال التعدد بین الواجب وبینہ سبحانہ یکفی فی ان یقال لو کان معہ مثلہ الخ فیلغو لا لی القید من فیھما وایراد جمع المنکور لا للہ و اما خروجہ عن الصدق فلانہ علی تقدیر تعدد الواجب یمنع الفساد اذ فسادھما متفرع علی کونھما وعلی تعدد المذکور یمنع کونھما لما یکون بینھما من الاختلاف والتمانع فانھما ان توافقت فی المراد تطاردت علیہ القدرۃ وان تخالف فیہ تعاوقت عنہ ۔

لیکن خدائے تعالیٰ کے کلام کی بلاغت سے خارج ہونے کی یہ وجہ ہے کہ خدائے سبحانہ اور واجب میں جو کہ المنکور سے مراد لیا گیا ہے ابطال تعدد کی حالت میں مقدم میں کفایت ہو سکتی تھی۔ یعنی بجائے شرط کے یہ کہا جاتا تھا کہ (لو کان معہ مثلہ الخ) یعنی خدائے سبحانہ کے مثل اوس کے کوئی دوسرا واجب ہوتا بتحقیق آسمان وزمین برباد ہو جاتے پس اگر (لو کان فیھما الخ) کا مفاد یہی ہے

جو کہ لو کان معہ مثلہ) کا مفاد ہے۔ تب مروارید قیود جو کہ دلیل مذکورہ کی لڑی میں پروئے گئے ہیں بکھر جاتے ہیں۔ یعنی لفظ فیھما اور (جمع منکور) اور (لا الہ الا اللہ) کے لانیکی حاجت نہیں تھی اور ایسے لفظ کا ایراد جو کہ بیفائدہ ہو کلام کو بلاغت سے خارج کرتا ہے لیکن خدا تعالےٰ کے کلام پاک کے صدق سے خارج ہونے کی یہ وجہ ہے۔ کہ تعدد واجب کی صورت میں فساد ممتنع ہو جاتا ہے۔ یعنی جزائے مذکورہ شرط پر مرتب نہیں ہوتی اس لئے کہ زمین و آسمان کا فساد اُن لوگوں کے وجود کی فرع ہے اور تعدد واجب کی صورت میں زمین و آسمان کا وجود یوں ممتنع ہو جاتا ہے۔ کہ معبودان واجبہ مفروضہ میں اختلاف اور تمانع متصوّر ہے۔ اس لئے کہ الٰہ واجب متعدد اگر کسی کام کے ارادہ میں موافقت کریں۔ تب اس کام پر پے در پے قدرتوں کا ورود ہوگا اور ایک کام پر دو قدرتوں کا ورود اس امر سے خالی نہ ہوگا۔ کہ واجبوں میں سے ایک کی قدرت لغو ہو جائے اس لئے کہ ایک واجب قدرت کاملہ سے جس کام کا اتمام کر سکتا ہے پس دوسرے واجب کی قدرت اس کام کے لئے بیفائدہ اور لغو ہے۔ اور اگر معبودان واجبہ متعددہ ایک دوسرے کے ساتھ ارادہ میں مخالف ہوں۔ تب ایک دوسرے کو اس کام سے عائق اور مانع ہونگے اور اُن کے ارادہ کے اختلاف سے مراد کا ظہور ہی ممتنع ہو جائیگا۔ پس زمین و آسمان موجود نہ ہونگے اور فساد جو کہ فرع وجود ہے مترتب نہ ہوگا۔

ولو قیل ان المحال وھو التعدد المذکور جاز ان یستلزم محالاً اخر وھو کونھما فیذنفھم بان المحالین المذکورین اعنی تعدد الواجب ووجودھما ای وجود السماء والارض جاز ان یستلزم محالاً ثالثاً وھو اتفاقھما علی ابقاءھما کما ابن عاھما فانہ یلزم الفساد المتفرع علی وجودھما فیکذب الملازمۃ المذکورۃ۔

اور اگر یہ سوال کیا جائے۔ کہ محال اول یعنے (تعدد مذکورہ) محال ثانی یعنے (زمین و آسمان) کے وجود کا جواز اً مستلزم ہو تب سوال مذکورہ کا یوں جواب دیا جائیگا۔ کہ اس صورت میں یہ امر جائز ہوگا۔ کہ دونوں محال مذکورہ۔ ایک (تعدد واجب) دوسری (زمین و آسمان) کا وجود۔ محال سوم کے طالب یعنی زمین و آسمان کے باقی رکھنے پر دونوں فرضی واجبوں کا اتفاق ہو۔ جیساکہ اُن دونوں مفروضہ واجبوں نے زمین و آسمان کو بنایا ہے

تب یہ امر متحقق ہوگیا۔ کہ ایسا لزوم فساد جو زمین و آسمان کے وجود پر متفرع ہو۔ نہیں ہے اور اس سے تلازم مذکورہ یعنی (لو کان فیہما الہۃ الا اللہ لفسدتا) بالکل جھوٹا ہو جائیگا۔

فالعبارۃ البلیغۃ الصادقۃ فی ابطال التعدد المذکور ان یقال لو کان معہ مثلہ لما خرجتا ای من العدم الی الوجود لما یکون بینہما من الاختلاف الی اخرہ فبطل ارادۃ الواجب فقط من المنکور او الاعم علی عموم المجاز فتعین المراد من المنکور وھو الممکن فقط مطلقاً متصرفاً کان او غیرہ۔

اور عبارت بلیغ صادق الملازمۃ تعدد الہ واجب کے باطل کرنے کے بیان میں اگر کہی جائے یہ ہے یعنی (اگر خدا کے ساتھ اس کا مثل) یعنی (دوسرا واجب) ہوتا تب زمین و آسمان ان کے اختلاف و تمانع کی وجہ سے پردۂ عدم سے معرض وجود میں نہ آتے۔ اس لئے کہ اگر وہ کسی کام کے ارادہ میں موافقت کرتے تب پے در پے اس کام پر قدرتوں کا ورود ہوتا۔ اور اگر مخالفت کرتے تب اس کام میں ایک دوسرے کو عائق و مانع ہوتے۔ پس صرف الہ منکور سے ارادہ واجب باطل ہے اور بطریق عموم مجاز واجب سے عام طور پر معبود مطلق کا مراد لینا بھی باطل ہے۔ لہذا یہ امر متحقق ہوگیا کہ منکور سے صرف ممکن مراد ہے۔ خواہ متصرف ہو جیسے (ذوی العقل) خواہ غیر متصرف جیسے (شجر حجر) وغیرہ۔

وبعد تعین المراد من المنکور یتوقف الاستدلال علی التعرض واثبات التعدد والتغایر فرضاً بینہ وبین اللہ سبحانہ فی المقدم لیشتمل علی نقیض المطلوب وعلۃ الفساد حتی یبطل النقیض ویثبت المطلوب فوجب حمل الاعم علی المجاز لتحصیل التعرض المذکور لیتم الاستدلال۔

اور الہ منکور کے ممکن مراد ہونے سے نقیض مطلوب کے تعرض پر استدلال موقوف ہے اور ممکن اور خدائے سبحانہ کے درمیان۔ اعتبار عقلی سے مقدم میں اس واسطے تعدد اور تغایر ثابت کرنا مقصود ہے۔ تاکہ دلیل نقیض مطلوب پر اور علت فساد پر مشتمل ہو اور نقیض یعنی غیریت باطل ہو جائے اور مطلوب یعنی

عینیت ثابت ہو جائے اور اس سے یہ واجب ہو گیا۔ کہ الا معنی مجاز یعنی غیر پر محمول ہو۔ اور اس سے تعرض نقیض مطلوب کا حاصل ہو جائے۔ اور استدلال تمام ہو

خلاصہ کلام آنکہ یہ امر ضروریات سے ہے کہ کلمہ طیبہ میں الہ منکور سے صرف ممکن مراد ہو۔ واجب مراد نہ ہو۔ ورنہ واجب سے عام طور پر مراد ہو۔ اور مخدوش خبر کے عیوض غیر اللہ ھو موجود۔ یا ممکن مراد نہ ہو۔ تاکہ دلیل کی مدلول کے ساتھ مطابقت ہو۔ اور کلام مذکورہ سے اس بات کی بھی توضیح ہو گئی۔ کہ الا صرف معنی غیر پر اس وجہ سے محمول ہے۔ تاکہ دلیل نقیض مطلوب پر شامل ہو۔ تعذر استثنا کے سبب سے نہیں ہے جیسا کہ علماء ظواہر نے بیان کیا ہے ؛

وانہ کابر حملوھا علی المجاز بمعنی الغیر۔ وزعموا ان المجاز امتناع الاستثناء ووجہ الامتناع ان الاول عدم اشتمال ماقبلھا علی مابعدھا وجھۃ عدم الشمول فی زعمھم ایضا ان احد ھما امکان ماقبلھا الی المنکور بقرینۃ جمعہ ووجوب مابعدہ والا لیکفی علی وجوب ماقبلھا لو کان معہ الہ لفسدتا فیلغو باقی القیود فتعین امکانہ والامکان ینافی الشمول وتانیھما تقیدہ بفیھما والثانی دلالۃ الاستثناء علی ملازمۃ الفساد لکون الالۃ فیما دونہ سبحانہ والمراد ملازمتہ لکونھا مطلقا سواء کانت معہ او دونہ ؛

اکابر نے معنی مجازی یعنی (غیر) پر الہ کو محمول سمجھا ہے۔ اور گمان کیا ہے۔ کہ دلیل مذکورہ میں بوجہ امتناع استثنا لفظ (الا) مجازاً معنی غیر پر محمول ہے۔ اور تعذر استثنا کے دو وجوہات قرار دیئے ہیں ؛

(۱) ماقبل الا کا مابعد الا پر مشتمل ہونا۔ جو کہ از قبیل واجبات ہے۔ اور ماقبل الا کے مابعد الا پر شامل ہونے کی وجہ ان کی گمان میں دو امور ہیں ؛

(الف) ایکان میں سے امکان ماقبل الا ہے یعنی الہ منکور کا بسبب اس کے قرینہ جمع کے اور مابعد الا کے وجوب کے ممکن ہونا۔ اور اگر الہ سے معبود ان ممکنہ مراد ہوتے۔ تب وجوب کی صورت میں یہ کہنا کافی ہوتا تھا کہ اگر خدا کے ساتھ کوئی اور الہ ہوتا

تب زمین و آسمان برباد ہو جاتے ؛ اور باقی قیود یعنی لفظ فیہما اور (الہ جمع منکور) اور (الا اللہ) محض لغو ہو جاتے تھے۔ اس سے ماقبل الامکن ہونا ثابت ہو گیا اور امکان کا وجوب کے ساتھ شمول نہیں ہو سکتا ہے ۔

(ب) دوسرا امر جو کہ ماقبل الا کا مابعد الا پر عدم اشتمال کا سبب ہے۔ وہ منکور کا قید (فیہما) میں مقید کرتا ہے۔ اس لئے کہ ماقبل الا کا مابعد الا کے شمول کی صورت میں خدائے سبحانہ کا زمین و آسمان میں مقید کرنا لازم آتا ہے۔ اس لئے کہ جب خدا الہ موصوفہ میں فرضاً داخل کیا جائے تب (فیہما) کے قید میں مقید بھی ہوگا ۔

(۲) بعذر استثنا کی دوسری وجہ یہ ہے۔ کہ علماء کے گمان سے استثنا لازم فساد پر اس شرط سے دلالت کرتا ہے کہ (الہ) زمین و آسمان میں خدائے سبحانہ کے سوا ہوں یعنے اگر متعدد زمین و آسمان میں ہوں۔ اور خدائے تعالے ان میں نہ ہو۔ اس صورت میں فساد لازم ہوگا ؛ حالانکہ الہ متعدد کے وجود کی صورت میں مراد۔ اور مقصود۔ لزوم فساد ہے۔ خواہ الہ متعدد خدائے سبحانہ کے ساتھ ہوں۔ یا خدائے سبحانہ کے سوا ہوں علماء کے گمان کے مطابق تعذر استثنا کی یہی دو وجوہ تھے جس سے معنی غیر پر الا محمول ہوا ۔

فنقول یرد علی امکانہ انہ لا یخلو اما ان یکون المنکور مؤولا بالتصرف او لا ستحقاق علی عموم المجاز کما فی لا الہ الا اللہ عندھما ای لو کان فیھما متصرف کثیرۃ اللہ او لا علی الثانی لا یتم التقریب ۵

لیکن ہم علماء کے تردید گمان میں یہ بیان کرتے ہیں کہ امکان ماقبل الا کی صورت میں دو حالتیں نمودار ہوتی ہیں ۔

(۱) یہ کہ الہ منکور کی معنی تاویلی بطریق عموم مجاز تصرف یا استحقاق کے لئے جاویں جیسا کہ الہ منکورہ کلمہ طیبہ میں علماء کے گمان کے مطابق تاویل کیا گیا ہے۔ اور معنی تاویلی یہ ہیں۔ کہ اگر خدا کے سوا زمین و آسمان میں متصرف یا مستحق بیشمار ہوتے تب زمین و آسمان برباد ہو جاتے ۔

(۲) یا الہ منکور تصرف و استحقاق کے ساتھ ماول نہ ہو اور اس صورت میں

تقریب تمام نہ ہوگی۔ جو کہ موافق مدعا سوق دلیل سے مراد ہے ۔

لوجھین لہ وجہ الاختلاف بین المذکورین فی المدلول والدلیل۔ اذ المذکور فی المدلول ماؤل بالاستحقاق والتصرف دون الدلیل۔ والثانی بطلان تعلیل الفساد بالتمانع فی زعمھم اذ لا تمانع بین الممکن الغیر المتصرف وبینہ سبحانہ ۔

تقریب کے ناتمام ہونے کی الہ کے ماؤل نہ ہونے کی صورت کے دو وجوہ پائے جاتے ہیں ۔

(۱) کلمہ طیبہ اور دلیل میں الہ مذکورہ مذکورہ کا باہم اختلاف ہونا۔ اس لئے کہ مذکور مذکورہ مدلول میں استحقاق اور تصرف کے ساتھ تاویل کیا گیا ہے۔ اور دلیل میں غیر ماؤل ہے اس صورت میں بسبب اختلاف کے دلیل مذکورہ کا موافق اجرا نہ ہو۔ (اور تقریب ناتمام رہے)

(۲) اگر الہ مذکورہ ماؤل نہ ہوں تب علما تمانع کو جو علت فساد قرار دیتے ہیں۔ وہ بالکل باطل ہو جائیگی۔ اس لئے کہ ممکن غیر متصرف اور خدائے سبحانہ میں تمانع نہیں ہے۔ اور جب تمانع ہی نہیں۔ تب فساد بھی اوس پر مترتب نہیں ہو سکتا ۔

وعلی الاول تحقق الشمول قطعاً ویقیناً بل اللہ سبحانہ اولی بالدخول لکونہ مستحقاً فی نفس الامر دون الالھۃ لکونھا مستحقۃ فرضاً ۔

اور اگر الہ مذکور تصرف یا مستحق کے ساتھ تاویل کیا جائے۔ تو اس صورت میں ماقبل الا مابعد الا پر قطعی اور یقینی طور پر شمول متحقق ہو گیا۔ اس لئے کہ تاویل کی صورت میں اللہ الہ مستحقہ سے خارج نہیں ہے۔ بلکہ بدرجہ اولی داخل ہے۔ کیونکہ خدائے سبحانہ نفس الامر میں مستحق ہے۔ اور الہ نفس الامر میں مستحق نہیں ہے اس لئے کہ اعتباری اور فرضی طور پر اُن کا مستحق ہونا ثابت ہے۔ فی الواقعی مستحق نہیں ہیں ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ آیۂ لو کان فیھما الخ میں علما کے اتفاق سے لفظ الا مجازاً غیر، محمول ہے۔ اور معنی حقیقی یعنی استثنائیت کے متعذر کے یہ دو امور ہیں ۔

(۱) قبل الا کا دو سببوں سے مابعد الا یعنے (اللہ) پر نہ شمول ہونا۔ اور وہ سبب درج ذیل ہیں ۔

الف) الہ کا امکان اور اللہ کا وجوب ٭

ب) الہ کا فیہما میں منقیٰ ہونا ٭

(۲) استثنا کی صورت میں دلیل موافق مدعا تمام نہیں ہوتی ہے۔ اس لئے کہ استثنا کی صورت میں یہ معنی ہو جاتے ہیں کہ (اگر آسمان و زمین میں ایسے معبود ہوتے جن سے خدا سبحانہ مستثنیٰ ہوتا تب زمین و آسمان برباد ہو جاتے) معنی مذکورہ بالکل خلاف مقصود ہیں اس لئے کہ مقصود یہی ہے۔ کہ اگر بالفرض معبودان غیر خدا زمین و آسمان میں ہوں۔ خواہ خدای سبحانہ اُن میں داخل ہو۔ یا اُن سے خارج ہو۔ بہر صورت زمین و آسمان برباد ہو جاتے یہی مطلب استثنا کے تعذر میں علما کا تھا ٭

حاصل کلام یہ ہے کہ تعذر استثنا کے دونوں وجوہ نادرست ہیں لیکن نادرستی عدم اشتمال کی اس وجہ سے ہے۔ کہ نہ امکان الہ کا مانع شمول ہے اور نہ اُس کا تقیید لفظ فیہما میں مانع شمول ہے اور امکان اس وجہ سے ہے۔ کہ لفظ آلہ کلمہ طیبہ میں حسب اتفاق علما مستحق کے معنی میں تاویل کی گئی ہو۔ وگرنہ تقریب نہ ہوگی۔ اور جب الہ سے دونوں جگہ مستحق مراد ہو۔ تب عدم اشتمال ہے۔ اس لئے کہ تاویل کی صورت میں (اللہ مستثنیٰ) الہ مستحقہ میں داخل ہے اس صورت میں الہ کا امکان وجہ عدم اشتمال نہ ہوا لیکن وجہ دوم کی نادرستی عدم اشتمال یعنے الہ کا تقیید لفظ فیہما میں اس وجہ سے ہے کہ اللہ کے تقید کا فیہما میں از روئے ذکر کوئی سبب نہیں ہے اس لئے کہ ایسی تقید کلام الٰہی میں بہت ہیں ٭

وَيَرِدُ عَلَى التَّقْيِيدِ قَوْلُهُ سُبْحَانَهُ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۔ وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي الْاَرْضِ اِلٰهٌ ۝

اور جس تقید کو ماقبل الا کا مابعد الا پر عدم اشتمال کا سبب علما نے گمان کیا ہے۔ اس پر خدائے سبحانہ کے اقوال مندرجہ ذیل وارد ہوتے ہیں ٭

(۱) (وہو اللہ فی السموات والارض) آسمان اور زمین میں خدا وہی ہے ٭

(۲) (وہو الذی فی السماء الہ وفی الارض الہ) وہی ہے جو کہ آسمان میں معبود اور موجود ہے اور زمین میں معبود اور موجود ہے ٭

پس دونوں آیات مذکورہ میں خدائی سبحانہ زمین و آسمان میں از روئے ذکر تقید موجود ہے۔ اور یہ دلیل مذکورہ میں لفظ (فیہما) میں (مستثنیٰ کا بعینہٖ) تقید ہے جس سے خدا سبحانہ

کا تقید مستلزم سمجھا جاتا ہے اس صورت میں ظاہر ہے۔ کہ تقید بھی ماقبل الا کا مابعد الا پر مانع استعمال نہ ہوا +

پس عدم استعمال جو کہ علماء کے نزدیک استثناء کے وجوہات تعذر میں سے ایک سبب تھا بہر صورت باطل ہو گیا +

ویرد علی دلالۃ الاستثناء علی ملازمۃ الفساد ان حصول عموم المراد وھو ملازمۃ لکونھا مطلقا او معہ انما یتوقف علی عموم علۃ الفساد لا علی المجاز وبعد عموم العلۃ یبطل حمل الا علی المجاز اذ المجاز لا یرجع الیہ عند تعذر الحقیقۃ او ترجحۃ علیھا ولا تعذر ولا ترجح ھھنا ؕ

اور دلالت استثنائی بر صورت خاص ہیں۔ بنا بر تلازم فساد۔ یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ عموم مراد کا حصول یعنی تعدد الہ سے فساد کا الزام خواہ الہ مطلق ہوں۔ یا خدائے سبحانہ کے ساتھ ہوں علت فساد کے عام ہونے پر ہے بنا بر مجاز الا کے محمول ہونے پر نہیں ہے۔ اور بعد عموم علت کے یہ امر باطل ہو جاتا ہے۔ کہ۔ الا۔ غیر کے معنی پر محمول ہو۔ اس لئے کہ مجاز کیطرف اسی وقت توجہ کی جاتی ہے جبکہ معنی حقیقی کا تعذر ہو یا معنی مجازی پر ترجیح حاصل ہو۔ اور وہاں نہ حقیقت کا تعذر ہے۔ اور نہ مجاز کو ترجیح ہے +

حاصل کلام یہ ہے کہ علما کے گمان میں۔ استثنا کے تعذر کی دوسری وجہ یہ تھی۔ کہ استثنائی صورت میں۔ دلیل کا مقصود یہ ہو جاتا ہے۔ کہ اگر زمین و آسمان میں متعدد الہ ہوتے اور خدای سبحانہ اُن سے خارج ہوتا۔ زمین و آسمان برباد ہو جاتے حالانکہ دلیل مذکورہ سے خدای عزوجل کا مقصود۔ ملازمۃ عامہ ہے۔ یعنی تعدد الہ کی صورت میں۔ زمین و آسمان کا فساد لازم ہے۔ خواہ خدای سبحانہ ان میں داخل ہو۔ یا اُن سے خارج ہو۔ پس علماء نے معنی مذکورہ کے فوت ہونے کے سبب الا کو معنی مجازی پر گمان کیا ہے۔ تاکہ عموم مراد حاصل ہو +

خلاصہ ایراد وجہ مذکورہ یہ ہے۔ کہ عموم مراد یعنی معنی مقصود عموم علت فساد سے حاصل ہیں۔ الا کی معنی مجازی پر عموم مراد موقوف نہیں ہے۔ اس لئے کہ علماء کے نزدیک

علت فساد تمانع ہے اس کا وقوع اس بات پر موقوف نہیں ہے۔ کہ الٰہ متعدد مطلق ہوں۔ یا خدائی سبحانہ کے یعنی تعدد ہر صورت سے تمانع کا سبب ہے۔ پس جبکہ استثنا معنی مقصودہ میں خلل انداز نہ ہوا تب یہ امر کہ الا معنی مجازی پر محمول ہو۔ باطل ہے۔ اس لئے کہ معنی مجازی۔ اسی وقت لئے جاتے ہیں۔ جب معنی حقیقی کی دشواری ہو اور وہاں کوئی دشواری نہیں ہے۔ البتہ دلیل مذکورہ میں الا غیر کی معنی میں بالاتفاق لیکن معنی مجازی پر الا کا گمان کرنا دوسری ہی چیز ہے! اور وہ سابق میں مذکور ہوئے یعنی (لو کان الخ) دلیل استثنائی ہے۔ اور یہ ضرور ہے کہ دلیل استثنائی میں مطلوب یا نقیض مطلوب پر مشتمل ہو۔ اور یہ بھی ظاہر ہے کہ عین مطلوب یعنی لا الٰہ الا اللہ اس میں مذکور نہیں ہے لہذا واجب ہوا کہ نقیض مطلوبہ اس میں مذکور ہو اور وہ لا الٰہ الا اللہ۔ (غیر اللہ) کی معنی میں ہے اور فساد کی علت تامہ اور حقیقت لزوم رحق تعالے کا عجز ہے۔ تمانع نہیں ہے۔ اس لئے کہ وہ بھی معلومات عجز سے ہے۔ چنانچہ عنقریب انشاء اللہ تعالے ظاہر ہو جائیگا اور جس طرح استثنا معنی مقصودہ کا محل نہیں ہے۔ قید فیصلا بھی مانع شمول نہیں ہے پس دلیل کا مفاد یہ ہوا کہ الٰہ کا خدای سبحانہ کے سوا فرض کرنا زمین و آسمان کے

پس دلیل کا مفاد یہ ہوا کہ الٰہ کا خدای سبحانہ کے سوا فرض کرنا زمین و آسمان کے فساد کا مستلزم ہے۔ خواہ وہ الٰہ متعدد زمین و آسمان میں فرض کئے جائیں۔ یا ان کے ماسوی فرض کئے جائیں۔ اور خدائے سبحانہ ان میں داخل ہو۔ یا خارج ہو۔ اور ایسا ہی عزوجل کا دلیل مذکورہ سے یہی مقصود ہے کچھ یہ مقصود نہیں ہے۔ جو علماء نے گمان کیا ہے کہ دلیل مذکور حجۃ اقناعی ہے ۔

کما فی قولہ تعالیٰ وربائبکم اللاتی فی حجورکم من نسائکم فان المراد حرمت الربائب مطلقاً سواء کانت فی الحجور او دونہا وعموم علۃ الحرمۃ یکفی ۵

اور بعد عموم علت کے الا کی معنی استثنائی قرار دینا محل مقصود نہیں ہے جیسے فی حجورکم کی قید آیہ شریفہ وربائبکم اللاتی فی حجورکم من نسائکم میں ربائب یعنی ان لڑکیوں کی جو گود میں ہوں حرمت کی تخصیص کرنے والی نہیں ہے

بلکہ مراد حرمت ربائب سے مطلقاً ہے۔ خواہ وہ گود میں ہوں۔ یا نہ ہوں۔ اور آیۃ مذکورہ کے یہ معنی ہوتے ہیں کہ تم پر تمہاری عورتوں کی لڑکیاں جو کہ تمہاری گود میں پرورش پاتی ہیں حرام کی گئیں) اور مراد عورتوں سے وہ لڑکیاں ہیں۔ جو کہ شوہر سابق کے نطفہ سے ہوں۔ اور جن کو ان کی ماؤں نے اپنے ہمراہ لاکر پرورش کیا ہو۔ خواہ وہ لڑکیاں بسبب صغر سنی کے گود میں ہوں۔ یا گود میں نہ ہوں۔ اس لئے کہ ان کی حرمتہ کی تعمیم جو کہ جزئیت ہے کافی ہے۔

فلما کان علۃ الفساد وھو التمانع فی زعمھم عاما یجب حمل الا علی الحقیقۃ لعدم تعذرھا ۵

اور جبکہ زمین و آسمان کی علت فساد جو کہ تمانع ہے۔ علماء کے گمان میں عام ہوئی ہے۔ پس عموم مراد آیۃ مذکورہ میں بسبب عموم علت کے حاصل ہے۔ لہذا علماء پر لازم ہوا کہ الا معنی حقیقی پر جو کہ استثنا سے محمول ہو۔ اور معنی پر اس کا حمل جائز نہ ہو۔ اس لئے کہ معنی حقیقی میں کوئی تعذر نہیں ہے۔ اور تعذر استثنا عموم مراد کے عدم حصول کے سبب سے بنا بر ملازمتہ فساد تھا۔ اور اب عموم علت فساد کے سبب سے حاصل ہو گیا۔ پس کوئی باعث نہیں ہے۔ کہ سوائے تعرض نقیض مطلقہ کے الا کی معنی مجازی پر محمول ہو۔

فان قلت ان عموم المراد وعموم العلۃ یرجح کلا منھما حمل الا علی المجاز للتناسب فی العموم والحقیقۃ تقتضی الخصوص فیرجح المجاز علی الحقیقۃ ۵

سوال۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے۔ کہ عموم مراد اور عموم علت میں سے ہر ایک کا یہ رجحان ہوتا ہے۔ کہ الا معنی مجازی پر محمول ہو۔ اس لئے کہ بایں ہمہ عموم میں تناسب ہے یعنی الہ کے تعدد کا از روئے عموم بطلان مقصود ہے۔ اور علت بطلان جو کہ تمانع ہے وہ بھی عام ہے۔ اور مجاز بھی بہ نسبت حقیقت کے عام ہوتا ہے۔ پس تناسب کی رعایت معنی مجاز کے رجحان کے واسطے کافی ہے۔ اور حقیقۃ خصوص کی مقتضی ہے اس صورت میں مجاز کو حقیقت پر ترجیح ہے اور قول مذکورہ صحیح نہیں ہے۔

قلت فعلی ھذا یعلم جواز الحقیقۃ والمجاز دون امتناع الحقیقۃ کما زعموا ۵

جواب عموم میں رعایت تناسب کی صورت میں حقیقۃ اور مجاز دونوں کا جواز سمجھا جاتا ہے۔ نہ کہ حقیقت کا ممتنع ہونا جیسا کہ اکابر علماء نے گمان کیا ہے ۔

ومن ھٰھنا علم امور۔ الاول انہ لو ذکر الا اللہ بعد مفرد معرفۃ لکان محمولا علی المجاز ایضا لاقتضاء المقام حملہ علیہ نحو لو کان فیھما اللات او العزیٰ الا اللہ لفسدتا فبطل قاعدتھما اذ کانت تابعۃ لجمع منکور غیر محصور بل الصواب ان یقال کما حملت الا علیھا اذا دلت القرینۃ علیھا ۔

اور یہاں سے یعنی مفاد دلیل کی تحقیق سے بہ سبب بباعث وجوہات مذکورہ چند امور معلوم ہوئے ۔

اول اگر لفظ الا اللہ بعد مفرد معروفہ کے مذکور ہوتا تب الا معنی مجازی پر ضرور محمول ہوتا۔ اس لئے کہ مفاد حمل مذکورہ کا مقتضی ہے۔ چنانچہ مثال مفروضہ لو کان فیھما اللات او العزیٰ الا اللہ لفسدتا میں لفظ الا اللہ بعد لات اور عزیٰ کے جو کہ مفرد معرفہ میں واقع ہوا ہے۔ اور الا کا معنی مجازی پر حمل صحیح ہے اور اس کا مفاد آیہ مذکورہ کا بعینہ مفاد ہے پس علماء کا یہ قاعدہ باطل ہو گیا۔ جو انہوں نے الا کو معنی مجازی یعنے غیر پر اس شرط سے مشروط کیا ہے۔ کہ الا جمع منکور غیر محصور کا اس وقت تابع ہو۔ بلکہ بہتر تھا کہ قاعدہ مذکورہ کے بیان میں یہ کہا جاتا کہ الا کا حمل اس شرط سے مشروط کیا گیا۔ کہ قرینہ اس پر دلالت کرے۔ عام اس سے کہ الا بعد جمع منکور کے ہو یا بعد مفرد معرفہ کے ہو ۔

والثانی ان علۃ حمل الا علی المجاز ھو وقوعھا فی مقام محمول نقیض المطلوب فقط دون شئ اخر ۔

دوسرا۔ الا جو کہ معنی مجازی پر محمول ہوا ہے اس کی یہ وجہ ہے۔ کہ نقیض مطلوبہ کے محمول کی جگہ صرف اس کا وقوع ہوا ہے۔ اور کوئی وجہ نہیں ہے۔ یعنی دلیل مذکورہ نقیض مطلوب۔ اور نقیض مطلوب کے محمول پر جو کہ لا الہ غیر اللہ میں غیر اللہ ہے مشتمل ہے۔ پس الا اللہ دلیل میں بجائے غیر اللہ کے

واقع ہے۔ اور اسی سبب سے الا معنی غیر پر محمول ہے ۔

وَالثَّالِثُ ان جهة تعذر الاستثناء هو بطلان الدليل على تعذر الاستثناء لعدم اشتماله على نقيض المطلوب دون دلالة على خصوص المراد ۵

تیسرا۔ یہ ہے کہ الا کے معنی استثنائیت محض کے لئے جائیں تب اس صورت میں دلیل باطل ہو جائیگی۔ اور یہی وجہ استثنا کے تعذر کی ہے۔ اور بطلان دلیل کا سبب یہ ہے۔ کہ نقیض مطلوبہ پر دلیل مشتمل نہیں ہے۔ کچھ یہ سبب نہیں ہے کہ دلیل خصوصیۃ مراد پر دلالت نہیں کرتی ہے۔ جیسا کہ علماء نے گمان کیا ہے ۔

وَالرَّابِعُ ان علة الفساد هو التغاير فقط المستلزم لعجز الاهية دون شئ آخر من التمانع وغيره ۵

چوتھے۔ زمین و آسمان کے فساد کی علت صرف وہی تغایر ہے جس سے حق سبحانہ کا عجز مستلزم ہوتا ہے۔ اور دوسری کوئی چیز تمانع وغیرہ سے نہیں ہے ۔

وَالخَامِسُ ان المراد ملزومة الفساد لكونها مع فقط بعد كونها ممكنة متغايرة له سبحانه في الوجود لخصوص العلة لا مطلقاً كما توهموا ۵

پانچویں۔ یہ ہے کہ اگر الٰہ کا ممکن ہونا۔ اور خدائی سبحانہ سے وجود میں مغایرت ہم اس لئے فرض کرلیں کہ علت فساد کی تخصیص تغایر ہے اور الٰہ کا تعدد مطلقاً نہیں ہے تب اس کے بعد دلیل کا مفاد اور مراد یہی ہوگا۔ کہ خدای سبحانہ کے ساتھ الٰہ کے وجود سے زمین و آسمان کا فساد مستلزم ہے ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ علماء کے نزدیک دلیل کا نتیجہ یہ ہے کہ مطلقاً الٰہ کے وجود سے خواہ الٰہ مفروضہ واجب ہوں یا ممکن ہوں۔ خواہ خدای سبحانہ کے ساتھ ہوں۔ یا تنہا ہوں زمین و آسمان کا فساد مستلزم ہے۔ اور مولانا کے نزدیک دلیل کا مفاد الٰہ ممکنہ کا بطلان ہے۔ جن کا وجود زمین و آسمان کے فساد کے لزوم سے خدائی سبحانہ کے وجود کے متغایر سمجھا گیا ہے۔ اس لئے کہ تعمیم مراد علماء کی رائے کے مطابق دو احتمال کی وجہ

سے ہے ۔

(۱) یہ کہ الٰہ واجب میں تعدد ہو ۔

(۲) یہ کہ الٰہ ممکنہ خدائے سبحانہ کے ساتھ غیر متغایر ہوں ۔

ان دونوں احتمالوں کے بطلان کی ضرورت نہیں ہے۔ اس لئے کہ واجب کا تعدد اور واجب و ممکن کا عدم تغایر ممتنعات عقلی سے ہے۔ بلکہ کسی کا وہم بھی ان احتمالات کی طرف نہ جائیگا۔ مگر خدای سبحانہ کے الٰہ ممکنہ کا تغایر جو فرض کیا گیا ہے۔ اس کی بطلان کی ضرورت ہے۔ کیونکہ فی الواقع کوئی چیز خدائے سبحانہ کے متغایر نہیں ہے ۔

فظھر من التحقیق المذکور بطلان قول القاضی البیضاوی فی تفسیر قولہ تعالیٰ۔ لوکان فیھما الھۃ الا اللہ غیر اللہ وصفت بالا لما تعذر الاستثناء لعدم شمول ما قبلھا لما بعدھا ودلالتہ علی ملازمۃ الفساد لکون الا لھۃ فیھما دونہ والمراد ملازمۃ لکونھا مطلقا او معہ حملا لھا علی غیر کما استثنی الغیر حملاً علیہ ۔

تحقیق مذکورہ سے قاضی بیضاوی علیہ الرحمۃ کا قول بالکل باطل ہوگیا۔ جو کہ آیۂ کریمہ لوکان فیھما الخ کی تفسیر میں انہوں نے یہ بیان کیا ہے کہ الا اللہ غیر اللہ کے معنی میں الٰہ کی صفت ہے۔ اور الٰہ الا اللہ کی صفت ہونے کی وجہ سے جو کہ غیر اللہ کے معنی میں ہے موصوف ہے۔ اس لئے کہ استثنا کا یہاں پر ہونا متعذر ہے۔ اور تعذر استثنا سبب دو امر ہیں ۔

(۱) ماقبل الا کا مابعد الا پر شامل نہ ہونا ۔

(۲) یہ کہ الٰہ کی زمین و آسمان میں موجودگی کی صورت میں اور خدای سبحانہ کا اُن کے ہمراہ۔ نہ ہونے کی صورت میں لفظ الا فساد کا مستلزم ہے۔ حالانکہ دلیل سے الٰہ مطلق کے وجود کی صورت میں زمین و آسمان کا فساد مستلزم ہے۔ خواہ وہ الٰہ تنہا ہوں یا خدائے سبحانہ کے ہمراہ ہوں۔ یا زمین و آسمان میں ہوں۔ یا ان کے ماسوا ہوں۔ اور الٰہ الا اللہ سے جو موصوف ہے۔ وہ اس وجہ سے ہے۔ کہ لفظ الا۔ لفظ غیر

کے معنی پر محمول ہے ۔

ولا یجوز الرفع علی البدل لانہ متفرع علی الاستثناء ومشروط بان یکون فی کلام غیر موجب ۵

اور رفع الا اللہ میں بنا بر بدلیت جایز نہیں ہے۔ اس لئے کہ بدل استثنا پر متفرع ہے اور اس میں یہ شرط ہے۔ کہ استثنا کا کلام غیر موجب میں ہو اور یہاں کلام موجب ہے ۔

لفسدتا ای لبطلتا لما یکون بینھما من الاختلاف والتمانع فانھما ان توافقتا فی المراد تظاردت علیہ القدر وان تخالفت فیہ وقت عنہ انتھی ۵

اور صاحب بیضاوی نے لفسدتا کی تفسیر میں لبطلتا کہا ہے۔ یعنی اگر زمین و آسمان میں خدا کے سوا الہ ہوتے البتہ زمین و آسمان باطل ہو جاتے۔ اس لئے کہ الہ میں باہمی اختلاف و تمانع ہوتا! اور اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ اگر الہ کسی کام کے ارادہ میں موافقت کریں تب ایک دوسرے کے مانع۔ اور مزاحم ہونگے۔ بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول تمام ہوا۔ اور قول مذکورہ کا بطلان صاف صاف ظاہر ہے۔ کیونکہ صاحب بیضاوی کے گمان کے مطابق لزوم فساد کی علت۔ اختلاف اور تمانع ہے۔ اور یہ بات بالکل خلاف واقع ہے۔ بلکہ درحقیقت لزوم فساد کی علت خدائے سبحانہ کے ساتھ الہ کی غیریت فرض کرنا ہے ۔

ولکن ظھر بطلان قول من قلدہ کالجامی وھو قولہ یتعذر الاستثناء لعدم دخول اللہ فی الھۃ بیقین فلم یتحقق شرط صحۃ الاستثناء ۵

اور تحقیقات مذکورہ سے ان کا قول بھی باطل ہو گیا۔ جنہوں نے مثل جامی وغیرہ کے ان کی تقلید کی۔ اور جامی علیہ الرحمۃ کا قول یہ ہے استثنا کا تعذر اس وجہ سے ہے کہ (اللہ مستثنی) (الہ مستثنی منہ) میں یقینی طور پر داخل نہیں ہے۔ اس سے صحت استثنا کی شرط متحقق نہیں ہوتی ۔

واختیر لو علی کلما لدلالتہ علی امتناع المفروض فی اول

الامر کما ھو المطلوب دون کلما نحو کلما کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا۔ ولما کان نقیض السالبۃ الکلیۃ وھی لا شیء من الالہ بغیر اللہ ایجابا جزئیا وھو بعض الالہ غیر اللہ فحق التعرض النقیض المطلوب ان یقال لو کان فیھما بعض الالہ الا اللہ لفسدتا ولفظ البعض یخل بالفصاحۃ والبلاغۃ فوجب العدول الی لو کان فیھما الہ الا اللہ لفسدتا لکن بذکر الالہ المفرد یبقی المنکور بلا قرینۃ ۵

اور کلمہ لو بجائے کلمہ کلما کے اس لئے اختیار کیا گیا ہے۔ تاکہ کلمہ لو ابتدای حال میں امتناع مفروض پر دلالت کرے۔ جیسا کہ مقصود ہے۔ یعنی اگر یہ کہا جاتا کہ کلما کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا تب کلمہ کلما ابتدای حال میں امتناع مفروض پر دلالت نہیں کرتا تھا۔ اور جبکہ سالبہ کلیہ۔ یعنی لا شیء من الالہ بغیر اللہ کی نقیض موجبہ جزیہ یعنی بعض الالہ غیر اللہ تھی۔ تب نقیض مطلوب کی تعرض کا یہ حق تھا۔ کہ لو کان فیھما بعض الالہ الا اللہ لفسدتا کہا جاتا لیکن چونکہ لفظ بعض فصاحت و بلاغت کے محل میں واقع ہے۔ لہذا واجب ہوا کہ بعض الالہ کا لو کان فیھما الہ کی طرف لفظ مفرد کے ساتھ عدول نہ ہو لیکن الہ مفرد کے ذکر میں یہ قباحت لاحق ہوتی تھی۔ کہ منکور کا استعمال بلا قرینہ کیا جاتا تھا۔ تب یہ واجب ہوا کہ افراد سے جمع کی طرف عدول ہو۔ جیسا بیان کیا جائیگا۔

لا یقال ان وقوع المنکور مفردا یرجح بوجھین الاول انہ مناسب لایجاب جزئی ھو نقیض المطلوب والثانی انہ مخصوص بالامکان لوقوعہ فی نقیض المطلوب والمنکور فی المطلوب ایضا خصص بالامکان لوقوعہ فی سیاق النفی ۵

اور اس پر یہ اعتراض نہیں کیا جا سکتا ہے الہ مذکور کا دلیل مذکورہ میں مفرد استعمال کرنا دو وجہ سے مرجح ہے۔

اول یہ کہ مفرد ایجاب جزئی کے لئے مناسب ہے۔ جو کہ مطلوب کی نقیض ہے۔ اور مناسبت کی یہ وجہ ہے کہ جس طرح ایجاب جزئی کلی کے بہ نسبت

قلت پر دلالت کرتا ہے۔ اسی طرح مدلول افراد بھی مدلول جمع کے بہ نسبت قلیل ہے پس بعض الہ غیر اللہ میں بعض الالھۃ غیر اللہ کی نسبت ایجاب جزئی کے معنی نہایت ظاہر ہیں ٭

دوم جمع پر مفرد کی ترجیح کی یہ وجہ ہے۔ کہ چونکہ منکور دلیل مذکورہ میں نقیض مطلوب کا جزو واقع ہوا ہے۔ لہذا منکور امکان کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور کیونکر نہ ہو۔ اس لئے کہ منکور سیاق نفی میں منکور کے واقع ہونے سے مطلوب یعنی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں بھی مخصوص بامکان ہے۔ اور سیاق نفی میں منکور کے واقع ہونے سے یہ فائدہ ہے کہ افراد منکور میں عموم اور کثرت پائی جائے۔ اور عموم اور کثرت امکان ہی میں پائی جاتی ہے۔ اس لئے کہ واجب ایک سے زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ معترض کے سوال کا ماحصل یہ ہے۔ کہ جمع منکور میں امکان کی معنی میں اور مفرد میں نہیں ہیں۔ اس سے مفرد سے جمع کی طرف عدول کا وجوب ثابت نہیں ہوا ٭

لانا نقول تخصیص المنکور مفردًا بالامکان لوقوعہ فی نقیض المطلوب قرینۃ معنویۃ والمعنویۃ ضعیفۃ فبقی التردد بین الامکان والوجوب فلا یحصل المطلوب بخلاف وقوعہ مفردًا فی سیاق النفی لانہا قرینۃ لفظیۃ وضعیۃ فیکون قویۃ فوجب العدول من الافراد الی جمع منکور غیر محصور لیدل علی الامکان لفظًا فیطابق الدلیل والمطلوب فی تخصیص المنکور بالامکان بقرینۃ لفظیۃ وضعیۃ قویۃ ٭

اعتراض مذکور کا یہ جواب ہے۔ کہ منکور کی تخصیص امکان کے ساتھ حالت افراد میں نقیض مطلوب میں واقع ہونے سے قرینہ معنوی ہے۔ اور قرینہ معنوی بہ نسبت قرینہ لفظی کے نہایت ضعیف ہے اور اس سے امکان اور وجوب میں تشویش باقی رہتی ہے۔ پس الہ ممکن کی وجود کی صورت میں مقصود حاصل نہ ہوگا۔ اور وہ مقصود زمین و آسمان کا لزوم

فساد ہے۔ اس اگر منکور حالت افراد میں تحت نفی واقع ہو۔ اس حالت میں البتہ امکان کو ترجیح ہوگی۔ اس لئے کہ مقام نفی میں نکرہ کا وقوع عموم و کثرت پر قرینہ لفظی وضعی ہے اور امکان کی نشانیوں میں سے ہے پس مفرد سے جمع منکور غیر محصور کی طرف عدول واجب ہوا۔ تاکہ عدول مذکورہ از روئے لفظ امکان پر دلالت کرے۔ اور دلیل اور مطلوب میں منکور کی تخصیص امکان کے ساتھ بسبب قرینہ لفظیہ وضعیہ قویہ کے پائی جائیگی ۔

آیت مذکورہ کو علم نحو سے جو کچھ تعلق ہے یہ ہے ۔

النحو لو حرف شرط و کلمہ کان ناقصۃ لا تامۃ و لا یلغو تقدیم الظرف علی المنکور و فیھما ظرف لغو متعلق بھما و بیان للواقع اذ لو کان و رائھما الھۃ الا اللہ لفسدتا ایضاً ۔

لو حرف شرط اور کلمہ کان لو کان میں ناقصہ ہے۔ جو کہ خبر کا محتاج ہے۔ کچھ تامہ نہیں ہے جو کہ صرف فاعل پر تمام ہو جائے۔ اور اگر لفظ کان ناقصہ نہ ہو تب الہ منکور پر ظرف یعنی فیھما کی تقدیم جس سے منکور کا مبتدا ہونا صحیح ہوتا ہے۔ محض بے فائدہ ہوتا ہے۔ اور لفظ فیھما لفظ لغو ہے۔ جس کا کان ناقصہ کے ساتھ تعلق ہے اور یہاں پر ظرف مذکور کا ذکر واقع کے بیان کے لئے ہے۔ کچھ مخصوص نہیں ہے جو کہ لزوم فساد کو (معبودان مظروف بہ فیھما) کے ساتھ خاص کردے۔ اور اُن کی ماسوا نہ کرے۔ اس لئے کہ حالت یہ ہے کہ اگر زمین و آسمان کے ماورا الہ غیر اللہ ہوتے۔ زمین و آسمان برباد ہو جاتے ۔

و سر التقیید انہ لیس الاشراک الا فیھما دون ورائھما اذ المکلف من الجن و الانس فیھما دون ورائھما

اور اس تخصیص کا پوشیدہ فائدہ یہ ہے۔ کہ اشراک کی صفت اور اس کے احکام آسمان و زمین میں ان کے ماسوا نہیں ہیں۔ اس لئے کہ ایمان و توحید کا جن کو حکم دیا گیا ہے اور اشراک کی جن کو ممانعت کی گئی ہے۔ اور زمین و آسمان میں صرف جن و انسان ہیں۔ اور یہ زمین و آسمان کے ماسوا نہیں ہیں۔ اور جب تقید کا فائدہ معلوم ہوا۔ تب فیھما کو قید اتفاقی سمجھنا چاہیے۔ اور ظرف منکور پر اس لئے

مقدم کیا گیا ہے۔ تاکہ منکور کا مبتدا ہونا صحیح ہو کہ فی الدار رجل میں خبر کی تقدیم اس لئے واجب ہے۔ تاکہ تقدیم کے سبب سے متعلق اور متعلق بہ میں تزویق حاصل ہو۔ اگر تمہارا یہ اعتراض ہو کہ منکور پر ظرف کے مقدم کرنے سے اپنے عامل کے ساتھ قرب تعلق کا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ تب کان تامہ کی صورت میں بھی تقدیم مذکورہ لغو نہ ہوگی اور بہ سبب تقدیم ظرف کے منکور کی مبتدا صحیح ہونیکا فائدہ بھی حاصل ہوگا +

قلت قرب التعلق ینافی وجوب الفعل بفاعلہ اذ الاصل ان یلی الفعل فیلغوٗ

اس کا جواب یہ ہے۔ کہ ظرف کا اپنے عامل کے ساتھ قرب تعلق ہوتا ہے لیکن اس سے فاعل کا فعل سے اتصال نہیں ہوتا ہے اور اتصال مذکور نہایت مناسب ہے۔ اس لئے کہ اصل فاعل میں یہی ہے۔ کہ اپنے فعل کے ساتھ ملا ہوا ہو تب تقدیم مذکورہ لغو ہو جائیگی +

حاصل جواب یہ ہے کہ کان تامہ کی صورت میں جس طرح قرب تعلق کی رعایت تقدیم ظرف کی مقتضی ہے۔ اسی طرح سے۔ اصل مذکورہ کی رعایت فاعل سے تاخیر ظرف کی متقاضی ہے اور یہ امر معمول اپنے عامل میں فوت ہوتا ہے اور فعل و فاعل میں بلا ضرورت انفصال جایز نہیں ہے۔ پس کان کے تامہ ہونے کی صورت میں تقدیم ظرف کی لغویت لازم رہی اور جب کان ناقصہ ثابت ہوا تب الا مرفوع اس کا اسم ہے اور الا اللہ غیر اللہ کی معنی میں اس کی خبر ہے +

البلاغۃ اختیر الناقصۃ لکونہا اصلاً واکثر استعمالاً فی مقام الاستدلال کما لا یخفی وتنصیصاً علی تعرض نقیض المطلوب اصالۃ وتعلیل الفساد بالتغایر کذلک بخلاف التامۃ ٥

اور دلیل مذکورہ کو فن بلاغت سے یہ تعلق ہے۔ کہ کان ناقصہ جو اختیار کیا گیا ہے اور تامہ پر اس کو ترجیح دی گئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ اصل ناقصہ ہے اور استدلال میں کثیر الاستعمال ہے اور یہ امر ماہران فن بلاغت پر پوشیدہ نہیں ہے۔ جیسے لو کانت الشمس طالعۃ فالنہار موجود اور دلائل

توحید میں بھی جو کہ خدائی تعالےٰ کا کلام پاک ہے کان ناقصہ موجود ہے۔ قولہ سبحانہ لو کان ھٰؤلاء آلھۃ ما وردوھا آیۂ مذکورہ میں کان کی اسم وخبر اعراب لفظی کے ساتھ اس کی ناقصیت پر دلالت کرتے ہیں۔ اور چونکہ از روئے اصالت کان ناقصہ تعرض نقیض مطلب پر تصریح ہے۔ اور اصالتاً اس بات پر بھی تصریح ہے کہ علت فساد تغایر ہے۔ اور کان تامہ میں تصریح مذکورہ حاصل نہیں ہے۔ لہذا الا اللہ اس صورت میں آلھۃ کی صفت ہوگی۔ اور اوصاف جز کلام نہیں ہوتے ہیں اور خبر جز کلام ہوتی ہے۔ اور اسی سبب سے اصالتاً غیریت جزو نقیض مطلب اور علت فساد ہوئی ؛

والعدول من النصب الی الرفع فی الا اللہ مع التناسب بما قبلہ لقطع الاستثناء وقلعہ وقمعہ فقط ولیس الرفع علی التوصیف علی ما توھمہ ؛

اور نصب سے رفع کی طرف الا اللہ میں جو عدول کیا گیا ہے۔ اور اس وجہ سے اس کو البتہ مرفوع کے ساتھ تناسب بھی ہے۔ یہ صرف انقطاع استثنا اور اس کے قلع اور قمع کے لئے ہے۔ اور بنا بر توصیف اس وجہ سے رفع نہیں ہے کہ الا اللہ الھۃ مرفوعہ کا وصف ہے۔ جیسا کہ علما نے گمان کیا ہے ؛

حاصل کلام یہ ہے کہ (الا اللہ) باوجودیکہ کان خبریت کے سبب سے محل نصب میں واقع ہے۔ لیکن لفظاً مرفوع واقع ہوا ہے۔ اس لئے کہ نصب سے رفع کی طرف عدول میں دو فائدے مقصود ہیں ؛

(۱) یہ کہ مابعد الا کا نصب لفظاً استثنا پر دلالت کرتا ہے۔ اور مدلول استثنا یہاں مراد نہیں ہے۔ پس اس بات کی ضرورت لاحق ہوئی کہ جن اعراب سے استثنا کا وہم ہو وہ چھوڑ دی جائیں تاکہ بالکلیہ استثنا کے گمان کی بھی بیخ وبنیاد کا قلع وقمع ہو جائے ؛

(۲) یہ کہ ترک نصب اور اختیار رفع میں ماقبل الا اور مابعد الا میں تناسب لفظی پایا جاتا ہے۔ اور بنا بر توصیف مرفوع نہ ہونے کی وجہ وہی ہے جو کہ گمان ناقصہ کے ضمن اختیار میں بیان کی گئی ؛

وھذا العدول فی قولہ سبحانہ بما عاھد علیہ اللہ من الکسر الی الضم لیدل العدول من الکسر اللفظی علی العدول من الکسر المعنوی وھو النقیض اذ المقام ترغیب لا بقاء و تھدید النقیض فالمقام یقتضی العدول المذکور اذ الکسر یومی الی کسرہ و نقیضہ ای العھد ۵

اور عدول مذکورہ کی مثال یہ عدول ہے جو کہ خدا تعالےٰ کے قول پاک بما عاھد علیہ اللہ میں کسرہ سے ضم کیطرف عدول کیا گیا ہے۔ تاکہ کسر لفظی سے عدول کسر معنوی کے عدول پر دلالت کرے۔ اور کسر نقض یعنی توڑنے کی معنی میں ہے۔ اس لئے کہ آیۂ مذکورہ میں ایفا عہد کی ترغیب کا۔ اور اس کے توڑنے پر تہدید کا مقام ہے۔ اور مقام مذکورہ عدول مزبورہ کا اس لئے طالب ہے کہ حرکت کسر جس کی لغوی معنی توڑنے کی ہیں کسر عہد اور نقض عہد کی طرف ایما کرتا ہے۔ اور ضمیر مجرور کا علیہ میں اس عہد کے طرف رجوع ہے۔ جو بما عاھد سے مفہوم ہوتا ہے ۔

والفتح لمجیئہ فی موضع الکسر یومی ایضاً خفیفا الی الکسر ایضاً فلا یلائم المقام بخلاف الضم فانہ یدل علی الجمع ای جمعہ مع الایفاء ۵

اور جبکہ کسرہ سے عدول کی وجہ سمجھی گئی تب فتح سے بھی عدول کی ضرورت واقع ہوئی۔ اس لئے کہ فتح بھی حرکت کسرہ کے مقام میں آنے کے سبب سے کسر لغوی کی طرف ایما خفیفہ کرتا ہے لیکن بخلاف حرکت ضم کے مناسب مقام مذکورہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ ضمہ جمع پر یعنی عہد پر معہ ایفا دلالت کرتا ہے۔ اور جمع پر ضمہ کی دلالت چند وجوہ سے ثابت ہے ۔

(۱) یہ کہ ضمہ کی لغوی معنی کسی چیز کا کسی چیز کے ساتھ ملنا ہے۔ اور جمعیت کے معنی میں وصل اور پیوستگی ظاہر ہے ۔

(۲) یہ کہ ضم حرکات شفتی سے ہے۔ یعنی اس کے تلفظ میں دونوں ہونٹ ملجاتے ہیں ۔

(۳) یہ کہ مدضم سے واو پیدا ہوتا ہے جو کہ جمع کی علامت ہے۔ لہذا بوجوہ مذکورہ ضم اس بات پر دلالت کرتا ہے۔ کہ عدل کی جمع ایفا کے ساتھ واجب ہے*

فالعدول من النصب الی الرفع ھھنا یدل علی عدول الا من الحقیقۃ الی المجاز لوجوب التعرض لنقیض المطلوب بخلاف النصب فانہ کما یؤید الجزئیۃ کذلک یقوی الاستثناء بل یرجحہ لکونہ حقیقۃ فیفوت التعرض المذکور فلا یبطل النقیض ولھذا لم یجی قراءۃ النصب فی الا اللہ لاخلال فی اصل المطلوب وفی بما عاھد علیہ اللہ جاء قراءۃ الکسر ایضاً لعدم اخلال فی اصل المطلوب بل فی الملایمۃ ۵

اور جبکہ عدول کی نظیر معلوم ہوئی تب یہ واضح ہوا۔ کہ الا اللہ میں نصب سے رفع کی طرف عدول اس بات پر دلالت کرتا ہے۔ کہ حقیقت سے مجاز کی طرف الا کا عدول صرف نقیض مطلوب کی تعرض کے وجوب کے لئے ہے۔ اور نصب جس طرح سے الا اللہ کی جزئیت پر کان ناقصہ کے واسطے تائید کرتا ہے۔ اسی طرح استثنا کو قوت دیتا ہے۔ بلکہ اس کو خبریت پر ترجیح دیتا ہے۔ اس لئے کہ معنی استثنائی حقیقی ہیں۔ اور جب استثناء راجح یعنی غالب ہوگا۔ تب نقیض مطلوب کا تعرض فوت ہو جائیگا۔ اور نقیض مذکورہ باطل نہ ہوگی۔ حالانکہ دلیل سے مقصود یہ ہے کہ نقیض کا بطلان ہو اور چونکہ نصب میں قباحت مذکورہ ظاہر ہے اس لئے کسی قاری کے نزدیک الا اللہ میں قرأت نصب جائز نہیں ہے۔ کیونکہ اصل مطلب میں خلل پیدا ہوتا ہے۔ اور آیۃ بما عاھد علیہ اللہ میں کسرہ کی قراۃ بھی جائز ہے کیونکہ یہ اصل مطلب میں خلل انداز نہیں ہے۔ بلکہ صرف اس کی خلل اندازی ملایمۃ مقام میں ہے*

اما العدول من کلمۃ غیر مع انہ حقیقۃ الی کلمۃ الا مع انہ مجازاً فلا خلال غیر اللہ بالفصاحۃ فیخل بالبلاغۃ ایضاً لکونھا متفرعۃ علیھما ووجہ الاخلال ان کلمۃ

غیر بین السابق و اللاحق الذی تقارب لفظاً کالاجنبی المحرمین فیخل بالفصاحۃ اخلالاً عظیماً فیفوت البلاغۃ ۵

لیکن باوجودیکہ کلمہ غیر حقیقۃ ہے۔ اور کلمہ الا غیر کی معنی میں مجازاً اور باینہمہ غیر سے الا کی طرف جو عدول ہوا ہے اس کی یہ وجہ ہے کہ کلمہ غیر اللہ کی فصاحت میں خلل انداز ہے۔ پس مخل بلاغت بھی ضرور ہوگا۔ اس لئے کہ بلاغت فصاحت پر متفرع ہے۔ اور خلل اندازی کی وجہ یہ ہے۔ کلمہ غیر سابق اور لاحق یعنی الھۃ اور اللہ میں اس طرح واقع ہے۔ جیسے ایک اجنبی شخص دو محرموں کے درمیان گذر کرے اور الھۃ اور اللہ دونوں لفظاً متقارب ہیں۔ پس اس سے بلاغت جو کہ فصاحت پر متفرع ہے فوت ہو جائیگی ۔

اور واضح ہو کہ غیر بہ نسبت الا اللہ کے دو محرموں میں یعنی الھۃ اور اللہ میں بالکل اجنبی ہے اس لئے کہ لفظ الہ اور اللہ میں بجز الف و لام و ھا کے کوئی دوسری چیز نہیں ہے۔ اور لفظ الا لفظ اللہ سے حذف ھا کے ہوتا ہے۔ اور معہ اپنے تینوں حرفوں کے محرمین مذکورہ سے غیر اور اجنبی ہے۔ اور الہ اور الا اور اللہ تینوں متحد الحروف ہیں۔ یہانتک لفظ الہ اور الا لفظ اللہ سے ہوتا ہے۔ پس لفظ کی اجنبیت ظاہر ہوئی۔ اور فصاحت اور بلاغت میں بھی اس کی خلل اندازی معلوم ہوئی ۔

فلنبین وجہ الملازمۃ ولنمھد مقدمۃ اولاً ۵

اب ہمیں یہ چاہیئے کہ ہم زمین و آسمان کے فساد کے لئے الہ کے تعدد کی ملازمت فرضی کی وجہ بیان کریں۔ اور اس کے لئے ایک مقدمہ کی تمہید بھی کریں۔ تاکہ طالب کو دلائل سے فہم مراد حاصل ہو۔ اور وہ مقدمہ یہ ہے ۔

مُقَدِّمَہ

اعلم ان وقوع الاختلاف والتمانع والاتفاق بین المتغایرین یحکم حکماً بیناً ان الاختلاف والاتفاق من عوارض التغایر دون لوازمہ فلا یکون کلٌ منھما علۃ تامۃ للوازمہ

اذلو ازم شئ آخر فعلم ان الاختلاف او الاتفاق لیس علۃ تامۃ
للزوم الفساد او غیرہ من اللوازم المذکورۃ فی الادلۃ فالعلۃ
للفساد وغیرہ من اللوازم المذکورۃ ھو عجزہ سبحانہ دون شئ
آخر فثبت ان علۃ لزوم الفساد وغیرہ من الملزومات ھو التغایر
الموجب للعجز سبحانہ ۔

مقدمہ۔ واضح ہو کہ دو شی متغایر ہیں۔ اتفاق اور اختلاف اور تمانع کا وقوع اس بات پر حکم روشن کرتا ہے۔ کہ اختلاف اور اتفاق تغایر کے عوارضات ہیں اور لوازمات تغایر نہیں ہیں۔ پس وہ ملازمات جو کہ آیات دلائل توحید میں مذکور ہیں۔ کسی دوسری چیز کے لوازم کے ساتھ۔ اختلاف اور اتفاق مذکورہ پر لوازم تغایر کے واسطے علۃ تامہ نہ ہونگے پس یہ معلوم ہوا کہ اختلاف یا اتفاق لزوم فساد کے لئے۔ یا دوسری چیز کے لئے فساد کے سوا اُن لوازم سے جو کہ ادلہ توحید میں مذکور ہیں۔ علۃ تامہ نہیں ہے۔ پس علۃ تامہ فساد وغیرہ لوازم مذکورہ کے لئے صرف خدائی سبحانہ کا لزوم عجز ہے۔ کوئی دوسری چیز نہیں ہے اور اس سے یہ ثابت ہو گیا۔ کہ علت لزوم فساد وغیرہ ملازمت میں سے صرف تغایر ہی ہے۔ جو کہ خدای سبحانہ کے عجز کا سبب ہے ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ پہلے معلوم ہو چکا۔ کہ چار آیہ کریمہ مشتمل بر ملازمت جو کہ ادلہ توحید میں واقع ہیں۔ اور سب کا مفاد الٰہۃ کی تعدد اور تغایر کا ابطال وجود ہے اس لئے کہ اس سے فساد وغیرہ قباحات مستلزم ہوتے ہیں اور جب کہ سب دلائل کی مراد اور مطلوب ایک ہی ہیں۔ تب یہ ضرور ہے۔ کہ سبھوں کی علت بھی ایک ہی ہو اور اس کو اختلاف اور تمانع کے ساتھ علماء نے مشخص اور معین کیا ہے۔ حالانکہ یہ مسلمات عقلی سے ہے۔ کہ علت تو ازم معلول سے ہوتی ہے۔ عوارض معلول سے نہیں ہوتی اور یہ ظاہر ہے۔ کہ اختلاف اور تمانع متغایرین کے وجود کو لازم نہیں ہیں۔ کس واسطے کہ یہ جایز ہے۔ کہ کسی وقت وہ متفق الارادہ بھی ہوں۔ پس اختلاف اور تمانع عوارض تغایر سے ہوئے اور عارض شے اپنے معروض کے واسطے اور اپنے معروض کے لوازم کے واسطے علۃ تامہ نہیں ہو سکتا۔ پس اختلاف اور تمانع دلائل مذکورہ کے ملازمات کے لئے علۃ تامہ نہ ہوگا۔ اور اسی سبب سے حضرت مولانا نے فرمایا ہے۔

کہ علت لزوم فساد وغیرہ ملازمات صرف تقاریر ہی ہے اور خدای سبحانہ تعالے کے عجز کا سبب ہے ۔

ثم اعلم ان تعلیق الحکم بالمشتق او بما فی معناہ یدل علی علۃ الماخذ۔ نحو قولہ سبحانہ۔ السارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیھما۔ والزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منھما مائۃ جلدۃ۔ فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم۔ فان کلا منھا صریح الفھم وسریع الدرک بالتعلیق فی ان علۃ القطع والجلد والقتل ھی السرقۃ والزنا والاشراک نعوذ باللہ منھا ۔

واضح ہو کہ معلق۔ اور مشروط کرنا کسی حکم کا مشتق کے ساتھ۔ یا اس چیز کے ساتھ جو مشتق کے معنی میں ہے۔ ماخذ مشتق پر جو کہ حکم مذکورہ کے واسطے معلق ہے دلالت کرتا ہے۔ اور اس تائید میں خدائی سبحانہ کے اقوال پاک مندرجہ ذیل ہیں ۔

(۱) السارق والسارقۃ فاقطعوا ایدیھما۔ یعنی چور کے خواہ مرد ہو یا عورت ہاتھ کاٹ ڈالو ۔

(۲) الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منھما مائۃ جلدۃ۔ یعنی زانی کو خواہ مرد ہو یا عورت سو درّے مارو ۔

(۳) فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموھم۔ یعنی تم کو جہاں کہیں مشرکین ملیں مار ڈالو ۔

پس ہر ایک آیت کا آیات مذکورہ سے تعلیق احکام کا فہم و ادراک اس معنی میں صریح و سریع ہے۔ کہ قطع دست کی علت وہی چوری ہے۔ اور درّے مارنے کی علت وہی زنا ہے۔ اور قتل کی علت وہی اشراک ہے۔ اور میں معاصی مذکورہ سے اللہ کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں۔ یعنی چور کے قطع دست کی تعلیق جو کہ سرقہ سے مشتق ہے۔ اور ایسے ہی زانی اور زانیہ کی ضرب کی تعلیق جو کہ مشتق زنا سے ہے اور ایسے ہی قتل مشرک کی تعلیق جو کہ اشراک سے مشتق ہے۔ اس بات پر دلالت کرتا ہے۔ کہ ان میں سے ہر ایک کی علت حکم مشتق منہ مذکورہ ہے ۔

فالکتاب المحکم البلیغ الظاہر عجز عن طاقۃ البشر وھو قولہ سبحانہ لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا فلو خلی ونفسہ وسد باب التاویل والرائی والعیاذ باللہ منھما لدل دلالۃ قطعیۃ علی ان علۃ الفساد ھو التغایر بین موجودہ وبینہ سبحانہ ؕ

اور جبکہ تعلیق حکم کا حال ظاہر ہو گا تب واضح ہو کہ کتاب محکم اور بلیغ جو کہ طاقت بشری سے خارج ہے اور وہ خدائی تعالے کا قول پاک لو کان فیھما الخ ہے اگر مخلی بالطبع کیا جائے اور تاویل اور رائے کا دروازہ بند کر دیا جائے اور میں ان دونوں سے اللہ کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں۔ تب دلالت قطعی یقینی اس بات پر دلالت کرتی ہے۔ کہ زمین و آسمان کی علت فساد وہی تغایر ہے جو کہ خدائے سبحانہ اور دیگر موجودات میں فرض کیا جاتا ہے یعنی دلیل مذکورہ کا مفاد یہی ہے۔ کہ اگر کوئی چیز غیر خدا ہو۔ زمین و آسمان کا فساد لازم ہوگا ؕ

اذا المذکور فی المقدم امور ثلثۃ۔ کون المنکور مظروفا لھما۔ وکونہ متعددا۔ وکونہ غیر اللہ سبحانہ۔ وکل من الاولین علی خصوصہ لا یقتضی الفساد فتعین ان التغایر فقط یقتضی الفساد اذ التغایر یقتضی عجزہ سبحانہ ؕ

اور تغایر کے سوا علۃ فساد کوئی اور چیز نہیں ہے اس لئے کہ دلیل مذکورہ یعنے لو کان فیھما الخ کے قضیۂ شرطیہ کے جزاول میں تین امر مذکور ہیں ؕ

(۱) الٰہ منکور کا زمین و آسمان میں ہونا ؕ

(۲) الٰہ کا متعدد ہونا ؕ

(۳) الٰہ کا خدائے سبحانہ کے سوا ہونا ؕ

اور دو امر اول میں سے کوئی ایک یعنی الٰہ کا زمین و آسمان میں ہونا۔ اور الٰہ کا متعدد ہونا۔ بالتخصیص زمین و آسمان کے فساد کے مقتضی نہیں ہیں۔ اس لئے کہ الٰہ متعدد جیسے لات و عزیٰ وغیرہ زمین و آسمان میں واقع ہیں اور آسمان و زمین فاسد نہیں ہوئے پس یہ امر متیقن ہو چکا ہے۔ کہ صرف تغایر ہی فساد کا مقتضی ہے اس لئے

کہ تغایر مذکورہ خدا تعالےٰ کے عجز کا سبب ہے۔ پناہ مانگتا ہوں میں اللہ سے ۔

اذ الموجود مطلقًا واجبًا کان او ممکنًا منحصرٌ فی القائم بالذات وھو الجوھر والقائم بالغیر وھو العرض والتوحید فی الوجود بین الجوھر والعرض بدیھیٌ مسلمٌ کما قال الشیخ الرئیس وجود الاعراض ھو وجود محالھا فانحصر التغایر فی الوجود بین جوھر وجوھر اخر ففرض التغایر الحقیقی بین الشیئین فی الوجود یقتضی بدیھۃً استقلال الطرفین۔ واستقلالھما یوجب تماثلھما والمثل لا یقدر علیہ۔ مثلٌ اخر فالشیئان اللذان فُرِض تغایرھما فی الوجود لا یقدر کلٌّ منھما علی الاخر قدرۃ التامۃ للتماثل کالوالد والمولود مثلًا فانھما مماثلان فی الجوھریۃ۔ فالوالد وان کان قادرًا علی تربیۃ المولود واھلاکہ ایضًا لکن لا یقدر علی احیائہ۔ وکذا المولود اذا شب یقدر علی تربیۃ الوالد وقتلہ ایضًا لکن لا یقدر علی احیائہ۔ فالتماثل یوجب عجز الطرفین فعلی فرض التغایر بینہ سبحانہ وبین شیٔ اخر من الاشیاء یلزم عجزہ سبحانہ۔ وعجزہ سبحانہ یقتضی فسادھما لانہ یئودہ حفظھما۔

اور اس امر پر کہ تغایر خدائے سبحانہ کے عجز کا مقتضی ہے۔ یہ دلیل ہے۔ کہ موجود علی الاطلاق یعنی واجب ہو یا ممکن۔ جوہر میں جو کہ قائم بالذات ہے۔ اور عرض میں جو کہ قائم بالغیر ہے منحصر ہے۔ اور وحدت جوہر و عرض کے وجود میں بدیہی اور مسلمہ ہے جیسا کہ شیخ الرئیس بوعلی سینا غفر اللہ لہ نے یہ بیان کیا ہے۔ کہ اعراض کا وجود ان ہی کے محل کے مابین متقابلات کا وجود ہے۔ یعنی اپنے محل کے قطع نظر عرض وجود ہی نہیں رکھتا ہے پس تغایر کے وجود میں۔ مابین جوہر اول اور جوہر ثانی۔ انحصار پایا گیا پس تغایر حقیقی کا دو وجود میں فرض کرنا از روئے بداہت استقلال طرفین کا یعنی موجودین مفروض التغایر کے استقلال کا طالب ہے۔ اور استقلال طرفین۔ دونوں تغایر کا موجب تماثل ہے۔ اور مثل پر مثل ثانی بسبب قدرت تامہ کے قادر نہیں ہوتا ہے۔ پس وہ دونوں چیزیں جن کا تغایر وجود میں فرض کیا گیا ہے۔ کوئی ایک

فا: ولا یئودہ حفظھما وھو العلی العظیم ۔

الذہن سے بسبب تماثل قدرت تامہ کے ساتھ کسی دوسرے کے پر قادر نہ ہوگا۔ جیسے باپ اور لڑکا مثلاً جو ہریت میں ایک دوسرے کے مماثل ہیں۔ پس اگرچہ باپ لڑکے کی پرورش پر بھی قادر ہے اور اس کے مار ڈالنے پر بھی اگر ارادہ کرے۔ لیکن اس کے زندہ کرنے پر قادر نہیں ہے اور ایسے ہی طفل مولود جبکہ جوان ہو جائے۔ باپ کی پرورش پر بھی۔ اور اس کے مار ڈالنے پر قادر ہوگا۔ لیکن اس کے زندہ کرنے پر قادر نہیں ہے۔ پس تماثل طرفین کے عجز کا موجب ہے۔ اور وہ چیزیں جن کا تغایر وجود میں فرض کیا گیا ہے۔ کوئی ایک ان میں سے کسی دوسرے پر قدرت تامہ کے ساتھ قادر نہ ہوگا۔ پس خدا سبحانہ اور موجودات میں سے کسی موجود میں تغایر فرض کرنے کی صورت میں خدای سبحانہ کا عجز لازم آتا ہے۔ اور سبحانہ کا عجز زمین و آسمان کے فساد کا مقتضی ہے۔ اس لئے کہ صورت عجز میں خدای سبحانہ کو زمین و آسمان کی محافظت دشوار ہوگی حالانکہ اس کی شان میں ولا یئودہ حفظھما وھو العلی العظیم ہے ۔

وبھذا ظھر وجہ الابتغاء الی ذی العرش سبیلا۔ ایضاً اذا کان لا یتصور بدون عجزہ سبحانہ وظاھر ان التغایر یقتضی استقلال الطرفین واستقلالھما یقتضی تماثلھما فی الاتصاف بامھات الصفات واتصافھما بھا یقتضی اتفاقھما علی تصمیم ارادۃ الابتغاء اذ حب دفع الضرر عن نفسہ وجلب النفع لنفسہ مطبوع لکل احد والمطبوع المذکور یستدعی ان یکون احد محکوماً لغیرہ وظاھر ان اللہ سبحانہ حاکم علیھما فیتضررون منہ سبحانہ۔ فوجب اتفاقھما علی تصمیم ارادۃ الابتغاء لدفع الضرر فیلزم الابتغاء منھما الی ذی العرش سبیلاً ۔

اور بطلان تغایر کی دلیل مذکورہ سے یہ بھی ظاہر ہو گیا کہ الہیۃ صاحب عرش کی طرف راستہ طلب کرنے کی کیا وجہ ہے۔ یعنی جو ملازمت آیۂ کریمہ ولو کان معہ آلھۃ کما یقولون اذا لابتغوا الی ذی العرش سبیلا میں واقع ہے۔ اس کی وجہ بھی حق سبحانہ کے لزوم عجز تک منتہی ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ الہ کا خدای سبحانہ کے ساتھ مقابلہ اور بغاوت بغیر خدا سبحانہ کے عجز کے متصور نہیں ہے۔ کس لئے کہ دلیل مذکورہ خدا عزوجل کے ساتھ آلہۃ کے تغایر پر مبنی ہے اور تغایر طرفین کے استقلال کا مقتضی ہے

جیسا کہ بیان کیا گیا ہے اور استقلال متغایرین اتصاف میں امہات صفات کے ساتھ ان کی مماثلت کا مقتضی ہے اور امہات حیات اور علم اور قدرۃ اور ارادہ اور سمع اور بصر اور کلام ہیں پس الہ تغایر کی صورت میں امہات صفات کے ساتھ متصف ہونا دو حال سے خالی نہیں ہے۔ (یا اپنے نفس سے ضرر غیر کے واسطے ہوگا) یا (اپنے نفس کے واسطے جو منفعت کے لئے ہوگا) اور یہ دونوں امر ہر شخص کے واسطے مطبوع طبعی ہیں۔ اور مطبوع مذکورہ یہ چاہتا ہے کہ اپنے غیر کا محکوم نہ ہو اور یہ ظاہر ہے کہ خدای سبحانہ الہتہ پر اور ان کے امثال پر حاکم ہے اور وہ خدای سبحانہ سے متضرر ہوتے ہیں پس ان کا اتفاق ارادۂ بغاوت کے واسطے مصمم ہو گیا تاکہ اپنے نفوس سے خدا سبحانہ کا ضرر دفع کریں۔ تب صاحب عرش کی طرف بغاوت اور اس سے جنگ کی کھوج لازم ہوگا۔

وقس علیہ امتناع دس ورود ھم جھنم دفعاً للضرر عن انفسھم وقس علیہ ذھاب کل بما خلق وعلو بعضھم اذا لفقوا علی بعض واحد ۵

اور اسی وجہ پر جہنم میں ورود الہتہ کی امتناع بھی قیاس کرو تاکہ الہ ضرر غیر کو اپنے نفوس سے دفع کریں۔ اور یہ آیہ کریمہ لو کان فیھما الھتہ ما وسر دوھا کی طرف اشارہ ہے یعنی آیتہ مذکورہ میں بھی الہتہ کا امتناع ورود الہ کی غیریت میں خدا عزوجل کے ساتھ معلق ہے۔ اور اس کا مفاد بھی خدای سبحانہ کا لزوم عجز ہے۔ اور اس پر ہر ایک الہ کا اپنی مخلوق کو لے جانا اور بعض معبودین کا بعض معبود پر غلبہ کرنا قیاس کرو جبکہ کسی ارادہ مخصوص میں الہ اتفاق کریں اور یہ امر خدائی واحد کی مرضی کے جو کہ مقابل ہو خلاف ہے۔ اور اس سے آیہ وما کان معہ من الہ اذا لذھب کل الہ بما خلق ولعلی بعضھم علی بعض کی طرف اشارہ ہے یعنی امتناع ذہاب۔ اور بعض معبودین کا بعض معبود پر غلبہ بھی۔ الہ کی غیریت پر معلق ہے جس سے خدا سبحانہ کا لزوم عجز پایا جاتا ہے۔ کچھ تابع اور اختلاف لازمات مذکورہ کی علت تامہ نہیں ہے۔

ولنعرض تفسیر الایۃ المذکورۃ وھو انہ لو کان فیھما الھتہ الا اللہ ای غیر اللہ بالنصب علی الخبریۃ تنصیصاً علی تعرض نقیض المطلوب۔ اولاً وعلی تعلیل الفساد بالتغایر ثانیاً کان سایر الاشیاء

سوی الالھۃ غیر اللہ بداھت للتماثل فی الاستقلال ولو کان سایر الاشیاء سوی الالھۃ غیر اللہ لکانتا غیر اللہ للتماثل المذکور۔ ولو کانتا غیر اللہ لفسدتا اذ لکونھا غیر اللہ۔

اور جبکہ ہم وجوہ ملازمات۔ اور تمہید مقدمہ سے فارغ ہوئے۔ تب ہمیں آیۂ مذکورہ کی تفسیر بیان کرنی چاہیئے۔ اور وہ یہ ہے کہ اگر زمین و آسمان میں غیر خدا معبود ہوتے اور لفظ غیر اللہ۔ کان کی جزئیۃ کی وجہ سے منصوب ہے۔ اور نصب مذکورہ میں پہلے نقیض مطلوب کی تعرض پر تصریح ہے۔ اور دوسری اس بات پر تصریح ہے۔ کہ علت فساد تغایر ہے۔ اور شرط مذکورہ کی جزا یعنے لوکان فیھما الھۃ غیر اللہ کی یہ ہے کہ کان سایر الاشیاء سوی الالھۃ غیر اللہ۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ تمام اشیاء جو اللہ کے علاوہ ہیں۔ اندریں بداہت غیر خدا ہوتیں۔ اس لئے کہ تمام اشیاء کے استقلال وجود میں مماثلت ہے۔ اور اگر تمامی اشیاء مذکورہ خدا ہوتیں۔ تحقیق زمین و آسمان بھی مماثلہ مذکورہ کی وجہ سے غیر خدا ہوتے۔ اور اگر زمین و آسمان غیر خدا ہوتے تب زمین و آسمان غیریت ہی کی وجہ سے برباد ہو جاتے اور کسی وجہ سے برباد نہ ہوتے۔

کما فی قاقتلوا المشرکین وامثالھا ای الاشراک والزنا والسرقۃ لما ذکرنا ان التغایر یقتضی استقلال الطرفین واستقلالھا یقتضی عجز کل عن الاخر وانما حذفنا ما ذکرنا من التفسیر لبداھۃ کما حذفت المقدمۃ الثانیۃ من الدلیل وھو بطلان التالی لبداھتھما وقد جرت السنۃ الالھیۃ علی حذف البدیھی الجلی ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا۔

جب مقدمہ سابق الذکر علت فساد صرف غیریت ہی ہے۔ یعنی مشتق کے ساتھ تعلیق حکم علت ماخذ پر دلالت کرتی ہے۔ جیسا کہ اقوال خدای سبحانہ (فاقتلوا المشرکین الخ) میں اور (والزانیۃ والزانی فاجلدوا الخ) میں اور (والسارق والسارقۃ فاقطعوا الخ) میں علت قتل صرف اشراک ہی ہے۔ اور علت درہ زنی صرف زنا ہے۔ اور علت قطع صرف سرقہ۔ اور فساد بسبب علت غیریت کے جو کہ ہم نے سابق میں ذکر کیا ہے۔ اس وجہ سے ہے۔ کہ تغایر استقلال متغایرین کا مقتضی ہے۔ اور استقلال متغایرین ان میں سے ایک دوسری کے عجز

کا مقتضی ہے اور دلیل مذکورہ کی عبارت سے جملہ ہائی مذکورہ جو کہ مقدم شرطیہ کے جانب صدر میں بیان کئے گئے ہیں۔ اس لئے حذف کئے گئے۔ کہ جملہ ہائی مذکورہ بدیہی ہیں۔ جیسے دلیل کا مقدمہ دویمی۔ جو کہ بطلان ثانی ہے۔ اس لئے حذف کیا گیا۔ کہ مقدمہ دویمی مذکورہ بدیہی ہے یعنی دلیل استثنائی کا مقدمہ ثانیہ جو کہ لکنہما لم یفسدا ہے۔ زمین و آسمان کے عدم فساد کے بدیہی ہونے کی وجہ سے جو کہ مشاہدہ ہے عبارت دلیل سے محذوف ہے۔ ایسے ہی جملہ ہائے مذکورۃ الصدر جانب مقدم محذوف ہے اور عادت الٰہی اسباب پر جاری ہے۔ کہ اپنے کلام سے بدیہات روشن کو حذف کرتا ہے۔ اور عادت الٰہی میں تبدل اور تغیر کا دخل نہیں ہو سکتا ہے۔

وھذہ المقدمات المفسرۃ مرتبط بعضھا مع بعض کمال الربط بحیث الثانی للاولی مقدما للمتوسط وجعل تالیھا مقدما للثالثۃ ومشتملۃ علی تعرض النقیض ای نقیض المطلوب و تعلیل الحکم بالغیریۃ وکل من الاولین بدیھی جلی والثالثۃ بدیھۃ ایضا لکنھا خفیۃ والتنبیہ علیھا ماذکرنا من ان التغایر بین الشیئین یقتضی استقلالھما و کل مستقلین یستلزم تمانعھما و تمانعھما یقتضی عجزہ تعالی وعجزہ سبحانہ یقتضی الفسادۃ

اور جو مقدمات تفسیر میں مذکور ہیں۔ ان کو ایک دوسرے کے ساتھ اس وجہ سے بے انتہا ارتباط ہے۔ کہ تالی مقدمہ اولی مقدمہ متوسط کے واسطے مقدم قرار دیا گیا ہے۔ اور تالی مقدمہ متوسط مقدمہ ثالثہ کے واسطے مقدم قرار دیا گیا ہے۔ اور مقدمہ اولی یہ ہے لو کان فیھما الھۃ غیر اللہ لکان سایر الاشیاء سوی الاٰلھۃ غیر اللہ اس مقدمہ اولی کی تالی کو جو کہ کان سایر الاشیاء سوی الاٰلھۃ غیر اللہ ہے مقدم متوسط قرار دیا گیا ہے۔ اور مقدمہ متوسط یہ ہے لو کان سایر الاشیاء سوی الاٰلھۃ غیر اللہ لکانتا غیر اللہ اور اس مقدمہ متوسط کی تالی کو جو کہ کانتا غیر اللہ ہے۔ مقدمہ ثالثہ کے واسطے قرار دیا گیا ہے۔ اور مقدمہ ثالثہ یہ ہے۔ لو کانتا غیر اللہ لفسدتا اور مقدمات مذکورہ تعرض نقیض مطلوب یعنی غیر اللہ پر مشتمل ہیں۔ اور ای کا بطلان مقصود ہے اور نیز مقدمات مذکورہ تعلیل حکم بالغیریۃ پر مشتمل ہیں۔ یعنی علت فساد غیریت ہے۔ پس مقدمہ اولی اور متوسط بدیہی جلی ہیں۔ اور مقدمہ ثالثہ بھی بدیہی ہے لیکن اس کی بداہت مخفی ہے۔ جو کہ تنبیہ کی محتاج

ہے اور تنبیہ یہ ہے۔ جو کہ ہم ذکر بھی کر چکے ہیں۔ یعنی دو چیزوں میں تعاند استقلال متغایرین کا مقتضی ہے۔ اور استقلال طرفین ان دونوں کا موجب تماثل ہے۔ اور ان دونوں کا تماثل ہے اور ان دونوں کا تماثل خدائی تعالے کے عجز کا مستلزم ہے۔ اور خدائی سبحانہ کا عجز زمین و آسمان کے فساد کا مستلزم ہے ۔

فالملازمۃ الاولی۔ والثانیۃ مع المقدمۃ الاخیرۃ فی حکم المقدم الثانی الاخیرۃ لکن لما ربط اللہ تعالیٰ بین المقدم فقط المذکورۃ فی الایۃ وبین التالی فقط المذکور فیھا وحذف ما سواھما من المحذوف لبداھۃ والاخلال ذکرہ بالبلاغۃ لاجل التنکیر المخل واعتمادًا علی فھم المخاطب من اھل اللسان لمن اراد ھدایۃ اضلالہ لمن اضلتہ لم یفطن بالمحذوف الا اکابر من العلماء شرقًا وغربًا من الزمان الذی یشیر الیہ قولہ علیہ السلام ثم یفشوا الکذب فوقعوا فیما وقعوا من ان علۃ الفساد ھو التمانع والاختلاف لقولھم لما یکون بینھما من الاختلاف والتمانع الی اخرہ ۔

پس ملازمۃ اولی۔ اور ملازمۃ ثانیہ۔ اور ملازمۃ آخرہ کے مقدمہ کے ساتھ ملازمۃ آخرہ کی تالی کے واسطے ایک مقدمہ کے حکم میں ہیں۔ یعنی تفسیر مذکورہ میں تین جملہ شرطیہ ہیں۔

(۱) اولی۔

(۲) متوسط۔

(۳) ثالثہ آخرہ۔

جو کہ بیان کئے گئے منجملہ ان کے لوکان فیھما الھۃ غیر اللہ لکان سایر الاشیاء سوی الھۃ غیر اللہ اور لوکان سایر الاشیاء سوی الالھۃ غیر اللہ تا لوکانت غیر اللہ) ایک مقدم کے حکم میں ہیں جن کی تالی کلام اللہ میں لفسدتا واقع ہے۔ لیکن جس وقت خداوند تعالے نے مقدم و تالی میں ربط دیا۔ جو کہ صرف آیہ کریمہ مذکور ہیں۔ اور ان ملازمات کو جو کہ آیت میں مقدم و تالی مذکورہ کے سوا ہیں۔ اس وجہ سے حذف کر دیا۔ کہ وہ بالکل بدیہی ہیں۔ اور بسبب تنکیر مذکور کے مخل بلاغت تھے۔ اور نیز فہم مخاطبین کے اعتقاد پر۔ جو کہ اہل لسان تھے۔ اس لئے ملازمات کو حذف کر دیا۔ کہ ان لوگوں میں سے بعض کی ہدایت کا اللہ

تعالےٰ نے ارادہ کیا۔ اور نیز ان لوگوں کے گمراہ کرنے کے واسطے بھی خدمت کر دیا جن کے گمراہ کرنے کا اللہ تعالےٰ نے ارادہ کیا یعنی چونکہ مشیت اور حکمت الٰہی حسب فحوای یضل بہ کثیراً و یھدی بہ کثیرا۔ اس بات کی مقتضی ہے۔ کہ تمام مخاطبین کو مذہب واحد پر نہ رہنے دے جیسا کہ خود ارشاد فرماتا ہے ولو شاء اللہ لجعلکم امۃ واحدۃ الخ۔ اور اگر کلام بحر نظام صاحب البحرین یلتقیان کو ہدایت و ضلال کیا اور امت مقام مراد پر بے تکلف پہنچکر چشمہ ہدایت کے آبحیات توحید سے سیراب ہو گئی اور گمراہان ازلی وادی ضلالت میں بھٹکتے ہوئے اور چشمہ کے کنارہ پر پہنچے اور ظلمات اشراک کی طرف کوشش کرتے رہے اور شرطیات مذکورہ کی تالیات یا معتدات کا ربط فساد کے واسطے علت تغایر پر مبنی ہے۔ تمانع اور اختلاف پر مبنی نہیں ہے اور جس زمانہ پر قول آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ثم یفشو الکذب اشارہ کرتا ہے کہ علت فساد تمانع اور اختلاف ہے کس واسطے کہ وہ یہ کہا کرتے تھے کہ لما یکون بینھما من اختلاف والتمانع الخ ۔

ولنرجع الی التفسیر المذکور لو کان فیھما الھۃ غیر اللہ بالنصب لکان سایر الاشیاء سوی الالھۃ غیر اللہ ولو کان سایر الاشیاء سوی الالھۃ غیر اللہ لکانتا غیر اللہ ولو کانتا غیر اللہ لفسدتا لکن الفساد باطل فلم یکونا غیر اللہ واذا لم یکونا غیر اللہ لم یکن سایر الاشیاء سوی الالھۃ غیر اللہ واذا لم تکن سایر الاشیاء غیر اللہ لم یکن الا لھۃ غیر اللہ فثبت لا الٰہ الا اللہ فظھر ربط المدلول بالدلیل ظھوراً بیناً ۔

اور اب ہمیں یہ چاہئے کہ ہم تفسیر مذکور کی طرف اس طرح سے رجوع کریں کہ اگر زمین و آسمان میں غیر خدا معبود ہوتے تب تمامی اشیاء معبودوں کے سوا غیر خدا ہوتیں اور اگر تمامی اشیاء معبودوں کے سوا غیر خدا ہوتیں۔ تب زمین و آسمان غیر خدا ہوتے اور اگر زمین و آسمان غیر خدا ہوتے۔ تب برباد ہو جاتے لیکن ان کی بربادی باطل ہے یعنی وہ بحال خود قائم ہیں۔ تب زمین و آسمان غیر خدا نہ ہوئے۔ اور جب زمین و آسمان غیر خدا نہ ہوئے۔ تب کوئی شے جمیع اشیاء میں سے سوا اللہ کے غیر خدا نہ ہوئی اور جب تمام اشیاء غیر خدا نہ ہوئیں

تب الٰہ بھی غیر خدا نہ ہوئے پس لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا مفاد بھی ثابت ہو گیا اور مدلول کا دلیل کے ساتھ ربط بھی ظاہر ہو گیا ۔

فان قلت ما قیل ان قولہ تعالیٰ لو کان فیھما الٰھۃ الا اللّٰہ لفسدتا حجۃ اقناعیۃ والملازمۃ عادیۃ علی ما ھو اللایق بالخطابیات فان العادۃ جاریۃ بوجود التمانع والتعایق عند تعدد وجود الحاکم علی ما اشیر الیہ بقولہ تعالیٰ لعلا بعضھم علی بعض و لا فان اریدالفساد بالفعل ای خروجھا عن ھذا النظام المشاھد فمجرد التعدد لا یستلزم مسلجواز الاتفاق علی ھذا النظام وان اریدامکان الفساد فلا دلیل علی انتفائہ بل النصوص شاھدۃ بطی السموات وبرفع ھذا النظام فیکون ممکنا لا محالۃ

تحقیق مذکورہ کے بعد جو کچھ علما ظواہر کی تحقیقات ہے ۔ کہ خدا تعالیٰ کا قول لو کان فیھما الخ حجۃ اقناعی ہے یعنی ظنی ہے قطعی نہیں ہے اس کا بخوبی اندفاع ہو گیا ۔ حاصل کلام یہ ہے کہ مستدل کا ارادہ تو یہی تھا کہ اپنا مدعا ۔ اس کی نقیض کے جمیع اقسام کے ابطال سے ثابت کرے ۔ اور بظاہر بعض اقسام نقیض کے ذکر پر قناعت کیا ۔ اور یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ ملازمت مذکورہ عادی ہے ۔ یعنی مخاطبین کی عادت کے مطابق ہے ۔ جیسا کہ کلام خطابیات ۔ یعنی ظنیات کے سزاوار ہو ۔ اس لئے کہ رسم و عادت تو یہی جاری ہے کہ حاکم کے متعدد ہونے کے وقت میں ۔ ایک دوسرے کے ساتھ اختلاف اور مزاحمت کا وقوع ہوتا ہے ۔ جیسا کہ خود خدای عزوجل کا کلام پاک اس کا موید ہے ۔ لعلا بعضھم علی بعض اور اگر حجت اقناعی ۔ اور ملازمت عادی نہ ہو تب دلیل کی یعنی تمام نہیں ہوتے ہیں ۔ اس لئے کہ اگر مراد فساد سے بالفعل لی جائے ۔ یعنی اس بندوبست سے جو دیکھا جاتا ہے ۔ زمین و آسمان خارج ہو جائیں ۔ تب اس صورت میں صرف الٰہ کا تعدد فرض کرنا فساد بالفعل کا مستلزم نہیں ہے ۔ کیونکہ علت فساد اختلاف اور تمانع ہے ۔ اور یہ جائز ہے کہ الٰہ متعدد ہوں زمین و آسمان کے بندوبست موجود کے ابقاء پر اتفاق کیا ہو ۔ پس تعدد کے فرض کر لینے سے فساد بالفعل مستلزم نہیں ہوتا ہے اور اگر امکان فساد مراد لیجائے ۔ یعنی اختلاف و تمانع کے وقت زمین و آسمان برباد ہو جانے

صلاحیت رکھتے ہوں۔ تب کوئی دلیل امکان مذکورہ کے بطلان پر نہیں ہے۔ بلکہ نصوص قرآنی مثل نطوی السماء کطی السجل للکتب اس بات پر گواہی دیتے ہیں۔ کہ آسمان لپیٹ دئے جائینگے۔ اور درہم برہم ہو جائینگے۔ اور بروز قیامت یہ بندوبست نہ رہیگا۔ تب فساد مذکورہ ممکن ہوگا۔

وجہ الاندفاع انہ نُرِعِمَ ان علۃ الفساد ھو التمانع وقد عرفت انہ لیس کذلک بل التغایر فقط علۃ لہ فالتغایر تقتضی عجزہ سبحانہ وبعد عجزہ سبحانہ سواءٌ اتفقوا او اختلفوا یلزم الفساد قطعاً۔

اور وجہ اقناعیہ اور ملازمۃ عادیہ کی وجہ اندفاع یہ ہے۔ کہ قائل مذکورہ نے یہ گمان کیا ہے۔ کہ علت فساد صرف تمانع ہے۔ اور تحقیق مذکورہ سے پیشتر یہ معلوم ہو چکا ہے۔ کہ تمانع علت فساد نہیں ہے۔ بلکہ صرف تغایر ہی علت فساد ہے۔ اور تغایر خدا تعالےٰ کے عجز کا مقتضی ہے۔ اور خدائی سبحانہ تعالےٰ عاجز ہونے کے بعد۔ یقیناً علت فساد لازم ہوگی خواہ الٰہ۔ ارادہ میں مختلف ہوں یا موافق ہوں۔

ولکن اسقط قول الشیخ الاکبر قدس سرہ فی القصوص فی فص اود علیہ السلام لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا وان اتفقا فنحن نعلم انھما لو اختلفا تقدیراً لنفذ حکم احدھما فمن الحکم ھو الاٰلہ علی الحقیقۃ ھو الذی لم ینفذ حکمہ لیس بالٰہ انتھیٰ۔

اور اسی طرح شیخ اکبر محی الدین ابن عربی قدس سرہٗ کا قول جو کہ کتاب فصوص الحکم میں داؤد علیہ السلام کی فص میں واقع ہے۔ ساقط ہو گیا۔ یعنی لو کان فیھما الھۃ الخ میں بعد لفسدتا کے وان تفقا کی قید بڑھا دی ہے جس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ (اگر زمین و آسمان میں آلہۃ غیر خدای سبحانہ ہوتے۔ اگرچہ الٰہ زمین و آسمان کے ابقا پر اتفاق بھی کرتے) اس لئے کہ ہم یہ جانتے ہیں۔ کہ اگر وہ دونوں الٰہ بالفرض مختلف الارادہ مان لئے جائیں۔ تب ان میں سے ایک کا حکم نافذ ہوگا۔ اور جس آلہ کا حکم نافذ اور جاری ہوا۔ وہ حقیقت وہی الٰہ ہے اور جس کا حکم نافذ نہیں ہوا وہ آلہ نہیں ہے۔ شیخ علیہ الرحمۃ کا قول تمام ہو گیا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ شیخ کے قول کے مطابق۔ تمام دلیل تمانع۔ اور اختلاف کی مان لینے پر ہے۔

وجہ السقوط انہ یفہم من ھذا الکلام انہ ایضاً ذھب الی ان علۃ الفساد ھو التمانع وقد عرفت انہ لیس کذلک لانا لانسلم امکان نفوذ حکم احدھما فقط علی تقدیر وجودھما بعد الاختلاف لوجوب التساوی بین قدرتیھما بوجوبھما وعلی تقدیر امکان احدھما ووجوب الاخر نسلم نفوذ حکم احدھما لکن لانسلم التمانع بینھما اذ الممکن فی قدرۃ الواجب وبالجملۃ صار تعلیل العلماء للفساد بقولھم لما یکون بینھما من الاختلاف والتمانع الی اخرہ کتعلیل مغاوب اوکعصف مأکول ۵

اور قول مذکورہ کی وجہ سقوط یہ ہے۔ کہ کلام مذکورہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ شیخ اکبر رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی طرف گئے ہیں۔ کہ علت فساد صرف وہی تمانع ہے جیسا کہ ظاہر ہے اور تم کو یہ بھی معلوم ہو چکا ہے۔ کہ علت فساد تمانع نہیں بلکہ تغایر ہے +

اور دوسری وجہ سقوط یہ ہے کہ شیخ اکبر کی دلیل۔ جو کہ اختلاف مذکورہ میں ہے۔ وہ تمام نہیں ہے۔ اس لئے کہ اگر آلہ سے جن کا تعدد اور اختلاف فرض کیا گیا ہے معبودان واجب مراد ہیں۔ تب ان میں سے کسی ایک کا نفوذ حکم تسلیم نہیں کرتا ہوں۔ اس لئے کہ آلہ کے واجب ہونے کی وجہ سے قدرت میں مساوات واجب ہوتی ہے۔ اور اگر بعض ممکن اور بعض واجب مراد ہیں۔ تب میں ان میں سے ایک کا جو کہ واجب ہے۔ نفوذ حکم تسلیم کرتا ہوں۔ لیکن تمانع ان میں سالم نہیں رہتا ہے۔ اس لئے کہ ممکن قدرت واجب کے ہاتھ میں ہوگا۔ تب ممکن محکوم اور مغلوب واجب غالب اور حاکم سے کیونکر مقابلہ کریگا۔ اور اس صورت میں تمانع نہیں رہتا ہے +

خلاصہ کلام یہ ہے کہ علماء نے زمین و آسمان کے فساد کی علت۔ جو تمانع قرار دیا ہے اور یہ کہا ہے لما یکون بینھما من الاختلاف والتمانع الخ یہ گرفتار چور اور پس خوردہ چارپایہ کھانے کی طرح سے ہے +

وقس علیہ سائر الملازمات نحو لو کان ھؤلاء الھۃ ای غیر اللہ ما ورد واھا لوجوب حمل المطلق علی المقید اتفاقاً عند اتحاد الحادثۃ

فھٰھنا نحن الحادثۃ ھو سوق الادلۃ علی مطلوب واحد وھو دفع الاشراک باللہ فی الوجود ولکونہ بعد دلیلا الا استثنائیا یجب اشتمالہ علی نقیض المطلوب العدم ذکرہ فیہ ۵

اور اسی پر ان مقدمات کو قیاس کرو۔ جو کہ دلائل توحید واقع ہیں۔ چنانچہ لوکان فیھما آلھۃ ماوردوھا میں لفظ الہ (غیر اللہ) کے ساتھ دو وجوہ سے موصوف ہے

(۱) یہ ہے کہ جب حادثہ متحدہ ہو اور اس میں مطلق۔ اور مقید دونوں واقع ہوں۔ تب یہ واجب ہوتا ہے کہ مطلق مقید پر محمول ہو۔ اور یہاں حادثہ واحدہ ہے۔ اور وہ مطلوب واحد پر سیاق دلائل ہے۔ کہ خدا کے ساتھ وجود میں دفع اشراک ہے +

(۲) یہ ہے کہ کلام مذکورہ دلیل استثنائی ہے۔ لہذا واجب ہے کہ وہ نقیض مطلوب پر مشتمل ہو۔ کیونکہ اصل مطلوب مذکور نہیں ہے +

ولوکان معہ الھۃ ای غیر اللہ کما یقولون اذا لابتغوا الی ذی العرش سبیلا۔ وما کان معہ من الہ ای غیرہ اذا لذھب کل الہ بما خلق ولعلی بعضھم علی بعض ۵

اور ایسے ہی لوکان معہ الھۃ الخ میں اور ما کان الہ الخ میں دونوں وجوہ مذکورہ بالا کے سبب سے لفظ الہ اور الہ۔ غیر اللہ کے ساتھ موصوف ہے اور بیان اس کا یہ ہے کہ دلیل اول یعنی لوکان فیھما الا اللہ لفسدتا میں الہ صفت غیر اللہ کے ساتھ مقید واقع ہے۔ اس لئے کہ الا اللہ اس دلیل میں باتفاق علما غیر اللہ کی معنی میں ہے۔ اور دلیل مذکورہ استثنائی ہے۔ اور نقیض مطلوب پر مشتمل ہے اور دیگر ادلہ مذکورہ میں۔ قید الا اللہ یا غیر اللہ سے الہ مطلق واقع ہیں۔ لیکن الہ تمام دلائل توحید میں قید غیر اللہ کے ساتھ حقیقۃ مقید ہے۔ اس لئے کہ ان سب دلائل کا سوق مطلوب واحد یعنی اثبات توحید۔ اور دفع اشراک پر ہے۔ اور دفع اشراک حادثہ واحدہ ہے۔ اور بموجب قاعدہ اصول جو کہ سابقاً مذکور ہوا مطلق کا مقید پر محمول ہونا۔ واجب ہے۔ پس ادلہ مذکور کا مفاد دلیل اول کا بعینہ مفاد ہے جن میں الا اللہ یا غیر اللہ مذکور نہیں ہے۔ پس تمام دلائل مذکورہ میں۔ خدای یگانہ کے ساتھ غیریت الہ پر تعلیق حکم ہوا +

لکن التوالی باطلۃ فکذا المقدمات فلم یکن الالھۃ الممکنۃ غیر اللہ فثبت التوحید بین الالھۃ الممکنۃ وبینہ سبحانہ فثبت لا الٰہ الا اللہ وظھر ربطہ بالادلۃ ظھورا بینا ۵

لیکن ملازمات مذکورہ کی تالیات یعنے زمین و آسمان کا فساد اور الہ کا جہنم میں عدم ورود۔ اور ذی العرش کی طرف الہ کا ابتغاء۔ اور الہ کا اپنی مخلوق کو لیجانا۔ اور اپنے محبوبین کا بعض پر غلبہ باطل ہیں۔ اور ملازمات مذکورہ کے مقدمات۔ یعنی خدای سبحانہ کے ساتھ۔ الہ کا غیر ہونا ویسا ہی باطل ہے۔ پس الہ ممکنہ غیر خدائی سبحانہ نہ ہوئے اور الہ ممکنہ اور خدائے سبحانہ میں وحدت وجود ثابت ہوئی۔ اور لا الٰہ الا اللہ کا مضمون بھی ثابت ہوا۔ اور اس کا اپنی دلائل کے ساتھ ربط بھی بدیہی طور پر ظاہر ہوا ۔

وجہ۔ الابتغاء الی ذی العرش سبیلا ان الابتغاء لا یتحقق بدون عجزہ سبحانہ اولا ویتوقف ثانیا علی التماثل بینھم وبینہ سبحانہ وفی الاتصاف بامھات الصفات وثالثا علی تصمیمہم ارادتھم الابتغاء والتصمیم علی المذکور یتوقف علی اتفاقھم علی التصمیم واتفاقھم علیہ یتوقف علی کونھم مخالفین من ذی العرش بقھرہ علیھم وتعذیبھم واھلاکھم وکونھم مخالفین مسلم لقولہ سبحانہ حکایۃ منھم ولئن سئلتھم من خلق السموات والارض لیقولن خلقھن اللہ اذ ثبوت الخوف من قھر الخلق وتعذیبہ مسلم فالتغایر یقتضی عجزہ سبحانہ وتماثلہ سبحانہ والمتغایران والمتماثلان کل منھما یدفع الضرر عن نفسہ ولا شک ان الالھۃ کثیرۃ مخالفۃ من ذی العرش اھلاکہ لھم فیلزمھم لا یتغاء الی ذی العرش سبیلا لا بحالھم انفسھم من الاذلال والاھلاک ۵

وجہ ابتغاء کا یعنی الہ کا صاحب عرش کی طرف راستہ ڈھونڈنے کی یہ وجہ ہے کہ ابتغاء مذکورہ بغیر تین چیزوں کے متحقق نہیں ہوتا ہے ۔

(۱) خدائی سبحانہ کا عجز ۔

(۲) مابین الٰہ اور مابین خدا سبحانہ امہات صفات کے ساتھ متصف ہونے میں مماثل۔ جو سابقاً مذکور ہوئے +

(۳) ابتغار کے واسطے الٰہ کا ارادہ مصمم ہونا اور تعمیم مذکورہ ان کے اتفاق پر موقوف ہے۔ اور اتفاق اس بات پر موقوف ہے کہ وہ صاحب عرش سے۔ اس وجہ سے خوف کرتے ہوں۔ کہ کہیں وہ ہم پر قہر نہ نازل کرے۔ یا عذاب نہ دیوے۔ یا ہلاک نہ کرے۔ اور الٰہ کا خدا ئی سبحانہ سے خائف ہونا خود اُس کے قول پاک سے ثابت ہے۔ جہاں پر مُشرکین کا تذکرہ ہے۔ (ولئن سئلتھم من خلق السمٰوٰت والارض لیقولن خلقھن اللہ) جس کا ترجمہ یہ ہے (اگر تم مشرکین سے یہ سوال کرو۔ کہ آسمانوں۔ اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے۔ تب مشرکین تحقیق یہ کہیں گے کہ۔ خدائی سبحانہ عزوجل نے پیدا کیا ہے)۔ اور خدائی سبحانہ کا قول پاک الٰہ کے خائف ہونے پر اس وجہ سے دلالت کرتا ہے کہ خوف کا ثبوت خالق کے قہر سے اور خالق کا مخلوق کو عذاب دینا مسلمہ ہے۔ اور جبکہ مشرکین نے صفت خالقیت کی نسبت الٰہ کی طرف نہ کی۔ بلکہ خدائی عزوجل کی طرف کی تب الٰہ کا مخلوق ہونا مشرکین کے مقولہ سے صاف ظاہر ہے۔ اور مطابق واقع ہے۔ پس نظائر خدای سبحانہ کے عجز اور تماثل کا مقتضی ہے۔ اور جب دو چیزیں متغایر اور متماثل ہوں۔ تب یہ یقین ہے ہر ایک ان میں سے ایک دوسرے کے ضرر کو اپنے نفس سے دفع کرتی ہے اور یہ شک نہیں ہے۔ کہ معبودان کثیر۔ صاحب عرش سے اس وجہ سے خوف کرتے ہیں۔ کہ کہیں خدائی سبحانہ اُن کو ہلاک نہ کر ڈالے۔ تب یہ لازم ہوا۔ کہ وہ صاحب عرش کی طرف راستہ ڈھونڈیں۔ تاکہ اپنے نفوس کو ذلت اور ہلاکت سے نجات دیں۔ اور اسی وجہ سے صاحب عرش سے خوف رکھتے ہیں +

وقس علیہ لزوم عدم ورودھم جھنم علی التغایر۔ اذ التغایر یقتضی عجزہ سبحانہ ودفع الضرر ورئ لحفظ نفسہ فیلزم عدم الورود +

اور لزوم ابتغار غیریت کی صورت میں جہنم میں الٰہ کے ورود کا عدم لزوم قیاس کرو۔ اس لئے کہ تغایر خدا سبحانہ کے عجز کا مقتضی ہے اور ہر شخص دفع ضرر کے لئے ضرور کوشش کیا کرتا ہے۔ تاکہ اپنے نفس کو اپنے مماثل کے ضرر سے محفوظ رکھے۔ تب جہنم میں

الہ کا عدم ورود لازم آئیگا۔ لیکن جہنم میں الہ کا ورود حسب آیۃ کریمہ انکم وما تعبدون من دون اللہ حصب جہنم متحقق ہے۔ پس غیریت جس پر عدم ورود معلق تھا باطل ہوگئی +

ولکن اذھاب کل الہ بما خلق اذ التغایر یقتضی عجزہ سبحانہ وبعد عجزہ لا مانع لذھاب کل بما خلق وعلو بعضھم علی بعض اذ حب کل شیئ فضلہ علی اخر طبعی لہ فیلزم الذھاب وعلو بعضہ علی بعض +

اور ایسے ہی غیر خدائے سبحانہ پر الہ کا اپنی مخلوق کو لے جانیکا لزوم ہے۔ اس لئے کہ تغایر خدائے سبحانہ کے عجز کا مقتضی ہے۔ اور بعد حق سبحانہ کے عاجز ہونے کے۔ کوئی الہ کا مانع نہیں ہے۔ کہ وہ اپنی مخلوق نہ لے جانے پائیں۔ اور نہ اس بات کا کوئی مانع ہے۔ کہ بعض الہ بعض الہ پر غالب نہ ہوں۔ اس لئے کہ ہر شے دوسری شے پر اپنا غلبہ چاہتی ہے۔ یعنی ہر شے یہ بالطبع چاہتی ہے کہ دوسرے سے خود افضل اور غالب ہو تب یہ لازم ہوگا۔ کہ ہر معبود اپنی مخلوق کو لے جائے۔ اور بعض الہ بعض الہ پر غالب ہوں +

فان قلت علی تعلیل الملازمات بالتغایر ینبغی ان یقال لو کانتا غیر اللہ لفسدتا ولو انتم غیر اللہ لابتغیتم الی ذی العرش سبیلا۔ ولو کان الجن والانس غیر اللہ ما ورد وھا وما کان معہ من غیرہ اذ الذھاب کل بما خلق وعلی بعضھم علی بعض فتخصیص الالھۃ من بین سایر الاشیاء الاغیار من اللہ تعالی لغو اھ

سوال۔ اگر تمہارا یہ اعتراض ہو۔ کہ ملازمت کو تغایر کے ساتھ معلل کرنے کی صورت میں یہ ضرور تھا۔ کہ دلیل اول کی ملازمت میں یہ کہا جاتا کہ (اگر زمین و آسمان غیر خدا ہوتے بتحقیق وہ برباد ہو جاتے) +

اور دلیل دوم کی ملازمت میں یہ کہا جاتا کہ (اگر تم غیر خدا ہوتے تب تم صاحب عرش کی طرف راستہ ڈھونڈھتے) +

اور دلیل سوم کی ملازمت میں یہ کہا جاتا کہ (اگر جن و انس غیر خدائے سبحانہ ہوتے

تو جہنم میں نہ جاتے)۔

اور دلیل ملازمت چہارم کی ملازمت میں یہ کہا جاتا کہ کوئی چیز غیر خدائے سبحانہ نہیں ہے۔ اور اگر ہوتے۔ تب الٰہ جو کہ غیر خدا ہیں۔ اپنی مخلوق کو لے جاتے۔ اور تحقیق بعض معبود بعض معبودین پر غالب ہوتے)۔

پس اگر آلہ سے واجب مراد ہوں۔ تب منجملہ نمامی چیزوں کے۔ خدا کے سوا الٰہ کی تخصیص لغو ہے۔ اس لئے کہ واجب کا تعدد عقلاً ممنوع ہے۔ اور اگر آلہ سے الٰہ ممکنہ مراد ہوں۔ تب ترجیح بلا مرجح ہے۔ اس لئے کہ اس حال میں الٰہ اور دوسرے اشیاء بالکل مساوی ہیں پس تخصیص بعض دون بعض کی کس واسطے ہے۔

قلت البلاغۃ یقتضی التطبیق بین الادلۃ والمدلول وھو لا الٰہ الا اللہ والتطبیق المذکور تقتضی ھذہ الملازمات المذکورۃ دون غیرھا۔

جواب۔ تب اس اعتراض کا یہ جواب دیا جائیگا کہ بلاغت دلائل اور مدلول یعنی کلمہ طیبہ میں تطبیق کی خواستگار ہے۔ اور تطبیق مذکورہ ان ہی ملازمات کی مقتضی ہے جو کہ قرآن مجید میں وارد ہیں۔ اور ان کے سوا اور کسی کی طالب نہیں ہے۔ اور بلاغت تطبیق مذکورہ کی اس وجہ سے خواستگار ہے۔ کہ مدلول میں آلہ کی نفی غیریت واقع ہے۔ پس اگر دلائل میں لفظ آلہ کے عوض کوئی دوسرا لفظ (شے۔ یا موجود۔ وغیرہ) کے مثل مذکور ہوتا۔ تب تطبیق مذکورہ فوت ہو جاتی۔ اسی غرض سے تطبیق کی رعایت کی گئی۔

فان قلت فارجع الکلام الی المدلول فما جھۃ تخصیص المذکور بالذکر فی لا الٰہ الا اللہ بل ینبغی ان یقال علی نفی التغایر لا شیٔ غیر اللہ۔ او لا موجود غیر اللہ۔ او لا شیٔ الا اللہ۔ او لا موجود الا اللہ۔ او لا غائب الا اللہ۔ فان ھذہ العبارات سوی الاخیرۃ صریحۃ الدلالۃ علی نفی الغیریۃ بینہ وبین جمیع الاشیاء عبارۃً ودلالۃً۔

سوال۔ اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ میں پھر کلام کو مدلول کی طرف رجوع کرو گے یعنی لا الٰہ الا اللہ میں الٰہ مذکور کے ذکر کی وجہ تخصیص کیا ہے۔ بلکہ ممکن تھا کہ

نفی تغایر کے ارادہ کی صورت میں یہ کہا جاتا کہ کوئی چیز غیر خدا نہیں ہے یا کوئی موجود غیر خدا نہیں ہے یا نہیں ہے کوئی شے مگر خدا یا نہیں ہے کوئی موجود مگر اللہ یا نہیں ہے کوئی عابد مگر خدا۔ پس عبارات مذکورہ لا معابد الا اللہ کے سوا صراحت کے ساتھ اس امر پر دلالت کرتے ہیں۔ کہ از روئے عبارت النص۔ و دلالت النص خدائے سبحانہ اور جملہ اشیا میں غیریت نہیں ہے +

قلت ان هذه العبارات المذكورات غير بليغة بوجوه كما لا يخفى على ماهر البلاغة منها ان التناسب فى وصل الخفيف بالخفيف بوصل الهمزة فى لا اله و وصل الثقيل بالثقيل فى الا الله مما لا يخفى لطفه من الفصاحة ؕ

جواب اس اعتراض کا یہ جواب ہے۔ کہ عبارات مذکورہ چند۔ وجوہ سے بلیغ نہیں ہیں۔ اور یہ امر ماہران فن بلاغت پر مخفی نہیں ہے۔ وجوہات درج ذیل ہیں:۔

(۱) یہ ہے کہ لفظ خفیفہ کے وصل میں جو کہ لا ہے لفظ خفیفہ کے ساتھ جو کہ لا ہے ہمزہ متحرکہ کی فصل سے لا الہ میں مناسبت ہے۔ الا اللہ میں وصل ثقیل میں جو کہ الا ہے ثقیل کے ساتھ جو کہ اللہ ہے۔ الا اللہ میں ایسی مناسبت ہے۔ جس کا لطف فصاحت مخفی نہیں ہے +

ومنها ان الانتقال من الخفيف الى الثقيل الطف واسهل فى التلفظ ولهذا لفظ لا و اله خفيفين ذكرا اولا و لفظ الا و الله ثقيلتين ذكرا ثانيا ؕ

(۲) یہ ہے کہ لفظ خفیفہ سے لفظ ثقیل کی طرف تلفظ میں نہایت آسانی اور لطافت سے زبان منتقل ہوتی ہے۔ اور ثقیل سے خفیف کی طرف آسانی سے زبان منتقل نہیں ہوتی ہے اور اس سبب سے لفظ لا اور الہ چونکہ دونوں خفیف ہیں۔ لہذا پہلے ذکر کئے گئے اور لفظ الا اور اللہ چونکہ دونوں ثقیل ہیں لہذا لفظ لا اور الہ کے بعد ذکر کئے گئے +

ومنها ان حروف لا اله الا الله كلها غير منقوطة فيكون كل حرف منها برؤية من التعدد و التغاير المتوهم من الحرف ونقطتها فيكون النسب بمعناها ط

(۳) یہ ہے کہ لا الہ الا اللہ کے تمامی حروف غیر منقوط ہیں! اور ان حرفوں میں سے یعنی لام اور الف اور ھا میں سے ہر حرف اس تعدد اور تغایر سے بری ہے جس کا حروف میں۔ اور اس حرف کے لفظ میں وہم ہوتا ہے۔ پس عبارت مذکورہ اس معنی کے لحاظ سے کہ غیریت سے عاری اور خالی ہے۔ زیادہ مناسبت ہے یعنی اگر کلمہ طیبہ کی عبارت منقوط حروف ہوتے۔ تب تعدد کے وہم سے جو کہ صورتاً حرف اور نقطہ میں ہوتا ہے کبھی خالی نہ ہوتے ٭

ومنھا ان حروفھا متقاربۃ فی المخرج اذ اللام والالف الساکن من الوسط والھمزۃ والھاء من الحلق وایضاً الالفاظ الاربعۃ مطابقۃ للحروف فی التعداد ٭

(۴) یہ ہے کہ کلمہ طیبہ کے حروف مخرج میں متقارب ہیں۔ اس لئے کہ لام والف کا مخرج وسط حلق اور دونوں ہونٹ ہیں۔ اور ہمزہ اور ہا کا مخرج حلق ہے! اور نیز چاروں لفظ یعنی (۱) لا اور (۲) الہ اور (۳) الا اور (۴) اللہ میں حروف کے لحاظ سے از روئے تعداد مطابقت ہے اور حروف کی ایراد جو کہ متقاربۃ المخرج ہوں۔ اور ایسے الفاظ جن کے حروف تعداد میں متساوی ہوں بلاغت کے کمال صنائع اور بدایع میں سے ہے ٭

ومنھا ان الفاظھا متقاربۃ صورۃً کما ان حروفھا متقاربۃ مخرجًا الا تری ان کلمۃ لا والہ والا واللہ متقاربۃ صورۃً ولا یخفی ان رعایۃ التقارب الصوری من الصنائع والبدائع ٭

(۵) یہ ہے۔ کہ کلمہ طیبہ کے الفاظ بھی از روئے صورت جو کہ ترکیب حروف سے حاصل ہے۔ اس طرح سے متقارب ہیں جس طرح ان الفاظ کے حروف از روئے مخرج متقارب ہیں۔ کیا تمہیں یہ نظر آتا ہے کہ صورتاً لا الہ الا اللہ کے الفاظ متقارب ہیں۔ اور یہ امر پوشیدہ نہیں ہے۔ کہ تقارب صوری کی رعایت صنائع اور بدائع میں سے ہے ٭

ومنھا انھا متقاربۃ معنی اذ کلمۃ لا موضوعۃ للنفی والا موضوعۃ لہ اذا وقعت بعد الایجاب والمنکور قد یطلق

ویراد منہ ما یراد من اللہ والتقارب المعنوی ایضاً من محسنات البلاغۃ کما لا یخفی ۵

(۶) یہ ہے کہ الفاظ مذکورہ جس طرح صورتاً متقارب ہیں۔ اسی طرح معناً بھی متقارب ہیں۔ اس لئے کہ کلمہ لا نفی کے واسطے موضوع ہے۔ اور کلمہ الا بھی اُس وقت نفی کے واسطے موضوع ہے۔ جبکہ الا کلام مثبت کے بعد واقع ہو۔ اور الٰہ معبود ممکن اور واجب میں مشترک ہے۔ جس وقت وہ اطلاق کیا جاتا ہے۔ تب جو کچھ لفظ اللہ یعنی واجب سے مراد ہوتی ہے وہی اس سے بھی مراد ہوتی ہے اور تقارب معنوی بھی محسنات بلاغت سے ہے اور ماہران فن بلاغت پر یہ امر پوشیدہ نہیں ہے +

ومنہا انہا مشعرۃ بالتوحید اللفظی بین لفظ اللہ وبین الالفاظ الثلثۃ المذکورۃ کما یدل عبارتہا علی التوحید بین معنی اللہ وبین غیرہ من الاشیاء ۵

(۷) یہ ہے کہ توحید اور یگانگی لفظی پر مابین لفظ اللہ اور مابین الفاظ ثلاثہ مذکورہ لا اور الہ اور الا اس طرح سے کلمہ طیبہ مشعر ہے جس طرح سے لفظ اللہ کی معنی مدلول میں اور دیگر اشیاء میں جو کہ غیر اللہ گمان کئے جاتے ہیں کلمہ طیبہ کی عبارت یگانگی اور توحید پر دلالت کرتی ہے +

اذ کلمۃ لا توخذ بحذف الالف واللام والہاء من لفظ اللہ والمنکور یحصل بعد حذف الالف واللام منہ وکلمۃ الا یحصل بکسر الالف وحذف الہاء فالالفاظ المذکورۃ فی لا الٰہ الا اللہ لیست غیر لفظ اللہ کما ان الاشیاء باجمعہا لیست غیرہ سبحانہ فیحصل التطبیق التام من اللفظ والمعنی وہو المحسنات ایضاً ۵

اس لئے کہ کلمہ لا بسبب حذف الف ولام وہا کے لفظ اللہ سے حذف کیا جاتا ہے۔ اور کلمہ الا حذف ھا اور ہمزہ کے کسرہ دینے کے سبب سے لفظ اللہ سے اخذ کیا جاتا ہے۔ پس تینوں الفاظ کا مجموعہ جو کہ لا الہ الا اللہ میں مذکور ہے لفظ اللہ کے سوا نہیں ہے۔ اور اسی طرح تمام اشیاء بھی غیر حق سبحانہ نہیں ہیں۔ پس لفظ

اور معنی میں تطبیق تمام حاصل ہوئی۔ اور تطبیق مذکورہ بھی محسنات کلام سے ہے ۔

وَمِنْهَا اَنَّ فِی الْمَنْكُوْرِ اِشْرَاكَانِ اَلْاَوَّلُ اَلْاِشْرَاكُ فِی زَعْمِ الْغَيْرِيَّةِ وَالثَّانِیْ اَلْاِشْرَاكُ فِی الْمَعْبُوْدِيَّةِ وَغَيْرِيَّةُ بَلَاغَةِ سُبْحَانَهٗ يَقْتَضِیْ تَخْصِيْصَ الْمَنْكُوْرِ بِالذِّكْرِ لِيَنْدَفِعَ الْاِشْرَاكَانِ مَعًا بِنَفْیِ وَاحِدٍ وَلَا يُمْكِنُ دَفْعُ الْاِشْرَاكَيْنِ بِنَفْیِ وَاحِدٍ بِغَيْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِنَ الْعِبَارَاتِ الْمَذْكُوْرَةِ ۔

(۸) یہ ہے کہ لفظ منکور میں دو اشراک ہیں :۔

(۱) اشراک گمان غیریت میں ہے ۔

(۲) اشراک معبودیت میں ہے ۔

حاصل کلام یہ ہے کہ شرک کا دو قسموں میں انحصار ہے :۔

(۱) شرک وجود میں ہے ۔

(۲) شرک عبادت میں ہے ۔

اور آلہ شرک کی دونوں قسموں کا مجموعہ ہے۔ اس لئے کہ وجود اصنام کو مشرک غیر خدا جانتے تھے اور ان کو خدا کے ساتھ وجود میں شریک کرتے تھے۔ اور اصنام کی عبادت بھی کرتے تھے۔ اور ان کو خدا کے ساتھ عبادت میں شریک کرتے تھے۔ اور خدائے سبحانہ کی غیریت بلاغت اس بات کی مقتضی ہوئی۔ کہ بالتخصیص منکور ہی کا ذکر کرے۔ تاکہ نفی واحد کے ساتھ ہی دفعتاً دونوں قسم کا شرک دفع ہو جائے۔ اور عبارات مذکورۃ الصدر سے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے سوا یہ ممکن نہ تھا۔ کہ نفی واحد سے دونوں اشراک دفع ہوں۔ اس کی توضیح یہ ہے۔ کہ دونوں اشراک کے اندفاع کے واسطے ظاہراً دو نفی کی ضرورت تھی اور اشراک فی الوجود کا اندفاع لا موجود الا باللہ سے ہوتا ہے۔ اور اشراک فی العبادت کا اندفاع لا معبود الا اللہ سے ہوتا تھا۔ اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی ایراد سے بمقتضائے بلاغت نفی واحد کے ساتھ۔ دونوں قسم کا شرک دفع ہوتا ہے۔ اس لئے کہ دلالت النص کی رو سے الٰہ مشترک کی نفی غیریت سے تمامی اشیاء کی نفی غیریت مستلزم ہے جیسا کہ ہم سابق میں بیان کر چکے ہیں۔ پس کلمہ طیبہ ضدائی سبحانہ کے سوا نفی غیریت پر بھی۔ اور نفی معبودیت پر بھی پوری طرح سے دلالت کرتا ہے۔ یعنی اس بات کو ثابت کرتا ہے۔ کہ غیر خدا

نہ تو موجود ہے۔ اور نہ معبود ہے۔ بلکہ خدا ہی موجود ہے اور خدا ہی معبود ہے ؛

فلما ثبت ان التغایر علۃ لجمیع الملازمات المذکورۃ اندفع التوھم بان الابتغاء من الجماد لا یتصور الی ذی العرش الحی القدیر وقس علیھا امتناع الورود منھم جھنم وآلھاب وعلو بعض علی بعض ؛

پس جب یہ امر متحقق ہو چکا کہ جمیع ملازمات مذکورہ کی علت تغایر ہی ہے تب اس توہم کا کہ صاحب عرش کی طرف جو کہ زندہ اور قادر ہے ابتغای جمادات متصور نہیں ہے۔ بخوبی اندفاع ہو گیا۔ اور اسی پر ورود جہنم سے آلہ کا امتناع۔ اور ایسے ہی ہر آلہ کا اپنی مخلوق کو لے جانا۔ اور بعض الہ کا بعض الہ پر غلبہ کرنا قیاس کرو۔ اور معترض متوہم کا مطلب یہ ہے۔ کہ خدائے سبحانہ کے اقوال یعنی (لو کان ھؤلاء الھۃ کما یقولون اذا لابتغوا الی ذی العرش سبیلا) ہیں۔ اور (لو کان ھؤلاء الھۃ ما وردوھا) ہیں اور (ما کان معہ الہ اذا لذھب کل الہ بما خلق) ہیں۔ اور (لعلی بعضھم علی بعض) میں علت ملازمت اختلاف۔ اور تمانع ہے۔ اور اختلاف اور تمانع جو کہ منازعت اور فساد کا مستلزم ہے۔ وہ ذوی العقول کے ساتھ مختص ہوتا ہے۔ پس آلہ جو کہ بکثرت جمادات ہی ہیں۔ ان کا حی وقدیر کی طرف ابتغاء اور جہنم میں عدم ورود۔ اور ہر آلہ کا اپنی مخلوق کو لیجانا۔ اور بعض معبودین کا بعض معبود پر غلبہ کرنا۔ کیونکر متصور ہو سکتا ہے۔ اور توہم مذکورہ کی وجہ اندفاع یہ ہے۔ کہ اختلاف اور تمانع ملازمات مذکورہ کی علت نہیں ہے۔ بلکہ علت تغایر ہے۔ اور تغایر خدائے سبحانہ کے ساتھ آلہ کا موجب تماثل ہے۔ اور امہات صفات میں آلہ کا متصف ہونا ہے۔ اور تماثل۔ اور صفات مذکورہ سے خدائے سبحانہ کا عجز مستلزم ہوتا ہے۔ چنانچہ سابق میں ہم تفصیل وار بیان کر چکے ہیں۔ اور خدائے سبحانہ کی عجز کی صورت میں ملازمت مذکورہ کا وقوع البتہ ممکن ہے۔ لیکن خدائے سبحانہ کا عجز باطل ہے۔ اور ایسے ہی ملازمات مذکورہ کے مقدمات باطل ہیں۔ پس تغایر جو کہ ملازمات مفروضہ کی علت ہے۔ باطل ہو گیا ؛

ھدایۃ

یعلم بامتناع التغایر بینہ سبحانہ وبین جمیع الاشیاء امورٌ الاوّل ان حقیقۃ اللہ لا یتجاوز عن الموجود والا لتجاوز الی نقیضہ وھو المعدوم ولا یتجاوز الموجود عن حقیقۃ سبحانہ والا لتجاوز الی عدم حقیقۃ سبحانہ وھو محال فانحصر الموجود فی حقیقۃ سبحانہ وانحصر حقیقۃ سبحانہ فی الوجود ۵

ہدایت یہ ہدایت ان امور کے بیان میں ہے۔ جو خدائے سبحانہ میں اور تمام اشیاء میں ابطال تغایر کے بعد معلوم ہوتے ہیں۔ اور وہ امور درج ذیل ہیں (۱) یہ ہے کہ خدائے سبحانہ کی حقیقت۔ اور ماہیت موجود سے متجاوز نہیں ہے یعنی موجود ہی میں منحصر ہے۔ اور اگر خدای سبحانہ کی حقیقت موجود میں منحصر نہ ہو۔ تب نقیض موجود کی طرف جو کہ معدوم ہے۔ تجاوز کریگا۔ اور اسی طرح خدائے سبحانہ کی حقیقت سے موجود بھی تجاوز نہیں کرتا ہے یعنی حق سبحانہ کی حقیقت میں منحصر ہے۔ اور اگر خدای سبحانہ کی حقیقت میں موجود منحصر نہ ہو۔ تب خدای سبحانہ کی نقیض کے نقیض حقیقت کی طرف تجاوز کریگا جو کہ خدائے سبحانہ کی عدم حقیقت ہے۔ اور یہ محال ہے۔ پس خدائے سبحانہ کی حقیقت میں موجود کا انحصار ہوا۔ اور موجود میں خدائے سبحانہ کی حقیقت کا انحصار ہوا۔

سوال۔ اگر کوئی شخص یہ سوال کرے۔ کہ خدائے سبحانہ کی حقیقت کا انحصار موجود میں مسلمہ ہے لیکن خدائے سبحانہ کی حقیقت میں موجود کے انحصار کا میں قائل نہیں ہوں اور جو استحالہ اس مقدمہ پر لایا گیا ہے۔ وہ بالکل ممنوع ہے۔ یعنی حق سبحانہ کی عدم حقیقت کی طرف موجود کا تجاوز محال نہیں ہے۔ اس لئے کہ جس طرح کہ واجب میں وجود پایا جاتا ہے اور موجود ممکنات میں کچھ استحالہ نہیں ہے۔

جواب۔ حق سبحانہ کی حقیقت میں موجود کے منحصر ہونے کی یہ وجہ ہے۔ کہ موجود وجود کے مساوی ہے۔ اور وجود موجود کے مساوی ہے یعنی ایک کو دوسرے پر زیادتی حاصل نہیں ہے۔ بلکہ موجود اور وجود دونوں شے واحد ہیں۔ اور وجود وجوب کے سوا

موجود نہیں ہوتا ہے یعنی الشی مالم یجب لم یوجد جس کے معنی یہ ہیں کہ شے جب تک واجب نہ ہو موجود نہیں ہوتی ہے۔ اور ممکن بھی شی میں ہی داخل ہے۔ پس ممکن جبکہ موجودیت کی صفت کے ساتھ متصف ہوا تب وہ واجب ہی کے مساوی ہوگا۔ اور واجب خدائے سبحانہ کی حقیقت سے بالاتفاق متجاوز نہیں ہے۔ پس جس ممکن موجود کو خدائے سبحانہ کی حقیقت سے تم نے متجاوز گمان کیا تھا۔ وہ خدائے سبحانہ کی حقیقت ہی میں پایا گیا۔ کچھ اس سے متجاوز نہ پایا گیا۔ لیکن ممکن کی یہ رسم و تعریف کہ اس کا وجود عدم ضروری نہیں ہے۔ اس امر پر مبنی ہے۔ کہ حقیقت مطلقہ کو۔ وجوب اور امکان اور امتناع میں منقسم کیا ہے۔ اور وجود کو یہ گمان کیا ہے۔ کہ وہ عوارض حقیقت سے ہے۔ اور عنقریب تقسیم مذکورہ۔ اور عارضیۃ وجود کا بطلان تم کو معلوم ہو جائیگا۔

وَالثَّانِیْ ان الموجود لا یتجاوز عن وجودہ والا لتجاوز الی عدمہ ولا یتجاوز وجودہ عن الموجود والا لتجاوز الی المعدوم وھو محال فالموجود والوجود شیٔ واحدٌ ۵

دوسرا امر جو بعد اندفاع تقاریر کے معلوم ہوا ہے۔ وہ یہ ہے۔ کہ موجود اپنے وجود سے تجاوز ہی نہیں کرتا ہے۔ اور اگر تجاوز کرے۔ تب موجود اپنے عدم وجود کیطرف بھی تجاوز کریگا۔ اور اسی طرح موجود کا وجود۔ موجود سے تجاوز نہیں کرتا ہے اور اگر ایسا نہ ہو تب معدوم کی طرف وجود متجاوز ہوگا۔ اور عدم وجود کی طرف موجود کا تجاوز محال ہے۔ اس لئے کہ جو چیز موجود فرض کی گئی ہے۔ اس پر معدوم کیونکر صادق ہوگا۔ پس یہ بخوبی متحقق ہو گیا۔ کہ موجود۔ اور وجود شے واحد ہی ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ وجود ذات موجود کی صفت زائدہ ہے پس امر اوّل و دوم کا مفاد یہی ہے۔ کہ وجود اور موجود۔ اور واجب اور حقیقت حق سبحانہ مترادف الفاظ ہیں۔ اور متحد المعنی ہیں۔ اور سوالب اربعہ کے مضمون جن پر مسائل صوفیہ کے تمام فروع و اصول مبنی ہیں۔ اور وہ اپنے مقام پر دلائل قاطع اور براہین ساطع سے ثابت ہو چکے ہیں۔ الفاظ مذکورہ سے ہی مستخرج اور مستنبط کیا ہے۔ اور سوالب اربعہ درج ذیل ہیں:

(۱) لا وجود الا الموجود ۔

(۲) لا موجود الا الوجود ۔

(۳) لاواجب الا الوجود +

(۴) لاوجود الا الواجب +

والثالث ان الموجود یتصف بالتقابل بین المتقابلین من التقابلات الثلثۃ۔ من العدم والملکۃ والتضاد۔ والتضایف ولا ینصف بالتقابل بین النقیضین لاستحالۃ اجتماع النقیضین وارتفاعھما بداھۃ فالعدم والملکۃ کالموت والحیوۃ والنوم والیقظۃ والعجز والقدرۃ والعلم والجھل وقس والتضاد کالعلم والعین والعینیۃ والغیریۃ والجوھریۃ والعرضیۃ والتجرد والتمدد والقدم والحدوث والزمان والمکان وقس والتضایف کالوالدیۃ والمولودیۃ والحاکمیۃ والمحکومیۃ والغالبیۃ والمغلوبیۃ وکون مطیعا علی الفاعل ومطیعا علی المفعول والغنا والفقر وقس ۵

(۳) تیسرا امر یہ ہے۔ کہ موجود صفت تقابل کے ساتھ متصف ہوتا ہے۔ اور یہ تقابل تقابلات ثلاثہ میں سے دو متقابلوں کے مابین واقع ہوتا ہے۔ اور تقابلات ثلاثہ یہ ہیں :۔

(۱) عدم اور ملکہ ہے +

(۲) تضاد ہے +

(۳) تضایف ہے +

اور موجود ایسے تقابل کے ساتھ جو کہ بین النقیضین ہے۔ یعنی تقابل ایجاب سلب ہو۔ کبھی متصف نہیں ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اجتماع نقیضین۔ اور ارتفاع نقیضین بداہتاً محال ہے۔ پس (تقابل عدم اور ملکہ) ایسے دو اشیا سے عبارت ہے۔ جن کا محل واحد اور زمانہ واحد۔ اور جہت واحد ہیں۔ اجتماع غیر ممکن ہو۔ اور ان میں سے ایک دوسری کی اس طرح سے سالب بھی ہو۔ کہ مفہوم سلبی میں۔ اس بات کا اعتبار کر لیا جائے کہ اس کی شان سے صفت وجود کے ساتھ متصف ہونا بھی ہے۔ جیسے۔ موت اور حیات اور خواب اور بیداری اور ناتوانی اور توانائی اور دانش اور نادانی وغیرہ

پس موجود۔ موت وحیات کے ساتھ متصف ہوتا ہے۔ لیکن موت وحیات (محل واحد۔ اور وقت واحد اور جہت واحد میں) کبھی مجتمع نہیں ہوتے ہیں۔ اور موت سلب حیات ہے۔ لیکن مفہوم موت میں۔ صفت حیات کے ساتھ اتصاف معتبر ہے۔ یعنی موت ایسی چیز کو کہتے ہیں۔ کہ جس کی شان سے حی یعنی (زندہ رہنا بھی ہے) اور اس کی مثال حیوان ہے اور شجر اور حجر کو میت کبھی نہیں کہیں گے۔ (اور تضاد ایسے دو اشیا سے مراد ہے) کہ جو محل واحد اور زمانہ واحد میں۔ ایک ہی جہت میں مجتمع نہ ہوں۔ اور ان دو اشیا میں سے ایک دوسری کی سلب نہ ہو۔ اور ایک کا دوسرے پر تصور بھی موقوف نہ ہو۔ اور ان دو اشیا کا محل بھی ایک دوسرے کے تعاقب کا سزاوار ہو جیسے علم اور عین اور عینیت اور غیریت اور جوہریت اور عرضیت اور مجردیت اور مادیت اور قدم اور حدوث اور زمان اور مکان۔ وغیرہ پس قدم اور حدوث ایک ہی وقت میں۔ اور ایک ہی محل میں اور ایک ہی جہت میں مجتمع نہیں ہوتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کا سلب نہیں ہے۔ اور ایک کا دوسرے پر تصور موقوف نہیں ہے۔ اور ان کا محل بھی ان کے سزاوار ہے۔ اور ایک دوسرے کے بعد متعاقب ہو۔ جیسے عالم علت کے لحاظ سے اس لئے کہ صانع ہے قدیم ہے۔ اور تغیر کے لحاظ سے حادث ہے۔ اور دیگر امثلہ کو بھی اسی پر قیاس کرو۔ (اور تقابل تضایف ایسے دو اشیا سے مراد ہے) کہ جو ایک ہی وقت۔ ایک ہی محل ایک ہی جہت میں مجتمع نہ ہوں۔ اور ان میں سے ایک دوسرے کی سلب نہ ہو۔ اور ایک کا دوسرے پر تصور موقوف ہو۔ جیسے والدیت اور مولودیت اور حاکمیت اور محکومیت اور غالبیت اور مغلوبیت اور مطعم ہونا کسر عین کے ساتھ۔ اور مطعم ہونا فتح عین کے ساتھ اور غنا اور فقر۔ وغیرہ پس والدیت۔ اور مولودیت کی صفت کا اجتماع ایک شخص میں۔ ایک ہی وقت میں۔ ایک ہی جہت میں نہیں ہوتا ہے۔ اور ایک دوسرے کا سلب بھی نہیں ہے۔ اور ایک کا دوسری پر تصور موقوف ہے۔ اس لئے کہ والد تو وہی ہے۔ کہ کسی شخص کا باپ ہو۔ اور مولود وہ ہے کہ کسی شخص کا لڑکا ہو۔ لیکن تقابل بین النقیضین جس سے تقابل ایجاب وسلب تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور کوئی موجود اس کے ساتھ متصف نہیں ہوتا ہے۔ ایسے دو اشیا سے عبارت ہے۔ جیسے ایک

ہی حس۔ ایک ہی وقت۔ ایک ہی جہت میں مجتمع نہ ہوں۔ اور ایک دوسرے کا سلب ہو اور مفہوم سلبی میں صفت ایجابی کے ساتھ۔ قابلیت اتصاف معتبر نہ ہو۔ اور ان دونوں میں سے کوئی محل مثل عدم اور وجود کے خالی نہ ہو۔

فاذا انتفی التقابل بین سبحانہ وبین جمیع الاشیاء یلزم اتصافہ سبحانہ بکونہ مَیتًا وناءمًا وعاجزًا وجاھلًا من العدم والملکۃ کما ھو متصف بمقابلھا کالحی والیقظان والقادر والعالم وایضًا یلزم اتصافہ سبحانہ بکونہ علمًا وعینًا وغیرًا وجوھرًا وعرضًا ومجردًا ومادیًا وقدیمًا وحادثًا من التضادات ووالدًا ومولودًا وحاکمًا ومحکومًا وغالبًا ومغلوبًا وغنیًا وفقیرًا وغیرھا من المتضایفات ۵

پس جس وقت خدائے سبحانہ۔ اور دیگر اشیا میں غیریت کا انتفار ہو گیا۔ تب یہ لازم ہوا کہ خدائے سبحانہ میت اور نائم اور عاجز اور جاہل وغیرہ صفات عدم وملکہ کے ساتھ۔ اس طرح سے متصف ہو جس طرح سے خدائے سبحانہ متقابل صفات مذکورہ کے ساتھ مثل حی اور یقیظان اور قادر اور عالم سے متصف ہے۔ نیز یہ بھی لازم ہوا۔ کہ خدائے سبحانہ علم اور عینیت اور غیریت اور جوہر اور عرض اور مجردیت اور مادیت اور قدم اور حدوث وغیرہ صفات متضاد کے ساتھ بھی متصف ہو۔ اور نیز یہ بھی لازم ہوا کہ خدائے سبحانہ والدیت اور مولودیت اور حاکمیت اور محکومیت اور غالبیت اور مغلوبیت اور غنا اور فقر وغیرہ صفات متضائفہ کے ساتھ بھی متصف ہو۔

حاصل کلام یہ ہے کہ تقابلات ثلثہ مذکورہ کے ساتھ موجود متصف ہوتا ہے۔ اور کوئی موجود خدائے سبحانہ کے ماسوا نہیں ہے۔ پس یہ لازم ہوا۔ کہ نفس الامر میں حق سبحانہ کی ذات اضداد کا مجمع ہو۔ اور تمامی متقابلات کا محل ہو۔ لیکن بعض صفات کاملہ میت اور نائم اور جوہر اور عرض اور والد اور مولود وغیرہ کے ذات حق سبحانہ پر اس وجہ سے اطلاق نہیں کیا گیا۔ کہ شرع شریف نے لفظ ادب کی وجہ سے اس کی اجازت نہیں دی ہے۔ اور جس طرح سے متقابلات کا اطلاق حق سبحانہ کی ذات پر

کتاب مجید میں وارد ہے۔ وہ مزید شرف کی بنیاد پر ہے چنانچہ جس کی تفصیل انشاء اللہ عنقریب بیان کی جائیگی +

تحقیق المقام ان الوجود وھو بمعنی نقیض العدم او مبدء الاثار حقیقۃ واحدۃ یمتنع التعدد الحقیقی فیہ وانما حدث التعدد فیہ بحسب الاعتبار فقط بان اعتبر الوجود نفسہ بنفسہ۔ متکررا ۵

بحث مذکورہ کی تحقیق یہ ہے۔ کہ جو وجود نقیض عدم یا مبدء آثار کی معنی میں ہے وہ حقیقت واحدہ ہے۔ اور اس میں تعدد اور تکثر حقیقی ممتنع ہے لیکن جو تعدد وموجودات عالم میں چشم ظاہر بین سے محسوس اور مرئی ہے وہ اس طرح سے اعتباراً بھی اور فرضاً ہے۔ جو کہ وجود بحث یعنے خدائے سبحانہ نے اپنی ذات کو اپنی خودی میں متکرر اور متکثر قرار دیا ہے یعنے بیرنگی وحدت کو رنگ کثرت کا اسیر کیا ہے +

فیتصور فی الوجود عقلاً ثلث اعتبارات الاول الوجود لا بشرط شیء من الاعتبار وعدمہ والثانی الوجود بشرط لا شیء ای بشرط عدم الاعتبار والثالث الوجود بشرط شیء ای بشرط الاعتبار والی ھذہ المراتب اشیر بقولہ سبحانہ رفیع الدرجات ذوی العرش ای مرفوع درجاتہ سبحانہ عن فھم العوام وتسمی الاولی بغیب الغیب والغیب الاول والثانیۃ بالغیب والغیب الثانی والجمع والثالثۃ بالشھادۃ والتفرقۃ ۵

پس از روی عقل وجود میں مراتب ثلاثہ متصور ہوتے ہیں +

(۱) مرتبہ لا بشرط شی ہے یعنے۔ وجود اعتبار۔ اور عدم اعتبار سے معرا ومبرا ہو +

(۲) مرتبہ بشرط لا شی ہے یعنے وجود میں اعتبار شرط ہو +

(۳) مرتبہ بشرط شی ہے یعنی وجود میں وحدت یا کثرت سے کسی چیز کے اعتبار کی شرط ہو +

اور انہیں مراتب مذکورہ کی طرف خدای تعالیٰ کا قول پاک رفیع الدرجات

ذوالعرش اشارہ کرتا ہے یعنی خدائی سبحانہ کے درجات عوام خلق کی فہم وادراک سے مرفوع۔ اور بلند ہیں۔ اور صوفیہ رحمۃ اللہ علیہ کی اصطلاح میں مرتبۂ اولی غیب الغیب اور عینیت اول ہے۔ اور مرتبۂ دوم غیب اور غیب ثانی ہے۔ اور مرتبۂ سوم شہادت اور تفرقہ ہے۔

واشیر الی الاولی بقولہ علیہ السلام فی الحدیث القدسی کُنتُ کَنزًا مَخفِیًّا۔ وکان اللہ ولم یکن معہ شیٔ۔ وکان فی عماء ما فوقہ ھواء وما تحتہ ھواء۔ فی جواب الاعرابی حین سألہ صلی اللہ علیہ علیہ وسلم بقولہ این کان ربنا قبل ان یخلق الخلق وقد علم الاعرابی ان اللہ سبحانہ الآن ای بعد ایجادہ الخلق مع الخلق ای لیس ورائہ بقولہ سبحانہ اللہ معکم۔ وان اللہ معنا۔

اور مرتبہ اولی کی طرف حضرت رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے اقوال پاک اشارہ کرتے ہیں:۔

(۱) حدیث قدسی کُنتُ کَنزًا مَخفِیًّا میں گنج مخفی تھا۔

(۲) کان اللہ ولم یکن معہ شیٔ یعنی خدائی تعالیٰ ہی تھا۔ اور اس کے ساتھ کوئی دوسری چیز نہیں تھی۔

(۳) کان فی عماء ما فوقہ ھواء وما تحتہ ھواء یعنی خدائی سبحانہ بردۂ ابر میں تھا جس کے اوپر نیچے ہوا نہ تھی۔

آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا قول مذکورہ اُس اعرابی کے سوال کے جواب میں وارد ہوا ہے جس نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا تھا کہ ہمارا پروردگار پیدا کرنے کے قبل کہاں تھا۔ حالانکہ اعرابی مذکور یہ جانتا تھا۔ کہ اب خدائی سبحانہ یعنی خلق کے پیدا کرنے کے بعد اپنی مخلوق کے ساتھ ہے۔ یعنی خدائی سبحانہ خلق کے سوا نہیں ہے۔ بلکہ عین خلق ہے اور اعرابی کے اس علم کی دلیل۔ کہ خالق ماورای خلق نہیں ہے۔ حق سبحانہ کا قول مقدس واللہ معکم ومعنا ہے۔ یعنی خدائیتعالیٰ تمہارے ساتھ ہے وبتحقیق خدائیتعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔

فقولہ کُنتُ کَنزًا ای مجمعا لمعانی الاسماء الالٰھیۃ من

الحیوۃ والعلم والقدرۃ والارادۃ والسمع والبصر والکلام وتوابعہا ومجمعًا لمعانی الاسماء الکیانیۃ من الزوجیۃ والملکیۃ والمثالیۃ والجسمانیۃ وتوابعہا ؕ

پس حدیث قدسی میں قول رسول علیہ السلام کنت کنزاً مخفیاً کی تفسیر یہ ہے کہ (گنج تھا۔ یعنی اسماء اور صفات الٰہیہ۔ اور توابع صفات الٰہیہ کا مصداق اور مجمع معانی تھا) صفات الٰہیہ حیات۔ علم۔ قدرت۔ ارادہ۔ سمع۔ بصر۔ کلام ہیں۔ اور توابع صفات مذکورہ ادراک۔ فاعلیت۔ افاضت وغیرہ ہیں۔ اور میں مجمع معانی اور اسماء۔ اور صفات کیانیہ۔ اور توابع صفات کیانیہ کا مصداق ہوں۔ صفات کیانیہ زوجیت ملکیت۔ مثالیت۔ جسمانیت وغیرہ ہیں۔ اور توابع صفات مذکورہ تجرد۔ تنزہ تمدد۔ تشکل وغیرہ ہیں۔ اس تفسیر میں صوفیہ کے اصطلاحی مراتب کی طرف اشارہ ہے اور وہ چھ ہیں :۔

(۱) غیب اول +

(۲) غیب ثانی +

(۳) عالم ارواح +

(۴) عالم مثال +

(۵) عالم شہادت +

(۶) عالم انسان +

اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول مبارک کے معنی۔ جو کہ حدیث مذکورہ میں مخفیاً ہے یہ ہیں۔ کہ میں اپنے نفس سے پوشیدہ تھا۔ یعنی واحدیت کے چہرہ سے احدیت کے نقاب میں نے اٹھایا نہ تھا +

والی المرتبۃ الثانیۃ اشیر بقولہ فاحببت ان اعرف اذ لا حجاب وشرط عدم الاعتبار لا یتصور بدون الشعور والعلم ؕ

اور مرتبہ ثانیہ یعنی وجود بشرط لا شی کی طرف جس سے عینیت ثانی کنایہ ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قول مندرجہ ذیل اشارہ کرتا ہے۔ قولہ علیہ السلام فاحببت ان اعرف

یعنی پس میں نے اس بات کو دوست رکھا کہ میں پہچانا جاؤں۔ اور اس امر کی دلیل کہ یہ حدیث شرط لاشی کی طرف اشارہ ہے۔ یہ ہے کہ کسی چیز کو دوست رکھنا۔ اور عدم اعتبار کی شرط یعنی تعین لاشی شعور علم کے بغیر متصور نہیں ہے۔ اور اس مرتبہ میں ذات بحت نے علم و ارادہ کی صفت سے ظہور پایا۔ اور اس بات کی خواہش کی کہ پہچانی جائے +

والی الثالثۃ اشیر بقولہ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ ای اوجدت فی نفسی لاعتبار لان الخلق فی اللغۃ اندازہ کردن پیش از پدید کردن ولیس ھذا المعنی المذکور الا الاعتبار فقط اذ مصداق اندازہ کردن پیش از پدید کردن لیس الا الارادۃ وھی اعتبار المعتبر فی نفسہ بنفسہ بان یتکرر نفسہ فی نفسہ بنفسہ

اور مرتبہ ثالثہ جس سے وجود بشرط شی اور شہادت اور تفرقہ کنایہ ہے اس کی طرف قول پیغمبر علیہ السلام اشارہ ہے۔ فخلقت الخلق یعنے (پس میں نے خلق کو پیدا کیا) یعنی اپنی ذات میں۔ میں نے اعتبار کو ایجاد کیا۔ اس لئے کہ لغت میں خلق کے معنی قبل از ظہور اندازہ کرنے کے ہیں۔ اور معنی مذکورہ محض اعتباری ہیں۔ اس لئے کہ ارادہ کے سوا۔ اندازہ کرنے کی کوئی مصداق ظاہر کرنے کے قبل نہیں ہے۔ یعنی اندازہ کرنا خود ہی ارادہ ہے۔ اور ارادہ اس امر سے مراد ہے۔ کہ معتبر اپنی ذات میں بذاتہ اپنی تکرار اور تکثر کو اعتبار کرے لیکن تکرار اور تکثر مذکور بھی اپنے نفس میں بنفسہ ہوتا ہے۔ جیسے کہ دریا جس وقت میں کوئی موج اس سے ظاہر نہیں ہے۔ اس سے خود بخود موج اعتبار کیا۔ پس فخلقت الخلق کے معنی ارادہ خالق کے سوا جو کہ اس کا اعتبار ہے۔ کوئی دوسری چیز نہیں ہے +

اور واضح ہو کہ سالک اس مقصود کی منزل کو جب ہی قطع کرتا ہے۔ کہ خود کی نفی کرے۔ اور اثبات کا یقین کرے۔ کہ میں خود ابھی تک پیدا نہیں ہوا ہوں بلکہ ذات بحت جو کہ آفرینندہ ہے جس طرح سے وہ تھی ویسی ہی ہے۔ اور ویسی ہی رہیگی۔ اور الآن کما کان اس مقصود کا شاہد ہے +

فقول الجنید قدس سرہ بعد سماع حدیث کان اللہ ولم یکن معہ شئ الآن کما کان انما ھو لدفع التوھم والا ان ارادہ ما اردنا یلزم من عدم لطافتہ قولہ علیہ السلام کان اللہ ولم یکن معہ شئ ان ارادہ غیر ما ذکرنا ینا قضہ اللہ معنا

واللہ معکم ۝

اور خلقت الخلق کی معنی بخوبی معلوم ہو گئے۔ تب حضرت جنید قدس سرہ کا قول الآن کما کان جو کہ آپ نے بعد استماع حدیث کان اللہ ولم یکن معہ شی کے فرمایا ہے۔ صرف ان لوگوں کے اندفاع توہم کے واسطے ہے۔ جنہوں نے لم یکن معہ شی کو زمان ماضی میں مقید گمان کیا ہے۔ اور اگر الآن کما کان توہم مذکور کے اندفاع کے واسطے نہ ہو۔ تب اس کو مخدور یعنے مانع کا لزوم ہوتا ہے۔ اور وہ یہ ہے اگر جنید قدس سرہ نے حدیث مذکورہ میں معنی مزبورہ یعنی مخلوق کا اعتبار محض ہونا مراد لیا ہے۔ تب اس سے قول رسول علیہ السلام کی جو کہ کان اللہ ولم یکن معہ شی ہے عدم لطافت کا گمان ہوتا ہے۔ اس لئے کہ قول الآن کما کان سے حدیث مذکورہ کے استماع کے بعد یہ مفہوم ہوتا ہے۔ کہ حدیث مذکورہ الآن کما کان کی معنی پر دلالت نہیں کرتی ہے۔ حالانکہ حدیث مسطور مضمون مذکورہ پر صریحی طور سے دلالت کرتی ہے۔ اس لئے کہ کان اور لم یکن حدیث نبوی میں دوام اور استمرار کے واسطے ہیں جس طرح سے کان اللہ علیماً حکیماً میں اور اس کی مثل میں لفظ کان صرف زمان ماضی میں مقید نہیں ہے۔ تاکہ زمانہ حال کے ذکر کی احتیاج ہو۔ اور اگر جنید علیہ الرحمۃ کی مراد معنی مذکورہ کے سوا۔ اور کوئی معنی ہیں۔ یعنی خلق سے اعتبار محض مراد نہیں ہے۔ تب ان کی مراد کا حق سبحانہ کا کلام مقدس اللہ معنا واللہ معکم ناقص ہوگا جو کہ عینیت پر دلالت کرتا ہے ۔

وکذا اشیر الی الثالثۃ۔ بقولہ تعالی وھو یطعم ولا یطعم اذ لہ طعام لا یتصور بدون المطعِم علی الفاعل ولا بدون المطعَم علی المفعول وھما لیسا لہ فی المرتبۃ الثالثۃ ای التقیید فنفی المطعم علی المفعول لیس الا لسلب المحتاجیۃ عنہ سبحانہ شرفا لا وقعا ۝

اور مرتبۂ ثالثہ یعنے وجود بشرط شی کی طرف جو کہ تفرقہ اور تقیید سے عبارت ہے خدای تعالی کا قول پاک اشارہ کرتا ہے۔ قولہ تعالے وھو یطعم ولا یطعم یعنی (خدا تعالے کھلاتا ہے۔ اور کھلایا نہیں جاتا ہے) اور اشارہ کی یہ وجہ ہے۔ کہ اطعام یعنی کھانا کھلانا بغیر دو چیزوں کے متصور نہیں ہے ۔

(۱) ایک تو مطعم ہو (یعنی کھانا دینے والا ہو) +

(۲) دوسرے مطعم ہو (یعنی جس کو کھانا دیا جائے) +

اور یہ دونوں مرتبہ ثالثہ یعنی تشبیہ میں پائے جاتے ہیں۔ اور لا یطعم میں مطعم کی نفی۔ خدای سبحانہ سے سلب محتاجیت کے واسطے ہے جس میں محض شرف پایا جاتا ہے۔ کچھ امر واقعی نہیں ہے۔ اس لئے کہ فی الواقع مطعِم اور مطعَم وہی ہے +

محل کلام یہ ہے کہ سلبی اور ثبوتی صفات جو کہ کلام الٰہی میں وارد ہوئے ہیں۔ ان کے اطلاق میں ثلاثہ میں سے کسی مرتبہ کی طرف اشارہ ہے؟ اور اگر خدای سبحانہ کو فقط تنزیہ میں مقید کر دیں جیسا کہ متکلمین کا مذہب ہے یعنی آیۂ کریمہ وھو یطعم ولا یطعم کے معنی اسلوب قبول نہیں کرتے ہیں۔ اس لئے کہ مرتبہ تشبیہ میں اطعام پایا جاتا ہے اور مطعِم اور مطعَم مشبہات ہیں۔ پس تقیید تنزیہہ کی صورت میں وھو یطعم کے کچھ معنی ہی نہ ہونگے +

سوال۔ اگر تمہارا یہ اعتراض ہو کہ انسان کی طرف مثلاً اطعام کی نسبت مجازاً ہے اور خدای سبحانہ کی طرف حقیقتاً ہے پس یطعم کی معنی صحت شبہات کی محتاج نہیں ہے +

جواب۔ تب اسکا یہ جواب دیا جائیگا۔ کہ خدای سبحانہ کو تقیید تنزیہ میں اطعام کا فاعل حقیقی فرض کرنا حقیقت لغت کے خلاف ہے۔ اس لئے کہ فن اصول میں اپنے مقام پر یہ قرار پا چکا ہے۔ کہ افعال کا فاعل حقیقی خود مباشرت فعل ہے۔ کوئی دوسرا نہیں ہے اور اسی ضابطہ پر شرع شریف کے جمیع احکام مبنی ہیں۔ مثلاً قطع ید مباشر سرقہ پر اور قصاص مباشر قتل نفس پر۔ لازم آتا ہے۔ کچھ آمر اور مشیر اور ان کے امثال پر لازم نہیں آتا ہے پس مباشر اطعام حقیقتاً وہی شخص ہوگا۔ جو خود کسی شخص کو کھانا کھلائے اور یہ معنی مشبہات میں مخصوص ہیں۔ پس مطعِم اور مطعَم حقیقتاً خدای سبحانہ ہے۔ غیر خدا سبحانہ نہیں ہے۔ لیکن مطعَم کی نفی جو حق سبحانہ سے کی گئی ہے۔ یعنی صرف شرف مذکورہ کے واسطے ہے +

وقس علیہ وھو حی لا یموت فالموت مسلوب عنہ

سبحانہٗ شرفاً فقط لا واقعاً ۵

اور اسی پر خدا تعالےٰ کے قول پاک وھو حی لا یموت کو قیاس کرو جس کا ترجمہ یہ ہے۔ (اور وہ زندہ ہے جو کہ نہیں مرتا ہے) اور اس قول میں بھی مرتبہ ثالثہ کی طرف اشارہ ہے پس موت لا یموت میں شرف مذکورہ کے واسطے خدائی سبحانہ سے سلب کی گئی ہے۔ کچھ فی الواقع نہیں ہے +

وقس علیہ سلب النوم فی قولہ لا تأخذہ سنۃ ولا نوم وقس علیہ سلب الظلم والکفر والفسق والکذب ۵

اور سلب موت پر سلب نوم کو خدا تعالےٰ کے قول پاک لا تأخذہ سنۃ ولا نوم میں قیاس کرو جس کا ترجمہ یہ ہے (نہ تو اس کو غنودگی ہی آتی ہے اور نہ نیند آتی ہے) اور اسی پر خدائی سبحانہ سے ظلم۔ اور کفر۔ اور فسق۔ اور کذب کا سلب قیاس کرو۔ جو کہ صرف شرف کے واسطے ہے۔ کچھ فی الواقع نہیں ہے +

وقس علیہ سورۃ الاخلاص من قولہ سبحانہ۔ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اللّٰہُ الصمد فیہ اثبات الشرف لم یلد ولم یولد فیہ سلب النقص من الحاجۃ الی الاب اقلام ولم یکن لہ کفواً احد فیہ سلب التماثل المشعر الی الکثرۃ ۵

اور آیات مذکورہ پر سورۃ اخلاص کو قیاس کرو۔ اور سورۃ اخلاص کا آغاز ھو اللّٰہ احد اللہ الصمد ہے جس کا ترجمہ یہ ہے۔ کہ اشان یہ ہے۔ کہ خدا ایک ہے اور خدا بے نیاز ہے پس ان دونوں آیتوں میں حق سبحانہ کا شرف ہے۔ اور سورۃ اخلاص کا اوسط لم یلد ولم یولد ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ (نہ تو اس نے کسی کو جنا ہے۔ اور نہ کسی سے جنا گیا ہے) پس اس آیت میں خدائی سبحانہ کی ذات سے۔ باپ۔ یا ماں کیطرف نقصان صاحب کا سلب ہے۔ اور آخر سورہ ولم یکن لہ کفواً احد ہے۔ یعنے (اور نہ تھا۔ اور نہ ہے۔ اور نہ ہوگا۔ اس کے واسطے کوئی برابری کرنے والا) اس آیت میں سلب تماثل ہے۔ جو کہ کثرت کی طرف مشعر ہے +

وما اکابر الصوفیہ قد ستت اسرارھم حملوا سورۃ اخلاص علی المرتبۃ المتوسط وھذا الحمل وان کان صحیحا فی نفسہ لکن یرد

علیھم قولہ وھو یُطعِمُ وَلا یُطعَمُ فانہ فیہ اثباتاً و نفیاً ولا یوجد الاثبات الا فی المرتبۃ الثالثۃ عندھم ایضاً ۵

لیکن اکابر صوفیہ نے سورۂ اخلاص کو مرتبۂ متوسط یعنی وجود بشرط لاشی پر محمول کیا ہے۔ جو کہ عینیت ثانی۔ اور جمع سے عبارت ہے۔ یعنی وہ صفات جن کو سورۂ اخلاص متضمن ہے۔ وہ ذات باری سبحانہ کے ساتھ کے مرتبۂ ثانیہ مذکور میں مختص ہیں۔ اور یہ گمان اگرچہ نفس الامر میں صحیح اور درست ہے۔ لیکن صوفیۂ کرام پر خدائی تعالے کا قول وھو یطعم ولا یطعم وارد ہوتا ہے۔ اس لئے کہ اس قول میں۔ اثبات اطعام ہے اور نفی مطعمیت۔ اور اثبات مطعمیت ان کے نزدیک مرتبۂ ثالثہ میں پائی جاتی ہے۔ جو مرتبۂ تفرقہ سے مراد ہے ٭

والباعث علی ارجاع سورۃ الاخلاص الی المرتبۃ المتوسط انما ھو التناقض بین لا الٰہ الا اللہ و بین سورۃ الاخلاص ولا دفع للتناقض الا بارجاع سورۃ الاخلاص وکل ما یکون فیہ اثبات الصفات الثبوتیۃ ونفی الصفات السلبیۃ الی المرتبۃ المتوسطۃ ۵

اور اکابر علماء نے سورۂ اخلاص کو مرتبۂ متوسط کی طرف جو رجوع کیا ہے۔ اس کا یہ سبب ہے۔ کہ کلمہ طیبہ اور سورۂ اخلاص میں تناقض واقع ہوتا ہے۔ یعنی لا الٰہ الا اللہ خدائی سبحانہ کے ساتھ تمام اشیاء کی عینیت پر دلالت کرتا ہے۔ جن اشیا میں والد اور مولود اور مثل اور کفو وغیرہ داخل ہیں۔ اور سورۂ اخلاص اس امر پر دلالت کرتی ہے۔ کہ خدائے سبحانہ والدیت اور مولودیت اور مثلیت اور کفویت سے منزہ ہے۔ اور اس تناقض کا اسی وقت اندفاع ہوگا۔ جبکہ سورۂ اخلاص۔ اور وہ کلام جس میں صفات ثبوتیہ کا اثبات ہو اور صفات سلبیہ کی نفی ہو۔ مرتبۂ متوسطہ مذکورہ کی طرف رجوع ہوں۔ اور ارجاع مذکورہ کے بعد اندفاع تناقض کی یہ وجہ ہے۔ کہ مرتبۂ متوسطہ جو کہ مرتبہ جمع ہے اور اس مرتبہ میں ذات حق سبحانہ کا صفات متضادہ کے ساتھ اتصاف واقع ہے اور تناقض مذکورہ۔ بحاظ مرتبۂ ثالثہ جو کہ مرتبۂ تفرقہ ہے لازم آتا ہے۔ پس مرتبۂ متوسطہ کی طرف رجوع کے بعد تناقض مذکورہ بخوبی دفع ہو گیا ٭

٭ ٭ ٭

وَالضَّابِطَۃُ

ان کل معنی یثبوتہ لہ سبحانہ یقتضی التغایر والحاجۃ والھوان والحقارۃ ونفیہ یوجب العلوا والشرف ینبغی ان ینفی عنہ سبحانہ تنزیھا لہ سبحانہ عنھا وکل معنی ثبوتہ لہ سبحانہ یستدعی العز والشرف یحسب اثبات لہ سبحانہ اثباتا للشرف والعز لہ سبحانہ ۵

اور ضابطہ کلیہ اس باب میں کہ ذات خدائی سبحانہ کی طرف صفات مضاف ہوں یہ ہے کہ جس معنی کا ثبوت خدائے سبحانہ کے واسطے تغایر۔ اور احتیاج اور اہانت اور حقارت کا مقتضی ہو۔ اور خدائے سبحانہ سے اس معنی کی نفی علو و شرف کا سبب ہو۔ تب ان صفات کی جو کہ باعث حقارت ہیں۔ خدا تعالیٰ کی ذات سے نفی کی جائے۔ اور جس معنی کا ثبوت خدای سبحانہ کی ذات کے واسطے عزت اور شرف کا مستدعی ہو۔ اس کا خدائی تعالیٰ کے واسطے ثابت کرنا واجب ہے۔ اس لئے کہ اس میں خدائی تعالیٰ کی عزت و شرف کا اثبات ہے ۔

فالوالدیۃ وکذا المولودیۃ التی یقتضی التغایر والامور المذکورۃ یجب نفیھا عنہ سبحانہ نحو لم یلد ولم یولد والوالد یحتاج الی صاحبۃ والمولود یحتاج الی امہ ۵

پس والدیت۔ اور مولودیت جو کہ تغایر اور حاجت اور اہانت اور حقارت کی مقتضی ہیں۔ خدائی سبحانہ کی ذات سے ان کی نفی واجب ہے۔ جیسے کہ لم یلد ولم یولد ہے۔ اور تغایر اور حاجت کی اقتضا کی یہ وجہ ہے۔ کہ والد زن ہمخوابہ کا محتاج ہوتا ہے۔ اور مولود۔ اپنی ماں کا محتاج ہوتا ہے۔ جیسا کہ ظاہر ہے اور شی کی احتیاج اپنی مثل کی طرف عجز اور تغایر کا سبب ہے۔ جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سے بہت بلند ہے ۔

وکذا الموت والسنۃ والنوم وکونہ مطعما عنی المفعول و سایر النسب السلبیۃ اذ الموت ایضا یقتضی الھوان والحقارۃ

وحاجتہ الی الروح وکذا السنۃ منقدمۃ النوم والنوم اخ الموت و کونہ مطعمًا علی المفعول یحتاج الی المطعم علی الفاعل والطعام وکذا الظلم فانہ عبارۃ عن وضع الشیٔ فی غیر موضعہ فیقتضی نقصان العقل والشعور ۵

اور جس طرح سے والدیت اور مولودیت تغایر اور احتیاج کی مقتضی ہیں اسی طرح سے موت۔ اور غنودگی اور خواب اور مطعم ہونا۔ اور دوسرے (صفات سلبیہ تغایر وغیرہ) امورات مذکورہ کے مقتضی ہیں۔ اس لئے کہ موت بھی میت کی اہانت اور حقارت اور روح کی طرف اس کی احتیاج کی مقتضی ہے۔ اور ایسی ہی غنودگی جو کہ مقدمہ خواب ہے۔ اور خواب جو کہ موت کا بھائی ہے۔ سونے والے کی اہانت اور حقارت اور احتیاج کی مقتضی ہیں۔ اور ایسے ہی کسی چیز کا مطعم ہونا جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ چیز کھانا دینے والے اور کھانے کی محتاج ہے۔ اور ایسے ہی ظلم جس سے مراد یہ ہے۔ کہ وہ غیر محل میں واقع ہو۔ ظالم کی عقل اور شعور کے نقصان کا مقتضی ہے۔ اور ان ہی وجوہات مذکورہ سے خدائی سبحانہ کی ذات سے نفی واجب ہوئی +

وعلی عکس ماذکر مایوجب عزہ وشرفہ نحو ھو الحی القیوم واللہ الغنی۔ وانتم الفقراء۔ واللہ غنی عن العالمین۔ وھو یطعم علی صیغۃ المعلوم اذ الحیوۃ والغناء وکونہ مطعمًا وعادلا وغیرھا من الصفات الثبوتیۃ یوجب الشرف ۵

اور صفات سلبیہ کے برعکس جو کہ ہم ذکر کر چکے ہیں صفات ثبوتیہ ہیں اور خداوند تعالے کے عزو شرف کا سبب ہیں۔ اور صفات ثبوتیہ کی مثال میں اقوال سبحانہ تعالیٰ درج ذیل ہیں:۔

(۱) ھو الحی القیوم وہی ہے زندہ اور قائم رہنے والا +

(۲) واللہ الغنی وانتم الفقراء اور خدا غنی ہے اور تم فقرا ہو +

(۳) واللہ غنی عن العالمین اللہ تمام عالم سے غنی ہے +

(۴) وھو یطعم اور وہی طعام دینے والا ہے۔ اس لئے کہ حیات اور بے نیازی اور مطعم ہونا اور عادل ہونا۔ اور دوسری صفات ثبوتیہ شرف و عزت کے سبب

ہیں۔ لہذا ان کا اثبات خدا تعالےٰ کے واسطے واجب ہے ۔

ولایتوھم من نفی مایوجب الھوان والحاجۃ واثبات مایوجب العز والشرف التغایر بینہ سبحانہ وبین ما نفی عنہ او اثبت لہ سبحانہ بل یوکد التوحید بینہ سبحانہ وبین ما نفی عنہ اذ النصوص کلھا معللۃ علی ما تقرر فی فن الاصول وبعد شعور العلۃ یتاکد التوحید فیندفع الوھم المذکور ۵

ان صفات کی نفی سے جو کہ توہین اور حاجت کی موجب ہیں اور ان صفات کے اثبات سے جو کہ عز و شرف کے موجب ہیں۔ کہیں یہ گمان پیدا نہ ہو۔ کہ خدائے سبحانہ اور صفات منفیہ یا مثبتہ میں تغایر ہے۔ بلکہ خدائے سبحانہ اور منفی عنہ میں۔ توحید اور عینیت موکد ہو جاتی ہے۔ اس لئے کہ تمامی نصوص علتوں سے معلول ہیں۔ جیسا کہ فن اصول میں قرار پا چکا ہے۔ اور نصوص مذکورہ کی علت کے دریافت کے بعد۔ جو کہ تغایر ہے۔ توحید اور عینیت مذکورہ موکد ہو جاتی ہے پس وہم مذکورہ دفع ہو جاتا ہے ۔

مثلاً لو فرض نفی الوالدیۃ والمولودیۃ عنہ سبحانہ لاقتضائھما الحاجۃ والتغایر والتماثل دون الشرف کما زعموا وکان اللہ سبحانہ غیر الوالد والمولود یلزم الوقوع فیما عنہ الفرار عن التغایر والحاجۃ والھوان والتماثل آذ منشاء الاجتناب عن الوالدیۃ والمولودیۃ لیس الا التغایر یقتضی امکان الطرفین کما ذکرناہ سابقاً والامکان یقتضی التماثل بین الطرفین والتماثل یستدعی الحاجۃ الی الصاحبۃ والامۃ ۵

مثلاً والدیت اور مولودیت کی۔ خدائی سبحانہ سے۔ اس لئے نفی فرض کی جائے کہ والدیت اور مولودیت تغایر اور حاجت اور تماثل کے مقتضی ہیں کچھ باعث شرف نہیں جیسا کہ علماء نے گمان کیا ہے اور اگر خدائی سبحانہ والد اور مولود کے سوا ہو۔ تب اسی چیز میں قیام لازم آئیگا جس سے گریز ہے۔ اور وہ تغایر۔ اور احتیاج اور اہانت اور تماثل ہے۔ اس لئے کہ خدائے سبحانہ پر والدیت اور مولودیت کے اطلاق سے کنارہ کشی کا منشاء تغایر ہے۔ اور تغایر طرفین کے امکان کا مقتضی ہے۔ اور اس کی وجہ ہم سابق میں بیان کر چکے ہیں۔

اور امکان طرفین میں تماثل کا مقتضی ہے اور تماثل دال کی زن ہمخوابہ کی طرف حاجت کا مستدعی ہے۔ اور مولود کی حاجت کا ماں کی طرف مستدعی ہے +

وقس علیہ لعنۃ اللہ علی الظالمین۔ والکافرین۔ والفاسقین والکاذبین۔ فلو کان اللاعن غیر الملعون یلزم الوقوع فیما عنہ الفرار لاقتضا التغایر التماثل بین الطرفین واستدعاء التماثل الحاجۃ وقس علیہ قولہ سبحانہ۔ واللہ غنیٌّ عن العٰلمین۔ فلو کان الغنی غیر العالم یلزم فقرہ سبحانہ لما ذکرنا وقس علیہ سایر السلبیات والمنفیات والثبوتیات والموجبات ۵

اور جو کچھ اطلاق والدیت اور مولودیت کے اجتناب سے منشاء ہے اسی پر آیات مفصلۂ ذیل کو قیاس کرو۔

(۱) لعنت اللہ علی الظالمین۔ ظالموں پر خدا کی لعنت ہے +

(۲) لعنت اللہ علی الکافرین۔ کافروں پر خدا کی لعنت ہے +

(۳) لعنت اللہ علی الفاسقین۔ فاسقوں پر خدا کی لعنت ہے +

(۴) لعنت اللہ علی الکاذبین۔ کاذبوں پر خدا کی لعنت ہے +

پس اگر لاعن ملعون کے سوا ہو۔ تب ایسی چیز میں قیام لازم آئیگا جس سے گریز ہے اور وہ احتیاج اور اہانت وغیرہ ہیں۔ اس لئے کہ تغایر تماثل طرفین کا مقتضی ہے اور تماثل مذکورہ لاعن کی حاجت کا ملعون کی طرف مستدعی ہے۔ اور اسی پر خدائے سبحانہ کے قول پاک واللہ غنیٌّ عن العالمین کو قیاس کرو۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ خدا تمام عالم سے غنی ہے پس اگر غنی غیر خدا ہو تب اس سے عالم کی طرف خدائی سبحانہ کی احتیاج اور فقر کا لزوم ہوتا ہے۔ اور تغایر و تماثل مذکورہ سے ان کی وجہ ہم ذکر کر چکے ہیں۔ اور اسی پر باقی صفات سلبیہ اور منفیہ اور ثبوتیہ اور موجبہ قیاس کرو +

فان قلت الوقوع فیما عنہ الفرار یلزم علی التوحید بینہ سبحانہ وبین الوالد کما یلزم علی التغایر من الحاجۃ الی الصاحبۃ وغیرھا من الفساد ۵

سوال اگر تمہارا یہ اعتراض ہو۔ کہ اس چیز میں قیام جس سے فرار ہے دونوں صورتوں

میں لازم آتا ہے۔ یعنی خدائے سبحانہ اور والدین۔ توحید اور عینیت کی صورت میں بھی قباحت مذکورہ لازم آتی ہے۔ اور خدائے سبحانہ اور والدین تغایر کی صورت میں بھی قباحت مذکورہ لازم ہوتی ہے۔ یعنے زوجہ اور تماثل وغیرہ فسادات کی طرف۔ احتیاج پائی جاتی ہے +

مطلب معترض کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ خدائی سبحانہ کے ساتھ عینیت کی صورت میں بھی والد کی حاجت زن ہمخواب کی طرف احتیاج پائی جاتی ہے۔ اور تغایر کی صورت میں بھی۔ اس لئے کہ احتیاج مذکورہ مفہوم والد میں مندرج ہے عین ہو یا غیر ہو۔ پس غیریت سے فرار کس واسطے کیا جاتا ہے +

قلت لزوم الحاجة علی کلا التقدیرین مسلمٌ لکن فرقٌ عظیمٌ۔ بین الحاجة علی التغایر وبین الحاجة علی العینیة لان فی الاول یلزم احتیاج الواجب الی الغیر وھی الصاحبة والاحتیاج الی الغیر ینافی الوجوب وفی الثانی یلزم احتیاج الواجب الی الصاحبة وھی نفسہٗ وعینہٗ والاحتیاج الی نفسہ لاینافی الوجوب ؕ

جواب۔ سوال مذکورہ کا جواب یہ ہے۔ کہ زوجہ کی طرف دونوں صورتوں میں والد کی احتیاج مسلمہ ہے۔ لیکن اس حاجت میں جس کا تغایر کی صورت میں لزوم ہوتا ہے۔ اور اس حاجت میں جس کا عینیت کی صورت میں لزوم ہوتا ہے۔ فرق عظیم ہے۔ اس لئے کہ تغایر کی صورت میں واجب کی احتیاج غیر کی طرف جو کہ زوجہ ہے لازم آتی ہے۔ اور واجب کی احتیاج غیر کی طرف اس کے وجوب کی منافی ہے۔ اور عینیت کی صورت میں لزوم احتیاج زوجہ کی طرف ہوتا ہے۔ جو کہ نفس اور عین ذات واجب ہے اور یہ امر کہ واجب اپنے نفس اور اپنی ذات کا محتاج ہو۔ اس سے اس کے وجوب کی نفی نہیں ہوتی ہے۔ تب یہ بخوبی متحقق ہو گیا کہ عینیت کی صورت میں کسی احتیاج اور فساد کا لزوم نہیں ہوتا ہے +

فان قلت علی بطلان التغایر بینہٗ سبحانہ وبین سایر الاشیاء کان الوالد والمولود وامثالھما من المنفیات ایضًا عینہٗ سبحانہ وقد قلت ان نفی المنفیات المذکورۃ عنہ سبحانہ للعز والشرف فقط لا فی الواقع حتی یلزم الکفر والشرک باطلاقھا علیہ سبحانہ فما وجہ اطلاق الکافر والمشرک علی

من قال المسیح ابن اللہ۔ وعزیر ابن اللہ فان قولھم مطابق للواقع وان کان فیہ ترک الشرف والعزۃ ۵

سوال۔ اگر تمہارا یہ اعتراض ہو۔ کہ اگر خدائی سبحانہ اور دیگر اشیاء میں تغایر ہے تب اس صورت میں والد اور مولود وغیرہ۔ صفات منفیہ سے بھی خدائی سبحانہ کے عین ہوئے۔ اور یہ پیشتر بیان کیا جا چکا ہے کہ خدائی سبحانہ سے منفیات مذکورہ کی نفی محض عزت و شرف کے واسطے ہے۔ کچھ فی الواقع نہیں ہے۔ (تاکہ خدائی سبحانہ پر ان کے اطلاق میں) کفر اور شرک لازم ہو۔ پس ان لوگوں پر جنہوں نے حضرت مسیح علیہ السلام کو ابن اللہ کہا۔ اور ان لوگوں پر جنہوں نے حضرت عزیر علیہ السلام کو ابن اللہ کہا ہے کس وجہ سے لفظ کافر اور مشرک کا اطلاق کیا گیا۔ اس لئے کہ ان کا قول مطابق واقع ہے۔ صرف خدائی سبحانہ پر اطلاق والدیت کی وجہ سے قول کا ترک ہوتا ہے +

قلتُ وجہ الکفر والشرک فی قولھم ھو لزوم انحصارہ سبحانہ فی الوالدیۃ وانحصارہ فی الوالدیۃ یقتضی انحصارہ نوعًا فی الجن والانس والحیوان وفردًا فی آدم علیہ السلام وکذا انحصارہ سبحانہ فی المولودیت۔ یقتضی انحصارہ نوعًا فی الانواع المذکورۃ وفردًا فی عیسی علیہ السلام فقط فی نفس الامر فیلزم المغایرۃ بینہ سبحانہ وبین غیر الانواع المذکورۃ ممن لا یوجد التوالد والتناسل فیھم والمغایرۃ یوجب التماثل بین الوالد والمولود والحاجۃ الی الصاحبۃ او الام وعلی انحصارہ فردًا یلزم المغایرۃ ولوازمھا انہیں مما ذکر نافظھر وجہ اطلاق الکافر والمشرک علی من قال المسیح ابن اللہ وعزیر ابن اللہ ۵

جواب یہ ہے کہ۔ جو لوگ ابن اللہ کہنے والے ہیں۔ ان کے کفر و شرک کی یہ وجہ ہے کہ انہوں نے خدائی تعالےٰ سبحانہ کو والدیت میں منحصر کیا ہے۔ اور جب والدیت میں۔ خدائی سبحانہ کے انحصار کا لزوم ہوگا۔ تب از روئے نوع جن و انس و حیوان میں بھی انحصار کا مقتضی ہوگا۔ اور یہ اہل توالد و تناسل ہے۔ اور از روئے فرد یعنے شخص معین کے انحصار کا آدم علیہ السلام میں مقتضی ہے اور ایسے ہی خدائی سبحانہ مولودیت میں منحصر ہوا۔ تب از روئے

نوع انواع مذکورہ یعنی جن و انسان و حیوان وغیرہ میں بھی انحصار کا مقتضی ہوا۔ اور از روئے فرد صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں انحصار کا مقتضی ہوا۔ اور انحصار مذکورہ نفس الامر میں لازم ہوگا تب خدائی سبحانہ اور ان چیزوں میں مغایرت لازم ہوگی۔ جو کہ انواع مذکورہ کے سوا ہیں۔ اور ان اشیاء میں سے ہیں۔ جن میں نہ والد اور نہ اصل نہیں پایا جاتا ہے۔ اور جب خدائی سبحانہ انواع مذکورہ میں منحصر ہو۔ تب مغایرت مذکورہ سے یہ واجب ہوا۔ کہ والد۔ اور مولود میں تماثل ہو۔ اور والد کی زوجہ کی طرف حاجت ہو۔ اور اگر خدائی سبحانہ فرد معین میں منحصر ہو۔ تب مغایرت اور لوازم مغایرت کا جو کہ حاجت اور تماثل وغیرہ ہیں لزوم ہوتا ہے۔ اور یہ ہم انواع میں انحصار کی صورت میں بیان کر چکے ہیں۔ پس جو لوگ مسیح علیہ السلام کو ابن اللہ کہتے ہیں اور عزیر علیہ السلام کو ابن اللہ کہتے ہیں ان پر کفر اور شرک کا اطلاق کیا جاتا ہے اس کی وجہ بخوبی ظاہر ہوگئی ۔

فظهر من التحقيق المذكور أن التوحيد سمعي أولا لثبوته بالادلة السمعية المذكورة كسائر السمعيات من البعث والحشر والعذاب والثواب وغيرها لا أنه كشفي فقط كما توهمه

اور تحقیق سبوق الذکر سے یہ بخوبی تحقیق ہو چکا ہے کہ توحید پہلے سے سمعی ہے یعنے ابتداءً حقیقت توحید شارع سے مسموع ہوئی ہے۔ اس لئے کہ ادلہ سمعیہ مذکورہ سے ثابت ہو چکی ہے۔ اور اسی طرح اور عقاید سمعیات کا مثل بعث و حشر اور عذاب و ثواب وغیرہ کی یہی ثبوت ہے کچھ یہ نہیں ہے۔ کہ توحید کشفی ہے۔ جیسا کہ صوفیہ نے گمان کیا ہے ۔

فبطل قول بعض الصوفية كالجامي قدس سره في بعض مصنفاته في التصوف أن التوحيد ليس لهم عليه دليل سوى الكشف وقول بعض اخر ان التوحيد قد بلغ الينا صدراً عن صدر من المشايخ مسلسلاً الى النبي صلى الله عليه السلام دون الكتاب والسنة

پس بعض صوفیہ کا قول مثل جامی قدس سرہ السامی کے باطل ہو گیا جنہوں نے اپنی بعض تصنیفات علم تصوف میں یہ بیان کیا ہے۔ کہ (توحید پر صوفیوں کے واسطے کشف

کے سوا کوئی دلیل نہیں ہے)۔ اور ایسے ہی بعض مشائخ کا یہ قول بھی باطل ہو گیا۔ کہ (ہمیں مشائخ سے سینہ بسینہ توحید پہنچی ہے جس کی انتہا مسلسل حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام تک ہوتی ہے) اور قرآن شریف اور حدیث شریف میں یہ توحید مذکور نہیں ہے! اور اقوال مذکورہ کے بطلان کے لا الٰہ الا اللہ اور اس کے ادلہ قرآن شریف میں سے اور حدیث شریف میں سے لا الٰہ غیرک گواہ ہیں۔

وظہر ایضاً ان الموجود واحدٌ والامکان والوجوب یوجد فیہ من جھتین فالوجوب من حیث الذات والاطلاق والامکان من حیث التعین والتقید فھو سبحانہ مجمع الکمالات ۵

اور نیز تحقیق مذکورہ سے یہ ثابت ہو گیا۔ کہ موجود ایک ہی ہے۔ مگر اس میں دو جہت سے۔ امکان اور واجب پائے جاتے ہیں یعنے ذات اور مرتبۂ اطلاق کی وجہ سے خدائے سبحانہ میں واجب پایا جاتا ہے! اور تعین اور تقید کی حیثیت سے امکان سمجھا جاتا ہے۔ پس خدائے سبحانہ مجمع ہے۔ جملہ کمالات کا۔

والکمال عبارۃٌ عن جمع المتقابلین من التضائف والتضاد والعدم والملکۃ دون النقیضین من الوجود والعدم کالاول والاخر والظاھر والباطن والمحی والممیت والھادی والمضل وقس علیہ الواجب والممکن ۵

اور ذات خدای سبحانہ جن کمالات کی مستجمع ہے وہ اس سے عبارت ہے۔ کہ دو وصف متقابل جمع ہوں۔ از روئے تقابل۔ تضائف! اور تضاد اور عدم اور ملکہ کے سوای تقابل نقیضین۔ وجود و عدم سے جیسے کہ اول و آخر اور ظاہر و باطن۔ اور محی و ممیت۔ اور ہادی و مضل اور اسی پر قیاس کرنا چاہیئے۔ واجب اور ممکن کو اور تقابل اور تعریفات اور ان کے اقسام کی مثالیں صراحت کے ساتھ اوپر بیان ہو چکی ہیں۔ ان کا مکرر اعادہ بے ضرورت معلوم ہوتا ہے۔

حاصل کلام یہ ہے۔ کہ ذات اقدس سبحانہ کسی صفت سے خالی نہیں ہے! اور کوئی نقصان اس میں گنجائش نہیں رکھتا۔ پس ہر ایک وصف نیک و بد کا جس کی نسبت مفقود فرض کر لی جائے نقصان اس کا ہے! اور اس کی ذات پاک میں اضداد کا اجتماع اس وجہ سے جائز ہے۔ کہ اسکی ذات پاک میں کسی چیز نے دخول کیا ہے۔ نہ حلول۔ اور نہ کوئی چیز اس کے ساتھ ملی ہوئی ہے۔ تاکہ

دوسری ضد کا صدق۔ اس کا مانع ہو۔ پس وہی ہے اوّل بلا اولیت اور وہی ہے آخر بلا آخریت کے اور وہی ہے ظاہر بلا ظاہریت کے اور وہی ہے باطن بلا باطنیت کے۔ یعنی اولیت و آخریت و ظاہریت و باطنیت اس کے کسی دوسرے کسی چیز کی وجہ سے نہیں ہے۔ بلکہ جو کچھ کہ ہے وہی ہے کہ اس کو کبھی اوّل اور کبھی آخر اور کبھی ظاہر اور کبھی باطن کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں +

فلا یلزم الانقلاب من حقیقۃ الواجب الی حقیقۃ الممکن ولا یلزم الحلول والاتحاد علی التوحید اذ کل منہما یتوقف علی التغایر فی الوجود بین الشیئین وقد ارتفع التغایر اصلاً وفرعاً منہما فلا یلزم الانقلاب والحلول والاتحاد +

پس انقلاب لازم نہیں آتا ہے۔ حقیقت واجب سے۔ طرف حقیقت ممکن کے اور نہ ثبوت توحید پر حلول و اتحاد لازم آتا ہے۔ اس لئے کہ ہر ایک قباحت ان قباحتوں سے موقوف ہے۔ دو شے کے تغایر وجود پر۔ اور بروئے تحقیق گئے تغایر از روی اصل و فرع کے ذات باری عز اسمہ سے مرتفع ہو چکا ہے۔ پس لازم نہ ہوگا اس کو انقلاب اور حلول اور اتحاد +

اما توہم لزوم کونہ سبحانہ کلیاً طبیعیاً لا یوجد فی الخارج الا فی ضمن الافراد کالانسان مثلاً فمدفوع بانہ لا یلزم من کونہ سبحانہ کلیاً طبیعیاً فی مرتبۃ الاطلاق فقط ان یکون منحصراً فیہ فقط حتی یلزم عدم وجودہ فی الخارج اصلاً۔ فانہ سبحانہ کما فی مرتبۃ الاطلاق والوحدۃ والجمل یکون کلیاً طبیعیاً کذلک فی مرتبۃ التقیید والکثرۃ وعدم الصدق یکون جزئیاً ولا محذور کالانسان فانہ فی مرتبۃ الاطلاق کلی لا یوجد الا فی العقل وفی مرتبۃ التقیید جزئی موجود فی الخارج +

لیکن یہ وہم کرنا کہ خدائے سبحانہ کا کلی طبعی ہونے سے لازم آتا ہے۔ کہ خارج میں اس کا وجود نہ ہو۔ مگر افراد کے ضمن میں جیسے انسان۔ تو پھر وہم کا یہ جواب ہے کہ صرف مرتبۂ اطلاق میں خدائی سبحانہ کے کلی طبعی ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ صرف کلی طبعی ہی میں منحصر ہو جائے تاکہ خارج میں اس کا موجود نہ ہونا لازم آئے۔ اس لئے کہ خدائی سبحانہ

جیسا کہ مرتبہ اطلاق اور وحدت میں۔ اور افراد موجودات پر حمل کرنے میں کلی طبعی ہے۔ اسی طرح وہ مرتبہ تقید اور کثرت میں اور افراد کثیرین پر صادق نہ آنے میں جزئی حقیقی ہے۔ اس فرق کے اعتبار کر لینے سے کسی قسم کی خرابی لازم نہیں آسکتی۔ جیسے انسان مرتبہ اطلاق میں کلی ہے اور صرف عقل ہی میں پایا جاتا ہے۔ اور یہی انسان مرتبہ تقید میں جزئی ہے۔ اور وہ خارج میں موجود ہے۔ اسی لئے یہ وہم۔ کہ عینیت کی تقدیر پر خدائی سبحانہ مثل کلی طبعی کے ہوگا۔ کہ خارج میں اس کا وجود نہ ہو سکے صرف عقل میں پایا جائے۔ فاسد ہے پس اب کسی خرابی کے لازم آنیکا اندیشہ نہ رہا ۔

لَعَمْرِ لَوْ كَانَ سُبْحَانَهُ مُنْحَصِرًا فِي الطَّبْعِيِّ فَقَطْ يَلْزَمُ الْمَحْذُورُ وَلَيْسَ الْأَمْرُ كَذَلِكَ بَلْ هُوَ جَامِعٌ لِجَمِيعِ مَرَاتِبِ الْوُجُودِ خَارِجًا أَوْ ذِهْنًا وَاقِعِيًّا أَوْ وَهْمِيًّا كَمَا يَحْكُمُ بِهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ بَلْ هُوَ سُبْحَانَهُ أَرْفَعُ مِنْ قَيْدِ الْإِطْلَاقِ أَيْضًا فَكَيْفَ يَكُونُ مُنْحَصِرًا فِي الْكُلِّيِّ فَقَطْ إِذْ لِلّٰهِ سُبْحَانَهُ مَرْتَبَةٌ وَرَاءَ الْإِطْلَاقِ وَالتَّقْيِيدِ مَفْقُودُ الْأَضْدَادِ وَالنَّسَبِ مِنَ الْعَيْنِيَّةِ وَالْغَيْرِيَّةِ وَالْأَوَّلِيَّةِ وَالْآخِرِيَّةِ وَالْكُلِّيَّةِ وَالْجُزْئِيَّةِ إِلَى آخِرِهَا مِنَ الْأَضْدَادِ كَمَا أُشِيرَ إِلَيْهِ بِقَوْلِهِ كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا إِلَى آخِرِ الْحَدِيثِ ۝

ہاں اگر خدائے سبحانہ صرف کلی طبعی ہی میں منحصر ہوتا تو یہ وہم پیدا ہو سکتا تھا حالانکہ واقعہ میں ایسا نہیں ہے۔ بلکہ وہ خدائی سبحانہ جامع ہے تمام مراتب وجود کو عام ازیں کہ وہ وجود خارجی ہو یا ذہنی۔ واقعی ہو یا وہمی۔ چنانچہ اس جامعیت کا حکم کلا الہ الا اللہ میں کیا گیا ہے۔ بلکہ اور بھی ترقی کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ خدائی سبحانہ مرتبہ اطلاق کی قید سے بھی ارفع و اعلیٰ ہے۔ پھر کس طرح وہ کلی میں منحصر ہو سکے گا۔ اس لئے کہ خدائی سبحانہ کے لئے مرتبہ اطلاق اور مرتبہ تقید کے ماسوا ایک مرتبہ ایسا ہے۔ کہ اس مرتبہ میں عینیت اور غیریت اولیت اور آخریت کلیت اور جزئیت کی نسبتیں اور دوسرے اضداد مفقود اور معدوم ہیں۔ چنانچہ حدیث قدسی میں اسی مرتبہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے ۔

كُنْتُ كَنْزًا مَخْفِيًّا فَأَحْبَبْتُ أَنْ أُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ لِهٗ

عُمَرَاتٌ ۵

اس حدیث کی شرح جیسی کہ ہونی چاہیئے اوپر گذر چکی ہے +

وَيَدُلُّ عَلَى تَعَدُّدِ مَرَاتِبِ سُبْحَانَهُ صَرِيحًا قَوْلُهُ سُبْحَانَهُ رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ اَیْ مَرْفُوعٌ دَرَجَاتُهُ عَنْ فَهْمِ الْعَوَامِ الْاُوْلٰی مَرْتَبَةُ الْغَيْبِ وَالثَّانِيَةُ الْحَقِيقَةُ الْمُحَمَّدِيَّةُ وَالثَّالِثَةُ الْاَعْيَانُ الثَّابِتَةُ وَالرَّابِعَةُ مَرْتَبَةُ الْاَرْوَاحِ وَالْخَامِسَةُ مَرْتَبَةُ الْمِثَالِ وَالسَّادِسَةُ مَرْتَبَةُ الْاَجْسَامِ مِنَ الْعَرْشِ اِلَى الثَّرٰی ۵

اور خدائی سبحانہ کے متعدد مراتب پر اس کا یہ قول صریحی دلالت کرتا ہے رَفِيعُ الدَّرَجَاتِ ذُو الْعَرْشِ یعنی اس کے درجات بلند اور وہ صاحب عرش ہے ..

.. . . . . یعنی اس کے درجات عوام کی سمجھ سے بالاتر ہیں +

پہلا مرتبہ غیب ہے جس کو غیب الغیب بھی کہتے ہیں +

دوسرا مرتبہ حقیقت محمدی ہے۔ اسی کو غیب ثانی بھی کہتے ہیں +

تیسرا مرتبہ اعیان ثابتہ ہے +

چوتھا مرتبہ ارواح ہے +

پانچواں مرتبہ عالم مثال ہے +

چھٹا مرتبہ اجسام ہے۔ جو عرش سے لیکر تحت الثریٰ تک پھیلا ہوا ہے

چونکہ تفصیل ان مراتب کی پہلے گذر چکی ہے۔ اس لئے اجمال پر اکتفا کیا جاتا ہے +

وَلَقَدْ اَشْبَعْنَا الْكَلَامَ فِي هٰذَا الْمَقَامِ وَاَطْنَبْنَاهُ وَلَمْ نَخَفْ رِيَاسًا مِنَ التَّكْرَارِ وَالْاِعَادَةِ بِالْكَلَامِ فِي الْكِتَابِ لِكَوْنِ هٰذَا الْمَقَامِ مَعْرَكَةَ اٰرَاءِ جَمِيعِ اَهْلِ الْاِسْلَامِ ۵

ہم نے تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے کلام اس مقام میں اور اس میں طوالت دی ہے۔ اور تکرار اور اعادہ کلام کا کچھ خوف نہیں کیا۔ کیونکہ یہ مقام معرکۃ الآرا اہل اسلام ہے +

فَنَقُوْلُ وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ بِھٰذَا التَّحْقِیْقِ اِنْدَفَعَ مَاتَحَیَّرَفِیْہِ فُحُوْلُ الْعُلَمَاءِ مِنْ اِنَّ فِیْ کَلِمَۃِ التَّوْحِیْدِ اِشْکَالًا مَشْھُوْرًا فَالْمُقَدَّرُ اِمَّا الْمَوْجُوْدُ فَلَا یَلْزَمُ عَدَمُ اِمْکَانِ اِلٰہٍ سِوَی اللّٰہِ تَعَالٰی وَاِمَّا الْمُمْکِنُ فَلَا یَلْزَمُ مِنْہُ وُجُوْدُہٗ تَعَالٰی ۵

اب ہم خدای تعالےٰ سے توفیق پاکر کہتے ہیں۔ کہ تحقیق مذکورۂ بالا سے دفع ہوگئیں وہ اشکال جس میں علماء عظام متحیر ہوگئے۔ کہ کلمہ طیبہ میں اشکال مشہور ہیں +

صاحب مسلم نے اس اشکال کو بیان کرکے پانچ وجوہ سے اس کا جواب دیا ہے۔ اور وہ اشکال یہ ہے۔ کہ مقدر بجائے خبر لاکے اگر موجود ہے۔ تو لازم نہیں آئیگا نہ ممکن ہونا کسی معبود کا سوائے اللہ تعالےٰ کے۔ اور اگر ممکن ہے تو خدا تعالیٰ کا وجود لازم نہیں آتا ہے +

حاصل اس اشکال کا یہ ہے۔ کہ پہلی شق کی بنا پر یہ معنی ہونگے کہ کوئی معبود موجود نہیں ہے۔ سوائے خدا کے یعنے بالفعل کوئی دوسرا معبود سوائے خدائی تعالےٰ کے وجود نہیں رکھتا ہے۔ چاہے امکان وجود کا رکھتا ہو۔ اور یہ معنی خلاف مقصود ہیں۔ اس لئے کہ اصل مقصود اشراک کے دفع کرنے سے یہ ہے۔ کہ شریک باری تعالیٰ نہ بالفعل موجود ہے۔ نہ بالقوۃ یعنے ممتنع ہے +

اور شق ثانی پر کلمہ طیبہ کے معنی یہ ہونگے۔ کہ کوئی معبود ممکن نہیں ہے سوائے خدا کے یعنے خدا ممکن ہے۔ اور اس کا شریک ممکن نہیں ہے۔ حالانکہ وجود باری تعالےٰ کا واجب اور وجود شریک باری کا امتناع بالاتفاق مقصود ہے۔ پس اس کلام سے خدائی سبحانہ کا موجود ہونا ثابت نہ ہوا +

وَیُجَابُ اَوَّلًا کَمَا نُقِلَ عَنْ شَارِحِ الْمُخْتَصَرِ بِاَنَّ کَلِمَۃَ التَّوْحِیْدِ مَبْنِیٌّ عَلٰی عُرْفِ الشَّارِعِ ۵

اور صاحب مسلم نے اس اشکال مشہور کا پہلا جواب یہ دیا ہے کہ کلمہ توحید عرف شارع پر مبنی ہے +

مطلب اس جواب کا یہ ہے کہ مجموعہ ترکیب کلمہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عرف شرع کی رُو سے شریک باری کی نفی۔ اور خدائے سبحانہ کے وجود پر دلالت

کرتی ہے ۔

وَثَانِیًا عَنْ بَعْضِ الْمَخْفِیَۃِ اَنَّ وُجُوْدَہٗ تَعَالٰی تَقَرَّرَ فِیْ بَدِیْھَۃِ الْعُقُوْلِ وَالْمَقْصُوْدُ نَفْیُ الشَّرِیْکِ ۔

دوسرا جواب اشکال مشہور کا بعض علماء حنفیہ کی طرف سے یہ دیا گیا ہے ۔ کہ اللہ تعالےٰ کا وجود عقل کے نزدیک بلا فکر و تامل کے بداہۃً ثابت ہو چکا ہے اور کلمہ طیبہ سے مقصود شریک باری کی نفی ہے ۔ اور بس ۔

وَالثَّالِثُ عَنِ الزَّمَخْشَرِیِّ بِاَنْ لَّا حَاجَۃَ اِلَی الْخَبَرِ بَلْ اَصْلُ التَّرْکِیْبِ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ فَدَخَلَ لَا وَاِلَّا لِلْحَصْرِ فَالْمُسْنَدُ اِلَیْہِ ھُوَ اللّٰہُ وَالْمُسْنَدُ ھُوَ الْاِلٰہُ ۔

تیسرا جواب اشکال مشہور کا علامہ جار اللہ زمخشری کی طرف سے یہ دیا گیا ہے ۔ کہ کلمہ طیبہ میں خبر کی حاجت ہی نہیں ہے ۔ بلکہ اصل ترکیب یہ ہے کہ اللہ الٰہ خدا معبود ہے چونکہ خدائے سبحانہ کے ہی معبودیت کا انحصار مقصود ہے ۔ اور ترکیب اللہ الٰہ اس انحصار پر دلالت نہیں کرتی ہے ۔ اس لئے لا اور الّا اس پر حصر کی غرض سے داخل کر دیا گیا پس مسند الیہ حقیقۃً اللہ ہے اور الٰہ اس کی خبر ہے ۔

ھٰذَا مِمَّا یَتَعَجَّبُ مِنْہُ کَیْفَ لَا وَالْمُسْتَثْنٰی یَسْتَدْعِی الْحُکْمَ بِالضَّرُوْرَۃِ ۔

علامہ زمخشری کا یہ جواب نہایت عجیب ہے ۔ اور کیونکر تعجب نہ کیا جائے ۔ اس لئے کہ مستثنیٰ حکم کو بداہۃً چاہتا ہے ۔

حاصل اعتراض کا یہ ہے کہ کلام استثنائی مرکب ہوتا ہے دو حکم سے ایک ایجابی اور دوسرا سلبی ۔ اور تعدد حکم بغیر تقدیر خبر کے ممکن نہیں ہے ۔

وَمَا قِیْلَ فِیْ تَصْحِیْحِہٖ لَوْ مُثِّلَ لَا وَاِلَّا بِاِنَّمَا لَکَانَ کَلَامًا تَامًّا مِنْ غَیْرِ تَقْدِیْرٍ وَاِنَّمَا ھُوَ النَّفْیُ وَکَلِمَۃُ اِلَّا فَاَقُوْلُ مَدْفُوْعٌ بِاَنَّ الْمُرَادَ اَنَّ حَاصِلَہٗ فِی التَّخْصِیْصِ لَا وَاِلَّا فَالْمُلَازَمَۃُ مَمْنُوْعَۃٌ ۔

زمخشری کی مجوزہ ترکیب کی تصحیح اور تعجب مذکورہ کے اندفاع کی غرض سے علامہ

مرزا جان نے جو یہ تقریر کی ہے۔ کہ اگر بدل دیا جائے صرف لا والا کو لفظ انما سے تو ہو جائیگا۔ کلام تمام بغیر حاجت تقدیر اور انما میں لا والا کے سوا دوسرے معنی نہیں ہیں پس جیسا کہ انما کے داخل کرنے سے کلمہ طیبہ میں حاجت خبر کی نہیں تھی۔ اسی طرح لفظ لا والا میں کہ مدلول اس کا ہمیشہ ایک ہوتا ہے۔ خبر کی حاجت نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ تقریر بھی مدفوع ہے۔ کیونکہ مراد انما اور لا اور الا کے مساوی ہونے سے یہ ہے کہ انما لا اور الا کی تخصیص کا فائدہ دیتا ہے۔ لیکن اس معنی کو لازم کر لینا کہ لا اور الا کے داخل کرنے سے کلام بغیر خبر کے تمام ہو جاتا ہے۔ مثل اس کلام کے جس پر انما داخل کیا جائے ممنوع ہے ؛

مترجم عرض کرتا ہے۔ کہ ملازمہ مذکورہ کے ممنوع ہونے کی وجہ یہ ہے کہ تخصیص دو حکم پر شامل ہوتی ہے۔ ایجابی اور سلبی اور واضع نے پہلے تخصیص کی غرض سے دو جملہ وضع کئے۔ جو تخصیص پر صراحۃً دلالت کرتے تھے۔ جیسے ما رسولٌ بمعنی عن الھلاک ومحمد رسول پھر واضع نے دوبارہ وضع کیا اس کلام کو کہ جو دونوں حکم پر دلالت کرتا تھا پہلے سے بھی زیادہ بلیغ طریقہ سے۔ پس ایک جزو سلبی کو۔ اور دوسرے جزو ایجابی کو لے لیا گیا۔ اور اختصار کی غرض سے دونوں جملوں کو حرف الا سے بیان کیا گیا ہے جیسے ما محمد الا رسول۔ پس اگر مخشری کا یہ قول کہ کلام استثنائی تقدیر خبر کا محتاج نہیں ہوتا ہے صحیح ہو جائے تو بلاغت کا فائدہ فوت ہو جاتا ہے ؛

وَمَا بَعْدُ۔ كَمَا أَقُولُ مِمَّا حُقِّقَ أَنَّ مَا يُمْكِنُ لِلْوَاجِبِ فَهُوَ ضَرُورِيٌّ فَيَلْزَمُ مِنْ لَا إِمْكَانِ الْوُجُودِ وَمِنْ عَدَمِ الْإِمْكَانِ عَدَمُهُ ؛

چوتھا جواب جیسا کہ میں کہتا ہوں۔ یہ ہے کہ تحقیق کیا جا چکا ہے کہ جو صفت واجب کے لئے ممکن ہوتی ہے ضروری ہوتی ہے۔ (یعنے واجب الوجود سے کبھی جدا نہیں ہو سکتی) پس امکان سے وجود۔ اور عدم امکان سے عدم وجود لازم آجائے گا ؛

خلاصہ اس جواب کا یہ ہے کہ بجائے خبر کے ممکن کی تقدیر پر کوئی اشکال نہیں ہے۔ اس لئے کہ معنی یہ ہوئے کہ شریک باری امکان ہی نہیں رکھتا ہے پس ممکن کی

تقدیر پر وجوب وجود باری تعالےٰ ثابت ہو جائیگا + اس لئے کہ نسبت امکان وجود کی خدای تعالےٰ کی طرف نسبت وجوب وجود کی ہے۔ اس کے طرف۔ کیونکہ یہ کلیہ ثابت ہے۔ کہ مَا یُمْکِنُ لِلْوَاجِبِ فَھُوَ ضَرُوْرِیٌّ[۵۱] یعنی خدا کے لئے جو صفت ممکن ہو واجب اور ضروری ہوتی ہے +

وَخَامِسًا۔ اَنَّ مُطْلَقَاتِ الْاِلٰھِیَّاتِ ضَرُوْرِیَّۃٌ لِلْمُتَعَالِیْ عَنِ التَّبَدُّلِ وَالتَّغَیُّرِ فَیَکُوْنُ الْاِیْجَابُ ضَرُوْرِیًّا کَالسَّلْبِ اِنْتَھٰی ۵

پانچواں جواب یہ ہے کہ قضایائے مطلقہ الہیات یعنے صفات باریتعالیٰ میں ہمیشہ ضروری ہوتے ہیں۔ کیونکہ صفات باری تعالےٰ تبدیل اور تغیر وحدوث سے پاک اور برتر ہیں۔ پس ایجاب حکم ان قضایا میں ضروری ہوگا۔ جیسے سلب حکم ان قضایا میں ضروری ہوتا ہے +

وَجْہُ الْمَنْعِ فَاعْلَمْ اَنَّ الْاِشْکَالَ بِنَاءٌ فَاسِدٌ وَجْہُ الْفَسَادِ اَنَّہٗ قَدْ عَرَفْتَ اَنَّ الْمُرَادَ عَنِ الْمَنْظُوْرِ جِنْسُ الْاِلٰہِ الْمُمْکِنِ الْمَوْجُوْدِ بِالْفِعْلِ اِذِ الْمُخَاطَبُ یَعْبُدُ الْاٰلِھَۃَ الْمُمْکِنَۃَ الْمَوْجُوْدَۃَ بِالْفِعْلِ۔ وَیَزْعَمُ اَنَّھُمْ غَیْرُ اللّٰہِ وَالْکَلِمَۃُ وَرَدَتْ لِدَفْعِ ذٰلِکَ الزَّعْمِ الْمَذْکُوْرِ فَکَیْفَ یَصِحُّ تَقْدِیْرُ الْمَوْجُوْدِ فِی الْمُمْکِنِ وَاِلَّا یَلْزَمُ کَذِبُ اَوَّلِ کَلَامِ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ لِبَدَاھَۃِ اِمْکَانِہٖ وَوُجُوْدِہٖ وَیَتَفَرَّعُ عَلَیْہِ کَذِبُ سَائِرِ الْکُتُبِ السَّمَاوِیَّۃِ وَالْعِیَاذُ بِاللّٰہِ ۵

اس اشکال کے دفع ہونے کی (جس کے پانچ جوابات اوپر بیان ہو چکے ہیں) وجہ یہ ہے۔ کہ اشکال کی بنا فاسد ہے۔ اب اس کا جواب دینا امر فاسد کو وجہ فاسد

---

[۵۱] جب کہ الا کلمہ طیبہ میں غیر کے معنی میں ہے۔ پس ممکن کی تقدیر پر یہ مطلب ہوگا کہ خدا کے سوا دوسرا معبود محال ہے۔ اس مطلب پر اشکال مذکور وارد ہی نہیں ہو سکتا ہے۔ اس لئے کہ اس میں خدا کے امکان سے بحث ہی نہیں ہے۔ حتی کہ اشکال وارد ہو سکے اور جوابات مذکورہ کے دینے کی ضرورت ہو۔ فافہم۔ (مترجم) +

پر بنا کرنا ہے۔ وجہ فساد جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے۔ یہ ہے کہ کلمہ طیبہ میں مراد منکور سے جنس الممکن موجود بالفعل ہے۔ اس لئے کہ مخاطب پرستش کرتا ہے۔ اصنام ممکن موجود بالفعل کی اور گمان کرتے تھے۔ کہ یہ معبود غیر خدا ہیں اسی گمان کے دفع کرنے کے لئے کلمہ طیبہ وارد کیا گیا۔ پس خبر لا کی جگہ پر موجود یا ممکن کا مقدر کرنا صحیح نہیں ہو سکتا۔ ورنہ لازم آجائیگا باطل ہونا اول کلام کلام انبیا علیہم السلام کا کیونکہ بدیہی ہے امکان اور وجود الہ ممکن کا۔ جیسے اصنام وغیرہ۔ اور کلام انبیاء کے جھوٹا ہونے پر لازم آجائیگا کاذب ہونا تمام آسمانی کتابوں کا۔ خدا سے پناہ مانگتے ہیں ہم ایسے توجیہات رکیکہ سے +

فَالْاَلُوْهِيَّةُ بِنَاءُ الْفَاسِدِ عَلَى الْفَاسِدِ فَالْمُقَدَّرُ هُوَ غَيْرُ اللّٰهِ مَقَامًا وَحُجَّةً سَمْعِيَّةً +

چونکہ منشاء اشکال کا فاسد تھا اس لئے جو جوابات صاحب مسلم نے نقل کئے بنا فاسد بر فاسد ہیں پس مقدر کا لا الٰہ الا اللہ میں خبر کی جگہ پر غیر اللہ ہے موافق اقتضاء مقام کے اور باعتبار دلائل سمعیہ کے +

خلاصہ کلام کا یہ ہے کہ اشکال مبنی تھا الہ منکور کے واجب مراد لینے پر اور یہ اوپر ثابت ہو چکا ہے۔ کہ مراد الہ سے ممکن موجود ہے۔ پس مراد کے متعین ہو جانے کے بعد بجائے خبر کے ممکن یا موجود کی تقدیر کا احتمال باقی ہی نہیں رہتا۔ کیونکہ اس تقدیر پر کلمہ کا مفاد یہ ہوگا کہ نہیں ہے ممکن موجود۔ موجود۔ یا نہیں ہے موجود ممکن سوائے خدا کے اور یہ کلام صریحی کاذب ہے۔ کیونکہ لازم آتا ہے سلب الشی عن نفسہ[1] + مثنوی

اے کماں و تیرہا پرساختہ صید نزدیک و تو دُور انداختہ

اے کماں سے تیر تو نے کھینچ کر

دُور پھینکا صید ہے نزدیک تر

---

[1] حضرت رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اِنَّ اَصْدَقَ کَلِمَۃٍ قَالَھَا الشَّاعِرُ کَلِمَۃُ لَبِیْدٍ اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَا خَلَا اللّٰہَ بَاطِلٌ۔ یعنی ہر شے خدا کے سوا باطل ہے پس مولفؒ کی توجیہ پر لازم آتا ہے کہ اصنام و معبودان باطلہ خدا کے غیر نہیں ہیں۔ بلکہ عین خدا نہیں ہیں نعوذ باللہ منہ باطل کا عین حق ہونا محال ہے۔ جیسا کہ سلب الشی عن نفسہ محال ہے فما ھو جوابکم فھو جوابنا فافھم (مترجم) +

عقل در شرح عشق جوخر در گل بخفت — شرح عشق و عاشقی ہم عشق گفت

ہے گدھے کی طرح گل میں عقل بھی
شرح عشق و عاشقی ہے عشق ہی

مولانا کی غرض اس مثنوی سے یہ ہے کہ علماء ظواہر نے خدائے پاک کے ساتھ لزوم عینیت کی وجہ سے کلمہ طیبہ کی معنی میں یہ تکلفات رکیکہ کئے ہیں حالانکہ مقصود اصلی توحید سے وہی عینیت ہے۔ جس سے وہ گریز کرتے ہیں۔ مقصود اصلی سے ان کی ناکامی کا سبب یہ ہے کہ عشق کی ہدایت ان کو حاصل نہیں ہوئی۔ وہم کی گمراہیوں کی وجہ سے غیریت میں مشغول ہو گئے [۵] ۔

وَلَنَا اَسْقَطَ مَا قَالَ ابْنُ كَمَالٍ بَاشَا فِي حَاشِيَتِهٖ عَلَى التَّلْوِيحِ اِعْلَمْ اَنَّ الْاِسْتِثْنَاءَ فِي كَلِمَةِ التَّوْحِيدِ لَا يَجُوزُ اَنْ يَكُونَ مُفَرَّغًا بِاَنْ يَكُونَ الْخَبَرُ الْمَحْذُوفُ عَامًّا كَمَوْجُودٍ اَوْ فِي الْوُجُودِ وَيَكُونَ اِلَّا اللّٰهُ وَاقِعًا مَوْقِعَ اِلَّا زَيْدٌ كَمَا وَقَعَ اِلَّا زَيْدٌ مَوْقِعَ الْفَاعِلِ فِي نَحْوِ مَا جَاءَنِي اِلَّا زَيْدٌ۔ لِاَنَّ الْمَعْنٰى عَلٰى نَفْيِ الْوُجُودِ عَنِ اِلٰهٍ سِوَى اللّٰهِ وَهُوَ اِنَّمَا يَحْصُلُ اِذَا جُعِلَ الْاِسْتِثْنَاءُ بَدَلًا عَنِ اسْمِ لَا عَلَى الْمَحَلِّ اِذْ حِينَئِذٍ يَقَعُ الْاِسْتِثْنَاءُ مَوْقِعَ اِسْمِ لَا نَيَابَةً خَبَرُ لَا خَبَرًا فَنَفْيُ الْوُجُودِ عَنِ اِلٰهٍ سِوَى اللّٰهِ تَعَالٰى كَمَا هُوَ الْمَطْلُوبُ ۵

ایسے ہی ساقط ہو گیا تحقیق مذکورہ سے جو کچھ کہ ابن کمال باشا نے حاشیہ تلویح میں کہا ہے۔ جس کی عبارت یہ ہے۔ واضح ہو کہ کلمہ طیبہ میں استثناء کا مفرغ

---

[۵] سبحان اللہ کیا توحید ہے بداہت عقل و احکام شرع کے خلاف ہر چیز کو عین خدا کہنا واحد کو کثیر اور حق کو باطل ماننا ہے۔ اور اسی کو محققین چہ توحیدی کہتے ہیں۔ ۶

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

توحید حقیقی یہ ہے کہ واقع میں ذات بحت کے سوا کسی چیز کا وجود ہی نہیں ہے۔ بلکہ ہر چیز فی نفسہ باطل ہے۔ مگر موجود بوجود حق ہے جیسا کہ آیہ کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ کا مفاد ہے۔ فافہم (مترجم)

میاں جی چناں کن برائے صواب — کہ ہم سیخ برجا بود ہم کباب

ہونا جائز نہیں ہے۔ اس طرح پر کہ خبر محذوف مانند وجود کے یا لفظ فی الوجود کے افعال عامہ سے ہو۔ اور لفظ اِلَّا اللّٰہُ موقع خبر پر واقع ہو۔ جیسے مَاجَاءَنِیْ اِلَّا زَیْدٌ نہیں آیا میرے پاس کوئی مگر زید۔ میں لفظ (الا زید) (مگر زید) موقع فاعل پر واقع ہوا ہے۔ کیونکہ کلمہ طیبہ میں مقصود خدائی پاک کے سوا دوسرے معبود کے وجود کی نفی ہے۔ یہ معنی حاصل نہیں ہوتے جب تک کہ استثناء کو اسم لا سے بدل نہ بنایا جائے۔ اور اس کا اعراب محل اسم کا اعراب ہو کیونکہ بدلیت کی تقدیر پر استثناء اسم لا کی جگہ پر واقع ہوگا۔ پس ہوگی خبر لا کی خبر استثناء کے لئے جو مبتدا کی جگہ میں ہے پس خدا تعالےٰ کے سوا دوسرے معبودات سے وجود منتفی ہو جائیگا۔ اور مقصود یہی ہے ہاں اگر اِلَّا اللّٰہُ موقع خبر پر ہو جیسا کہ استثناء مفرغ میں ہوا کرتا ہے تو معنی مقصود حاصل نہ ہونگے ۔

لَا عَلٰی نَفْیِ مُغَایَرَۃِ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ عَنْ کُلِّ اِلٰہٍ وَھُوَ الَّذِیْ یُفِیْدُہُ الْاِسْتِثْنَاءُ الْمُفَرَّغُ لِاَنَّہٗ لَمَّا کَانَ مَقَامُ الْخَبَرِ کَانَ الْقَصْدُ اِلٰی نَفْیِہٖ فَتُفِیْدُ لِنَفْیِ مُغَایَرَتِہٖ تَعَالٰی عَنْ کُلِّ اِلٰہٍ وَلَا یَحْصُلُ بِہِ التَّوْحِیْدُ کَمَا لَا یَخْفٰی اِنْتَھٰی ۔

اللہ تعالیٰ کی ہر معبود سے نفی مغایرت مقصود نہیں ہے یہ معنی وہ ہیں جو استثناء مفرغ میں پیدا ہوتے ہیں۔ کیونکہ جب استثناء مقام خبر میں ہوگا تو مقصود اسی کی نفی ہوگی اس لئے ترکیب مذکورہ اللہ تعالےٰ کی ہر ایک معبود سے نفی مغایرت کا فائدہ دیگی پس اس صورت میں توحید حاصل نہیں ہو سکتی۔ جیسا کہ پوشیدہ نہیں ہے۔ ابن کمال باشا کا کلام تمام ہوگیا ۔

وَوَجْہُ السُّقُوْطِ اَوَّلًا اَنَّ ھٰذَا التَّوْجِیْہَ لَحَلِّ الْوَجْہِ بِالْبَیِّنِ الْمَعْکُوْسِ اِذْ مَا فَرَّ مِنْہُ الْمُوَجِّہُ مِنَ الْعَیْنِیَّۃِ الْمُفَادَۃِ بَیْنَ الْمَنْکُوْرِ وَبَیْنَ الْمُفَرَّغِ لَا یَحْصُلُ اِلَّا بِتَقْدِیْرِ مَا ذَکَرْنَا دُوْنَ غَیْرِہٖ سَوَاءٌ اُسْتُبْدِلَ مِنَ الْمَنْکُوْرِ اَوِ الضَّمِیْرِ الرَّاجِعِ اِلَیْہِ فِیْ مَوْجُوْدٍ وَقَدْ عَرَفْتَ بُطْلَانَ تَقْدِیْرِ الْمَوْجُوْدِ وَنَحْوِہٖ ۔

ابن کمال باشا کے اس قول کے ساقط ہونے کی پہلی وجہ یہ ہے کہ توجیہ

مذکور ایسی ہے۔ جیسے کھجلنا منہ کا اُلٹے ہاتھ سے یعنے اُلٹا چلتا ہے۔ کیونکہ عینیت الٰہ منکور اور اللہ مفرغ میں جو مفاد کلمہ طیبہ کا ہے اور صاحب توجیہ اس سے گریز کرتا ہے۔ نہیں حاصل ہوتی ہے۔ وہ عینیت مگر مقدر کرنے سے اس چیز کے جس کو ہم نے ذکر کیا۔ یعنی غیر اللہ کو دوسرے کسی چیز کے مقدر کرنے سے حاصل نہیں ہو سکتی۔ عام ازیں کہ استثنا کو منکور سے قرار دیا جائے۔ یا اس ضمیر سے جو پوشیدہ ہے لفظ موجود میں اور راجع ہے منکور کی طرف اور تم معلوم کر چکے ہو بطلان موجود۔ یا اس کے مماثل ممکن کے مقدر کرنے کا +

حاصل اس کا یہ ہے کہ کمال پاشا نے استثنا مفرغ سے گریز کیا تھا اس وجہ سے کہ بعد مقدر ماننے موجود کے بجائے خبر کے اور واقع ہونا اِلّا اللہ کا بجائے اس کے مفاد کلمہ نفی کا نفی مغایرت اللہ کی ہر ایک الہ سے ہوگی۔ حالانکہ موجود کو مقدر فرض کرنے کی صورت میں جس کا باطل ہونا پہلے معلوم کر چکے ہو۔ عینیت بالکل مفہوم نہیں ہوتی ہے۔ کیونکہ وجود کی نفی دوسری چیز ہے اور مغائرت کی نفی دوسری چیز[1] +

وَثَانِيًا۔ اَنَّهٗ مُفَرَّغٌ لَا غَيْرُ، كَمَا تَوَهَّمَ، اِذِ الْمَكَابَرَةُ فِي الْبَدَاهَةِ شَهَادَةٌ اِمْتِثَالٍ مِنَ الْمَحْسُوْسِ بَيْنَ لَا وَاِلَّا عَلٰى كَوْنِهٖ مُفَرَّغًا ؕ

دوسری وجہ کمال پاشا کے قول کے ساقط ہونے کی یہ ہے

---

[1] سبحان اللہ کیا عینیت ہے۔ جس سے حق کا باطل ہونا لازم آتا ہے۔ کیونکہ جب شے باطل عین حق ہوئی تو حق بھی عین باطل ہوگا۔ پس حق اور باطل میں کچھ فرق نہ رہے گا۔ اسی کو الحاد و زندقہ کہتے ہیں۔ شعر

ہر مرتبہ از وجود حکمے دارد
گر حفظِ مراتب نکنی زندیقی۔

ابن کمال پاشا کی تقریر بے شک نہایت چست اور درست ہے۔ خدا ان کو جزائے خیر دے اس تقریر سے انہوں نے الحاد و زندقہ کی بنیاد اکھاڑ دی ہے۔ لیکن جن کو حق اور باطل میں تمیز نہیں ہے وہ حق کو باطل اور باطل کو حق باور کرلیں تو کیا تعجب ہے۔ فافہم

(مترجم)

کہ استثنار کلمہ طیبہ میں استثنا مفرغ[1] ہے۔ نہ دوسرے قسم کا استثنا جیسا کہ صاحب توجیہ نے وہم کیا ہے۔ کیونکہ تفریغ کا انکار کرنا مکابرہ ہے بسبب ظاہر ہونے امثال لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے اوّل الفاظ سے جو محصور ہیں لَا اور اِلَّا میں ۔

وَلَنَا اِنْدِفَاعُ مَا قَالَ الْجَامِیُّ قُدِّسَ سِرُّہٗ فِیْ قَوْلِہٖ بِحَذْفِ خَبَرِ لَا ھٰذَا جَذْفًا کَثِیْرًا اِذَا کَانَ الْخَبَرُ عَامًّا کَالْمَوْجُوْدِ وَالْحَاصِلِ لِدَلَالَۃِ النَّفْیِ عَلَیْہِ نَحْوُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَیْ لَا اِلٰہَ مَوْجُوْدٌ اِلَّا اللّٰہُ اِنْتَھٰی ۔

اسی طرح تحقیق مذکورہ سے دفع ہو گیا قول مولانا جامی قدس سرہٗ کا کہ حذف کی جاتی ہے خبر لائے نفی جنس کی اکثر جبکہ ہو خبر افعال عام میں سے جیسے لفظ موجود اور لفظ حاصل لدلالت نفی کے اس پر دلالت کرنے کی وجہ سے جیسے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یعنی لَا اِلٰہَ مَوْجُوْدٌ اِلَّا اللّٰہُ نہیں ہے کوئی معبود موجود سوائے اللہ کے ۔

وَجْہُ الْاِنْدِفَاعِ مَا قَدْ عَرَفْتَ فِی الْوَصْلِ الرَّابِعِ تَفْصِیْلًا۔ فَالصَّحِیْحُ فِی الْمِثَالِ الْمَحْذُوْفِ عَامًّا۔ لَا خَیْرَ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰھُمْ وَخَاصًّا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لٰکِنْ لَا لِدَلَالَۃِ النَّفْیِ عَلَیْہِ بَلْ لِدَلَالَۃِ الْقَرِیْنَۃِ عَلَیْہِ وَھِیَ زَعْمُ الْمُخَاطَبِ الْعَکْسِ ۔

مولانا جامی قدس سرہٗ کے اس قول کے دفع ہونے کی وجہ وہی ہے جس کو تم تفصیل کے وصل چہارم میں معلوم کر چکے ہو۔ کہ حذف کر دینا خبر کو افعال عامہ میں اور دلالت نفی کو اس کا قرینہ کہنا غلط ہے۔ پس صحیح مثال محذوف میں جو عام ہو اللہ تعالےٰ کا یہ قول ہے۔ لَا خَیْرَ فِیْ کَثِیْرٍ مِّنْ نَّجْوٰھُمْ یعنے اون کے بہت

---

[1] مانا کہ استثنا مفرغ ہے تب بھی مطلب یہ ہوگا نہیں کوئی معبود واقع میں غیر خدا پس مشرکین جو متعدد معبودوں کے قائل ہیں۔ باطل ہے۔ اور اسی وجہ سے ان کو خدا نے مشرکین کہا ہے۔ اور اہل توحید سوائے کلمہ توحید ایک ہی معبود کے قائل ہیں پس عینیت کا زعم تب بھی باطل ہی رہا۔ فافہم ۔

(مترجم)

سے مشوروں میں بہتری نہیں ہے۔ اور مثال اُس محذوف کی جو خاص ہو۔ خدای تعالےٰ کا قول لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے لیکن تعیین کرنا عام اور خاص کا خبر لا میں نفی کی دلالت کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ محذوف پر قرینہ کی دلالت ہے۔ اور وہ قرینہ مفرغ میں مخاطب کا گمان ہے۔ چنانچہ اس کی تحقیق دلائل اور براہین کے ساتھ وصل سوم اور چہارم میں گذر چکی ہے ؛

وَمِمَّا یُتَعَجَّبُ مِنْہُ مَا وَقَعَ لِبَعْضِ الْعُلَمَاءِ شَرْقًا وَغَرْبًا نَفْسًا وَآبًا وَجَدًّا اَغْنِیْ مَوْلَانَا عَبْدَ الْعَلِیِّ مُحَمَّدًا مَتَّعَ اللّٰہُ الْمُسْلِمِیْنَ بِمَزِیْدِ لِقَائِہٖ وَقُدِّسَتْ اِسْرَارُ اٰبَائِہٖ فِیْ رِسَالَتِہٖ فِی التَّوْحِیْدِ حَیْثُ قَالَ وَسَیِّدُ الطَّائِفَۃِ جُنَیْدُ بَغْدَادِیْ قُدِّسَ سِرُّہٗ فرمودند کہ عِلْمُنَا ھٰذَا مُقَیَّدٌ بِالْکِتَابِ وَالسُّنَّۃِ ؛

نہایت تعجب اس کلام سے ہے۔ جو واقع ہوا ہے ایسی ذات سے جو سرار ہے علماء کے شرق سے غرب تک اپنے اباو اجداد اور اپنی ذات کی رُو سے یعنی مولانا عبد العلی محمد نفع مند کرے اللہ تعالےٰ مسلمانوں کو اُن کی درازی عمر سے۔ رسالہ توحید میں جس جگہ کہ کہا انہوں نے کہ سردار طائفہ صوفیہ کرام جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے پاک کرے اللہ ان کے بھید کو کہا ہے کہ یہ علم ہمارا مقید ہے کتاب اور سنت کے ساتھ ؛

یعنے علم ما مردم کہ صوفیہ ایم ازیں کہ از کشف حاصل است مقید بکتاب وسنت است وکتاب وسنت مؤید اوست وتائید کتاب وسنت ظاہر است ازاں جملہ کلمۂ توحید لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ است۔ چہ معنی تنہا در بلا تاویل آنست کہ ہیچ الہ موجود نیست مگر اللہ پس ازاں لازم است کہ ہر چیز الہ ہست عین اللہ است والہ عبادت از معبود است ومعبود در لغت عبارت است از انکہ پیش وی کسی متذلل شود ونیست موجودے کہ پیش وے موجود آخر متذلل نیست۔ پس لازم آید کہ ہر موجود عین اللہ ہست۔ کہ در وے ظاہر است۔ اگر عاید از راہِ حماقت نداند ومتکلمان در کلمہ توحید تاویل میکنند بایں وجہ کہ نیست الہ حق کہ شرع اجازت دادہ باشد بعبادت آں موجود مگر اللہ۔ پس اگر الہ باطل کہ شرع اجازت نداده است بعبادت آں موجود باشد مضائقہ ندارد۔ ونفہمیدہ اند کہ ایں تاویل بعید محض است عبارت برآں دلالت ندارد خصوص در بدوِ خطاب ؛

اُنْتَهٰى وَجْهُ التَّعَجُّبِ اَنَّهٗ عَلٰى تَقْدِيْرِ مَوْجُوْدٍ لَا يَلْزَمُ الْعَيْنِيَّةُ بَيْنَهٗ سُبْحَانَهٗ وَبَيْنَ الْاِلٰهِ كَمَا يُفْهَمُ مِنْ قَوْلِهٖ كہ معنی متبادر بلا تاویل آنست الخ اِذْ لَا فَرْقَ بَيْنَ لَا اِلٰهَ مَوْجُوْدٌ اِلَّا اللّٰهُ وَبَيْنَ كُلُّ اِلٰهٍ مَعْدُوْمٌ اِلَّا اللّٰهُ۔ فَاِنَّهٗ يُفْهَمُ مِنْ كُلِّ اِلٰهٍ مَعْدُوْمٌ عَدَمًا مَحْضًا وَاَنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ مَوْجُوْدٌ بِوُجُوْدٍ مَحْضٍ فَلَا يُفْهَمُ الْعَيْنِيَّةُ بَيْنَهُمَا ؕ

یعنی علم ہماری جماعتِ صوفیہ کا جو کشف سے حاصل ہوا ہے کتاب اور سنت کے ساتھ مقید ہے۔ کتاب و سنت اس کی تائید کرنے والی ہیں۔ کتاب اور سنت کی تائید ظاہر ہے منجملہ ازاں کلمہ توحید لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ہے۔ کیونکہ معنی ظاہر بلا تاویل یہ ہے۔ کہ کوئی معبود نہیں ہے سوائے اللہ کے پس اس معنی سے لازم آتا ہے کہ جو چیز الٰہ ہو وہ عین اللہ ہے اور الٰہ عبارت معبود سے ہے معبود لغت میں وہ ذات ہے کہ جس کے سامنے کوئی شخص متذلل ہو۔ اور کوئی موجود ایسا نہیں ہے کہ جس کے سامنے دوسرا موجود متذلل نہ ہوتا ہو پس لازم آیا کہ ہر موجود عین اللہ ہے کہ اس موجود میں ظاہر ہو رہا ہے۔ اگرچہ عبادت کرنے والا حقائق کی وجہ سے بے خبر ہے۔ متکلمین کلمہ توحید میں اس طرح سے تاویل کرتے ہیں۔ کہ نہیں ہے کوئی معبود حق موجود حس کی عبادت کا شرع نے حکم دیا ہو پس اگر معبود باطل جس کی عبادت کا شریعت نے حکم نہیں دیا ہے۔ موجود ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اتنا نہیں سمجھتے کہ یہ تاویل بعید محض ہے۔ عبارت کلمہ اس پر دلالت نہیں کرتی خصوصاً ابتدا کلام میں ؕ

مولانا بحر العلوم کے اس قول پر تعجب کی وجہ یہ ہے کہ موجود کے مقدر کرنے کی صورت میں۔ خدائے پاک اور معبود میں عینیت لازم نہیں آتی۔ جیسا کہ مولانا کے اس قول (معنی متبادر بلا تاویل الخ) سے سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے کہ کوئی فرق (لا الہ موجود الا اللہ) میں اور (کل الہ معدوم الا اللہ) میں نہیں ہے۔ کیونکہ ہر قضیہ سے یہ سمجھا جاتا ہے۔ کہ ہر معبود عدم محض کے ساتھ معدوم ہے۔ اور خدائے پاک وجود محض کے ساتھ موجود ہے۔ اس لئے ان دونوں قضیوں سے عینیت مفہوم نہیں ہوتی ؕ

وَاَيْضًا لَوْ كَانَتِ الْعَيْنِيَّةُ مَفْهُوْمَةً مِنْ تَقْدِيْرِ مَوْجُوْدٍ

لَا دْرَكَ الْاَكَابِرُ السَّلَفُ وَاَرْتَفَعَتِ الْمُنَازَعَةُ بَيْنَ اَهْلِ التَّوْحِيدِ وَبَيْنَ مُنْكِرِيهِ ۝

نیز عینیت اگر موجود کے مقدر کرنے سے مفہوم ہوتی ہے تو اکابر سلف ضرور اس کا ادراک کرتے اور وہ اختلاف اور جھگڑا جو اہل توحید اور منکران توحید میں پیدا ہوا ہے۔ اُٹھ جاتا ۔

خلاصہ اس تعجب کا یہ ہے۔ کہ مولانا بحر العلوم نے باوجود خدائی پاک اور ہر معبود میں عینیت تسلیم کرنے کے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں موجود مقدر فرمایا ہے۔ جیسا کہ علما مفرقین تسلیم کرتے ہیں۔ باوجودیکہ عینیت کی معنی خبر کی جگہ پر غیر اللہ کے مقدر کرنے کے سوا درست نہیں ہو سکتے اور جو تاویل اور تکلف علما ظواہر نے کلمہ طیبہ میں کیا ہے اور کر چکے ہیں۔ منشا ان سب کا موجود مقدر کرنا ہے ۔

وَمَا قَالَ والہ عبارت ہست از معبود الخ، مَا قَالَ پس لازم آمد کہ ہر موجود عین اللہ است الخ فَهُوَ تَوْجِيهٌ وَجِيهٌ لِثُبُوتِ الْعَيْنِيَّةِ بَيْنَهُ تَعَالٰى وَبَيْنَ جَمِيعِ الْاَشْيَاءِ لٰكِنْ يَتَّجِهُ عَلَيْهِ مَحْذُورَانِ ۝

مولانا بحر العلوم کا یہ فرمانا۔ کہ الہ عبارت ہے معبود سے۔ اور معبود لغت میں وہ ذات ہے۔ کہ جس کے سامنے کوئی شخص تذلل کرے۔ اور کوئی موجود ایسا نہیں ہے۔ کہ جس کے سامنے دوسرا موجود متذلل نہ ہو۔ اس لئے لازم آیا۔ کہ ہر موجود عین اللہ ہے ۔

اس میں شک نہیں کہ خدائی پاک اور تمام چیزوں میں عینیت ثابت کرنے کے لئے یہ توجیہ بہت اچھی ہے۔ لیکن اس توجیہ پر دو اعتراض پیدا ہوتے ہیں ۔

اَلْاَوَّلُ۔ اَنَّ مَا قَالَ فِي مَعْنَى الْاِلٰهِ لَازِمٌ مَعْنَاهُ دُوْنَ الْمَدْلُوْلِ اللُّغَوِيِّ اِذِ الْمَدْلُوْلُ اللُّغَوِيُّ هُوَ الْاِشْتِرَاكُ اللَّفْظِيُّ بَيْنَ الْمَعْنَيَيْنِ اَيِ الْوَاجِبِ وَالْمُمْكِنِ الْمَوْجُوْدِ الْمَعْبُوْدِ وَمَا حُقِّقَ سَابِقًا يَرُدُّ عَلَيْهِ ۝

پہلا اعتراض یہ ہے کہ مولانائی ممدوح نے الہ کی معنی جو بیان کئے ہیں وہ معنی لازمی ہیں۔ الہ کے مدلول لغوی نہیں ہیں۔ کیونکہ مدلول لغوی الہ کا مشترک لفظی ہے وہ معنی میں پہلا واجب اور دوسرا ممکن موجود معبود۔ یہ معنی پہلے ثابت کئے جا چکے ہیں۔ ان دلائل

کے ساتھ جن سے زیادہ ممکن نہیں ہیں +

وَالثَّانِیْ اَنَّ ھٰذَا التَّوْجِیْہَ لَا یُدْرَکُ اِلَّا بِدِقَّۃِ النَّظَرِ وَمَا ھُوَ الْمُدْرَکُ بِدِقَّۃِ النَّظَرِ لَیْسَ مُلَائِمًا لِلْخِطَابِ کَالتَّاوِیْلِ ۵

دوسرا اعتراض یہ ہے کہ توجیہ مذکورہ کی معنی نہیں معلوم ہو سکتے ہیں مگر باریکی نظر کے بعد۔ اور جو چیز کہ گہری غور و فکر کے بعد معلوم کی جائے وہ آغاز خطاب کے لایق نہیں ہے +

لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی۔ ھُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ فَالْاُمِّیُّوْنَ کَیْفَ یُدْرِکُوْنَ مَا لَا یُدْرَکُ اِلَّا بِدِقَّۃِ النَّظَرِ ۵

کیونکہ خدا تعالےٰ نے فرمایا ہے (خدا نے مبعوث فرمایا امیوں میں ایک رسول کو انہیں میں سے) پس ان پڑھ قوم کیونکر معلوم کر سکتی ہے ایسی چیز کو جو گہرے غور اور فکر کے بعد دریافت کی جا سکتی ہے +

خلاصہ کلام یہ ہے کہ ارادہ الٰہی میں تبلیغ اور احکام کے آسان کرنے کا انعام اور احسان ایسی قوم کے لئے جو اُمّی اور ناخواندہ تھی ابتدا وہی سے ملحوظ تھا تاکہ مخلوق کو جہالت اور خالق کے وقت خطاب کا عذر باقی نہ رہے۔ اس لئے رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو ظاہر میں اُمّی اور ناخواندہ مبعوث فرمایا۔ ورنہ شان پاک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ تھی ؎

خالی و بر اوج عرش منزل　　اُمّی و کتاب خانہ در دل

ترجمہ　　خالی ہے اور عرش پر ٹھکانہ
امی اور دل کتاب خانہ

فَالتَّوْجِیْہُ لِثُبُوْتِ الْعَیْنِیَّۃِ بَیْنَہٗ سُبْحَانَہٗ وَبَیْنَ جَمِیْعِ الْاَشْیَاءِ ھُوَ دَلَالَتُ الْحُکْمِ اِذْ کُلُّ وَاحِدٍ یَعْلَمُ اَنَّ الْاٰلِھَۃَ وَغَیْرَھُمْ مِنَ الْمَخْلُوْقِ کُلٌّ مُتَسَاوِیَۃُ الْاَقْدَامِ فِی الْمَخْلُوْقِیَّۃِ وَالْاِمْکَانِ الْخَاصِّ فَاِذَا عُلِمَ الْعَیْنِیَّۃُ بَیْنَہٗ

سُبْحَانَہٗ وَبَیْنَ الْاٰلِھَۃِ بِعِبَارَۃِ الْمُحْکَمِ عُلِمَ الْعَیْنِیَّۃُ بَیْنَہٗ تَعَالٰی وَبَیْنَ سَائِرِ الْاَشْیَاءِ بِدَلَالَۃِ النَّصِّ فِی الْمُحْکَمِ ۵

رئیس العلماء کی توجیہ کے مخدوش ہونے کے بعد۔ وہ توجیہ جو خدائی پاک اور تمام اشیاء میں عینیت ثابت کرنے کے لئے خلل سے محفوظ ہو کلمہ طیبہ کی دلالت محکم ہے۔ اس لئے کہ ہر شخص جانتا ہے کہ تمام معبود اور تمام اشیاء صفت مخلوقیت اور امکان خاص میں مساوی ہیں۔ پس جب کہ عینیت خدائی پاک اور معبودان ممکن بین۔ عبارت محکم سے معلوم ہو گئی۔ تو خدائی پاک اور تمام اشیاء میں بھی دلالۃ النص سے ثابت ہو گئی ۔

وَاَیْضًا بَطَلَ مَا قَالَ الشَّیْخُ مُحِبُّ اللّٰہِ اِلٰہ اٰبَادِیُّ فِی اِثْبَاتِ الْعَیْنِیَّۃِ بَیْنَہٗ سُبْحَانَہٗ وَبَیْنَ جَمِیْعِ الْاَشْیَاءِ مِنْ اَنَّ الْمُرَادَ بِالْاِلٰہِ ھُوَ الْمَوْجُوْدُ بِعَلَاقَۃِ اَنَّ الْاِلٰہَ لَا بُدَّ اَنْ یَّکُوْنَ مَوْجُوْدًا فَذُکِرَ الْمَلْزُوْمُ اَعْنِی الْاِلٰہَ وَاُرِیْدَ اللَّازِمُ وَھُوَ الْمَوْجُوْدُ فَیَکُوْنُ مَعْنٰی قَوْلِنَا۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ ۵

نیز تحقیق مذکور سے باطل ہو گیا جو کچھ کہ کہا شیخ محب اللہ الہ آبادی قدس سرہٗ نے۔ تمام اشیاء اور خدائی پاک میں عینیت ثابت کرنے کے لئے۔ کہ کلمہ طیبہ میں الہ سے مراد موجود ہے۔ اس قرینہ سے کہ معبود کے لئے وجود ضروری ہے۔ پس اگر ملزوم الہ ذکر کیا جائے اور اس سے لازم موجود مراد لی جائے۔ تو خلاصہ کلمہ طیبہ یہ ہو گا۔ کہ کوئی موجود سوائے خدا کے نہیں ہے۔ یعنی ہر موجود عین خدا ہے۔ اس کا غیر نہیں ہے ۔

وَجْہُ الْبُطْلَانِ اَنَّہٗ یَلْزَمُ الْمَجَازُ وَالتَّاوِیْلُ فِی الْمُحْکَمِ وَھُوَ یَاْبٰی عَنْہُ۔ وَاَیْضًا یَلْزَمُ التَّاوِیْلُ فِی بَدْءِ الْخِطَابِ وَھُوَ مُخِلٌّ لِلْبَلَاغَۃِ ۵

(شاہ محب اللہ قدس سرہٗ کے اس قول کے) باطل ہونے کی وجہ یہ ہے۔ کہ مجاز اور تاویل لازم آئیگی محکم میں۔ حالانکہ محکم تاویل۔ اور استعمال مجاز کے قبول کرنے سے انکار کرتا ہے۔ نیز ابتداء خطاب میں تاویل لازم آجائیگی۔ حالانکہ یہ معنی مخل بلاغت ہیں ۔

خلاصہ کلام یہ ہے۔ کہ لفظ الہ اپنے معنی حقیقی واجب و ممکن معبودیں

مستعمل ہے۔ نہ موجود مطلق میں۔ جو معنی مطابقی کا لازم ہے۔ اور اس کا استعمال مجاز اور تاویل کی وجہ سے ہے جو قریب بکفر ہے +

وَكَذَا اسْقَطَ مَا قَالَ الْعَلَّامَةُ مَحْمُوْدُ الْجُوْنْفُوْرِيُّ فِيْ رِسَالَتِهٖ فِيْ اِنْكَارِ تَوْحِيْدِ الْخَوَاصِّ اَنَّ كَلَامَ الْكُبَرَاءِ سُبْحَانِيْ مَا اَعْظَمَ شَانِيْ وَ اَمْثَالُهٗ مَحْمُوْلٌ عَلَى السُّكْرِ وَ غَلَبَةِ الْحَالِ لَا عَلَى الْحَقِيْقَةِ اِنْتَهٰى ۞

ایسے ہی (تحقیق مذکور سے) ساقط ہوگیا جو کچھ کہ کہا ہے علامہ محمود جونپوری صاحب شمس بازغہ نے توحید خواص کا انکار کرتے ہوئے۔ کہ کلام اکابر صوفیہ کا۔ جیسے سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمَ شَانِیْ اور مثل اس کے محمول ہے۔ حالت سُکر اور غلبہ حال یعنے فنای قلبی پر۔ نہ حقیقت توحید پر۔ تمام ہوگیا قول علامہ جونپوری کا +

وَجْهُ السُّقُوْطِ اَنَّ اِبْهَامَ الْقَصْرِ الْمَفْهُوْمِ مِنْ كَلَامِهِمْ مَحْمُوْلٌ عَلَى السُّكْرِ وَ غَلَبَةِ الْحَالِ۔ وَ اَمَّا مَعَ قَطْعِ النَّظَرِ مِنْ اَمْرِ اِبْهَامٍ فَهُوَ مَحْمُوْلٌ عَلَى الْحَقِيْقَةِ كَمَا لَا يَخْفٰى وَ لَا يَلْزَمُ اِنْكَارُ الْمُحْكَمِ مِنَ الْكِتَابِ الْمَجِيْدِ ۞

علامہ کا قول ساقط ہونے کی وجہ یہ ہے۔ کہ شبہ ذات پاک کے بند ہو جانے کا ذات قائل میں سکر اور غلبہ حال پر محمول ہے۔ لیکن بمعنی اس کلام کے یعنی عینیت وہ اپنی حقیقت پر محمول ہے۔ چنانچہ پوشیدہ نہیں ہے۔ اگر عینیت مذکورہ محمول حقیقت پر نہ ہو تو لازم آئیگا انکار محکم کا یعنے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ۔ اور اور دوسری آیات کلام مجید کا جو موافق کلمہ طیبہ کے ہیں۔ کیونکہ تحقیقات سابقہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ مفاد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا عینیت ہے۔ خدای پاک کی تمام اشیاء کے ساتھ +

حاصل یہ ہے کہ کلام بعض اکابر صوفیہ کا جیسے سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمَ شَانِیْ دو معنی کا احتمال رکھتا ہے +

ایک یہ کہ پاکی ہے میرے لئے کتنی بزرگ ہے میری شان۔ یعنی قائل اس قول میں اپنی ذات کو اٹھا لیتا ہے۔ اور متکلم اس کلام کا خدائی پاک کو سمجھتا ہے۔ یہ کلام حقیقت پر محمول ہے۔ قائل پر مواخذہ نہیں +

دوسرے معنی یہ ہیں کہ قائل قول مذکورہ میں اپنے کو خدا اور دوسرے کو غیر خدا خیال کرے۔ تو صدور اس معنی کا اگر حالت سکر میں ہے۔ تو کہنے والا معذور اور مغفور ہے ورنہ مجرم اور ماخوذ ہے۔

وَقِيسَ عَلَيْهِ قَوْلُ مُعَاصِرِهٖ شَيْخُ الْاِسْلَامِ عَبْدُ السَّلَامِ بِاَنَّ كَلَامَ الصُّوْفِيَّةِ لَهٗ مَحَامِلُ وَتَاوِيْلَاتٌ وَاِلَّا فَكُفْرٌ ظَاهِرٌ ۞

علامہ محمود کے قول کا جو جواب ہم نے دیا ہے۔ یہی جواب علامۂ موصوف کے ہمعصر شیخ الاسلام عبد السلام کے اس قول کا ہے کہ کلام صوفیہ کے لئے بہت سے محمل اور تاویلات ہیں۔ اگر کوئی محمل اور تاویل نہ ہو سکے تو قائل کا کفر ظاہر ہی ہوگا۔

وَقِيسَ عَلَيْهِ طَعْنُ الشَّيْخِ الْمُحَدِّثِ عَلَى الْقَارِيْ فِيْ شَرْحِهٖ لِعَيْنِ الْعِلْمِ وَغَيْرِهٖ مِنْ كُتُبِهٖ عَلٰى قِبْلَةِ اَهْلِ الْحَقَائِقِ مُحْيِ الدِّيْنِ فِيْ مَا ذَهَبَ اِلَى الْعَيْنِيَّةِ ۞

جن وجوہات کی بنا پر شیخ الاسلام کا قول رد کیا گیا۔ انہیں وجوہات کی بنا پر ملا علی قاری محدث کا قول جو شرح عین العلم میں اور دوسری تصانیف میں۔ قبلہ اہل حقائق محی الدین ابن عربی کے مذہب عینیت پر کیا گیا ہے ساقط کیا جائیگا کیونکہ مذہب عینیت شریعت کے موافق اور معنی کلمہ طیبہ کے مطابق ہے۔

وَكَذَا سَقَطَ مَا قَالَ السَّيِّدُ الْبَاقِرُ الْمَشْهُوْرُ بِالدَّامَادِ فِيْ كِتَابِهٖ مِنْ اَنَّ الْعَيْنِيَّةَ خِلَافُ الْبَدَاهَةِ۔ وَالْجَوَابُ نَعَمْ خِلَافُ الْبَدَاهَةِ لٰكِنَّ بَدَاهَةَ الْوَهْمِ لَا الْعَقْلِ الصَّافِيْ وَاِلَّا لَمَا جَاءَ الْاَنْبِيَاءُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ بِقَوْلِهِمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۞

ایسے ہی تحقیق مذکور سے ساقط ہو گیا جو کچھ کہا سید باقر نے جو مشہور ہیں میر باقر داماد کے لقب سے) اپنی تصانیف میں۔ کہ عینیت خدا ئی پاک کی اشیاء کے ساتھ خلاف بداہت ہے۔

جواب اس قول کا یہ ہے۔ کہ بیشک مذہب عینیت بداہت وہم

ہیں خلاف بداہت ہے مگر عقل سلیم کی بداہت میں خلاف نہیں۔ بلکہ عقل سلیم کے موافق ہے۔ اگر عینیت عقل سلیم کی بداہت کے مخالف ہوتی تو پیغمبران علیہ السلام اس مذہب کو اپنے قول لا الٰہ الا اللہ میں نہ بیان کرتے ؛

وَهٰذِهِ الْاَقْوَالُ كُلُّهَا لِلْاَكَابِرِ مِنَ الْعُلَمَاءِ ؕ

یہ تمام اقوال جو بیان کئے گئے۔ اکابر علماء کے ہیں۔ جو کلمہ طیبہ کے معنی واقعی نہ سمجھنے کی وجہ سے اُن تمام مشکلات میں پڑتے چلے گئے۔ جن کا بیان اوپر گذر چکا ہے ؛

وَلَقَدْ اَسْقَطَ طَعْنُ شَيْخِ السَّمْنَانِيِّ عَلٰى قَوْلِ شَيْخِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ قُدِّسَ سِرُّهٗ فِي الْفُتُوحَاتِ الْمَكِّيَّةِ فَسُبْحَانَ مَنْ اَظْهَرَ الْاَشْيَاءَ۔ وَهُوَ عَيْنُهَا بِقَوْلِهٖ۔ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ اَيُّهَا الْمُسْلِمُ لَوْ سَمِعْتَ مِنْ اَحَدٍ اَنْ يَقُوْلَ فَضْلَةُ الشَّيْخِ عَيْنُ وُجُوْدِ الشَّيْخِ لَا تُسَامِحْهُ الْبَتَّةَ بَلْ تَغْضَبُ عَلَيْهِ فَكَيْفَ يَسُوْغُ لِعَاقِلٍ اَنْ يَنْسِبَ هٰذِهِ الْهِذْيَانَاتِ اِلَى اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ فَتُتُبْ اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَصُوْحًا لِتَنْجُوَ مِنْ هٰذِهِ الْوَرْطَةِ الْوَعْرَةِ الَّتِيْ يَسْتَنْكِفُ مِنْهَا الدَّهْرِيُّوْنَ وَالطَّبِيْعِيُّوْنَ وَالْيُوْنَانِيُّوْنَ وَالشُّكْمَانِيُّوْنَ وَالسَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى اِنْتَهٰى ؕ

ایسے ہی ساقط ہو گیا طعن شیخ علاء الدولہ سمنانی کا جو مشارق اور مغارب کے شیخ۔ شیخ اکبر (پاک کرے اللہ اس کے بھید کو) کی تصنیف فتوحات مکیہ کے اس قول پر رکہ تسبیح کرتا ہوں ایسی ذات کی جس نے ظاہر کیا اشیاء کو اور وہ عین اشیاء ہے اکیا ہے کہ بے شک خدا شرم نہیں کرتا ہے حق بات سے۔ اے تسبیح کرنے والے اگر تو سنے کسی شخص سے۔ کہ شیخ کا فضلہ اور نجاست عین شیخ ہے۔ تو تو ہرگز رعایت نہیں کریگا۔ اور یقیناً اس پر غصہ ہوگا۔ پس کیونکر جائز ہو سکتا ہے کسی عقلمند کے لئے اکہ ایسی بیہودگیوں کی نسبت خدائی پاک کیطرف نسبت کرے۔ اس لئے توبہ کر خدا کی طرف متوجہ ہو کر سچی توبہ تاکہ نجات پائے تو اس سخت گرداب سے کہ شرم کرتے ہیں اس کے بیان کرنے سے۔ دہری اور طبعی اور یونانی اور شکمانی۔ سلام ہو۔ اُس شخص پر جو تابع راہ ہے سیدہے راستہ کا۔ تمام ہو گیا طعن علاؤ الدولہ کا شیخ اکبر پر۔ پاک کرے اللہ تعالیٰ

اُن دونوں کے اسرار کو۔

فَالْجَوَابُ اَنَّهَا هِذْيَانَاتٌ عِنْدَ مَنْ هُوَ اَهْلُهَا وَلَا فَالْعَيْنِيَّةُ يُوَافِقُ الْمُحْكَمَ مِنَ الْكِتَابِ الْمَجِيْدِ وَاَصْلَ الشَّرِيْعَةِ وَهُوَ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) عَلٰى مَا عَرَفْتَ سَابِقًا۔

جواب اس طعن کا یہ ہے کہ مذکورہ اقوال بے شک بیہودہ بکواس ہیں۔ اُس کے نزدیک جو اس ہذیانات کا اہل ہے۔ ورنہ عینیت جو شیخ اکبر کا مذہب ہے قرآن مجید کی آیات محکمہ کے موافق ہے۔ اس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے۔

وَاَمَّا قَوْلُهٗ يَسْتَنْكِفُ مِنْهُ الدَّهْرِيُّوْنَ الخ فَهُوَ حَقٌّ كَمَا قَالَ فَاِنَّهُمْ كَالْجُعَلِ وَمَا جَاءَ بِهِ الْاَنْبِيَاءُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ مِنَ الْعَيْنِيَّةِ الْمَفْهُوْمَةِ مِنْ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) كَمَاءِ الْوَرْدِ الْخَالِصِ كَمَا يَشْعُرُ بِهٖ لَقَبُهٗ بِالْكَلِمَةِ الطَّيِّبَةِ فَكَيْفَ لَا يَسْتَنْكِفُوْنَ مِنَ الطَّيِّبِ فَاِنَّهٗ هَلَاكُهُمْ عَلٰى مَا هُوَ الْمَعْرُوْفُ ۵

شیخ علاؤ الدولہ سمنانی کا یہ کہنا کہ اس قول سے دہری اور طبعی وغیرہ شرم کرتے ہیں الخ بے شک صحیح ہے۔ کیونکہ یہ باطلہ فرقے جُعل کی طرح ہیں۔ اور جُعل اس کیڑے کا نام ہے۔ جو گلاب کی خوشبو سے ہلاک ہو جاتا ہے۔ اور اس کو گبریلا کہتے ہیں۔ انبیاء کرام نے جس عینیت کو بیان کیا ہے۔ کہ وہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا مفہوم ہے۔ وہ گلاب خالص کی طرح ہے۔ کلمہ توحید کا نام کلمہ طیبہ رکھنا اسی امر کی طرف اشارہ ہے۔ پس دہری جو جُعل کی طرح ہیں۔ کیونکر کلمہ طیبہ کی خوشبو سے ہلاک نہ ہوں۔ خوشبو ہی اُن کی ہلاکی کا سبب ہے۔

لٰكِنْ لَا يَخْفٰى اَنَّ هٰذَا الشَّيْخَ السَّمْنَانِيَّ قَدْ تَابَ عِنْدَ نَزْعِهٖ اِلٰى مَا هُوَ الْحَقُّ عِنْدَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَاَرْشَدَ تَلْمِيْذَهُ الْخَاصَّ اِلَى الْعَيْنِيَّةِ كَمَا نَقَلَ الشَّيْخُ مُحِبُّ اللّٰهِ اِلٰهَ اٰبَادِيْ فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ ۵

پوشیدہ نہ رہے۔ کہ اسی شیخ سمنانی نے نزع کے وقت اس مذہب سے توبہ کر لی تھی۔ اور مذہب عینیت کی طرف جو خدائے سبحانہ کے نزدیک حق ہے

رجوع کرلیا تھا۔ اور رہنمائی کی اپنے شاگرد خاص کو عینیت کی طرف۔ جیسا کہ شیخ محب اللہ الہ آبادی نے اس کو اپنی کتاب عبادات خواص میں نقل کیا ہے۔ شکر ہے اللہ تعالیٰ کا کہ یہ نعمت شیخ سمنانی اور ان کے شاگرد کو بھی نصیب ہوئی +

وَلَمَّا اسْقَطَ طَعْنُ الشَّيْخِ الْمُجَدِّدِ الْاَلْفِ الثَّانِيْ عَلَى الْفُقَرَاءِ خُصُوْصًا مِنْهُمُ الشَّيْخُ مُحْيِ الدِّيْنِ الْعَرَبِيُّ وَالشَّيْخُ الْعَطَّارِيُّ الشُّطَّارِيُّ مُحَمَّدٌ غَوْثُ اللَّوَالِيَارِيُّ بِقَوْلِهٖ ۵

ہماری اس تحقیق سے شیخ مجدد الف ثانی کا طعن بھی فقراء سے دور ہوگیا۔ بالخصوص وہ طعن جو شیخ اکبر محی الدین بن العربی اور شیخ عطاری شطاری محمد غوث گوالیاری پر کیا گیا ہے۔ کہ

این فقراء بے سروپا چہ رسد کہ مخالفت شریعت غرا نمایند غیر از انکہ خود را خراب نمائند و بداغ الحاد و زندقہ متہم گردند اخرہ مَا قَالَ فِيْ رِسَالَتِهٖ حَقِّ الشَّيْخُ الْعَطَّارِيُّ الشَّطَّارِيُّ مِنْ قَوْلِهٖ و در آخر آں کتاب مستزاد می آرد و تقلید شیخ عطار و مولوی قدس سرہما در توحید وجودی می نماید و مستزاد می نویسد کہ ہم خود شیطان شد نعوذ باللہ منہا سُبْحَانَهٗ عَنْ قُبْحِ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ حَقٌّ سُبْحَانَهٗ تَعَالٰی را باطلاق ایں قسم جایز می دارد حق سبحانہ تعالےٰ را در شرع خالق کل شی گویند خالق النجس و خالق القاذورۃ جائز نداشتہ اند امثال ایں سخناں را اگر کسے در عبارت او تفحص نماید بسیار پیدا شوند اما قلیل را بر کثیر دلالت است مصرع

سالے کہ نکو است از بہارش پیدا است

یعنی ظاہر بہار سے ہے ہر سال کی بھلائی

و سخنی چند از سخنان فاسدۂ او دریں رسالہ آوردہ شد تا مردم بر شناعت کار او مطلع شوند و بہ تقلید در زمرۂ اہل الحاد نہ در آیند و اگر باوجود آں تقلیدش بجہالت پیش گیرند حجت بر آنہا تمام شدہ باشد انتہیٰ۔ فَالْجَوَابُ اَنَّهٗ اِنْ اَرَادَ بِقَوْلِهٖ کہ مخالفت شریعت غرا می نمایند الخ اَنَّ التَّوْحِيْدَ وَالْعَيْنِيَّةَ كَمَا عَلَيْهِ

---

۵ حضرت شیخ مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے سلسلہ میں آپ من بعد مرید ہوگئے اور توحید شہودی سے مشرف ہوئے جس کی تفصیل دیباچہ مترجم میں مذکور ہے ۱۲ +

الْفُقَرَاءُ مُخَالِفٌ لِلشَّرِيعَةِ فَهٰذَا الطَّعْنُ كَطَعْنِ اَبِیْ جَهْلٍ وَاَحْزَابِهٖ مِنْ قُرَيْشٍ بِقَوْلِهِمْ ضَلَّ صَاحِبُنَا وَغَوٰى وَاَجْعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَاحِدًا الخ علیٰ قَوْلِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كَمَا عَرَفْتَ سَابِقًا بِالتَّفْصِيْلِ ۵

ان بے سر و پا فقیروں کو کیا ہو گیا ہے۔ جو شریعت روشن کی مخالفت کرتے ہیں۔ علاوہ ازیں وہ خود کو خراب کرتے ہیں اور الحاد و زندقہ کے داغ سے متہم ہوتے ہیں۔ اپنی کتاب میں شیخ عطاری شطاری کے حق میں فرماتے ہیں۔ کہ اس کتاب کے آخر میں نتراد لکھتا ہے اور توحید وجودی کے مسلک میں شیخ عطار اور مولوی رومی قدس سرہما کی تقلید کرتا ہے اور مستزاد لکھتا ہے کہ خود بھی شیطان ہو گیا۔ (ہم خدائی پاک سے اس کلمہ کی برائیوں سے پناہ چاہتے ہیں) حق سبحانہ تعالےٰ پر اس قسم کا اطلاق جائز رکھتا ہے شریعت کی زبان میں خدائی تعالےٰ کو ہر شے کا پیدا کرنے والا کہتے ہیں نجاست اور غلاظت کا پیدا کرنے والا کہنا جائز نہیں ہے اس قسم کی باتیں اگر اس کی کتابوں میں کوئی تلاش کرے تو بہت سی ملجائینگی لیکن تھوڑی کی بہت پر دلالت ہوا کرتی ہے۔ مصرع

سالے کہ نکو است از بہارش پیداست

یعنی ؎ ظاہر بہار سے ہے ہر سال کی بھلائی

چند باتیں اس کے فاسد کلاموں میں سے اس رسالہ میں بیان کی گئیں۔ تاکہ لوگ اُس کے کلام کی برائی پر مطلع ہو جائیں۔ اور اہل الحاد و زندقہ کی پیروی نہ کریں۔ اگر باوجود اس کے اپنی حماقت سے اُن کی پیروی کریں تو اُن پر حجت شرعی ختم ہو جائیگی (ختم ہو گیا کلام حضرت مجدد الف ثانی رحم اللہ کا)۔

جواب اس طعن کا یہ ہے کہ اگر حضرت مجدد رحمۃ اللہ علیہ کی مراد اس قول سے کہ مخالفت شریعت روشن کی کرتے ہیں الخ یہ ہے کہ توحید اور عینیت جو فقراء موحدین کا مذہب ہے۔ مخالف شریعت ہے تو یہ طعن شیخ ممدوح کا ایسا ہی ہے۔ جیسا کہ ابوجہل اور اس کی جماعت قریش اپنے طعن میں کہا کرتے تھے۔ کہ گمراہ ہو گیا۔ اور رستہ بھول گیا۔ صاحب ہمارا یعنے محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور کہا کرتے کہ بنا دیا محمدؐ نے سب معبودوں کو ایک معبود یہ بہت عجیب بات ہے

کفار کا یہ طعن آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے قول لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر ہوا کرتا تھا۔ چنانچہ اس کی تفصیل پہلے گذر چکی ہے ۔

وَاِنْ اَرَادَ اَنَّ الْمُسْتَزَادَ مُخَالِفٌ لِلشَّرِیْعَۃِ فَالْمُسْتَزَادُ هُوَ مَنْطُوْقُ الْمَحْکُمِ مِنْ (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) اِذِ الشَّیْطَانُ دَاخِلٌ فِی الْمَنْکُوْرِ بِقَوْلِہٖ تَعَالٰی۔ (اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَیْکُمْ یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّیْطَانَ اِنَّہٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ) فَاِنَّہٗ یُدْرَکُ مِنْہُ اَنَّ الشَّیْطَانَ مَعْبُوْدٌ دَاخِلٌ فِی الْمَنْکُوْرِ ۔

اگر شیخ مجدد قدس سرہٗ کی مراد یہ ہے۔ کہ مستزاد مخالف شریعت ہے تو جواب یہ ہے کہ مستزاد مفہوم محکم لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ہے۔ کیونکہ شیطان داخل ہے منکور میں یعنی الٰہ میں۔ خدائی تعالےٰ کا یہ قول اس پر دلیل ہے۔ یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّیْطَانَ ای آدم کی اولاد شیطان کی عبادت نہ کرو۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہوگیا۔ کہ شیطان معبود ہے اور الٰہ منکور میں داخل ہے۔ اور لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے حکم سے ہر معبود عین خدا ہے۔ اس لئے شیطان بھی اس کا غیر نہیں ہو سکتا۔ پس مستزاد عطاری شیطاری مخالف شریعت نہیں ہے[1] ۔

وَاَمَّا قَوْلُ حَقِّ سُبْحَانَہٗ تَعَالٰے (اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ) فَیَکُوْنُ الْاَفْعَالُ الْخَالِقُ الْجِنْسِ الْخَرَہ فَالْجَوَابُ اَنَّ صِحَّۃَ الْاِطْلَاقِ مَنُوْطٌ عَلَیْهَا بِالْمُحْکَمِ مِنَ الْکِتَابِ وَلَوْ سُلِّمَ عَدَمُ الْجَوَازِ فَهُوَ مَنُوْطٌ بِقُبْحِ الْقَیْنَۃِ فَقَطْ دُوْنَ حُسْنِهَا۔ کَمَا یُفْهَمُ مِنْ قَوْلِہٖ سُبْحَانَہٗ حِکَایَۃً عَنْ اِبْلِیْسَ۔ رَبِّ بِمَآ اَغْوَیْتَنِیْ الخ۔ وَحِکَایَۃً عَنْ نُوْحٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَا یَنْفَعُکُمْ نُصْحِیْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَکُمْ اِنْ کَانَ اللّٰہُ یُرِیْدُ اَنْ یُّغْوِیَکُمْ وَهُوَ رَبُّکُمْ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ

[1] حضرت مجدد صاحب علیہ الرحمۃ کا منشا یہ ہے کہ اس قسم کا اطلاق خلاف شرع ہے جیسا کہ آیہ کریمہ کَمَآ اَصَابَکَ مِنْ حَسَنَۃٍ فَمِنَ اللّٰہِ وَمَآ اَصَابَکَ مِنْ سَیِّئَۃٍ فَمِنْ نَّفْسِکَ کا مفاد ہے اسی کو مولانا نظامی گنجوی فرماتے ہیں ؎ تو نیکو کنی من نہ بد کردہ ام + بدی را حوالت بخود کردہ ام پس مولف کی تقریر سے یہ اعتراض کیونکر ساقط ہوگیا۔ اس کا فیصلہ خود اہل علم ناظرین کتاب کے ہاتھ ہے ۔ (مترجم)

نِسْبَةُ الْاِغْوَاءِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی ظَاہِرًا مُتَسَاوِیَۃٌ فَاِنَّ اِبْلِیْسَ بِقُبْحِ النِّیَّۃِ بِسَبَبِ اِحَالَۃِ الْعَیْبِ عَلَی اللّٰہِ کَانَ مَرْدُوْدًا۔ وَنُوْحٌ عَلَیْہِ السَّلَامُ بِحُسْنِ النِّیَّۃِ وَاِظْہَارِ الْحَقِّ کَانَ مَاْمُوْرًا وَمَاْجُوْرًا ۵

لیکن شیخ مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول کہ حق سبحانہ تعالےٰ کو شریعت میں ہر چیز کا خالق کہتے ہیں۔ مگر نجس اور ناپاک وغیرہ کا خالق نہیں کہا گیا ہے +

جواب اس کا یہ ہے کہ ہر شے پر اللہ کا اطلاق صحیح ہو گیا ہے قرآن کریم کی محکم آیات سے جیسے:۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ نہیں ہے کوئی معبود سوائے خدا کے +

وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ مُّحِیْطٌ اور وہ ہر چیز پر محیط ہے +

ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ وہی اول اور آخر اور ظاہر اور باطن ہے +

وَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ اور جدھر تم منہ کرو گے اُدھر خدا کی ذات ہے +

وَھُوَ اللّٰہُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ اور وہی خدا ہے آسمانوں اور زمین میں +

سوا ان آیات کے اور بھی آیتیں موجود ہیں۔ اگر اللہ تعالےٰ کا اطلاق ہر چیز پر نہ بھی تسلیم کیا جائے۔ تو یہ موقوف ہے اطلاق کرنے والے کی نیت کے حسن اور قبح پر۔ چنانچہ خدائی تعالےٰ کے اس قول سے جس میں شیطان کے قول کی حکایت کی گئی ہے۔ کہ اے رب قسم ہے تیرے بہکانے کی تا آخر آیت۔ قبح نیت مفہوم ہوتی ہے۔ اور حسن نیت اس آیت سے مفہوم ہوتی ہے۔ جس میں نوح علیہ السلام کے قول کی حکایت کی گئی ہے۔ جس کا ترجمہ یہ ہے۔ کہ نہیں نفع دیگی تم کو میری نصیحت اگر خدا تمہارے بہکانے کا ارادہ کرے۔ وہی تمہارا خدا ہے اور تم اسی کی طرف لوٹو گے۔ پس بہکانے کی نسبت خدائی تعالےٰ کی طرف جو ابلیس سے اور نوح علیہ السلام سے واقع ہوئی ظاہر میں مساوی ہے۔ لیکن ابلیس اپنی نیت خباثت کیوجہ سے کہ عیب کو خدا تعالےٰ پر حوالہ کیا مردود ہو گیا۔ اور نوح علیہ السلام حسن نیت کی وجہ سے کہ آپ نے اظہار حق کیا اور

بغیر ارادہ الزام کے خدا کی طرف امر واقع کو بیان کیا۔ مامور اور ماجور ہوئے۔ پس معلوم ہوا کہ خدائی پاک پر کسی شے کا اطلاق کرنے کے لئے حسن اور صفائی نیت شرط ہے +

فَلَمْ يَشْعُرْ اَلْاَكَابِرُ بِاَنَّ الْاِشْرَاكَ وَهُوَ اَكْبَرُ الْكَبَائِرِ مَا هُوَ وَهُوَ عِبَارَةٌ عَنْ جَعْلِ الْحَقِّ غَيْرَ الْحَقِّ اَیْ زَعْمُ اَنَّ غَيْرَهٗ سُبْحَانَهٗ مَوْجُوْدٌ اَيْضًا۔ وَالْعِيَاذُ بِاللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الزَّعْمِ ۵

خلاصہ کلام یہ ہے۔ کہ علماء مفرقین واقف نہیں ہیں اس سے کہ شرک جو اکبر الکبائر ہے کیا چیز ہے +

واضح ہو کہ اشراک عبارت ہے۔ حق کو غیر حق گمان کرنا کہ غیر خدا بھی موجود ہے خدا سے پناہ مانگتے ہیں ہم ایسے گمان سے +

وَهِمَّةُ الْخَوَاصِ اَمَّا اَنِ اَلْاَوَّلُ تَبْرِيْهِمْ وَكَرَاهِيَتُهُمْ مِنْ زَعْمِ الْغَيْرِيَّةِ وَالْكُفْرِ لَكِنَّ اَهَمَّ اَحَدٍ مِنَ الْعَوَامِّ اَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ عَمَلًا فِي الْحَدِيْثِ۔ ثَلٰثٌ مَنْ كُنَّ فِيْهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْاِيْمَانِ۔ مَنْ كَانَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ اِلَيْهِ عَمَّنْ سِوٰهُمَا وَمَنْ اَحَبَّ عَبْدًا لَا يُحِبُّهٗ اِلَّا لِلّٰهِ۔ وَمَنْ يَّكْرَهُ اَنْ يَّعُوْدَ فِي الْكُفْرِ بَعْدَ اَنْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ كَمَا يَكْرَهُ اَنْ يُّلْقٰى فِي النَّارِ كَذَا فِيْ صَحِيْحِ الْبُخَارِيِّ ۵

خواص کا مقصود دو چیزیں ہیں اوّلاً ان کی بیزاری اور ناگواری غیریت اور کفر کے گمان سے۔ جیسے عوام مخلوق کو آگ میں ڈالا جانا ناگوار ہوتا ہے۔ یعنی غیریت کا گمان ان کو اس قدر ناگوار گزرتا ہے جس قدر کہ آگ میں ڈالا جانا ہر شخص کو ناگوار گزرتا ہے۔ کیونکہ مقصود اس حدیث پر عمل کرنا ہے جو بخاری میں مروی ہے۔ جس کا ترجمہ یہ ہے کہ جس میں ایمان کی حلاوت اور اس کی لذت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس میں تین خصلتیں پیدا ہو جاتی ہیں +

پہلی خصلت یہ ہے۔ کہ وہ خدا اور رسول کو ماسوای خدا اور رسول سے زیادہ محبوب جانتا ہے +

دوسری خصلت یہ ہے۔ کہ کسی بندہ کو دوست نہیں رکھتا۔ مگر صرف خوشنودی خدا کے لئے +

تیسری خصلت یہ ہے کہ کفر کی طرف رجوع کرنے کو اتنا مکروہ جانتا ہے کہ گویا اس کو آگ میں ڈالدیا گیا۔ کیونکہ اس کو خدا نے کفر سے نکال لیا ہے۔ ایسا ہی مروی ہے صحیح بخاری میں +

وَالثَّانِیْ۔ اَنْ یَّزَالَ ھٰذَا الزَّعْمُ مِنَ الْعَوَامِ وَلِذَا یَتَرَتَّمُوْنَ بِمِثْلِ ھٰذَا الْمُسْتَزَادِ فَمَنْ اَنْکَرَ الْمُسْتَزَادَ فَعَلَیْہِ اَنْ یَّمْحُوَا اسْمَ الْمُضِلِّ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی حَتّٰی یَبْطُلَ الْمُسْتَزَادُ۔ وَمَنْ اَنْکَرَ التَّوْحِیْدَ وَالْعَیْنِیَّۃَ فَعَلَیْہِ اَنْ یُّبَدِّلَ الْکَلِمَۃَ الطَّیِّبَۃَ بِالْکَلِمَۃِ الْخَبِیْثَۃِ اَعْنِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا غَیْرُ اللّٰہِ ؕ

دوسرا مقصود خواص کا عوام کے دلوں سے غیریت کو زایل کرنا ہے۔ اسی لئے وہ مستزاد کے نغموں کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ پس جو شخص کہ مستزاد کا انکار کرتا ہے اس کے لئے لازم ہے۔ کہ اسم مضل یعنی (گمراہ کرنے والا) کو اسمائے حسنیٰ عزوجل سے مٹادے تاکہ مستزاد باطل ہوجائے۔ اور جو شخص کہ توحید اور عینیت کا انکار کرتا ہے اس پر واجب ہے کہ کلمہ طیبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کو کلمہ خبیثہ یعنے لَآ اِلٰہَ اِلَّا غَیْرُ اللّٰہ کہ نہیں ہے کوئی معبود مگر غیر خدا سے بدلے +

حاصل اس تقریر کا یہ ہے کہ آیت یُضِلُّ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ یعنی گمراہ کرتا ہے خدا جس کو چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے میں گمراہ کرنے کی نسبت جو شیطان کا فعل ہے خدای تعالےٰ کی طرف وارفع ہوئی ہے اور خدائی سبحانہ نے گمراہ کرنے کی نسبت کو جیسے اپنی ذات پاک کی طرف منسوب کیا ہے۔ ایسے ہی اطلاق اس نسبت کا ابلیس لعین اور شیطان رجیم پر فرمایا ہے۔ ایسی صورت میں دونوں اطلاق کو مساوی ہونا چاہیئے +

وَاِنْ اَرَادَ غَیْرَ مَا ذَکَرْنَا قَطَعْنَا لَہٗ اَوْ عَلَیْہِ ؕ[1]

[1] محمد وصاحب کا اعتراض سراسر مفید اور اہل زندقہ و الحاد کی تنبیہ و ہدایت پر مبنی ہے مسئلہ توحید کا بیان دو طرح پر کیا جاتا ہے ایک کا نام جمیر توحیدی ہے اور وہ زندقہ و الحاد میں داخل ہے یعنی

اگر شیخ مجدد قدس سرہٗ کا مقصود ہمارے معنی مذکورہ کے سوا ہے تو ایسی صورت میں ان کا طعن ان کے نفع یا ان کے ضرر کے لئے ہے +

وَبِالْجُمْلَةِ فَالْجَوَابُ عَنِ الصُّوفِيَّةِ قُدِّسَتْ أَسْرَارُهُمْ لِلْمُنْكِرِينَ عَفَا اللهُ عَنْهُمْ ؎

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی
کیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

إِذْ لَوْ قِيلَ لِلْمُنْكِرِينَ لِوَحْدَةِ الْوُجُودِ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ - هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ عَلَى التَّفَرُّقَةِ مِنَ النَّصِّ الْجَلِيِّ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ لَبُهِتُوا كَمَا بُهِتَ الَّذِي كَفَرَ عِنْدَ قَوْلِ الْخَلِيلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ اللهَ يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ ۵

حاصل کلام یہ ہے کہ صوفیہ کرام (پاک کرے اللہ ان کے اسرار کو) کا جواب منکرین وحدت وجود کے لئے (درگذر کرے اللہ ان کے گناہوں سے) اس شعر کا مضمون ہے ؎

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی — کیں رہ کہ تو میروی بترکستان است

ترجمہ — کعبہ کو نہ پہنچے گا تو اے اعرابی
یہ راہ کہ تو جا رہا ہے ترکستان کی ہے

علماء مفرقین وحدت وجود کا انکار کرتے ہیں۔ شرک کے دفع کرنے کے لئے مگر توحید

بقیہ حاشیہ ص۲۲۹ یہ کہنا کہ یہ خدا ہے اور وہ بھی خدا ہے۔ یہ اور وہ تعینات حادثہ ہیں اور خدا ہی قوالی حدوث سے پاک ہے ؎

ہر مرتبہ از وجود حکمے دارد — گر حفظ مراتب نہ کنی زندیقی

اس شعر میں اسی چیز توحیدی کو رد کیا ہے۔ دوسرے کا نام توحید حقیقی ہے اور وہ عین ایمان ہے یعنی یہ اور وہ واقع میں کچھ نہیں واقع میں خدا ہی خدا ہے۔ خدا حق ہے اور ماسوی باطل ہے۔ باطل حق نہیں ہو سکتا ہے۔ اور نہ حق باطل ہو سکتا ہے۔ اللّٰھم صَارِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَ اَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا۔ حدیث اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللهَ بَاطِلٌ۔ اسی توحید حقیقی پر شاہد عادل ہے۔ پس حقیقت کے احکام اور ہیں اور ظاہر کے احکام اور۔ ظاہر پر شرع وارد ہے مَا رَدَّتْهُ الشَّمْسُ لَيْسَتْ فِي دِينِنَا فَاقْهَمْ وَاسْتَقِمْ

(مترجم)

کی طلب میں ایسے راستہ پر چلے ہیں۔ کہ سراپا شرک میں مبتلا ہو گئے۔ منزل مقصود یعنی توحید پر ایمان لانا۔ اس سے دُور چلے گئے ہیں۔ اور اپنے دعوے پر کوئی دلیل نہیں رکھتے ہیں کیونکہ اگر منکرین وحدت وجود کو جاہل اسلام میں داخل ہیں کہا جائے کہ غیریت اور تفرقہ پر کتاب اور سنت سے نص جلی طور پر دلیل کے لاؤ۔ تو خاموش بیٹھ جاویں گے۔ جیسے نمرود خاموش ہو گیا تھا جبکہ کہا اس کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہ خدا تعالےٰ آفتاب کو مشرق سے لاتا ہے تو مغرب سے لا۔ تو ساقط ہو گیا نمرود اس کے جواب سے۔ اور اپنے دعوی پر کوئی دلیل نہیں لا سکا۔ اور حیرت زدہ ہو کر خاموش ہو گیا ؛

نَعَمْ لِيَاْتُوْنَ اَوَّلًا بِقَوْلِهٖ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجَاهِلُوْنَ وَاَمْثَالُهٗ مِمَّا يُفْهَمُ مِنْهُ الْغَيْرِيَّةُ صَرِيْحًا فِي الْوَهْمِ۔ وَقَوْلُهٗ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ وَاَمْثَالُهٗ مِمَّا نُوْدِيَ مُؤَدَّى اِلَّا طْلَاقِ ؛

منکرین وحدت الوجود۔ اثبات تفرقہ کے لئے (اوّلاً) اس آیت کو پیش کرتے ہیں یعنی (اے نادان قوم کیا مجھ کو غیر خدا کی عبادت کا حکم کرتے ہو) اور مثل اس کے دوسری آیتیں جن سے غیریت وہم میں صراحۃً مفہوم ہوتی ہے۔ اور خدا تعالےٰ کا یہ قول پیش کرتے ہیں کہ (لم یلد ولم یولد) یا مثل اس کے جو آیتیں مقام اطلاق میں وارد ہوئی ہیں ؛

وَثَانِيًا غَيْرَ ذٰلِكَ مِنَ الْقِيَاسَاتِ وَالْوَهْمِيَّاتِ مُقَابِلًا لِلنَّصِّ الْجَلِيِّ عِنْدَ اَهْلِ اللِّسَانِ مِنْ اَنَّ الْعَيْنِيَّةَ يَسْتَلْزِمُ انْقِلَابَ الْحَقِيْقَةِ مِنَ الْوُجُوْبِ اِلَى الْاِمْكَانِ وَعَدَمَ الْمَنْعِ عَنْ عِبَادَةِ الْاَوْثَانِ وَنَعْنِيْ بِهٖ نَفْسَهٗ سُبْحَانَهٗ تَعَالٰى فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ وَغَيْرِ ذٰلِكَ مِنَ الْقِيَاسَاتِ وَالْوَهْمِيَّاتِ كَمَا قَاسَ اِبْلِيْسُ عَلَيْهِ اللَّعْنُ مُقَابِلًا لِلنَّصِّ الْجَلِيِّ وَاسْجُدُوْا لِاٰدَمَ بِقَوْلِهٖ خَلَقْتَنِيْ

لہ نعوذ باللہ یہ تقریر سراسر ادعا ہے اہل حق حق گوئی سے کبھی چپ نہیں ہو سکتے تمام شریعت اہل حق کی شہادت سے لبریز ہے شریعت کا مدار ہی تفرقہ اور غیریت پر ہے۔ ورنہ تمام احکام الٰہیہ جو بندوں پر وارد ہوئے ہیں لغو قرار پائینگے البتہ چمر توحید کے مدعیوں سے اگر دلیل طلب کی جائے کہ بتاؤ کہیں بھی وارد ہے کہ خدا مخلوق ہے یا مخلوق خدا ہے۔ تو ہرگز ہرگز جواب نہ دے سکیں گے اور نمرود لعین کی طرح جو اپنے کو خدا سمجھتا تھا مبہوت ہو کر رہ جائیں گے (مترجم)

مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ۝

منکرین وحدت ثانیاً آیات مذکورہ کے سوا اپنے قیاسات اور وہمیات کو نص جلی کے مقابلہ میں لاتے ہیں۔ جو اہل زبان کے نزدیک ہیں اس قبیل سے کہ عینیت مستلزم ہے حقیقت کے منقلب ہونے کو وجوب سے امکان کی طرف اور نہ منع کرنا بتوں کی عبادت سے۔ اور خدائی تعالےٰ کا اپنے نفس کو دوزخ کی آگ میں عذاب دینا۔ سوائے ان کے اور قیاسات اور وہمیات سے جیسے شیطان علیہ اللعن نے نص جلی کے مقابلہ میں کہ (سجدہ کرو آدم کو) کو قیاس کیا کہ (پیدا کیا تو نے مجھ کو آگ سے اور آدم کو مٹی سے) ✣

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جب منکرین وحدت وجود تفرقہ پر اور اپنے دعوی پر نص جلی بالمقابل دلیل نقلی نہیں پاتے ہیں تو ان آیات میں جن سے غیریت کا وہم پیدا ہوتا ہے۔ پناہ لیتے ہیں۔ جیسے (لم یلد ولم یولد) اور وہ آیات جو اوپر بیان ہو چکے ہیں۔ دلائل عقلی کی جگہ پر اپنے وہمیات کو قیاس کی صورت میں آراستہ کرتے ہیں۔ مثلاً کہتے ہیں۔ کہ اگر وحدت وجود حق ہو تو واجب عین ممکن ہوگا۔ اور ممکن واجب ہو جائیگا یہ خلاف بداہت ہے۔ ایسے ہی اگر بت عین خدائی پاک ہیں تو پھر ان کی عبادت سے کیوں منع کیا گیا۔ نیز بت اگر عین خدائی پاک ہیں۔ اور وہ دوزخ میں داخل ہونگے۔ تو لازم آتا ہے عذاب کرنا شخص کا اپنی ذات کو۔ اسی طرح دوسرے وہمیات اور قیاسات تراشتے ہیں۔ جیسے ابلیس نے اپنے کو غیر آدم۔ اور آدم کو غیر خدا خیال کیا اور بطور دلیل کے پیش کیا۔ کہ کیوں سجدہ کروں میں ایسی چیز کو جس سے میں بہتر ہوں۔ اسی لئے خدائی پاک سے خطاب کیا۔ کہ پیدا کیا تو نے مجھ کو آگ سے اور آدم کو خاک سے ✣

لٰكِنْ لَا يَخْفٰى اَنَّهٗ فَرْقٌ عَظِيْمٌ بَيْنَ قِيَاسِ اِبْلِيْسَ وَ بَيْنَ قِيَاسَاتِهِمْ بِاَنَّ قِيَاسَهٗ عَلَيْهِ اللَّعْنَةُ كَانَ مُقَابِلًا لِلنَّصِّ الْجَلِيِّ فِي الْمُحْكَمِ دُوْنَ الْاِيْمَانِ وَقِيَاسَاتُهُمْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ كَانَتْ مُقَابِلَةً لِلنُّصُوْصِ الْجَلِيَّةِ عِنْدَ اَهْلِ اللِّسَانِ فِي التَّوْحِيْدِ وَالْعَقِيْدَةِ وَالْاِيْمَانِ وَالْعِيَاذُ بِاللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ الْقِيَاسَاتِ ۝

لیکن پوشیدہ نہ رہے کہ بہت بڑا فرق ہے ابلیس کے قیاسات

ہیں۔ اور منکرین وحدت کے قیاسات ہیں۔ کیونکہ ابلیس ملعون کا قیاس نص جلی کے مقابل حکم میں تھا۔ نہ ایمان میں۔ اور منکرین وحدت کے قیاسات (خدا ان کے گناہوں سے درگذر کرے) اہل زبان کے نزدیک توحید اور عقیدہ اور ایمان میں ہیں۔ پناہ مانگتے ہیں ہم خدا کی ایسے قیاسات سے ۔

فَالْجَوَابُ مِنَ الْآيَاتِ الْمَذْكُوْرَةِ اَنَّ مَا يَاْتُوْنَ بِهٖ لَيْسَ نَصًّا فِي التَّفْرِقَةِ اِذْ غَيْرُ اللّٰهِ تَرْكِيْبٌ اِضَافِيٌّ وَقَعَ مَفْعُوْلًا فَلَا يَكُوْنُ نَصًّا اِذْ لَا بُدَّ لِلنَّصِّ مِنْ كَلَامٍ تَامٍّ وَالْكَلَامُ التَّامُّ هٰهُنَا قَدْ سِيْقَ فِيْ اِنْكَارِ عِبَادَةِ الْغَيْرِ اُلُوْهِيٍّ وَهُوَ الْمُقَيَّدُ ۔

جواب آیات مذکورہ کا یہ ہے۔ کہ جن آیات کو منکرین نے دلیل غیریت بنایا ہے۔ ان میں سے کوئی بھی آیت تفرقہ کے لئے نص نہیں ہے۔ کیونکہ آیت (اَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْنِّيْ) میں غیر اللہ ترکیب اضافی ہے اور مفعول واقع ہوا ہے۔ اس لئے کسی چیز پر نص نہیں ہو سکتا کیونکہ نص کے لئے کلام تام ہونا ضروری ہے۔ یہاں کلام تام جاری کیا گیا ہے۔ عبادت غیر سے جو وہی ہے انکار کے لئے اور وہ مقید ہے نہ مطلق ۔

حاصل یہ ہے کہ اغیر اللہ استفہام انکاری ہے۔ جاری کیا گیا ہے اس امر کے لئے۔ کہ عبادت ان اصنام کی جو مخاطبین کے خیال میں غیر خدا ہیں نہیں کرتا ہوں۔ اس لئے اس کلام کی اس امر پر کہ اصنام عین خدا ہیں یا غیر خدا مطلق دلالت نہیں ہے[1] ۔

وَقَوْلُهٗ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ نَصٌّ فِيْ نَفْيِ الْوَالِدِيَّةِ مُطْلَقًا وَالْمَقْصُوْدُ مِنْهُ نَفْيُ اِحْصَاءِ سُبْحَانَهٗ فِي الْوَالِدِيَّةِ ذِكْرًا لِلْمَلْزُوْمِ وَاِرَادَةً لِلَّازِمِ اِذِ الْوَالِدِيَّةُ يَقْتَضِيْ اِحْصَاءَهٗ سُبْحَانَهٗ تَوَغُّلًا فِي الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْحَيَوَانِ وَفَرْدًا فِيْ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَكَذَا

[1] ع چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد ۔ عجب تماشا ہے کہ جس بات کی طرف کفار بلاتے تھے کہ ہماری طرح تم بھی غیر خدا کی پرستش کرو۔ اسی کا رد اس کلام میں منصوص ہے کہ غیر خدا کی پرستش جائز نہیں ہے اور اصنام قطعاً غیر خدا ہیں جن کو مؤلف نے بھی مقید کہا ہے اور مطلق نہیں ہیں۔ کیونکہ مقید کا عین مطلق ہونا محال ہے۔ پس مقید کے غیر خدا ہونے کی اس سے زیادہ اور کیا صراحت ہو سکتی ہے۔ لہذا یہ کہنا کہ اس کلام کی دلالت اس امر پر کہ اصنام عین خدا ہیں۔ یا غیر خدا مطلق دلالت نہیں۔ ہے ہٹ دھرمی نہیں تو اور کیا ہے ۔ (مترجم)

الْمَوْلُوْدِيَّةُ فَاِنَّهَا اَيْضًا يَقْتَضِيْ اِنْحِصَارَهٗ سُبْحَانَهٗ نَوْعًا فِيْ اَحَدِ اَنْوَاعِ الثَّلٰثَةِ الْمَذْكُوْرَةِ وَفَرْدًا فِيْ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ زَعْمًا وَكَمَا يَلْزَمُ مِنْ نَفْيِ الْاِنْحِصَارِ فِي الْوَالِدِيَّةِ وَالْمَوْلُوْدِيَّةِ اَنَّهٗ غَيْرُ الْوَالِدِ وَالْمَوْلُوْدِ بَلِ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ جَامِعٌ لِجَمِيْعِ الْاَضْدَادِ فَلَا يَكُوْنُ نَصًّا فِي التَّفْرَقَةِ ۞

اللہ تعالےٰ کا قول لم یلد ولم یولد اس کی مطلق والدیت کی نفی پر نص ہے مقصود اس سے خدائی پاک کی نسبت والدیت میں منحصر ہو جانے کی نفی ہے۔ ملزوم کو ذکر کر کے لازم کا ارادہ کیا گیا۔ اس لئے کہ والدیت خدائی پاک کی خواہاں ہے منحصر ہو جانے کو نوع کی حیثیت سے جن اور انسان اور حیوان میں۔ اور فرد کی حیثیت سے آدم علیہ السلام میں اسی طرح مولودیت خدائی پاک کی خواہاں ہے۔ اس کے منحصر ہو جانے کو نوع کی حیثیت سے تین انواع مذکورہ میں۔ اور فرد کی حیثیت سے مشرکین کے خیال کے مطابق عیسیٰ علیہ السلام میں۔ کیونکہ مشرکین کہتے تھے کہ خدا وہی مسیح مریم کا بیٹا ہے۔ والدیت اور مولودیت کے انحصار کی نفی سے یہ لازم نہیں آتا کہ خدا تعالےٰ غیر والد اور غیر مولود ہے۔ بلکہ خدائی پاک جامع ہے تمام اضداد کا۔ اس لئے آیت لم یلد ولم یولد تفرقہ اور غیریت پر نص نہیں ہو سکتی ۞

حاصل اس تقریر کا یہ ہے کہ علماء ظواہر نے آیت لم یلد ولم یولد کو غیریت اور تفرقہ کی دلیل سمجھا ہے۔ کہ جب خدائی پاک نہ باپ ہو سکتا ہے نہ بیٹا تو انسان جو باپ اور بیٹا دونوں ہوتا ہے۔ لامحالہ خدائی پاک کے مغایر ہوگا ۞

مطلب مولانا کے جواب کا یہ ہے۔ کہ مغایرت باپ اور بیٹے کی آپس میں آیت مذکورہ سے بالکل نہیں سمجھی جاتی۔ بلکہ مدلول آیت کا خدائی پاک کے باپ اور بیٹے میں منحصر ہو جانے کی نفی ہے۔ یعنی خدائے پاک اس قسم سے نہیں ہے کہ والدیت اور مولودیت کی صفت میں منحصر ہو جائے۔ جیسے انسان اور حیوان کہ والدیت اور مولودیت کی صفت میں گھرے ہوئے ہیں پس سورۂ اخلاص میں اور آیت لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم (بے شک کفر کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کہا کہ خدا وہی مسیح ابن مریم ہے) میں وحدت کا انکار کرنے والوں اور خدائی

پاک کو والدیت اور مولودیت کی صفت میں منحصر کرنے والوں کا رد ہے +

سوال۔ سورۂ اخلاص سے والدیت اور مولودیت خدائی پاک کی نفی مفہوم ہوتی ہے۔ اور والد اور مولود کا خدائی پاک کا عین ہونے سے عکس سورۂ اخلاص کا ظاہر ہوتا ہے۔ پھر تطبیق کیونکر ہوگی +

جواب۔ سورۂ اخلاص مرتبۂ اطلاق کی طرف اور والدیت اور مولودیت کا اطلاق مرتبۂ تقلید کی طرف راجع ہے +

فَإِنَّ نَفْيَ التَّفْرِقَةِ بِأَنْ يُقَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا غَيْرَ اللّٰهِ وَلَا تَعْبُدُوهُمْ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَحْدَهُ أَوْ يُقَالَ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَالْمَخْلُوقُ غَيْرُهُ وَقِسْ ۝

اَلْحَاصِلُ۔ غیریت کا وہم پیدا کرنے والی آیتیں تفرقہ کے لئے نص نہیں ہوسکتیں نص اس وقت ہوتیں جبکہ یہ کہا جاتا کہ کوئی معبود نہیں ہے مگر غیر خدا پس عبادت مت کرو۔ ان کی اور عبادت کرو خدا کی۔ اس حال میں کہ وہ ایسا ہے۔ یا یوں کہا جاتا کہ خدا ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اور مخلوق اس کا غیر ہے۔ اسی پر اور دوسری آیتوں کو قیاس کرو۔ جو غیریت کے لئے بطور نص کے دلالت کرتی ہیں +

وَأَمَّا الْجَوَابُ مِنَ الْقِيَاسَاتِ وَالْوَهْمِيَّاتِ وَالْوَسْوَاسَاتِ أَنَّهَا كُلَّهَا قِيَاسَاتٌ مُقَابِلَاتٌ لِلنُّصُوصِ الْجَلِيَّةِ نَحْوُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَهُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَغَيْرِهَا مِمَّا ذَكَرْنَا مِنَ الْأَدِلَّةِ

لیکن مذکورہ قیاسات اور وہمیات اور وسواسات کا جواب یہ ہے کہ یہ سب نصوص جلیہ کے بالمقابل قیاسات ہیں جیسے لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَهُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ اور سوای ان کے وہ آیتیں جن کا ذکر ہم نے کیا ہے۔ اور وہ قیاسات اور دلائل جو نص جلی کے خلاف ہوں مسموع اور مقبول نہیں ہیں۔ اور حجت شرعی نہیں ہوسکتے +

تَحَقَّقْ أَنَّ إِيمَانَ الصُّوفِيَّةِ ذُنِبَتْ أَسْرَارُهُمْ نَقْدُ النُّصُوصِ وَإِيمَانُ غَيْرِهِمْ خِلَافُ النُّصُوصِ بِالْقِيَاسِ

وَالْوَهْمِ فَإِيمَانُ الْمُفَرِّقِ بِالْعَقْلِ الصَّرْفِ أَيِ الْقِيَاسِ فَيَكُونُ مُخَالِفًا لِلنُّصُوصِ ۵

پس سابقہ تحقیقات سے ثابت ہو گیا کہ صوفیۂ کرام کا ایمان نصوص کے مطابق ہے اور غیر صوفی کا ایمان نصوص کے خلاف یعنی قیاس اور وہم محض پر مبنی ہے۔ اس لئے کہ خدائے پاک اور دوسرے اشیاء میں تفرقہ کرنے والوں کا ایمان صرف عقل اور قیاس پر مبنی ہے پس یہ ایمان نصوص جلی کے مخالف ہو گا۔ اس سے ہم خدا کی پناہ مانگتے ہیں[۱]

وَبِهٰذَا يَنْدَفِعُ مَا قِيلَ فِي الْعَوَامِّ اَنَّ اِيمَانَ الْعُلَمَاءِ بِالنُّصُوصِ وَاِيمَانَ الصُّوفِيَّةِ بِالْفُصُوصِ۔ نَعَمِ الْفُصُوصُ مُوَافِقٌ لِلنُّصُوصِ ۵

اس کلام سے دفع ہو گیا جو کچھ کہ عوام میں مشہور ہو گیا ہے۔ کہ علماء کا ایمان نصوص کے موافق اور صوفی کا ایمان نصوص یعنی فصوص الحکم وغیرہ کلام اکابر صوفیہ کے موافق ہے۔ اس قول کے دفع ہونے کی وجہ یہی ہے کہ نصوص کی مطابقت صوفیائے کرام کے ایمان کی حقیقت ہے اور فصوص بھی نصوص کے مخالف نہیں ہے کتنا اچھا حال ہے صوفیہ کے خلوص کا کہ ان کا ایمان نصوص کے بھی مطابق ہے۔ اور فصوص کے بھی موافق۔ پس افسوس ہے تفرقہ کرنے والوں کے حال پر کہ ان کا ایمان نہ نصوص کے موافق ہے نہ فصوص کے مطابق[۲]

اگرچہ کلمہ طیبہ کا محکم ہونا اور اس میں تاویل کا جائز نہ ہونا۔ چنانچہ باید و شاید پہلے بیان ہو چکا ہے۔ چونکہ کلمہ میں تاویل کا حکم سب برائیوں سے بڑھکر بُرا ہے۔ لہٰذا مولانا

---

[۱] جس طرح غیریت صرف کا ایمان پناہ مانگنے کے قابل ہے عینیت بحت والوں کا ایمان بھی اسی قابل ہے اور جس طرح اول قسم کے لوگ شرعاً مشرکین کہلاتے ہیں۔ اسی طرح قسم دوم کے اشخاص محدثین کے لقب سے ممتاز ہیں۔ لہٰذا ہم دونوں فریق کے ایمان سے پناہ طلب کرتے ہیں۔ (مترجم)

[۲] علی ہذا افسوس ہے قائلین عینیت صرف پر کہ ان کا ایمان بھی نصوص و فصوص کے برخلاف ہے مگر وہ اپنے زعم باطل میں سمجھے ہوئے ہیں کہ نصوص و فصوص دونوں ہمارے زعم کے موافق ہیں۔ الحاد و شرک دونوں باطل ہیں پھر کیونکر نصوص و فصوص سے ان کی تائید ہو سکتی ہے۔ (مترجم)

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے محکم ہونے کے دلائل اور اس میں تاویل کرنے کی برائیاں دوسری طرز میں بیان فرماتے ہیں کہ

وَاعْلَمْ اَنَّ الْکِتَابَ الْمَجِیْدَ مِنْہُ اٰیَاتٌ مُحْکَمَاتٌ ھُنَّ اُمُّ الْکِتَابِ وَاُخَرُ مُتَشَابِھَاتٌ فَلَا یَخْلُوْا اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مِنَ الْمُحْکَمَاتِ اَوْ مِنَ الْمُتَشَابِھَاتِ وَعَلَی الثَّانِیْ یَلْزَمُ اَنْ یَّکُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَی اللّٰہِ حُجَّۃٌ اِذِ الْمُتَشَابِہُ لَا یُعْلَمُ تَاوِیْلُہٗ اِلَّا اللّٰہُ فَقَطْ اَوِ الرَّاسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ اَیْضًا وَالْاُمِّیُّوْنَ لَیْسُوْا مِنَ الرَّاسِخِیْنَ وَقَدْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی (اِذْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْھُمْ) فَتَمَّتِ الْحُجَّۃُ لَھُمْ عَلَیْہِ سُبْحَانَہٗ وَھُوَ بَاطِلٌ فَتَعَیَّنَ اَنَّہٗ مِنَ الْمُحْکَمَاتِ فَقَطْ ۵

واضح ہو کہ قرآن مجید کی بعض آیتیں محکمات ہیں جن کو ام الکتاب کہتے ہیں۔ اور بعض متشابہات ہیں۔ پس کلمہ طیبہ دو حال سے خالی نہیں۔ یا محکمات میں سے ہے۔ یا متشابہات میں۔ اگر متشابہ ہے تو لازم آتا ہے کہ مخلوق کی خدا پر حجت قائم ہو جائے۔ کیونکہ متشابہ کی تاویل یا خدا جانتا ہے۔ یا علماء راسخین۔ خدائی پاک نے فرمایا ہے کہ خدا نے امیوں میں رسول بھیجا ہے۔ امیوں ہی میں سے یعنے وہ بھی امی ہے۔ پس تمام ہو گئی حجت مخلوق کی خدائی پاک پر۔ اور مخلوق کی حجت خدائی پاک پر قائم ہونا باطل ہے۔ پس متعین ہو گیا کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ آیات محکمات میں سے ہے +

خلاصہ یہ ہے۔ کہ عام مومنین لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تصدیق اور اذعان کے لئے تکلیف دیئے گئے ہیں۔ اگر یہ آیت متشابہات میں سے ہو جائے۔ تو پھر علم اس کا سوائے خدا کے اور علماء راسخین کے دوسرے پر منکشف نہ ہو سکیگا پس تکلیف اس کی تکلیف مالایطاق ہو جائیگی۔ حالانکہ خدا کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی وسعت کے لائق۔ اس لئے جو لوگ کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر ایمان نہیں لائے ہیں۔ ان کی حجت خدا پر ختم ہو جائیگی۔ اور وہ ماخوذ نہ ہو سکیں گے۔ حالانکہ کسی کی حجت کا خدا پر ختم ہونا باطل ہے۔ اس لئے کلمہ طیبہ کا آیات محکمات میں سے ہونا واجب ہوا +

وَالْاَکَابِرُ مِنَ الْعُلَمَاءِ شَرْقًا وَغَرْبًا مُطْلَقًا مِنَ الْمُحَدِّثِیْنَ

وَالْمُفَسِّرِيْنَ وَالْمُتَفَقِّهِيْنَ وَالْمُتَكَلِّمِيْنَ قَدْ اَوَّلُوْا فِي الْمَنْظُوْمِ وَحَرَّفُوْا ثَانِيًا فِي الْمَحْذُوْفِ فَاِنَّهُمْ وَاِنْ تَلَقَّوْهُ لِسَانًا لٰكِنَّهُمْ نَبَذُوْهُ وَرَاءَ ظُهُوْرِهِمْ ظِهْرِيًّا قَلْبًا مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا بِاَنَّ التَّاوِيْلَ وَالتَّحْرِيْفَ بِحُكْمِ اَوْهَامِهِمْ وَتَلَقَّوْا بِالْقَبُوْلِ بِالْكَلِمَةِ الْبَاطِلَةِ فِي الْاِشْرَاكِ وَهِيَ الْخَبِيْثَةُ لَا اِلٰهَ اِلَّا غَيْرَ اللّٰهِ قَلْبًا مِنْ حَيْثُ لَمْ يَشْعُرُوْا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا ۝

حال یہ ہے کہ اکثر علماء شرق سے لیکر غرب تک کیا محدثین اور کیا مفسرین کیا فقہا اور کیا متکلمین تاویل کرتے ہیں کلمہ طیبہ میں اولاً الٰہ منکور میں تحریف کرتے ہیں۔ اور ثانیاً خبر محذوف میں بے شک انہوں نے اگرچہ اقرار کیا کلمہ طیبہ کا زبان سے لیکن ڈالدیا اس کو پیٹھ کے پیچھے کیونکہ واقف نہیں ہوئے کہ یہ تاویل اور تحریف اس چیز کی ہے جس کا ان کے اوہام اور خیالات نے حکم کیا ہے۔ اور قبول کیا انہوں نے مشرکانہ کلمہ باطلہ کو اپنے قلب سے اور وہ کلمہ خبیثہ لا الٰہ الا غیر اللہ ہے۔ کیونکہ وہ آگاہ نہیں ہوئے اپنے اس قول سے یعنے زبان سے انہوں نے لا الٰہ الا اللہ کہا اور دل سے لا الٰہ الا غیر اللہ کے معتقد ہوئے۔ نعوذ باللہ منہا۔

وَبِالْجُمْلَةِ اَنَّهُمْ حَرَّفُوا الْكَلِمَةَ الطَّيِّبَةَ عَنْ مَوْضِعِهَا مَعْنًى وَمَالُوْا اِلَى الْكَلِمَةِ الْخَبِيْثَةِ كَالْيَهُوْدِ فَاِنَّهُمْ اَيْضًا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهٖ فَالْيَهُوْدُ حَرَّفُوْا نَعْتَ مُحَمَّدٍ اِلٰى ذَمِّ دَجَّالٍ وَاَهْلُ الْاِسْلَامِ حَرَّفُوْا تَوْحِيْدَهٗ سُبْحَانَهٗ اِلٰى مَا رَغِبُوْا اِلَيْهِ وَالْعِيَاذُ بِاللّٰهِ مِنَ التَّحْرِيْفَيْنِ فَنَرَادُّ عَلَى الْيَهُوْدِ فِي التَّحْرِيْفِ بِقَدْمٍ وَاحِدٍ ۝

حاصل کلام یہ ہے کہ اکابر علماء نے کلمہ طیبہ کی معنی کو اس کے مقام سے پلٹا دیا ہے۔ یہودیوں کی طرح۔ اور کلمہ خبیثہ کی طرف جھک گئے۔ کیونکہ یہود بھی کلمات کو ان کے مقام سے پلٹا دیا کرتے تھے۔ پس یہود نے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی نعت کو دجال (اس پر خدا کی لعنت) کی برائیوں کی طرف محرف کیا۔ اور علماء اسلام نے خدائی پاک کی توحید کو ایسی معنی میں محرف کیا جس کی وہ خواہش کرتے تھے۔ (خدا کی پناہ مانگتے ہیں ہم دونوں قسم کی

تحریفوں سے) اس لئے علماء اسلام یہود پر تحریف کرنے میں ایک قدم آگے بڑھ گئے ۔

لَکِنَّ الْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی عَمَلِھِمْ بِالْمِصْرَاعِ مصراع

باخدا دیوانہ باش و با محمدؐ ہوشیار

فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَھُمْ وَاذَوْا وَقَتَلُوْا اَھْلَ الْحَقِّ وَمَا نَقَمُوْا مِنْھُمْ اِلَّا اَنْ یُّؤْمِنُوْا بِاللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْحَمِیْدِ ۔ فَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ التَّحْرِیْفِ اَوَّلًا وَمِنْ فُرُوْعِہٖ ثَانِیًا ۔

اتنا خدا کا شکر ہے کہ ان کا عمل اس مصراع پر ہے کہ ؎

باخدا دیوانہ باش و با محمدؐ ہوشیار

یعنی ؎ رہ دیوانہ تو خدا سے اور محمدؐ سے ہوشیار

گویا بمقتضا عشق و محبت خدا کی طرف شوخی و دیوانگی کی نسبت کرتے ہیں ۔ لیکن مرتبہ نبوت کی حفاظت ہاتھ سے نہیں دیتے تحریف کرنے والے اس تحریف کی وجہ سے راستہ کو بھول گئے اور جنہوں نے اُن کی پیروی کی اُن کو بھی گمراہ کیا اور تکلیف پہنچائی اور ایذا دی اہل حق کو جیسے منصور قدس سرہٗ ۔ اور نہیں بُرا ہوئے وہ عیب سے مگر جبکہ ایمان لائیں اللہ عزیز و محمود پر ۔ پس خدا کی پناہ ہے اولاً تحریف سے اور ثانیاً اس کی فروع سے جو گمراہی اور اہل حق کو ایذا دینا اور ان کو قتل کرنا ہے ۔

وَاِلٰی مَا قُلْنَا اَشَارَ بَعْضُ الْکُبَرَاءِ قُدِّسَ سِرُّہٗ وَاَسْرَارُھُمْ ۔

جو کچھ کہ ہم نے بیان کیا اس کی طرف اکابر صوفیہ یعنی مولانا جلال الدین رومی نے مثنوی معنوی میں اشارہ فرمایا ہے ۔ خدا ان کے اسرار کو اور تمام صوفیہ کے اسرار کو پاک کرے ؎

کردہ تاویل حرف بکر را ۔۔۔ خویش را تاویل کن نے ذکر را

حرف قرآں کو پلٹتا ہے جو تو

تو پلٹ اپنے کو نے قرآن کو

فکر تو تاویل کردہ ذکر را ۔۔۔ ذکر را ماں دیگر دان فکر را

ذکر کی تاویل تو ہم گز نہ کر ۔۔۔ ذکر کو چھوڑ اور لوٹا تو فکر ۔

بر ہوا تاویل قرآں میکنی پست و کژ شد از تو معنی سنی

تو کرے تاویل قرآں بر ہوا۔

معنی روشن ہوا پست اور برا

فَالْمُرَادُ مِنْ حَرْفِ الْبَكْرِ وَالذِّكْرِ هُوَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ كَمَا وَرَدَ اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔

ظاہرا الفاظ شاں توحید و شرع

باطن آں ہمچوں درانِ تخم ضرع

فَالْمِصْرَاعُ الْاَوَّلُ اِشَارَةٌ اِلٰى عَدَمِ التَّحْرِيْفِ لَفْظًا وَالثَّانِيْ اِلَى التَّحْرِيْفِ مَعْنًى ۔

پس حرف ذکر و بکر سے مراد مثنوی معنوی میں لا الٰہ الا اللہ ہے چنانچہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ افضل الذکر لا الہ الا اللہ ہے۔ مولانا فرماتے ہیں کہ علماء ظواہر نے حرف بکر یعنے کلمہ طیبہ اور افضل الذکر میں اپنے وہم اور عقل کے مطابق تاویل کی اور صاف سیدھے معنی بگاڑ دئے چنانچہ فرماتے ہیں ؎

ظاہرا توحید و شرع کو کہیں

اور دہتورا باطنًا روٹی ہیں دیں

ان کے ظاہرا الفاظ یعنے لا الٰہ الا اللہ جس کو وہ ظاہرا تلفظ کرتے ہیں۔ عین توحید و شریعت ہیں۔ لیکن ان کا باطن تخم دہتورہ کی روٹی کی طرح ہے یعنی فاسد اور باطل معنی کا اعتقاد رکھتے ہیں۔ پہلے مصراع میں لفظ لا الٰہ الا اللہ کی تحریف نہ کرنے کا اشارہ ہے جس کے الفاظ عین توحید اور شریعت ہیں۔ دوسرے مصرع میں تحریف معنوی کا اشارہ ہے جو کلمہ خبیثہ ہے +

حاصل یہ ہے کہ کلمہ طیبہ زبان سے کہتے ہیں اور کلمہ خبیثہ یعنے لا الٰہ الا غیر اللہ کو دل میں رکھتے ہیں۔ چنانچہ مولوی معنوی اسی کی طرف اشارہ فرماتے ہیں ؎

مدتے معکوس باشد کارہا

شیخنہ را دزد آورد بر دارہا

وَالْمُرَادُ بِالشِّحْنَةِ هُوَ الْمَنْصُوْرُ وَاَمْثَالُهٗ وَاَدْرِكْ مَا بَعْدَهٗ بِالتَّاَمُّلِ ۵

ایک مدت کام ہو برعکس حال
چور کی جا دار پر ہو کو توال

یعنی اُس مدت تک کہ خدائی پاک حجاب اور غفلت کے پردہ کو وحدت کے خوبصورت چہرے پر سے ہٹائے شرک اور توحید کا کام اُلٹا رہتا ہے۔ یعنی اکثر لوگ توحید اور عینیت کو کفر اور الحاد سمجھتے ہیں۔ اور شرک و غیریت کو عین ایمان خیال کرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی حالت پر یہ مثل کہ کوتوال کو چور دار پر کھینچتا ہے صادق آتی ہے۔ اس شعر میں کوتوال سے مراد مولانا منصور اور سرمد اور ذوالنون ہیں۔ (خدا ان کے اسرار کو پاکیزہ کرے) اور انہیں ایسے اہل حق جنہوں نے عشق الٰہی میں سر دیا۔ اور دریافت کرلے چور کو تھوڑے غور سے۔ یعنی علماء ظاہر پرست جو کلمہ توحید کو محرف کرنے والے اور وحدت الٰہی کے منکر ہیں +

فَسُبْحَانَ مَنْ اَظْلَمَ عَلَى الْاَكَابِرِ مِنَ الْعُلَمَاءِ شَمْسَ الْحَقِّ فِيْ نِصْفِ النَّهَارِ وَاَضَاءَ عَلَيْهِمْ لَيْلَةَ الْبَاطِلِ فِي التِّسْعَةِ وَالْعِشْرِيْنَ ۵

پاکی ہے اس خدا کے لئے جس نے تاریک کر دیا علماء ظواہر پر آفتاب حق کو عین دوپہر میں۔ اور روشن کر دیا ان پر تاریک اور باطل رات کو انتیسویں تاریخ میں چنانچہ مولانا معنوی قدس سرہٗ فرماتے ہیں ؎

زیرکاں کہ موبہا بشگافتند — علم ہیئۃ را بجاں پرداختند
موشگافی کی بہت عقلا نے ہے
علم ہیئت کو بھی جانا جان سے
علم نیرنجات و سحر و فلسفہ — گرچہ نشناسند حق المعرفہ
علم نیرنجات و سحر و فلسفہ
گو نہیں پہچانا حق پہچان کا
ایک کوشیدند تا امکان خود — درگذشتند از ہمہ اقران خود
ایک تا امکان نمود کوشش کری

ہمسروں سے اپنے پائی برتری

عشق غیرت کرد رمز ایشاں کشید شد چنیں خورشید ز ایشاں ناپدید

عشق غیرت کر کے اُن سے چھپ گیا

ایسا خورشید ان سے پنہاں ہو گیا

ایسے عقلمند جو باکمال کی کھال کھینچا کرتے ہیں۔ علم ہیئت کے حاصل کرنے میں جان و دل سے مشغول ہو گئے۔ علم نیرنجات اور سحر و فلسفہ کو اگرچہ کما حقہ نہیں جانتے ہیں۔ لیکن اپنے امکان بھر کوشش کرنے لگے۔ اور اپنے ہم زمانہ اصحاب سے سبقت لے گئے۔ اس لئے عشق نے اُن سے غیرت اختیار کی اور ایسا آفتاب اُن کی نگاہوں سے ناپید ہو گیا +

یہ ابیات شرح کے محتاج ہیں۔ مگر ان کی شرح جیسے کہ دل چاہتا ہے۔ اس مختصر میں نہیں سما سکتی +

اَلْاَصْلُ الثَّالِثُ

فِیْ دَفْعِ التَّوَهُّمَاتِ الْفَاسِدَةِ

تیسری اصل۔ ان فاسد وہموں کے دفع کرنے کے بیان میں جو علماء ظواہر و تفریق کے دلوں میں خالق اور مخلوق میں غیریت کا اعتقاد رکھنے کی بنا پر گذرتے ہیں +

وَاعْلَمْ اَنَّا نَذْکُرُ اَوَّلًا مَبْنٰی مَا تَوَهَّمُوْا فَاَرَادَ الْمُسْتَمِعُ مِنَ الْمَنْکُوْرِ تَاوِیْلًا اَوْ وَضْعًا عُرْفِیًّا فِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَهُوَ اُمُوْرٌ

واضح ہو کہ ہم پہلے مبنیٰ اور منشاء علماء مفرقین کے وہمیات کا جس کی وجہ سے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ میں تاویل یا وضع عرفی کے محتاج ہوئے بیان کرتے ہیں۔ اور وہ چند امور ہیں +

اَلْاَوَّلُ اَنَّهٗ لَوْلَا التَّاوِیْلُ الْمَذْکُوْرُ بَعْدَ تَقْدِیْرِ الْوُجُوْدِ یَلْزَمُ الْکَذِبُ وَبِغَیْرِ التَّقْدِیْرِ یَلْزَمُ خِلَافُ الْبَدَاهَةِ فِیْ اَوَّلِ کَلَامِ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ

پہلا یہ امر ہے کہ اگر کلمہ طیبہ میں الٰہ کی تاویل بمعنے مقدر کرنے خبر موجود کے خبر لا میں مستحق سے نہ کی جائے تو لازم آجائیگا جھوٹا ہونا مضمون کلمہ طیبہ کا اور اگر خبر لا میں موجود کو مقدر نہ کریں تو پیغمبر ان علیہ السلام کے پہلے کلام کا بداہت عقل کے خلاف ہونا لازم آئیگا توضیح اُس کی یہ ہے کہ اگر خبر لا میں موجود کو مقدر کیا جائے تو کلمہ کی معنی یہ ہونگے کہ کوئی معبود سوائے خدا کے حق یا باطل موجود نہیں ہے۔ یہ معنی صراحۃً کاذب اور باطل ہیں کیونکہ بہت سے معبود باطل جیسے لات اور عزّیٰ موجود ہیں پس اس کذب کے دفع کرنے کے لئے جو موجود کے مقدر ماننے سے پیدا ہوا تھا الٰہ کی تاویل مستحق العبادت کے ساتھ کی گئی۔ اگر موجود کو مقدر نہ مانا جائے کلمہ کے معنی یہ ہو جائینگے کہ کوئی معبود نہیں ہے مگر خدا یعنے ہر معبود عین خدا ہے۔ اور یہ معنی یعنے عینیت ہر معبود کی خدائی پاک کے ساتھ خلاف بداہت ہے۔ اس لئے علماء ظواہر کو سوائے تاویل مذکور کے اور کوئی چارہ کار نظر نہ پڑا +

وَالثَّانِیْ اِطْلَاقُ الْاِلٰھَۃِ فِی الدَّلِیْلِ لَوْ کَانَ ھٰٓؤُلَآءِ اٰلِھَۃً مَا وَرَدُوْھَا فَاِنَّہٗ لَوْ لَمْ یُؤَوَّلْ بِالْمُسْتَحِقِّ یَلْزَمُ الْکَذِبُ اِذْ بُطْلَانُ الثَّانِیْ یُنْتِجُ نَقِیْضَ الْمُقَدَّمِ وَعَدَمُ کَوْنِ ھٰٓؤُلَآءِ اٰلِھَۃً اَیْ مَعْبُوْدًا وَھُوَ کَاذِبٌ لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَا لَا یَضُرُّھُمْ وَلَا یَنْفَعُھُمْ وَقِیْسْ فَوَجَبَ التَّاْوِیْلُ اِلَی الْاِسْتِحْقَاقِ ؕ

دوسرا امر۔ الٰہ کا دلیل میں مطلق واقع ہونا (لو کانت ھٰؤلاء الٰھۃً ما وردوھا) یعنے غیر مقید ہونا الٰہ کا کسی صفت سے کیونکہ اگر الٰہ کی تاویل مستحق کے ساتھ نہ کی جائے تو دلیل کا کاذب ہونا لازم آئے گا۔ کیونکہ قاعدہ منطقیہ کی رُو سے تالی کا باطل ہونا تقیجہ دیتا ہے نقیض مقدم کا۔ پس تالی دلیل مذکور کی یعنے (ما وردوھا) یعنے تمام بت داخل جہنم ہوں گے۔ تو اب نتیجہ اس کا جو مقدم کا نقیض ہے ثابت ہو گیا اور وہ صراحۃً کاذب ہے۔ خدائی تعالےٰ کے اس قول سے کہ مشرکین خدا کو چھوڑ کر جن بتوں کی پرستش کرتے ہیں۔ جو نہ نفع پہنچا سکتے ہیں اُن کو اور نہ نقصان دے سکتے ہیں۔ اسی آیت پر دوسری آیتوں کو جو آلہ کے معبود ہونے کا اشارہ کرتے ہیں قیاس کرو۔ اس دلیل کے کاذب ہونے کی وجہ علماء ظواہر کے زعم میں کلمہ طیبہ میں الٰہ کی مستحق

کے ساتھ تاویل نہ کرنا ہے۔ کیونکہ دلیل اور مدلول میں مطابقت لازمی ہے۔ اور دلیل میں آلہ مطلق واقع ہوا ہے پس ضروری ہے کہ مدلول میں بھی اطلاق لیا جائے۔ مدلول میں اطلاق لینا کذب اور فساد کو پیدا کرتا ہے اس لئے ان کے گمان کے مطابق مدلول میں الہ کی تاویل مستحق کے ساتھ واجب ہے ✤

حاصل اس تاویل کا یہ ہے کہ دلیل اور مدلول میں معبودیت کی نفی نہیں ہے بلکہ استحقاق معبودان کی نفی ہے۔ اب تاویل کے بعد دلیل کا کذب لازم نہ آیا ✤

وَالثَّالِثُ اَنَّ قَوْلَہٗ لَوْ کَانَ فِیْھِمَآ اٰلِھَۃٌ اِلَّا اللّٰہُ لَفَسَدَتَا یُحْکَمُ بِتَاوِیْلِہٖ بِمُسْتَحَقَاتٍ اِذِ الْفَسَادُ لَا یُتَصَوَّرُ اِلَّا بِالتَّمَانُعِ وَلَا تَمَانُعَ بَیْنَ الْاٰلِھَۃِ الْمُمْکِنَۃِ وَبَیْنَہٗ سُبْحَانَہٗ فَلَوْ لَا اِرَادَۃُ الْمُسْتَحَقَاتِ یَلْزَمُ الْکَذِبُ ✤

تیسرا امر یہ ہے کہ خدائی پاک کا قول لَوْ کَانَ فِیْھِمَآ اٰلِھَۃٌ الخ۔ آلہ کے مستحق کے ساتھ تاویل کرنے کا حکم کرتا ہے۔ اس لئے کہ فساد متصور نہیں ہو سکتا۔ مگر دلیل تمانع سے اور الٰہۃ ممکنہ اور خدائی پاک میں تمانع نہیں ہے۔ اس لئے اگر استحقاق مراد نہ ہو تو دلیل کا کذب لازم آئیگا۔ چنانچہ اس کی توضیح اوپر بیان ہو چکی ہے ✤

وَالرَّابِعُ قَوْلُہٗ سُبْحَانَہٗ لَوْ کَانَ مَعَہٗ اٰلِھَۃٌ کَمَا یَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰی ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا اِذِ الْاِبْتِغَاءُ اِلَی ذِی الْعَرْشِ سَبِیْلًا لَا یُمْکِنُ مِنَ الْمُمْکِنِ ذِی الشُّعُوْرِ فَضْلًا عَنِ الْاٰلِھَۃِ الْمُمْکِنَۃِ الَّتِیْ اَکْثَرُھُمْ جَمَادَاتٌ فَیَلْزَمُ الْکَذِبُ اَیْضًا

چوتھا امر خدائی پاک کا یہ قول لَوْ کَانَ مَعَہٗ اٰلِھَۃٌ کَمَا یَقُوْلُوْنَ الخ ہے کیونکہ ابتغاء عرش تک ممکن ذی الشعور سے بھی نہیں ہو سکتا پھر الٰہ ممکنہ کی تو کیا مجال ہے۔ جن میں سے اکثر پتھر اور اینٹ ہیں پس دلیل مذکور کا کذب بھی لازم آئیگا۔ اس لئے اُن کے گمان کے مطابق استحقاق کے ساتھ تاویل کرنا لازم ہوا ✤

وَالْخَامِسُ قَوْلُہٗ مَا کَانَ مَعَہٗ مِنْ اِلٰہٍ اِذًا لَّذَھَبَ کُلُّ اِلٰہٍ بِمَا خَلَقَ اِذْ ذَھَابُ کُلٍّ بِمَا خَلَقَ فَرْعُ خَلْقِ کُلِّ اِلٰہٍ وَلَمْ یُظْھِرْ صُدُوْرَ الْخَلْقِ مِنَ الْمُمْکِنِ ذِی الشُّعُوْرِ فَضْلًا

عَنِ الْاٰلِهَةِ الْمُمْكِنَةِ الَّتِیْ اَكْثَرُهُمْ جَمَادَاتٌ فَيَلْزَمُ الْكَذِبُ اَيْضًا وَبِالْجُمْلَةِ لَوْ اَرَادَةُ الْاِسْتِحْقَاقِ مِنَ الْمَذْكُوْرِ الْمَذْكُوْرِ فِی الْكِتَابِ يَلْزَمُ كَذِبُ كَلَامِهٖ سُبْحَانَهٗ فِی الْاَدِلَّةِ الْاَرْبَعَةِ وَمَدْلُوْلِهَا۔

پانچواں امر۔ خدائی پاک کا یہ قول ہے کہ (اگر اس کے ساتھ کوئی خدا ہوتا تو ہر معبود اپنی پیدا کی ہوئی چیز کو لے جاتا) ہر معبود کا اپنی مخلوق کو لے جانا ہر معبود کی صفتِ خلق کرنے کی فرع ہے۔ حالانکہ فعل خلق کا صدور ممکن ذی شعور سے بھی نہ ہو سکا۔ پھر الٰہ ممکنہ کا کیا تذکرہ جن میں سے اکثر جمادات ہیں۔ اس لئے دلیل مذکورہ کا کذب لازم آجائیگا +

حاصل کلام یہ ہے کہ الٰہ منکور سے کتاب میں جہاں ان کا تذکرہ ہوا ہے اگر استحقاق مراد لی جائے تو خدائی پاک کے کلام کا کذب چاروں دلائل مذکورہ میں لازم آجائیگا اور اُن کا مدلول یعنی کلمہ طیبہ بھی کاذب ہو جائیگا +

پوشیدہ نہ رہے کہ اگرچہ امر اوّل جو منشاء ہے تاویل کا کلمہ طیبہ میں اُس کا جواب پہلے دیا جانا اچھا تھا لیکن مصنف نے اس کو موخر کیا ہے جس کی وجہ جوابات کے ختم ہونے کے بعد معلوم ہو جائیگی +

فَالْجَوَابُ عَنْ اِطْلَاقِ اِلٰهَةٍ فِیْ مَا اُطْلِقَتْ اَنَّ الْمُطْلَقَ مَحْمُوْلٌ عَلَی الْمُقَيَّدِ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَیْ بِغَيْرِ اللّٰهِ فِيْمَا قُيِّدَتْ ۵

پس جواب الٰہہ کے مطلق لانے کا جن دلائل میں کہ مطلق وارد ہوا ہے یہ ہے کہ الٰہ مطلق یعنی غیر مقید الٰہ مقید بالا اللہ پر محمول ہیں یعنی آیت (لو کان فیھما آلھۃ الا اللہ لفسدتا) پر محمول ہے +

وَالْجَوَابُ عَنِ الثَّالِثِ اَنَّ الْفَسَادَ مُعَلَّلٌ بِالتَّغَايُرِ فَقَطْ لَا بِالتَّمَانُعِ فَلَا يَلْزَمُ الْكَذِبُ ۵

منشا تاویل کے تیسرے امر کا جواب یہ ہے کہ زمین اور آسمان کا فساد (لو کان فیھما آلھۃ الا اللہ لفسدتا) میں معلل ہے۔ صرف تغایر کے ساتھ نہ تمانع کے ساتھ کہ سوای الٰہ مستحقہ کے متصور نہ ہو سکے۔ اس لئے آیات مذکورہ کا کذب لازم نہ آئے گا۔ علت تغایر اور علت تمانع کا ابطال تفصیل کے ساتھ ہو چکا ہے +

وَالْجَوَابُ عَنِ الرَّابِعِ اَنَّ الْاِبْتِغَاءَ اِلٰی ذِی الْعَرْشِ

سَبِيلًا بَعْدَ لُزُومِ كَوْنِهٖ تَعَالٰى مُمْكِنًا عَلٰى فَرْضِ تَغَايُرِهٖ سُبْحَانَهٗ عَنِ الْمُمْكِنَاتِ يَلْزَمُ مِنَ الْجَمَادَاتِ الَّتِيْ ثَبَتَ اِتِّصَافُهُمْ بِأُمَّهَاتِ الصِّفَاتِ لِلتَّمَاثُلِ فِي الْاِمْكَانِ فَلَا يَلْزَمُ الْكَذِبُ فِيْ نَفْسِ الْاَمْرِ۔

چوتھے امر کا جواب یہ ہے کہ بقدر صاحب عرش کی طرف بعد لازم ہونے امکان خدای پاک کے اور اس کے تمام ممکنات سے متغایر ہونے کے فرض کی تقدیر اور ان جمادات کا جو فرض عقل میں ثابت ہو گئے ہیں لازم آتا ہے۔ موصوف ہونا ان کا امہات صفات الٰہیہ کے ساتھ صفت میں ایک دوسرے کے ساتھ متصف ہونے کی وجہ سے پس لازم نہ آئیگا کاذب ہونا مذکور کا نفس الامر میں۔ بلکہ صرف فرض عقل میں کاذب ہوگا۔

وَالْجَوَابُ عَنِ الْخَامِسِ اَنَّهٗ قَدْ ظَهَرَ صُدُوْرُ الْخَلْقِ مِنَ الْاِلٰهِ الْمُمْكِنِ وَهُوَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ لِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ اَخْلُقُ لَكُمْ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ وَاِحْيَاءُ الْمَوْتٰى مِنْهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَعْرُوْفٌ وَسَيَظْهَرُ صُدُوْرُ الْاِمَاتَةِ وَالْاِحْيَاءِ فِيْ حَقِّ رَجُلٍ مِنَ الدَّجَّالِ عَلَيْهِ اللَّعْنَةُ كَمَا فِي الصَّحِيْحِ الْبُخَارِيِّ وَالدَّجَّالُ اِلٰهٌ مُمْكِنٌ اَيْضًا فَقَوْلُهٗ سُبْحَانَهٗ اِذَا الذَّهَبُ كُلُّ اِلٰهٍ بِمَا خَلَقَ رَدٌّ عَلَى النَّصَارٰى وَقَوْمِ دَجَّالٍ دُوْنَ غَيْرِهِمَا لِعَدَمِ زَعْمِ غَيْرِهِمَا صُدُوْرَ الْخَلْقِ مِنَ الْاِلٰهِ الْمُمْكِنِ۔

پانچویں جواب یہ ہے کہ پیدا کرنے کا فعل صادر ہوا ہے اکثر الممکنہ سے جیسے عیسیٰ علیہ السلام کیونکہ خدای پاک نے عیسیٰ علیہ السلام کے قول کی حکایت کی ہے کہ میں تم پیدا کرتا ہوں تمہارے لیے مٹی سے اڑنے والے پرندہ کی شکل میں پھر پھونکتا ہوں میں اس میں سو وہ اڑنے لگیگی خدا کے حکم سے۔ دیکھو خدای پاک کے کلام میں فعل خلق کی نسبت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف کی گئی اور مردہ زندہ کرنا عیسیٰ علیہ السلام کا معجزہ ہے۔ بلکہ ظاہر ہوگا مارنے اور زندہ کرنے

کا فعل ایک شخص کے حق میں دجال ملعون سے بھی چنانچہ پورا قصہ صحیح بخاری میں مروی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دجال الہ ممکن ہے۔ اس لئے خدائی پاک کا یہ قول اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍ الخ نصاریٰ اور قوم دجال کے رد میں وارد ہوا ہے نہ دوسروں کے لئے کیونکہ اور لوگ فعل خالق کا صدور اپنے ممکن معبودوں سے جائز نہیں رکھتے ہیں۔

فَاِذَا ارْتَفَعَ التَّوَهُّمَاتُ الْاَرْبَعَةُ مِنَ الْكَذِبِ فِي الْاَدِلَّةِ فَاِذَا ارْتَفَعَ التَّوَهُّمُ الْمَذْكُوْرُ فِي الْاَدِلَّةِ ارْتَفَعَ تَوَهُّمُ الْكَذِبِ فِيْ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) بِغَيْرِ التَّاوِيْلِ وَتَقْدِيْرِ الْمَوْجُوْدِ۔

پس کذب کے چاروں توہمات جو چاروں دلیل میں پیدا ہوتے تھے مرتفع ہو گئے۔ اور جب توہمات مذکورہ مرتفع ہو گئے۔ تو کذب کا توہم جو (لا الٰہ الا اللہ) میں پیدا ہوا تھا بغیر تاویل کے اور بغیر تقدیر موجود کے مرتفع ہو گیا۔

وَنُسَلِّمُ مَا يَلْزَمُ مِنْ خِلَافِ الْبَدَاهَةِ لٰكِنَّهٗ خِلَافُ بَدَاهَةِ الْوَهْمِ لَا لِلْعَقْلِ الصَّافِيْ وَاِلَّا لَمَا جَاءَ الْاَنْبِيَاءُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ بِهٖ فَاِنَّهُمْ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ يُبَلِّغُوْنَ مَا يُوَافِقُ الْوَاقِعَ وَيُخَالِفُ الْوَهْمَ وَاِلَّا يَبْطُلُ حِكْمَةُ بَعْثَتِهِمْ عَلَيْهِمُ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ۔

خبر لا میں موجود کے مقدر نہ کرنے سے کلمہ طیبہ میں جو خلاف بداہت کی صورت پیدا ہوتی ہے۔ اس کو ہم تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن یہ بداہت وہمی کے خلاف ہے بداہت عقل سلیم کے ہرگز مخالف نہیں۔ اگر کلمہ طیبہ کا مضمون عقل کامل کے خلاف ہوتا تو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام ہرگز کلمہ کی تبلیغ نہ کرتے کیونکہ نبی اپنی امتوں کو ان چیزوں کی تبلیغ کرتے ہیں جو واقع کے موافق اور وہم کے خلاف ہوں اگر انبیاء کرام کی تبلیغ وہم کے موافق ہو تو بعثت اور رسالت انبیاء کی حکمت اور مصلحت باطل ہو جائیگی۔ کیونکہ رسولوں کا مبعوث کرنا منکرین کی ہدایت کے لئے ہے۔ جو چیز کہ وہم کے موافق ہو اس کا کوئی شخص منکر نہیں ہوتا۔ کہ رسولوں کے بھیجنے کی حاجت ہو سکے لیکن چونکہ اکثر احکام الٰہی وہم کے خلاف ہیں۔ اور مکلفین کی عقل جو مغلوب الوہم ہے ان کو قبول اور تسلیم نہیں

کرتی لہذا انبیاء علیہم السلام معجزات کو ظاہر کرکے کہ وہ بھی وہم کے خلاف ہیں احکام خلاف وہم کو اپنی امتوں کے ذہنوں میں راسخ کرتے ہیں یعنی جب کوئی فعل وہم اور عادت کے خلاف انبیاء کرام سے دیکھتے ہیں تو معلوم کر لیتے ہیں۔ کہ وہ احکام الٰہی۔ کہ جن کو ہم وہم اور عادت کے مخالف جانتے ہیں حقیقت میں وہ بھی ایسے ہی واقعی ہیں مگر عقل ناقص خود اپنے قصور سے اس کی تہ تک نہیں پہنچ سکتی ✤

وَبِالْجُمْلَةِ مَنْشَاءُ التَّوْهُمَاتِ الْمَذْكُوْرَةِ عَدَمُ وُصُوْلِهِمْ إِلٰى مُرَادِ الْحَقِّ سُبْحَانَهٗ تَعَالٰى مِنْ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) وَاَدِلَّتِهٖ ۞

حاصل کلام یہ ہے کہ منشاء توہمات مذکورہ کا مفرقین کی نارسائی ہے کلمہ طیبہ اور اس کے دلائل سے حق تعالےٰ کی مراد تک۔ ورنہ تاویل اور موجود کے مقدر کرنے کی حاجت اور دوسرے تکلفات رکیکہ کی ضرورت نہ ہوتی ✤

وَاِذْ فَرَغْنَا مِنْ دَفْعِ التَّوَهُّمَاتِ الْقَوِيَّةِ الْمَذْكُوْرَةِ فَلْنَشْرَعْ فِيْ دَفْعِ التَّوَهُّمَاتِ الضَّعِيْفَةِ النَّاشِئَةِ مِنْ كَلَامِهٖ سُبْحَانَهٗ غَيْرِ الْمَسُوْقِ فِي التَّغَايُرِ وَيُفْهَمُ مِنْهُ التَّغَايُرُ وَهُمَا فَنَقُوْلُ وَبِاللّٰهِ التَّوْفِيْقُ ۞

چونکہ ہم مذکورہ توہمات قویہ کے دفع کرنے سے فارغ ہو گئے اس لئے اب اُن توہمات ضعیفہ کو دفع کرتے ہیں جو کلام خدائی پاک سے پیدا ہوتے ہیں جو تغایر کے لئے جاری نہیں کیا گیا لیکن وہم میں اس سے تغایر سمجھا جاتا ہے پس ہم کہتے ہیں اور خدائی پاک ہی سے توفیق ہے ✤

تبصرہ

قَدْ عَرَفْتَ اَنَّ كَلِمَةَ التَّوْحِيْدِ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ وَاَدِلَّتُهُمَا اَصْلُ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَقَدْ عَرَفْتَ اَيْضًا اِسْتِلْزَامَ الْاَدِلَّةِ لِكَلِمَةِ التَّوْحِيْدِ وَاِكْمَالَ التَّقْرِيْرِ بِمَا لَا هِدَايَةَ عَلَيْهِ فَكُلٌّ مِنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ لَابُدَّ اَنْ يَكُوْنَ مُوَافِقًا لَهٗ الْبَتَّةَ وَلَا يُخَالِفُهٗ اَصْلًا فِيْ اِفَادَةِ الْمَعْنَى الْمَقْصُوْدِ

وَكُلُّ مَا يُخَالِفُهٗ مِنَ الْفُرُوْعِ فِي الْوَهْمِ يُقَالُ اِلٰى اَنَّهٗ تَصْلُحُ تَاْوِيْلٍ صَحِيْحٍ مِنَ الْعَقْلِ ۝

تم نے معلوم کر لیا ہے کہ کلمہ توحید لا الہ الا اللہ۔ اور لا الہ غیرک اور اس کی دلیلیں اصل کتاب مجید اور حدیث شریف ہیں۔ نیز تم معلوم کر چکے ہو لازم کر لینا دلیلوں کا کلمہ توحید کو اور پورا ہونا دلائل کا مدعا کے موافق۔ اس شرح اور بیان سے جس سے زیادہ متصور نہیں ہے۔ تو اب یہ بھی معلوم کرو کہ کتاب اور سنت ہر ایک کے لئے ضروری ہے کہ کلمہ توحید کے موافق ہو۔ اور معنی مقصود کے فائدہ دینے میں اس کے مخالف نہ ہو۔ اور وہ آیتیں اور حدیثیں کلمہ طیبہ کی فروعات میں سے جو وہم میں اپنی اصل کے مخالف معلوم ہوتی ہیں عقل کامل کی صحیح تاویل سے اصل کی طرف تاویل کی گئی ہیں ۔

وَالتَّعَابِيْرُ الصَّرِيْحَةُ فِي الْكِتَابِ الْمَجِيْدِ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْنِيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجَاهِلُوْنَ يَقُوْلُ اِلٰى اَفَغَيْرَ اللّٰهِ زَعْمًا تَاْمُرُوْنِيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا الْجَاهِلُوْنَ ۝

پس قرآن مجید میں جہاں جہاں تغایر صریح کا وہم ہوتا ہے اُن میں سے ایک یہ آیت ہے جس کا ترجمہ یہ ہے۔ کہ کیا غیر خدا کی عبادت کرنے کا مجھ کو حکم کرتے ہو اے جاہلو اس آیت کی تاویل یہ کی گئی ہے اَفَغَيْرَ اللّٰهِ زَعْمًا یعنی اے جاہل قوم کیا تو حکم کرتی ہے مجھ کو اُن اُن بتوں کی عبادت کرنے کا جو تمہارے زعم میں غیر اللہ ہیں ۔

وَقِسْ عَلَيْهِ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا۔ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا۔ وَقِسْ عَلَيْهِ كَلِمَةً مِنْ دُوْنِيْ وَمِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمِنْ دُوْنِهٖ الْوَارِدَةَ فِيْ جَمِيْعِ الْكِتَابِ وَاِلَّا فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ هٰذَا التَّاْوِيْلُ مُرَادَ اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ يَلْزَمُ التَّنَافِيْ بَيْنَ هٰذَا التَّعَابِيْرِ الصَّرِيْحَةِ وَبَيْنَ كَلِمَةِ التَّوْحِيْدِ وَهٰذَا اَخْلَفُ ۝

اس آیت پر قیاس کرو دوسری آیتوں کو جن کا ترجمہ یہ ہے۔ کہ کیا غیر خدا کو پروردگار بناؤں میں۔ اور کیا غیر خدا کو مولیٰ بناؤں یعنی ان بتوں کو جو تمہارے زعم میں خدا ہیں۔ انہیں آیتوں پر ان کلمات کو بھی قیاس کرو کہ (میرے سوا۔ خدا کے سوا۔ اُس کے سوا) جو تمام کلام مجید میں غیر خدا کے معنی میں وارد ہوئے ہیں۔

مراد اس غیریت سے مخاطبین کی خیالی غیریت ہے۔ اگر یہ تاویل مراد الٰہی نہ ہو تو ان میں اور کلمہ توحید میں مغایرت صریحی لازم آئیگی۔ یہ کلمہ طیبہ کی عینیت پر دلالت کرنے کے خلاف ہے۔ جو پہلے ثابت کی جا چکی ہے ۔

پوشیدہ نہ رہے کہ غیریت صریحی کلام مجید میں صرف انہیں آیتوں سے مفہوم ہوتی ہے۔ لیکن ان آیتوں میں سے کوئی سی آیت بھی مغایرت کلی پر دلالت نہیں کرتی۔ تاکہ غیریت پر نص ہو سکے ۔

وَاَمَّا التَّغَایُرُ الْمَفْهُوْمُ مِنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی۔ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ اِذْ یُفْهَمُ مِنْهُ اَنَّ كُلَّ مَخْلُوْقٍ غَیْرُ الْخَالِقِ فِی الْوُجُوْدِ قِیَاسًا عَلَی الْبَانِیْ وَالْبِنَاءِ فَیَنْدَفِعُ اَوَّلًا بِاَنَّ هٰذَا التَّوَهُّمَ مُعَارِضٌ بِالتَّمَاثُلِ اَیْ كَمَا اَنَّ الْقِیَاسَ الْمَذْكُوْرَ یَقْتَضِی التَّفَارُقَ فِی الْوُجُوْدِ بَیْنَهٗ سُبْحَانَهٗ وَبَیْنَ مَخْلُوْقِهٖ كَذٰلِكَ یَقْتَضِی التَّمَاثُلَ بَیْنَهُمَا فِی النَّوْعِ اِذِ الْمَقِیْسُ عَلَیْهِ اَیِ الْبَانِیْ وَالْبِنَاءُ كَمَا اَنَّهُمَا مُتَغَایِرَانِ فِی الْوُجُوْدِ كَذٰلِكَ مُتَمَاثِلَانِ فِی النَّوْعِ اَیْ فِی الْجِسْمِ اَوْ فِی الْاِمْكَانِ الْخَاصِّ۔ فَكَمَا اَنَّ جَوَابَكُمْ لِلتَّمَاثُلِ لَیْسَ لِمُتَمَاثِلٍ شَیْءٌ۔ كَذٰلِكَ جَوَابُنَا لِنَفْیِ التَّغَایُرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَمْثَالُهٗ ۔

اب جناب مولانا اس مغایرت کو جو بعض آیات قرآنی سے قیاسی اور وہمی طور سے مفہوم ہوتی ہے۔ اور کوئی لفظ اس میں غیریت اور تفرقہ کے ہم معنی نہیں ہے دفع فرماتے ہیں۔ ان میں سے ایک آیت یہ ہے کہ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ یعنی خدا ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے۔ اس آیت سے مغایرت اس وجہ سے معلوم ہوتی ہے۔ کہ ہر مخلوق اپنے خالق کی غیر ہے۔ وجود میں۔ خالق کے وجود کی مخلوق کے وجود سے مغایرت معمار اور عمارت کے وجود پر قیاس کر کے مفہوم کی گئی ہے۔ یہ مغایرت اولاً تو اس جواب سے دفع کی جائیگی کہ اس تغایر کا وہم تماثل کے ساتھ معارض ہے یعنی جس طرح کہ قیاس مذکور چاہتا ہے ایک وجود کے مفارق ہونے کو خدائی پاک میں اور مخلوق میں۔ اسی طرح خالق اور مخلوق میں یعنے جسم میں یا امکان میں تماثل نوعی کو چاہتا

ہے۔ پس جس طرح نفی تماثل کے لئے تمہارا جواب آیۃ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ ہے اسی طرح نفی تغایر کے لئے ہمارا جواب لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اسی کے مثل دوسری آیتیں یعنے لَا اِلٰہَ غَیْرُکَ ہیں ۔

خلاصہ اس جواب کا یہ ہے۔ کہ خالق اور مخلوق کو معمار اور عمارت پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ کیونکہ جس طرح بانی اور بنا میں مغایرت وجودی ہے اسی طرح ان میں مماثلت جسمی بھی موجود ہے۔ حالانکہ مماثلت جسمی آیۃ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ سے واقع میں مفقود ہے۔ اسی طرح مغایرت وجودی کی نفی بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی دلیل سے کی جاچکی ہے ۔

وَاَیْضًا مِنْ شَرْطِ الْقِیَاسِ عَدَمُ وُرُوْدِ النَّصِّ فِی الْمَقِیْسِ وَقَدْ وَرَدَ ھٰھُنَا النَّصُّ فِیْہِ وَھُوَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَمْثَالُہٗ۔ فَبَطَلَ الْقِیَاسُ مِنْ جِھَتَیْنِ اَلْاَوَّلُ عَدَمُ کَوْنِ الْعِلَّۃِ جَامِعَۃً بَیْنَ الْمَقِیْسِ وَالْمَقِیْسِ عَلَیْہِ وَالثَّانِیْ وُرُوْدُ النَّصِّ فِی الْمَقِیْسِ ۵

نیز قیاس کی صحت کے لئے شرط ہے کہ مقیس میں اس کے خلاف نص وارد نہ ہوئی ہو۔ حالانکہ اس مقام میں مقیس کے بارہ میں نص وارد ہے۔ اور وہ نص لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور اسی کے مماثل دوسری آیتیں ہیں۔ اس لئے قیاس مذکور دو وجہ سے باطل ہوگیا:۔

اوّلاً اس وجہ سے کہ مقیس اور مقیس علیہ میں علت جامع نہیں ہے ۔

دوسرے اس وجہ سے کہ مقیس کے خلاف نص وارد ہے ۔

وَثَانِیًا اَنَّہٗ ھٰھُنَا مُعَانِدٌ ثَلَاثَۃٌ اَلْاَوَّلُ اَنَّ الْخَالِقَ عَیْنُ الْمَخْلُوْقِ فِی الْوُجُوْدِ وَالثَّانِیْ غَیْرُہٗ فِیْہِ وَالثَّالِثُ اَنَّ اللّٰہَ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَکُلُّ شَیْءٍ مَخْلُوْقُہٗ تَعَالٰی فَقَوْلُہٗ اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ نَصٌّ فِی الثَّالِثِ لِاَنَّہٗ کَلَامٌ ظَاھِرٌ سِیْقَ فِیْ مَعْنٰی خَالِقِیَّتِہٖ تَعَالٰی لِکُلِّ شَیْءٍ وَلَیْسَ ھٰذَا الْقَوْلُ خَفِیَّ الْمَعْنٰی فِیْ اَلَّا وَلَیْنَ فَضْلًا عَنْ اَنْ یَّکُوْنَ ظَاھِرًا فِیْھِمَا

اَوْ نَصًّا وَهُوَ ظَاهِرٌ ۞

مغایرت مذکورہ کے دفع کرنے کے لئے دوسرا جواب یہ ہے کہ آیۃ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ سے عقل میں تین معنی مستنبط ہوتے ہیں:۔

(۱) وجود میں خالق غیر مخلوق ہے۔

(۲) وجود میں خالق غیر مخلوق ہے۔

(۳) خدا ہر چیز کا خالق۔ اور ہر چیز اُس کی مخلوق ہے۔

پس خدائی پاک کا قول اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ تیسرے معنی کے لئے نص ہے کیونکہ آیت مذکور ظاہر المعنیٰ ہے۔ اور اس کے ہر چیز کا خالق ہونے کے اظہار کے لئے وارد ہوئی ہے۔ پہلے دونوں معنی کے لئے تو یہ آیۃ خفی معنی کی حیثیت سے بھی دلالت نہیں کرتی۔ چہ جائیکہ ظاہر المعنی ہو سکے۔ یا نص بن سکے۔ ہمارا یہ کلام ظاہر اور روشن ہے ۞

وَقِسْ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا فِي دَفْعِ التَّغَايُرِ قَوْلَنَا مُحَمَّدٌ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ فَاِنَّهٗ اَيْضًا كَذٰلِكَ يَقْتَضِي الْمُمَاثَلَةَ بَيْنَهُمَا فَكَمَا اَنَّهٗ اِنْتَفَى التَّمَاثُلُ اِنْتَفَى التَّغَايُرُ وَالْهُدْهُدُ رَسُوْلُ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ مُمَاثِلًا لَهٗ فِي نَوْعِ الْجِسْمِ ۞

مغایرت کے دفع کرنے کے لئے جو جواب ہم نے دیا ہے اس پر ہمارے قول (مُحَمَّدٌ عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ) یعنے محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ کو قیاس کر لو کیونکہ جس طرح یہ قول مغایرت کا وہم پیدا کرتا ہے اسی طرح عبد اور مولیٰ۔ رسول اور مرسل میں مماثلت کا مقتضی ہے۔ پس جس طرح دلیل مذکور سے مماثلت کی نفی ہو گئی ہے۔ اسی طرح دلیل سابقہ سے تغایر کی نفی ہو جائیگی اور مرسل و رسول میں مماثلت کی نفی ضروری بھی نہیں ہے۔ جیسے ہُدہُد سلیمان علیہ السلام کا قاصد آپ کا مماثل ہی تھا۔ نوع جسم میں ۞

وَقِسْ هٰذَا الْقَوْلَ فِي السَّوْقِ وَعَدَمِهٖ عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ ۞

یعنی (محمد عبدہ ورسولہ) ایسا کلام ہے جو آنحضرت کی عبدیت و رسالت کا مظہر ہے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدائی پاک کے ساتھ عینیت یا غیریت کے بیان کے لئے سوق نہیں ہوا ہے۔ لیکن وہم مالک اور مملوک میں اور مرسَل اور مرسِل میں مغایرت اور مماثلت کا حکم کرتا ہے۔ پس جس طرح دلیل سے مماثلت منتفی ہے اسی طرح دلیل سے مغایرت بھی منتفی ہے ۔

وَقِسْ عَلَيْهِ سَائِرَ التَّغَايُرِ فِي الْكِتَابِ الْمَجِيدِ مِنْ قَوْلِهِ تَعَالَى خَتَمَ اللّٰهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ۔ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِينَ وَالْكَافِرِينَ۔ وَالْفَاسِقِينَ۔ وَالْكَاذِبِينَ فَإِنَّهُ مَسُوقٌ فِي أَنَّ الْخَاتِمَ وَاللَّاعِنَ هُوَ اللّٰهُ۔ وَالْمَخْتُومَ وَالْمَلْعُونَ هُمُ الْكَفَرَةُ۔ وَالظَّلَمَةُ۔ وَالْفَسَقَةُ۔ وَالْكَذَبَةُ لَا فِي الْعَيْنِيَّةِ۔ وَلَا فِي الْغَيْرِيَّةِ۔ بَيْنَ الْخَاتِمِ۔ وَاللَّاعِنِ وَبَيْنَ الْمَخْتُومِ وَالْمَلْعُونِ۔ فَالْغَيْرِيَّةُ لَيْسَتْ مَفْهُومَةً۔ إِلَّا قِيَاسًا وَهْمِيًّا بَاطِلًا ۔

کلام سابق پر دوسرے اقوال کو جو قرآن مجید میں واقع ہیں۔ اور مغایرت کا وہم پیدا کرتے ہیں قیاس کرو۔ جیسے خدای تعالےٰ کا یہ قول۔ کہ خدا نے کافروں کے دلوں پر اور ان کی سماعتوں پر مُہر لگا دی ہے۔ یا جیسے یہ آیت۔ کہ ظلم کرنے والوں پر خدا کی لعنت ہے۔ یا جیسے کہ کافروں پر خدا کی لعنت ہے۔ اور بدکاروں پر خدا کی لعنت ہے۔ جھوٹوں پر خدا کی لعنت ہے۔ اسی طرح اور دوسری آیتیں۔ کیونکہ ہر ایک قول اقوال مذکورہ میں سے عینیت و غیریت کے سوا اور دوسرے معنی کے لئے وارد کیا گیا ہے یعنے مُہر کرنے والا۔ اور لعنت کرنے والا۔ وہی خدای تعالےٰ ہے۔ اور مُہر کئے ہوئے۔ اور لعنت کئے ہوئے۔ وہی ظالم۔ یا کافر۔ یا فاسق۔ یا کاذب ہیں۔ مُہر کرنے والے اور مُہر کئے ہوئے۔ لعنت کرنے والے اور ملعون میں غیریت یا عینیت کے اظہار کے لئے وارد نہیں ہوتے ہیں۔ اس لئے اقوال مذکورہ سے غیریت مفہوم ہی نہیں ہوتی۔ مگر قیاس وہمی سے جو باطل ہے ۔

وَبِالْجُمْلَةِ أَنَّ كُلَّ نَقْلٍ يُفْهِمُ مِنْهُ التَّغَايُرَ وَهُمًا

فَهُوَ مَسُوقٌ فِي مَعْنًى مِنَ الْمَعَانِي غَيْرِ التَّغَايُرِ فَلَا يَكُونُ ذٰلِكَ النَّقْلُ خَفِيًّا فِي التَّغَايُرِ فَضْلًا عَنْ اَنْ يَّكُوْنَ ظَاهِرًا فِيْهِ اَوْ نَصًّا ۞

حاصل کلام یہ ہے کہ ہر قول منقول جن میں مغایرت کا وہم ہوتا ہے وہ مغایرت کے معنی کے سوا دوسرے معانی کے لئے وارد ہوئے ہیں۔ اس لئے اقوال منقولہ مغایرت کے لئے خفی المعنی بھی نہیں ہو سکتے ظاہر المعنی یا نص ہونا تو کجا ۔

وَحَاصِلُ هٰذِهِ الْجُمْلَةِ اَنَّ كُلَّ مَعْنًى مَسُوقٌ فِيْهِ النَّقْلُ الْمَذْكُوْرُ هُوَ لَيْسَ بِالتَّغَايُرِ وَكُلُّ مَا هُوَ التَّغَايُرُ فَلَمْ يُسَقْ فِيْهِ النَّقْلُ الْمَذْكُوْرُ فَالْلَّازِمُ اَيِ التَّغَايُرُ وَهُمَا لَيْسَ بِمُحَالٍ حَتّٰى يَرِدَ عَلَيْنَا الْمَا وَالْمُحَالُ اَيِ التَّغَايُرُ نَصًّا اَوْ ظَاهِرًا اَوْ خَفِيًّا فَلَيْسَ بِلَازِمٍ مِنْهُ ۞

لب لباب سارے کلام کا یہ ہے کہ جس قدر معانی نقول مذکورہ کے سوق ہیں۔ وہ مغایرت کے مظہر نہیں ہیں۔ اور جس قدر مغایرت ہے اُس کے لئے وہ معانی مسوق نہیں ہیں۔ پس لازم یعنے تغایر وہی محال نہیں ہے۔ تاکہ از روئے الزام وہ محال ہم پر وارد ہو سکے۔ اور جو کچھ کہ محال ہے یعنے مغایرت نصی یا ظاہر المعنی یا خفی المعنی اُن میں سے کچھ بھی لازم نہیں آتا ۔

فَنَحْمِلُ قَوْلَهٗ تَعَالٰى۔ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ۔ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ عَلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى ظَالِمِيْ اَنْفُسِهِمْ۔ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ فِي التَّغَايُرِ وَاَحْمَلُ اِضَافَةَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَلَى الْاِضَافَةِ فِيْ مِنْ رِّجَالِكُمْ فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ۔ اِذْ اِضَافَةُ الرِّجَالِ فِيْ رِّجَالِكُمْ اِلٰى ضَمِيْرِ جَمْعِ الْمُذَكَّرِ عَيْنِيَّةٌ قَطْعًا ۞

پس حمل کرتے ہیں ہم خدائی تعالے کے اس قول کو کہ اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ اور اس قول کو کہ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ خدای تعالے کے اس قول پر کہ ظَالِمِيْ اَنْفُسِهِمْ اور اس قول پر کہ وَلٰكِنْ كَانُوْا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ

یعنے مغایرت اعتباری پر اگر ظالمین کی انفسھم کی طرف اضافت نہیں اور لفظ انفسھم میں انفس کی اضافت ضمیر جمع مذکر غائب کی طرف مغایرت حقیقی مراد لی جائے تو آیت کے معنی یہ ہو جائیں گے کہ کافر ظلم کرنے والے ہیں اپنی ذاتوں پر کہ وہ ذاتیں ظلم کرنے والوں کے غیر ہیں۔ حالانکہ نفس اور ذات شخص کی اس کا عین ہوا کرتی ہے۔ نہ مغایر۔ پس معلوم ہو گیا کہ ظالم اور مظلوم ایک ہے صرف تغایر اعتباری بیچ میں ہے۔ ایسے ہی خالق اور مخلوق میں مغایرت اعتباری ہے نہ حقیقی۔ اور محمد رسول اللہ کی اضافت حمل کی جائے گی اس اضافت پر جو خدا تعالے کے اس قول میں ہے کہ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ یعنی محمد تم میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں۔ وہ تو خدا کے رسول اور نبیوں کے سلسلہ کو ختم کرنے والے ہیں۔ دیکھو لفظ رِجَالِكُمْ میں رجال کی اضافت ضمیر جمع مذکر کم کی طرف یقیناً اضافت عینی ہے +

حاصل یہ ہے کہ لفظ رجال کی کم کی طرف اضافت میں بالاتفاق مغایرت اعتباری ہے۔ اس لئے اللہ کی طرف رسول کی اضافت کو بھی اسی پر قیاس کرو۔ شے کا اپنے نفس کی طرف مضاف ہونے کی خرابی کے رفع کرنے کو مغایرت اعتباری کافی ہے +

وَاعْلَمْ اَنَّ حُصُوْلَ الْاِيْمَانِ بِالْعَيْنِيَّةِ وَالتَّوْحِيْدِ فِيْ قُلُوْبِ اَكْثَرِ الْعِبَادِ كَوُلُوْجِ الْجَمَلِ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ۔ اِذْ قُلُوْبُهُمْ ضَيِّقَةٌ لَا يَسَعُ الْجَمْعَ وَالْعَيْنِيَّةَ لِكَوْنِهٖ خِلَافَ الْوَهْمِ وَهُوَ سُلْطَانُ الْقُوٰى۔ فَثَبَتَ اَنَّ الْاِيْمَانَ الْمَوْصُوْفَ لَيْسَ فِيْ وُسْعِ الْاَكْثَرِ۔ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا فَاَرَادَ سُبْحَانَهٗ اَنْ يَّحْصُلَ لَهُمُ الْاِيْمَانُ بِالْعَيْنِيَّةِ وَيَصِيْرُ حُصُوْلُهٗ فِيْهَا كَوُلُوْجِ الْخَيْطِ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ فَضَمَّ الْجُزْءَ الثَّانِيْ وَهُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ بِالْجُزْءِ الْاَوَّلِ وَهُوَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۝

واضح ہو کہ ایمان اور اعتقاد وحدت وجود اور توحید کا حاصل ہونا اکثر بندوں کے دلوں میں دشوار اور مشکل ہے۔ جیسے اونٹ کا سوئی کے سوراخ میں داخل ہونا مشکل ہے۔ کیونکہ ان کے دل اس قدر تنگ ہیں کہ جمع اور عینیت یعنے وحدت وجود کی گنجائش نہیں رکھتے ہیں۔ اس لئے کہ توحید قوت واہمہ کے خلاف ہے۔ اور وہ دوسری قوتوں کا بادشاہ ہے پس ثابت ہو گیا کہ وحدت وجود پر ایمان کی طاقت اکثر بندوں کے دلوں میں نہیں ہے۔ حالانکہ خدائی تعالے نے فرمایا ہے کہ اللہ کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتا۔ مگر اس کی طاقت اور وسعت کے لائق۔ پس ایمان توحید کا مکلف کرنا تکلیف مالایطاق ہو گیا۔ اس لئے خدائی پاک نے ارادہ کیا کہ بندوں کے لئے عینیت پر ایمان لانا اور اُن کے دلوں میں ایمان کا داخل ہونا اتنا آسان ہو جائے جتنا کہ سوئی کے سوراخ میں تاگے کا داخل ہونا سہل ہے اس لئے کلمہ توحید کے جزو ثانی محمد رسول اللہ کو جزو اوّل لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے ساتھ مربوط کر دیا۔

حاصل یہ ہے کہ چونکہ اکثر نفوس بندوں کے حکمت ازلی اور مصلحت لم یزلی کے باعث اسرار کے ادراک کرنے سے اور بعض استار کے سمجھنے سے قاصر پیدا ہو گئے ہیں۔ وحدت وجود پر ایمان لانے کی دولت جو نعمات الٰہی میں اتم ہے ان کے فہم کے نصیب نہیں ہوئی۔ چنانچہ آیۃ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا اختلاف وسعت نفوس پر واضح دلالت رکھتی ہے۔ کیونکہ وسعت نفوس کے متفق ہونے کی صورت میں تکلیف کو وسعت نفس میں خدائی پاک کا انحصار فرمانا کیا نفع رکھ سکتا ہے۔ رحمت کاملہ ارحم الراحمین کی اس کی مقتضی ہوئی۔ کہ ان بندوں کو اس نعمت خاص کے خوان سے محروم محض نہ چھوڑ دے اور نا امیدوں کو اپنے کرم عام میں لے لے بے شک ؎

نزد بس نادر ز رحمت باختہ است — آنیاں را از کرم دریافتہ است
بے عنایاتِ حق و خاصانِ حق — گر ملک باشد سیاہتش ورق

پس اس جل شانہ نے رحمت خاص سے نام نامی رسولؐ کو اپنے پاک نام کے ساتھ ترکیب اضافت دیکر جو اس کی عین عنایت ہے اُس طلسم حیرت و گنجینۂ مختوم کی کنجی بنا دیا۔ اور بے نوایان ازل کو صاحب لولاک اور شاہد ما ارسلناک کی برکتوں

کی ایسی دولت دیگر نوازا کہ جو اُن کی فہم میں نہیں آسکتی۔ تاکہ نقارہ مخاوت اور رحمت محمد رسول اللہ کا شاہانہ طریقہ پر بنجگانہ اوقات میں بلند آواز سے بجایا جائے۔ اور اس کے سننے والے کو اُس لطف سے جس کو سامعہ قاصرہ کی وجہ سے ان کا ادراک لم یحتبسوا کے پردہ میں مخفی ہے نواز کر حلقہ بگوش اس صاحب کا بنایا جائے ۔

فَاِنْ اٰمَنُوْا بِالْجُزْءِ الْاَخِیْرِ وَلَوْ عَلَی التَّفْرِقَۃِ وَقَدْ اٰمَنُوْا بِالْجُمْعِ الْمَقْصُوْدِ اَیْ مَعْلِیْ بِالْجُزْءِ الْاَوَّلِ - اَیْضًا - اِذِ الْاِیْمَانُ بِالْجُزْءِ الثَّانِیْ مُتَضَمِّنٌ وَمُلْتَزِمٌ وَکَفِیْلٌ لِلْاِیْمَانِ الْمَقْصُوْدِ بِالْجُزْءِ الْاَوَّلِ ۵

پس اگر ایمان لائیں بندے جزو اخیر یعنے محمد رسول اللہ پر اگرچہ غیریت اور تفرقہ کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو۔ تو گویا ایمان لے آئے وہ عینیت اور توحید پر جو مقصود اصلی جزو اول لا الہ الا اللہ کا ہے۔ کیونکہ ایمان جزو ثانی پر شامل اور لازم اور ضامن ہے۔ اُس ایمان کو جو جزو اوّل کا مقصود ہے ۔

فَاِنَّہٗ اِذَا اٰمَنَ اَحَدٌ بِالْجُزْءِ الْاَخِیْرِ وَلَوْ عَلَی التَّفْرِقَۃِ فَقَدْ صَدَّقَہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ مَا اَتٰی بِہٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَمِنْ جُمْلَۃِ مَا اَتٰی بِہٖ مِنْ عِنْدِہٖ سُبْحَانَہٗ الْاِیْمَانُ بِالْجُمْعِ فَقَدْ صَدَّقَہٗ تَضَمُّنًا وَالْتِزَامًا مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ بِالْاِیْمَانِ بِالْجُمْعِ وَالْوَحْدَۃِ ۵

محمد رسول اللہ پر ایمان لانا لا الہ الا اللہ پر ایمان لے آنے کو اس لئے شامل ہے کہ جب کوئی شخص ایمان لے آیا جزو آخیر یعنے محمد رسول اللہ پر اگرچہ ایمان اس کا بر سبیل تفرقہ ہی کیوں نہ ہو (یعنے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو رسول اور غیر خدائے پاک ہونے کا اعتقاد کر لیا) تو گویا اس نے تصدیق کیا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اُن احکام کو جن کو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم خدائے پاک کے پاس سے لائے ہیں۔ منجملہ احکام مذکورہ کے وحدت وجود پر بھی ایمان لانا ایک حکم ہے۔ پس مومن مذکور نے تصدیق کر لیا۔ تضمنی اور التزامی طور پر۔ اس طرح کہ آگاہ نہ ہوا وحدت وجود اور عینیت پر ۔

مخفی نہ رہے کہ ہماری اس تحقیق سے علماء مفرقین کا بہت بڑا اعتراض رفع ہو گیا جو علماء وجود پر کیا جاتا ہے۔ اعتراض کی تقریر یہ ہے کہ (موحدین ایمان توحید کو منحصر کرتے ہیں وحدت وجود میں۔ وحدت وجود ایسا امر ہے کہ وہم انسان میں نہیں آسکتا۔ اور فعل انسان مغلوب الوہم ہے۔ اس لئے ایمان بوحدت کی تکلیف تکلیف مالایطاق ہو گئی۔ اور خدا نہیں تکلیف دیتا کسی نفس کو مگر اس کی وسعت کے لایق۔ لیکن انسان بلاشبہ توحید کا مکلف بنایا گیا ہے۔ اس لئے معلوم ہو گیا کہ توحید سے مراد وحدت وجود نہیں ہے۔ علاوہ اس کے توحید کو وحدت وجود میں منحصر کر دینے سے اکثر اہل اسلام کے ساتھ جو وحدت وجود کا اعتقاد نہیں رکھتے ہیں شرک کی نسبت لازم آتی ہے)۔

اس اعتراض کا جواب ۔ تم مکرراً معلوم کر چکے ہو کہ اکثر احکام شرع خلاف وہم ہیں۔ توحید پر ایمان لانا جو احکام دین کی اصل الاصول ہے درحقیقت خلاف وہم ہے۔ اس وجہ سے تمام انبیاء اپنی امتوں کو اس کی تلقین کرنے کے لئے مامور ہوئے۔ اگر خلاف وہم نہ ہوتا تو رسولوں کو بھیجنے اور مشرکین کے ساتھ کشت وخون کرنے کی حاجت نہ ہوتی۔ کیونکہ غیریت وہم کے موافق ہے۔ اس سے کوئی شخص انکار نہیں کرتا ایمان مذکور پر تکلیف کلمہ توحید کے جزو ثانی محمد رسول اللہ سے آسان کر دی گئی ہے جس کو تفصیل کے ساتھ اوپر بیان کیا جا چکا ہے۔ اعتراض مذکور کے دفع کرنے کے بعد واضح ہو گیا کہ توحید کو وحدت میں منحصر کر دینے کے بعد بھی عوام عباد کے ساتھ شرک کی نسبت لازم نہیں آتی۔ پھر اخص الخواص کے ساتھ تو کہاں۔ کیونکہ توحید ضمنی جزو ثانی یعنے محمد رسول اللہ پر ایمان لانے کی برکت سے عوام وخواص اہل اسلام سب کو حاصل ہے۔

وَقَدِ اكْتَفَى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ مِنَ الْعَبْدِ بِالْاِيْمَانِ بِالْجُمْعِ بِهٰذَا الْقَدْرِ مِنَ الْاِيْمَانِ التَّضَمُّنِيِّ الْمَجَازِيِّ غَيْرِ الْمَعْلُوْمِ لَكَ كَمَا وَتَفَضُّلًا بِعَدَمِ وُسْعِهِمُ الْاِيْمَانَ الْمُطَابِقِيَّ الْحَقِيْقِيَّ بِالْمُفَادِ مِنَ الْجُزْءِ الْاَوَّلِ لِكَوْنِهٖ خِلَافَ الْوَهْمِ وَحِكْمَتُهٗ اَنَّهٗ لَوْ لَمْ يُدْرِكِ الْكُلَّ وَهُوَ الْحَقِيْقِيُّ لَا يَتْرُكُ الْكُلَّ وَهُوَ الْمَجَازِيُّ الْغَيْرِ

الْمَعْلُوْمُ ۵

خدائی پاک نے نادان شخص سے ایمان وحدت وجود سے ایمان تضمنی ومجازی پر کہ جس کا اس کو علم بھی نہ ہو۔ اپنے کرم ورحم سے اکتفا کر لیا ہے۔ اس اکتفا کی وجہ یہ ہے۔ کہ اس میں لا الہ الا اللہ کی مراد اصلی پر ایمان مطابقی وحقیقی لانے کے خلاف وہم ہونے کی وجہ سے طاقت نہیں ہے پس اگر وہ ایمان حقیقی وتفصیلی نہیں لاسکتا تو مقدار اجمالی (یعنی ایمان مجازی جس کی تفصیل نہ معلوم ہو) پر اکتفا کر لی گئی۔ تاکہ ایمان بالکل متروک نہ ہو جائے ۔

وَالدَّلِيْلُ صَرِيْحًا عَلَى الْاِكْتِفَاءِ الْمَذْكُوْرِ اَيِ التَّضَمُّنِيِّ وَالْاِلْتِزَامِيِّ الْحَاصِلِ بِالْجُزْءِ الْاَخِيْرِ مَا جَاءَ فِيْ رِوَايَةِ مُسْلِمٍ قَالَ كَانَتْ جَارِيَةٌ لِيْ تَرْعٰى غَنَمًا قِبَلَ اُحُدٍ وَجَوَانِيَةٍ وَهُمَا اِسْمَانِ لِلْجَبَلَيْنِ الْمَعْرُوْفَيْنِ فَاطَّلَعْتُ ذَاتَ يَوْمٍ فَاِذَا الذِّئْبُ قَدْ ذَهَبَ بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِنَا وَاَنَا رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ آسَفُ كَمَا يَاْسَفُوْنَ لٰكِنْ صَكَكْتُهَا فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَظَّمَ ذٰلِكَ عَلَيَّ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا اُعْتِقُهَا قَالَ ائْتِنِيْ بِهَا فَاَتَيْتُ بِهَا فَقَالَ لَهَا اَيْنَ اللّٰهُ قَالَتْ فِي السَّمَاءِ قَالَ مَنْ اَنَا قَالَ اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ اَعْتِقْهَا فَاِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ انتهى ۔

فَعُلِمَ اَنَّهٗ اكْتُفِيَ بِالتَّصْدِيْقِ التَّضَمُّنِيِّ وَالْاِلْتِزَامِيِّ الْمُفَادِ بِالْجُزْءِ الْاَوَّلِ ۔ الْحَاصِلِ بِقَوْلِهَا اَنْتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ۵

ایمان تضمنی اور التزامی کی اکتفا پر جو کلمہ طیبہ کے جزو آخیر سے حاصل ہوتا ہے وحدیث دلیل ہے جو صحیح مسلم میں روایت کی گئی ہے۔ راوی کہتے ہیں۔ کہ میری ایک کنیزہ تھی جو اُحد اور جوانیا دو مشہور پہاڑیوں میں میری بکریوں کے گلے چرایا کرتی تھی۔ ایک روز میں چراگاہ میں آیا۔ اچانک ایک بھیڑیا میری بکریوں کے گلے میں سے ہماری ایک بکری کو لے گیا۔ میں افسوس کر رہا تھا جیسے لوگ افسوس کیا کرتے ہیں۔ میں نے کنیز کو ایک طمانچہ مارا۔ پھر یہ مجھے بُرا معلوم ہوا۔ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور کہا کہ اے رسول خدا کے کیا آزاد کر دوں میں

اس کنیز کو۔ ارشاد فرمایا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ اس کنیز کو میرے سامنے لاؤ۔ میں اس کو آپ کے پاس لے گیا۔ آنحضرت نے اس سے کہا کہ خدا کہاں ہے کنیز نے کہا کہ آسمان میں ہے۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا کہ میں کون ہوں۔ اس نے کہا کہ آپ خدا کے رسول ہیں۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کنیز کے مالک کو فرمایا کہ اس کنیز کو آزاد کر دو۔ کیونکہ یہ ایمان والی ہے ختم ہو گئی روایت مسلم کی +

اس روایت سے معلوم ہو گیا کہ پیغمبر خدا نے جزو اول کلمہ توحید کی مراد کو تصدیق التزامی سے اکتفا فرمایا۔ جو کنیز کو اس قول سے حاصل ہوئی تھی۔ کہ آپ خدا کے رسول ہیں[1] +

وَتَقَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِیْمَانَھَا وَلَمْ یَلْتَفِتْ اِلٰی ظَاھِرِ قَوْلِھَا اَللّٰہُ فِی السَّمَآءِ مَعَ اَنَّ قَوْلَھَا فِی السَّمَآءِ مُخِلٌّ بِالْعَیْنِیَّۃِ الْمَفْھُوْمَۃِ مِنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَاِنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ وَحَرِیْصًا عَلٰی اِیْمَانِ الْاُمَّۃِ لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی مَا کَانَ اَکْثَرُھُمْ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِیْنَ فَوَفَّقَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَوْلَھَا فِی السَّمَآءِ بِقَوْلِہٖ تَعَالٰی فِی السَّمَآءِ اِلٰہٌ وَّفِی الْاَرْضِ اِلٰہٌ ۵

قبول کر لیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ایمان اس کنیز کا۔ اور کنیز کے ظاہر قول پر کہ (خدا آسمان میں ہے) التفات نہ فرمایا۔ حالانکہ اس کا یہ قول مخل تھا عینیت میں جو لا الہ الا اللہ سے حاصل ہوتی ہے۔ اس ایمان کے قبول کرنے کی وجہ یہ ہے۔ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم رحمت تھے عالم والوں کے لئے۔ اور حریص تھے ان کے ایمانوں پر۔ اس لئے آپ نے کنیز کے اس قول کو کہ خدا آسمانوں میں ہے۔

---

[1] لونڈی کا ایمان مقبول فرمانا دلیل بین ہے اہل حق کی اس امر میں کہ حق تعالےٰ مرتبۂ اطلاق میں ہے اور عینیت معرفہ وغیریت بحت سے منزہ ہے یعنی غلط و تویہ دونوں سے پاک ہے۔ اور دونوں کو اپنے اطلاق سے محیط ہے پس جسطرح شرع شریف نے غیریت کو باطل کیا ہے عینیت کو بھی باطل کیا ہے لہذا امر حق وہی ہے جو شرع سے ثابت ہو کما ردہ الشریفۃ وھو سنۃ ماضیۃ اجماعی مسئلہ ہے۔ اہل ظاہر و اہل معرفت کا عامۂ مومنین کو شرع سے باہر ہرگز ہرگز قدم نہ رکھنا م

م چاہیئے۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ (مترجم)

تطبیق دیدیا اور موافق کردیا۔ اس آیت مجیدہ سے کہ خدا آسمانوں میں ہے اور خدا زمینوں میں ہے یعنے وہ تمام جگہ ہے ۔

خاتمہ

وَفِیْھَا ثَمَرَاتٌ

الثمرۃ الاولیٰ

فَاِنْ قُلْتَ ھَلْ یَجُوْزُ اِظْھَارُ الْوَحْدَۃِ عِنْدَ الْعَوَامِّ مَعَ اَنَّھُمْ لَا یَفْھَمُوْنَھَا کَمَا ھُوَ حَقُّھَا وَیَتَسَاھَلُوْنَ وَ یَتْرُکُوْنَ الْاَحْکَامَ مِنَ الصَّلٰوۃِ وَالصَّوْمِ وَغَیْرِھِمَا وَفِیْہِ اِنْفِتَاحُ بَابِ الْاِلْحَادِ وَاِبَاحَۃِ الشُّرُوْرِ وَالْفَسَادِ وَالْمُدَاھَنَۃِ فِیْ اَمْثَالِ الشَّرَائِعِ وَقَدْ وَرَدَ اِذَا ذُکِرَ الْقَدَرُ فَاَمْسِکُوْا الخ وَمَعْلُوْمٌ جَلِیٌّ اَنَّ التَّفْتِیْشَ وَالتَّفْصِیْلَ وَالتَّحْقِیْقَ فِیْ اَمْثَالِ ھٰذِہِ الْمَسَائِلِ دَقِیْقٌ مُنْجَرٌّ اِلَی الضَّلَالِ وَالْاِضْلَالِ ۔

خاتمہ

اِس میں چند پھل ہیں

پہلا پھل۔ عوام کے سامنے وحدت وجود کو ظاہر کرنے کے جواز اور عدم جواز کے بیان میں ۔

سوال۔ کیا جائز ہے ظاہر کرنا وحدت وجود کا عوام کے سامنے حالانکہ عوام الناس پورے طور پر مسئلہ وحدت وجود کو نہیں سمجھتے ہیں۔ اور سستی کرینگے! اور چھوڑ دینگے

نماز و روزہ اور دوسرے احکام کو اس خیال سے کہ جب عابد عین معبود ہے تو پھر عبادت کے چھوڑ دینے سے کیا خوف ہے۔ نیز اس مسئلہ کے ظاہر ہونے سے کھل جائیگا دروازہ کفر اور الحاد کا۔ اور یہ جائز رکھتا ہے برائیوں کو اور فساد کو اور حیلہ تراشنا ہے احکام شرعیہ کی فرمانبرداری میں۔ نیز احادیث میں حکم وارد ہو چکا ہے کہ جب جبر اور قدر کے مسئلہ کا ذکر کیا جائے۔ اس میں گفتگو اور مباحثہ کرنے سے زبان کو روک لو۔ یہ اچھی طرح ظاہر ہے ایسے مسائل میں جستجو کرنا اور ان کی تفصیل اور تحقیق کرنا بہت مشکل ہے۔ کیونکہ وہ گمراہی کی طرف کھینچتی ہے۔ اس لئے ایسے مسئلوں کا اظہار کیونکر جایز ہو سکتا ہے ؛

قُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰہِ اَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰہُ فَاِنَّہٗ سُبْحَانَہٗ اَظْھَرَ التَّوْحِیْدَ عَلٰی اَھْلِ اللِّسَانِ وَھُمْ اَدْرَکُوْہُ بِقَوْلِہٖ تَعَالٰی حِکَایَۃً مِنْھُمْ اَجَعَلَ الْاٰلِھَۃَ اِلٰھًا وَّاحِدًا الخ وَلَمْ یُبَالِ ھٰذَا الْوَھْمُ اِذْ قَدْ بَعَثَ جَمِیْعَ الْاَنْبِیَآءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ بِکَلِمَۃِ التَّوْحِیْدِ فَقَدْ اَظْھَرَ سُبْحَانَہٗ التَّوْحِیْدَ وَشَھَرَہٗ بِاِظْھَارِ الْمُعْجِزَاتِ وَاسْتَدَلَّ عَلَیْہِ بِالدَّلَائِلِ وَمَلَأَ کِتَابَہٗ بِالتَّھْدِیْدَاتِ وَاِلْحَاقِ الْعَارِ عَلَی الْمُنْکِرِ بِالْقَتْلِ وَالْاَسْرِ وَاِبَاحَۃِ النِّسَاءِ فِی الدُّنْیَا وَخُلُوْدِ الْعَذَابِ فِی الْاٰخِرَۃِ ؕ

ہم جواب دینگے کہ خدا ہی کے لئے پاکی ہے۔ تم زیادہ تر عقلمند ہو یا خدا۔ خدا نے تو ظاہر کیا توحید کو اہل زبان یعنے عرب پر اور وہ سمجھ گئے اُس کو چنانچہ خود خدائی تعالے ان کے قول کی حکایت کرتا ہے کہ (کہ بنا دیا محمدؐ نے ہمارے تمام معبودوں کو ایک خدا) خدا نے اس کا کوئی خوف نہ کیا کہ ہمارے بندے عبادت کو چھوڑ دینگے اور احکام کو قبول نہ کریں گے۔ خدائی پاک کے خوف نہ کرنے کی دلیل یہ ہے۔ کہ بھیجا اُس نے تمام انبیاء کو توحید کے ساتھ اُن پر سلام ہو۔ یعنے حکم کیا کلمہ توحید کے ظاہر کرنے کا۔ پس ظاہر کیا خدائی پاک نے توحید کو۔ اور شہرت دی اس کو انبیاء کے معجزات کے ظہور سے اور متعدد دلیلوں سے اس کو مدلل بنایا۔ اور بھر دیا اپنی کتاب کو منکر توحید پر ننگ و عار لاحق کرنے کے بیان سے۔ اور منکرین کو قتل و گرفتاری کی تہدید فرمایا

اور ان کی عورتوں کے ساتھ دنیا میں صحبت مباح کی گئی۔ اور آخرت میں دوام عذاب کی خبر دی گئی یہاں تک کہ فرمایا پیغمبر خدا نے کہ حکم دیا مجھ کو لوگوں کے قتل کرنے کا۔ یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ کے قائل ہوں۔ یہی قول تمام پیغمبروں کا ہے +

بِخِلَافِ مَا اَمَرَ فِيْهِ بِالْاِمْسَاكِ عَنْهُ كَالْقَدَرِ وَاَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَغَيْرِهِمَا فَاِنَّهُ لَيْسَ بِمَثَابَةِ التَّوْحِيْدِ فَيَكُوْنُ قِيَاسُ التَّوْحِيْدِ عَلَى الْقَدَرِ وَغَيْرِهِ فِي الْاِمْسَاكِ قِيَاسًا مَعَ الْفَارِقِ۔ نَعَمْ لَوْ لَمْ يَسْتَدِلَّ عَلَى التَّوْحِيْدِ وَلَمْ يَمْلَأْ كِتَابَهُ مِنَ التَّهْدِيْدِ عَلَى الْاِشْرَاكِ لَكَانَ التَّوْحِيْدُ مَقِيْسًا عَلَى الْقَدَرِ فَاِظْهَارُ التَّوْحِيْدِ كَاِظْهَارِ اَمْرِ الْمِعْرَاجِ فَاِنَّهُ اَيْضًا سِرٌّ وَاَمْرُ الْمِعْرَاجِ يُظْهَرُ عَلَى الْمَنَابِرِ فَكَذَا هٰذَا بَلِ التَّوْحِيْدُ يَنْبَغِيْ اَنْ يُظْهَرَ عَلَى السَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ لِكَوْنِهِ اَصْلًا لِلْمِعْرَاجِ وَاَهَمَّ مِنْهُ ؕ

توحید کا حال یہ ہے جو ذکر کیا گیا بخلاف ان امور کے جن کے ذکر کرنے سے زبان کو روکنے کا حکم دیا گیا ہے جیسے مسئلہ جبر و قدر۔ اور اصحاب رسول کو ایک دوسرے پر فضیلت دینا ان کے سوا اور دوسرے مسائل پس یہ مسائل مسئلہ توحید کی طرح نہیں ہیں۔ اس لئے مسئلہ قدر وغیرہ کو مسئلہ توحید پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ ہاں اگر خدائے پاک توحید پر استدلال نہ کرتا اور مشرکین کو خوف دلانے سے اپنی کتاب کو نہ بھر دیتا تو البتہ مسئلہ توحید کو مسئلہ قدر وغیرہ پر قیاس کرنا صحیح ہو سکتا تھا پس مسئلہ توحید کو ظاہر کرنا اظہار معراج کی طرح ہے۔ کیونکہ معراج بھی اسرار الٰہی میں سے ایک بھید ہے حالانکہ معراج کے حالات منبروں پر ظاہر کئے جاتے ہیں۔ اسی طرح توحید کا بھی اظہار ہونا چاہیئے۔ بلکہ توحید اس کی مستحق ہے۔ کہ اس کا اظہار بلند چھتوں پر چڑھ کر کیا جائے کیونکہ توحید معراج کی اصل ہے۔ اور اس سے زیادہ اہم ہے۔ اس لئے کہ معراج کی تصدیق توحید کے اعتقاد پر موقوف ہے +

وَالضَّابِطَةُ

فِي مَعْرِفَةِ السِّرِّ الَّذِي يَجِبُ كِتْمَانُهُ وَالْجَهْرِ الَّذِي يَجِبُ إِعْلَانُهُ اَنَّ الْاَوَّلَ يُذْكَرُ بِغَيْرِ اَدِلَّةٍ عَلَيْهِ كَالْقَدَرِ كَمَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذُكِرَ الْقَدَرُ فَامْسِكُوْا وَاِذَا ذُكِرَ اَصْحَابِيْ فَامْسِكُوْا وَاَنَّ الثَّانِيَ يُذْكَرُ وَيُسْتَدَلُّ عَلَيْهِ كَالتَّوْحِيْدِ كَمَا قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَدَلَّ عَلَيْهِ بِلَوْ كَانَ فِيْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا وَغَيْرِهَا مِنَ الْاَدِلَّةِ الْمَذْكُوْرَةِ فَانْظُرْ نَظَرَ التَّاَمُّلِ وَالْاِنْصَافِ اَنَّ هٰذَا التَّوْحِيْدُ مِمَّا هُوَ مِنَ الْاَوَّلِ اَوْ مِنَ الثَّانِيْ وَاَيْضًا يُسْتَدَلُّ عَلٰى اِرَادَةِ اِفْشَاءِ جَهْرًا اَلْاَذَانُ فِي الْاَوْقَاتِ الْخَمْسَةِ ۞

الضابطہ۔ اون اسرار کے پہچاننے کا کہ جن کا پوشیدہ رکھنا واجب ہے اور ان چیزوں کا کہ جن کا اظہار اور اعلان واجب ہے ۞

قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ پوشیدہ رکھنے کی چیزیں بغیر دلیل کے ذکر کی جاتی ہیں۔ جیسے مسئلہ تقدیر۔ آنحضرت نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ جب مسئلہ جبر و قدر ذکر کیا جائے تو اپنی زبان کو روک لو اور دوسری حدیث میں ارشاد فرمایا کہ جب میرے اصحاب کا ذکر کیا جائے۔ یعنے جب میرے اصحاب کے جھگڑوں کا تذکرہ کیا جائے تو زبان کو روک لو۔ اور ظاہر کرنے کی چیزیں دلیل کے ساتھ ذکر کی جاتی ہیں۔ جیسے مسئلہ توحید۔ خدا تعالےٰ فرماتا ہے کہ (نہیں ہے کوئی معبود مگر خدا) اور اس پر دلیل لایا آیہ لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا اور اس کے سوا اور دوسری آیتیں جو استدلالاً قرآن مجید میں مذکور ہیں۔ اب غور اور انصاف کی آنکھ سے دیکھو کہ توحید کون سی قسم میں سے ہے۔ آیا چھپانے کے مسائل میں سے ہے یا ظاہر کرنے کے مسائل میں۔ نیز توحید کے جہری ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ بلند آواز سے کہنا اذان کا پنج وقتہ نماز میں۔ پس عینیت اگر چھپانے کی چیز ہوتی تو پانچوں وقت اذان میں اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بلند آواز سے نہ کہا جاتا

کیونکہ عرب کے زبان دان اس کلمہ سے عینیت کے معنی بخوبی سمجھتے تھے۔ اور شرع میں ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے کہ جس کا اظہار زبان عربی میں جائز ہو۔ اور دوسری زبان میں ممنوع پس جو لوگ توحید کو پوشیدہ رکھنے کا مسئلہ جانتے ہیں ان پر واجب ہے کہ اذان میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بلند آواز سے نہ کہیں

وَبِالْجُمْلَۃِ اَنَّہٗ سُبْحَانَہٗ اَظْھَرَ التَّوْحِیْدَ اِظْھَارًا بَیِّنًا لٰکِنْ لَمْ یُلْقِ سُبْحَانَہٗ حَقِیْقَتَہٗ فِیْ قُلُوْبِ اَکْثَرِ مِنْ اَکَابِرِ الْعُلَمَاءِ لٰکِنْ فَرْقٌ عَظِیْمٌ بَیْنَ اِظْھَارِ الشَّیْءِ وَاِلْقَاءِ حَقِیْقَتِہٖ کَالْمُعْجِزَۃِ فَاِنَّہٗ سُبْحَانَہٗ اَظْھَرَھَا عَلٰی اَیْدِیْ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ عِنْدَ اُمَمِھِمْ مُطْلَقًا وَلَمْ یُلْقِ حَقِیْقَتَھَا اِلَّا فِیْ قُلُوْبِ اُمَّۃِ الْاِجَابَۃِ فَکَذَا اِظْھَارُ الْجَمْعِ لَمْ یُلْقِ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ حَقِیْقَتَہٗ فِیْ قُلُوْبِھِمْ اِلَّا فِیْ قُلُوْبِ الصُّوْفِیَّۃِ ۵

حاصل کلام یہ ہے کہ خدائے پاک نے توحید کو روشن طور پر ظاہر کیا ہے لیکن اس کی حقیقت کو بہت سے اکابر علماء کے قلوب میں القا نہ فرمایا۔ لیکن کسی شے کے اظہار میں اور اس کی حقیقت کے القاء میں بہت بڑا فرق ہے۔ جیسے معجزات کو خدائے پاک نے انبیاء کے ہاتھوں ان کی امتوں کے سامنے ظاہر فرمایا مگر حقیقت معجزات کو صرف امت اجابت کے قلوب میں القا فرمایا۔ یعنے معجزات کو مشرک اور مومن سبھوں نے دیکھا۔ مگر ان پر ایمان صرف وہی لوگ لائے جن کے دلوں میں معجزات کی حقیقت ڈالی گئی تھی۔ اسی طرح وحدت وجود کا اظہار ہے۔ کہ خدائے پاک نے اس کی حقیقت کو صرف قلوب صافیہ میں القا فرمایا +

فَمَنْ لَمْ یُلْقِ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ حَقِیْقَتَہٗ فِیْ قَلْبِہٖ حَمَلَ قَائِلَہٗ عَلَی الْجُنُوْنِ وَالضَّلَالَۃِ وَالْغَوَایَۃِ کَمَا ذَکَرْنَا فَضَلَّ صَاحِبُکُمْ وَمَا غَوٰی وَحَمَلَ اِظْھَارَ الْمُعْجِزَۃِ عَلَی السِّحْرِ وَالْکِھَانَۃِ وَحَمَلَ الْاَکَابِرَ مَا یَدُلُّ عَلَی الْجَمْعِ عَلَی التَّاوِیْلِ لِعَدَمِ اِلْقَائِہٖ سُبْحَانَہٗ حَقِیْقَتَہٗ فِیْ قُلُوْبِھِمْ

وَحَمَلُوْا اِظْهَارَ الْمُعْجِزَةِ عَلٰى حَقِيْقَتِهَا لِاِلْقَائِهَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۚ

پس جس کے دل میں خدائی پاک نے وحدت وجود کی حقیقت کو القا نہیں فرمایا ہے۔ وہ شخص توحید کے قائل کو دیوانگی اور گمراہی اور راستہ بھولنے کی نسبتوں سے منسوب کرتا ہے۔ جیسا کہ ذکر کیا ہم سے خدائی پاک نے مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى میں نسبت جنون کی وجہ کو ایسے ہی لوگوں نے اظہار معجزات کو سحر اور جادوگری پر حمل کیا تھا جس کو توحید کے سمجھنے کی توفیق نہیں دی گئی ہے۔ وہ توحید کے قائل کو دیوانگی اور گمراہی سے منسوب کرتا ہے اور ان کے کشف و کرامات کو استدراج پر محمول کرتا ہے جس طرح مشرکین نے پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کو جو توحید کے قائل تھے جنون سے منسوب کیا۔ اور آپ کے معجزات کو سحر اور جادو کہنے لگے۔ اسی طرح اکابر علماء۔ اُن آیات پاک کی جو جمع اور توحید پر دلالت کرتی ہیں تاویل کرنے لگے۔ کیونکہ خدائی پاک نے وحدت کی حقیقت کو ان کے قلوب میں القا نہیں فرمایا اکابر علماء نے معجزات کو اُن کی حقیقت پر اس لئے حمل کیا کہ خدائی پاک نے معجزات کی حقیقت کو اُن کے قلوب میں القاء فرمایا تھا۔ پس مشرکین اور منکرین توحید میں فرق اتنا ہے۔ کہ مشرکین توحید اور معجزات دونوں کی حقیقت سے محروم کئے گئے تھے۔ اور منکرین کے قلوب میں صرف معجزات کی حقیقت القاء کی گئی حقیقت توحید سے وہ بھی محروم ہیں۔

فَعَدَمُ جَوَازِ اِظْهَارِ الْجَمْعِ عِنْدَ الْعَوَامِّ لِخَوْفِ تَرْكِ الْاَحْكَامِ لَيْسَ لَهٗ اَصْلٌ مِّنَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ كَمَا اَنَّ التَّفْرِقَةَ كَذٰلِكَ ۚ

پس عوام کے سامنے وحدت وجود کا ظاہر نہ کیا جانا احکام شرع کو ترک کر دینے کے خوف سے۔ اس کی کوئی اصل اور دلیل قرآن مجید و حدیث شریف میں نہیں ہے۔ اور تفرقہ کا بھی یہی حال ہے۔ یعنی ثبوت تفرقہ پر کوئی دلیل اور اصل کتاب اور سنت سے نہیں ہے۔ جو تفرقہ اور تغایر پر نص ہو سکے۔

وَاَمَّا قَوْلُہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ اُمِرْنَا اَنْ نُکَلِّمَ النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِھِمْ فَمَعْنَاہُ اَنْ نُکَلِّمَ فِیْ اِسْرَارِ التَّوْحِیْدِ دُوْنَ نَفْسِہٖ فَاِنَّہٗ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اَظْھَرَ التَّوْحِیْدَ اَوَّلًا بِقَوْلِہٖ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَلٰی اُمِّیِّیْنَ فَاَدْرَکُوْا مُرَادَہٗ بِقَوْلِھِمْ (اَجَعَلَ الْاٰلِھَۃَ اِلٰھًا وَّاحِدًا) اَلْخ وَثَانِیًا بِقَوْلِہِ الْمُؤَکَّدِ بِالْقَسَمِ لَھَبَطَ عَلَی اللّٰہِ ثُمَّ اسْتَشْھَدَ عَلَیْہِ بِقَوْلِہٖ ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ الخ وَثَالِثًا بِاٰلَۃِ وِلَادَۃِ الْمَذْکُوْرَۃِ فِی الْکِتَابِ الْمَجِیْدِ نَحْوُ لَوْ کَانَ فِیْھِمَا اٰلِھَۃٌ الخ وَغَیْرُہٗ ۔

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے جس کی تقریر یہ ہے کہ جب مسئلہ وحدت وجود ایسا امر ہے۔ کہ ہر خاص و عام کی سمجھ میں نہیں سما سکتا۔ کیونکہ اُن کے عقول متفاوت ہیں۔ اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ (ہم پیغمبروں کو حکم دیا گیا ہے کہ ان لوگوں کے ساتھ ان کی عقل و فہم کے مطابق گفتگو کریں) (اس لئے جو بات کہ لوگوں کی عقل میں نہ آسکتی ہو اُس کا اظہار عوام کے سامنے حدیث مذکور کے خلاف ہوگا)۔

اس اعتراض کو دفع کرنے کے لئے مولانا فرماتے ہیں کہ حدیث مذکور کے معنی یہ ہیں۔ کہ ہم کو حکم دیا گیا ہے کہ لوگوں کے ساتھ اسرار توحید میں اُن کی عقل اور فہم کے مطابق گفتگو کریں۔ نہ نفس توحید میں۔ یعنے نفس توحید کے متعلق ہم کو یہ حکم نہیں دیا گیا ہے کہ اس کا اظہار سامعین کے فہم پر موقوف اور مشروط رکھیں۔ بلکہ خدا کا حکم انبیاء کرام کو توحید کے القاء کے لئے عوام اور خواص سب کے واسطے فہیم اور عقیل ہونے کی شرط نہیں ہے۔ کیونکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پہلے قول لا الٰہ الا اللہ کو ان پر ظاہر کیا۔ جو امّی اور ناخواندہ تھے۔ پس انہوں نے لا الٰہ الا اللہ کے اصل مطلب کو دریافت کر لیا۔ اور کہا کہ کیا بنا دیا محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) نے الٰہ کثیر کو ایک الٰہ۔ دوبارہ ظاہر کیا آنحضرتؐ نے توحید کو قسم کھا کر کہ (والذی نفس محمد بیدہ) پنانچہ اس کا

بیان پہلے گذر چکا ہے۔ پھر شہادت پیش کی آپ نے دعویٰ توحید پر خدائی پاک کے اس قول سے کہ ھوالاول والاٰخر الخ پھر سہ بارہ ظاہر کیا آپ نے توحید کو ان دلائل سے جو قرآن مجید میں مذکور ہیں۔ جیسے لوکان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا اس کے سوا اور دوسری آیتیں ۔

فَبَطَلَ اَنَّ اِنْکِشَافَ مَسْئَلَۃِ التَّوْحِیْدِ اِبْتِدَاءً لَمْ یَکُنْ بِالدَّلَائِلِ بَلْ بِمَحْضِ الْمَوْھِبَۃِ وَالْمَعْرِفَۃِ وَاِنْتِھَاءً اَیْضًا لَیْسَ بِالتَّحْصِیْلِ وَالْکَسْبِ بَلْ یُحَالُ عَلٰی وُرُوْدِ الْحَالَاتِ ۔

پس تحقیق مذکورہ سے باطل ہو گیا جو کچھ کہا جاتا ہے کہ زمانہ سابق میں مسئلہ وحدت وجود کا منکشف ہونا دلائل کے ذریعہ سے نہ تھا۔ بلکہ حصول عرفان اور بخشش الٰہی پر موقوف تھا۔ اور زمانہ لاحق میں توحید کا انکشاف کسب اور تحصیل سے نہیں ہے۔ بلکہ ان کا انکشاف ورود حالات پر موقوف ہے۔ جو عارفان حق پر طاری ہوتے ہیں ۔

وَمَا یَتَوَھَّمُ مِنْ اَنَّہٗ لَا یَجُوْزُ اِظْھَارُ مَا لَمْ یَصِلْ اِلٰی مَرْتَبَۃِ الْفَنَاءِ وَعَلَامَتُہٗ اَنْ یُّصَوِّرَ نَفْسَہٗ کَیْفَ یَشَاءُ مَثَلًا اَنْ یُّصَوِّرَ نَفْسَہٗ بِصُوْرَتِ الْخِنْزِیْرِ وَیَاْکُلَ الْعَذِرَۃَ ثُمَّ یُصَیِّرَ کَمَا ھُوَ عَلٰی حَالِہِ السَّابِقَۃِ مِنَ الصُّوْرَۃِ الْاِنْسَانِیَّۃِ وَمِنْ اَنَّہٗ یَنْبَغِیْ اَنْ یَّکُوْنَ الْمُوَحِّدُ فِی الْبَاطِنِ مِثْلَ الْمَنْصُوْرِ وَفِی الظَّاھِرِ مِثْلَ اَبِیْ حَنِیْفَۃَ وَمِثْلُ ھٰذَا اِمَّا ھُوَ مِنْ اَمْثَالِھَا کَثِیْرٌ مِنَ الْعَوَامِّ فَھِیَ اَقْوَالٌ مُّخْتَرَعَۃٌ وَاَوْھَامٌ فَاسِدَۃٌ مَنْشَاءُھَا عَدَمُ الْوُصُوْلِ اِلَی الْمُرَادِ الْحَقِّ مِنْ کَلِمَۃِ التَّوْحِیْدِ ۔

رہ گیا یہ وہم کہ وحدت وجود کا اظہار جائز نہیں ہے۔ جب تک کہ موحد مقام فنا پر نہ پہنچ جائے جو وصول الٰہی کے مراتب میں سے ایک مرتبہ ہے فنا مذکور کی علامت یہ ہے۔ کہ توحید کا مدعی متشکل کر دیتا ہے۔ اپنے نفس کو جس شکل میں چاہے۔ مثلاً وہ متشکل کرتا ہے اپنے نفس کو سور کی شکل میں اور کو کھاتا

اور پھر حالت سابقہ یعنے صورت انسانی پر لوٹ جاتا ہے۔ ایسے ہی یہ وہم کہ موحد کو باطن میں منظور کی طرح رہنا چاہئے یعنے قائل رہے اور ظاہر میں ابی حنیفہؒ کی طرح یعنے عینیت سے ساکت رہے۔ ایسے دوسرے توہمات جو عوام میں مشہور ہو گئے ہیں سو یہ سب باتیں دل سے گھڑی ہوئی اور اوہام فاسدہ ہیں۔ ان تمام توہمات کا منشا وہم کرنے والوں کی مراد حق تک پہنچنے سے مجبوری ہے ۔

وَاِلَّا فَالْقَائِلُ بِعَدَمِ الْجَوَازِ مُطَالَبٌ بِالْبُرْهَانِ مِنْ نَصِّ الْكِتَابِ اَوِ السُّنَّةِ ۔

اگر وحدت وجود کا اظہار حصول فنا پر موقوف ہو اور بغیر اوس کے جائز نہ ہو سکے۔ تو عدم جواز کے مدعی سے اس کے دعوی کے برہان پر نص کتاب کا یا نص حدیث کا مطالبہ کیا جائیگا ۔

وَاَمَّا تَوَهُّمُ الْاِجْمَاعِ عَلٰى عَدَمِ الْجَوَازِ فَهُوَ كَتَوَهُّمِ الْاِجْمَاعِ عَلَى النَّفْيِ قَبْلَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا ۔

رہا عدم جواز پر اجماع کا وہم تو وہ فرقہ پر اجماع کے وہم کی طرح ہے ۔

سوال۔ اگر کوئی شخص کہے کہ اظہار وحدت وجود کے عدم جواز پر اجماع امت دلیل ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ عدم جواز مذکور پر اجماع تفرقہ پر اجماع وہمی کی طرح ہے۔ تفرقہ مذکور کا بطلان سابقہ دلائل سے بخوبی کیا جا چکا ہے۔ پس جس طرح سے کہ تفاریر پر اجماع امت صحیح نہیں ہو سکتا اسی طرح اظہار وحدت کے عدم جواز پر اجماع صحیح نہیں ہے ۔

پوشیدہ نہ رہے کہ مولانا کا یہ جواب بسبیل تنزل و تسلیم ہے۔ یعنی اگر فرض کر لیا جائے کہ اظہار توحید کے عدم جواز پر اجماع امت ہو جائے تو اس اجماع کی طرح جو مغایرت کی صورت میں فرض کیا جائے حجت نہیں ہو سکتا۔ ورنہ حقیقت میں وہ اجماع جو فن اصول کے چار دلائل میں شمار کیا گیا ہے۔ نہ تفرقہ کے لئے ثابت ہوا ہے۔ نہ عدم جواز کے لئے۔ کیونکہ اجماع

مذکور کے لئے دو چیزیں شرط ہیں +

پہلی شرط یہ ہے۔ کہ شے مجمع علیہ کو امر شرعی ہونا چاہئے +

دوسری شرط یہ ہے کہ مجتہدین کا اتفاق اس امر پر ایک زمانہ یا قریب قریب زمانوں میں ہو چکا ہو۔ تغایر جو منطوق کلمہ طیبہ کے خلاف اور مدلول کلمہ خبیثہ کے موافق ہے۔ نہ امر مشروع ہے اور نہ کبھی مجتہدین کا اتفاق مغایرت مذکورہ پر زمانہ واحد یا زمانہ متقاربہ میں ہوا ہے۔ ایسے ہی اظہار وحدت کا عدم جواز ایسا امر ہے کہ نہ شارع نے اس کے لئے حکم دیا ہے۔ اور نہ کبھی مجتہدین کا اتفاق اس پر ہوا۔ جو شخص اجماع کا مدعی ہو اس کے لئے سند پیش کرنا لازم ہے +

نَعَمُ الْمَوْقُوفُ عَلَى الْحَالَةِ هُوَ صُدُورُ كَلَامٍ فِيهِ إِيهَامُ حَصْرِهِ سُبْحَانَهُ فِي شَخْصٍ وَاحِدٍ كَمَا يُفْهَمُ مِنْ كَلَامِ الشَّيْخِ أَبِي يَزِيدَ الْبُسْطَامِيِّ سُبْحَانِي مَا أَعْظَمَ شَأْنِي۔ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِي فِي الْحَالَةِ فَإِنَّهُ مُوهِمٌ بِقَصْرِهِ سُبْحَانَهُ فِي نَفْسِهِ وَكَوْنِ غَيْرِهِ قُدِّسَ سِرُّهُ مِنَ الْحَاضِرِينَ عِبَادَهُ ۔

حالت فنا پر جو چیز موقوف ہے وہ ایسے کلام کا صادر ہوتا ہے جس سے ذات پاک کے ایک ہی شخص ہونے کا شبہ ہوتا ہو۔ جس طرح کہ شیخ بایزید بسطامی قدس سرہٗ السامی کے کلام میں مفہوم ہوتا ہے۔ جس کا ترجمہ یہ ہے (کہ پاکی ہے میرے لئے کتنی بزرگ ہے میری شان۔ میرے سوا کوئی دوسرا معبود نہیں ہے۔ پس میری ہی عبادت کرو) شیخ ممدوح کا یہ کلام حالت فنا و بے خودی میں صادر ہوا تھا۔ کلام مذکور ذات شیخ میں ذات سبحانہ کے محصور ہو جانے کا اشارہ کرتا ہے۔ اور یہ کہ دوسرے حاضرین شیخ بندے ہیں۔ اور عبادت کے لئے مامور ہیں +

خلاصہ یہ ہے کہ کلام مذکور سے متوہم ہوتا ہے۔ کہ کلام مذکور کا کہنے والا خدا ہے اور دوسرے اس کے بندے اور اس کی عبادت کرنے والے

ہیں ۔

لَمَا یَدُلُّ عَلَیْہِ قَوْلُہُ الْمَنْظُوْمُ ؎

نیست اندر جبہ ام الا خدا
چیز جوئی در زمین و در سما

فَاِنَّہٗ یُفْھَمُ مِنْ ھٰذَا الْبَیْتِ اَنَّکُمْ اَیُّھَا الْحَاضِرُوْنَ عِبَادِیْ وَاَنَا وَحْدِیْ ھُوَ اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ فَلِاِزَالَۃِ ھٰذَا الْوَھْمِ الْمَذْکُوْرِ قَالَ فِیْ اٰخِرِ عُمُرِہٖ اَللّٰھُمَّ اِنْ قُلْتُ یَوْمًا سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمَ شَانِیْ فَاَنَا مَجُوْسِیٌّ فَاَقْطَعُ زُنَّارِیْ بِقَوْلِ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۔

کلام سبحانی ما اعظم شانی الخ پر شیخ کا یہ قول بھی دلالت کرتا ہے کہ

؎ ہے میرے جبے میں وہ ذات خدا
تو زمین و چرخ میں ڈھونڈے ہے کیا

اسی وہم کے دفع کرنے کے لئے شیخ بایزید قدس سرہٗ نے آخر عمر میں فرمایا کہ اے خدا اگر کسی دن میں نے سبحانی ما اعظم شانی کہا ہے تو میں مجوسی ہوں اب میں شرک کی زنار کو یہ کہکر توڑتا ہوں۔ کہ اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمد عبدہ ورسولہ ۔

وَاِلَّا اَیْ وَاِنْ لَّمْ یَکُنْ ھٰذَا الْقَوْلُ مُوْھِمًا اِلَی الْقَصْرِ فَھُوَ قَوْلٌ حَقٌّ لَیْسَ فِیْہِ اِشْرَاکٌ فَاَیْنَ الْمَجُوْسِیَّۃُ وَالزُّنَّارُ ۔

اگر قول مذکور حصر کا وہم نہیں پیدا کرتا۔ تو شیخ کا قول حق اور درست ہے۔ اور شرک نہیں ہے۔ پس مجوسیت اور زنار کہاں ۔

الحاصل۔ وحدت وجود کا اظہار جو لا الہ الا اللہ کا مدلول ہے ہر حال میں جائز ہے۔ ہاں ایسے کلام کا تکلم جو معین شے میں ذات پاک کے محصور ہو جانے کی دلالت کرتا ہو جائز نہیں ہے۔ سوائے حالت فنا اور بے خودی کے ایسے کلام کا متکلم حالت مذکورہ میں شرعاً معذور اور

معاف ہے۔ حالت مذکورہ کے سوا میں مجرم ہے۔ اور شرک لازم آنے کی وجہ سے مواخذہ کیا جائیگا۔ حتیٰ کہ شیخ عارف کامل جو حالت فنا میں تھے اور کلام مذکور اُن سے اُسی حالت میں صادر ہوا تھا۔ جب ہوش میں آئے اور اس کلام کی خبر ہوئی تو توبہ فرمائی اور معذرت چاہی۔ اور ایسے کلمات زبان پر جاری کئے جو ایمان کی تجدید اور وحدانیت خدا اور رسالت وعبودیت رسول پر دلالت کرتے تھے۔ تاکہ روشن شریعت کے آداب کا رشتہ ہاتھ سے نہ چھوٹ جائے۔ اور حاضرین اور سننے والے جو واصل بقا نہیں ہوئے ہیں ایسے کلام کے تکلم سے جو حصر اور شرک کا وہم پیدا کرتا ہو پرہیز کریں۔ پس افسوس ہے ان پر جو انحصار خدائے پاک کو معین چیز میں جیسے تنزیہہ یا تشبیہہ میں عین توحید اور اپنے ایمانوں کی اصلی گمان کرتے ہیں۔

وَاَمَّا قَوْلُہٗ ؎

حق منزہ از تن و من پاک تنم
چوں چنیں گویم سزا بد کشتنم

فَاِنَّہٗ رَاجِعٌ اِلٰی مَرْتَبَۃِ الْاِطْلَاقِ اَوْ اِلٰی اِعْتِقَادِ الْمُتَّحِدِیْنَ النَّاقِصِیْنَ الَّذِیْنَ تَوَھَّمُوْا اَنَّہٗ سُبْحَانَہٗ مُنْحَصِرٌ فِی التَّنْزِیْہِ فَقَطْ وَاِلَّا فَجَمِیْعُ الْاٰلِھَۃِ اَوْ اَکْثَرُھُمْ مِنَ الْعُزّٰی وَاللّٰتِ وَالْمَنَاتِ وَالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْکَوَاکِبِ وَغَیْرِھَا کُلُّھَا اَجْسَامٌ یَفْھَمُ عُیَیْنَتُھُمْ مَعَ اللّٰہِ سُبْحَانَہٗ بِقَوْلِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ فَاَیْنَ انْحِصَارُہٗ سُبْحَانَہٗ فِی التَّنْزِیْہِ کَمَا یَتَوَھَّمُہٗ مِنْ قَوْلِہِ السَّابِقِ ۵

سوال۔ اگر تو کہے کہ شیخ بایزید کے اس کلام سے ؎

پاک حق تن سے ہے میں تن دار ہوں
گر کہوں ایسا سزائے دار ہوں

خدائے پاک کا مرتبہ تنزیہہ میں انحصار مفہوم ہوتا ہے۔ اور شیخ موصوف

کا حال شرک سے بچنے میں اُس مرتبہ میں ہے۔ جس کا بیان تم کر چکے ہو پس انحصار شرک کا سبب کیونکر ہو سکتا ہے ؛

جواب یہ ہے کہ شیخ کا قول مذکور خدائے پاک کے مرتبہ اطلاق میں ہے۔ جو عبارت ہے تنزیہہ صرفہ سے۔ خدا کی پناہ شیخ موصوف بھی کہیں خدائے پاک کو مرتبہ تنزیہہ میں منحصر سمجھ سکتا ہے۔ بلکہ اس میں خدائے پاک کی ایک صفت کا بیان ہے۔ یا مریدان ناقص کے اعتقاد کی طرف اشارہ ہے۔ جو خدائے پاک کو مرتبہ تنزیہہ میں منحصر سمجھتے تھے ؛

سوال۔ شیخ موصوف نے جس کے ذمہ اپنے مریدوں کے عقائد کی اصلاح تھی مریدوں کی خاطر مخالف حقیقت کلام کس غرض سے ارشاد فرمایا ؛

جواب یہ ہے کہ شیخ کے کلام کا فائدہ یہ تھا۔ کہ پہلے شیخ نے اپنی شان کے موافق کلام ارشاد کیا۔ تاکہ ناقصین کے وہم کا ازالہ پورے طور پر ہو سکے یہ وہم زائل نہیں ہو سکا مگر اس طرح سے کہ پہلے وہم کرنے والوں کو اُن کے اعتقاد پر مصلحتہً چھوڑ دیا۔ اور اپنے قتل کی اجازت دی۔ جب انہوں نے شیخ کو حالت فنا میں شیخ کی اجازت اور اُن کا عقیدہ حق ہونے کے گمان پر اپنے حربے لگائے انہیں میں سے زیادہ تر مجروح اور بعض مقتول ہو گئے۔ اس وقت وہ بخوبی سمجھے۔ بلکہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا۔ کہ کلام کا کہنے والا کون ہے اور واقعہ حقیقت میں کیا ہے۔ پھر اپنے باطل اعتقاد سے پلٹ گئے۔ اور شیخ کے ارشاد اور مراد پر فائز ہوئے۔ واللہ اعلم بالصواب ؛

اگر قول مذکور کی اسی طرح تاویل نہ کی جائے تو کلام مذکور کا حقیقت کے خلاف ہونا لازم آئے گا۔ اس لئے کہ اکثر معبود۔ جیسے لات و عزیٰ و منات و شمس و قمر اور دوسرے ستارے اجسام ہیں۔ حالانکہ اُن کی عینیت خدائے پاک کے ساتھ لا الٰہ الا اللہ کی دلیل سے ثابت ہوتی ہے۔ پس مرتبہ تنزیہہ صرفہ میں خدائے پاک کا انحصار کہاں ہے۔ ہاں متوہمین کے وہموں میں محکم ہے ؛

وَعَلٰی مَا قُلْنَا یَدُلُّ الْمِصْرَاعُ الثَّانِیْ۔ مصراع

چوں چنیں گویم بہ باید کشتنم

فَاِنَّ هٰذَا الْمِصْرَاعَ الثَّانِیَ اَیْضًا نَاظِرٌ اِلٰی اِعْتِقَادِهِمْ۔ لَا اِلَی الْحَقِیْقَةِ۔ وَالطَّرِیْقَةِ لَاَنَّ مَذْهَبَ اَهْلِ الْحَقِیْقَةِ۔ وَالطَّرِیْقَةِ هُوَ الْعَیْنِیَّةُ دُوْنَ الْغَیْرِیَّةِ۔ وَلَا اِلَی الشَّرِیْعَةِ اَیْضًا اِذْ اَصْلُ الشَّرِیْعَةِ هُوَ الْعَیْنِیَّةُ لِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ فَکَیْفَ یَصِحُّ قَوْلُهٗ ؎

چوں چنیں گویم بہ باید کشتنم

شَرْعًا اَیْضًا اِلَّا بِالْاِتِّهَامِ الْمَذْکُوْرِ ۵

ہم نے جو تاویل کی ہے۔ اس پر قول شیخ کا مصرعہ ثانی دلالت کرتا ہے

گر کہوں ایسا سزائے دار ہوں

کیونکہ یہ مصرعہ مریدانِ شیخ کے اعتقاد کی طرف راجع ہے۔ نہ حقیقت و طریقت کی طرف۔ کیونکہ اہل حقیقت و طریقت کا مذہب عینیت ہے۔ نہ غیریت۔ شریعت کی طرف بھی یہ مصرعہ راجع نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ شریعت کی اصل بھی عینیت ہے۔ خدائے پاک قول لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اس پر دلیل ہے۔ پس اس قول کا کہنا شریعت کی رُو سے کیونکر صحیح ہو سکتا ہے۔ البتہ انحصار مذکور کی صورت میں ممکن ہے ورنہ نفس کے قتل ناحق کی اجازت دینا خلاف شریعت ہے۔

وَبِالْجُمْلَةِ الْاِفْتَاءُ بِعَدَمِ الْجَوَازِ افْتِرَاءٌ عَلَی اللّٰهِ سُبْحَانَهٗ وَرَسُوْلِهٖ اَوَّلًا وَسَدٌّ لِبَابِ الْکَمَالِ۔ وَفَتْحٌ لِبَابِ النُّقْصَانِ۔ ثَانِیًا اِذْ فِی اِظْهَارِ عِنْدَ الْعَوَامِ فَائِدَةٌ جَلِیْلَةٌ لِاَنَّ مِنْهُمْ مَنْ لَهٗ قَلْبٌ سَلِیْمٌ اَوْ اَلْقَی السَّمْعَ وَهُوَ شَهِیْدٌ فَیَصِیْرُ الْقَائِمُ الْمَذْکُوْرُ بِالْاِظْهَارِ خَاصًّا بَلْ اَخَصَّ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَیَصِلُ الْمُظْهِرُ اِنْ کَانَ مُخْلِصًا فِی النِّیَّةِ اِلٰی مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَاللّٰهِ لَاَنْ یَّهْدِیَ اللّٰهُ بِکَ رَجُلًا وَّاحِدًا خَیْرٌ لَّکَ مِنْ اَنْ یَّکُوْنَ لَکَ

حُمُرُ النَّعَمِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ ۵

الحاصل - اظہار وحدت وجود کو خلاف شرع جانکر عدم جواز کا فتویٰ دینا اولاً تو خدا اور اس کے رسول پر تہمت لگانا ہے۔ اور ثانیاً کمال کے دروازہ کو بند کرنا۔ اور نقصان کے دروازہ کو کھول دینا ہے۔ کیونکہ عوام کے سامنے اس مسئلہ کو ظاہر کرنے میں ممکن ہے۔ کہ کوئی قلب سلیم اُس کو قبول کرلے۔ اور اس کی طرف اپنے کانوں کو متوجہ کرے۔ اس حالت میں کہ اس کا قلب حاضر ہے۔ پس وہ عام شخص خاص میں کیا بلکہ اخص میں داخل ہوجائیگا۔ مسئلہ وحدت وجود کے ظاہر ہونے سے اور ظاہر کرنے والا اس مرتبہ پر فائز ہوگا بشرطیکہ اس کی نیت خالص ہو۔ جس کو رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ خدا کی قسم ایک ہی شخص کو ہدایت کرنا خدائے پاک کی طرف تیرے لئے بہتر ہے اس سے کہ تیرے سُرخ اونٹنیوں کا مجمع ہو۔ یہ حدیث متفق علیہ ہے سُرخ اونٹنیوں سے مراد عرب میں فخر و عظمت وجاہ ہے ۔

پس اظہار وحدت کے عدم جواز کا فتویٰ دینا افترا محض ہے۔ حالانکہ اس کے ظاہر کرنے سے فوائد عظیم حاصل ہوتے ہیں۔ اس لئے ظاہر کرنا جائز بلکہ نہ ظاہر کرنے پر ترجیح رکھتا ہے ۔

نَعَمْ لَوْ لَمْ يُظْهِرْ لِغَلَبَةِ الْخَوْفِ عَلٰى نَفْسِهٖ لَمْ يَكُنْ عَاصِيًا لِعَدَمِ وُجُوْبِ التَّبْلِيْغِ عَلَيْهِ اِلَّا بَعْدَ السُّؤَالِ وَالطَّلَبِ لِقَوْلِهٖ عَلَيْهِ السَّلَامُ - لَا ضَرَرَ وَلَا اِضْرَارَ فِي الْاِسْلَامِ اِذِ الْغَلَبَةُ لِلْجَهَلَةِ السُّفَهَاءِ مِنَ الَّذِيْنَ لَمْ يَطَّلِعُوْا عَلٰى اَمْرِ التَّوْحِيْدِ ۵

ہاں اگر کوئی شخص اپنے نفس کے ضرر کے خوف سے ظاہر نہ کرے تو وہ گنہگار نہیں ہوگا۔ کیونکہ اُس پر امر توحید کی تبلیغ واجب نہیں ہے۔ مگر کسی سائل کے سوال اور طالب کے طلب کرنے کے بعد اگر ضرر نفس سے خوف ہو تو جواب باصواب میں مشغول ہونا واجب ہے۔ کیونکہ سوال اور طلب کے بعد حق کو چھپانا اجر اور ثواب سے بے نصیبی۔ اور گناہ و عذاب کا استحقاق

حاصل کرنا ہے۔ ضرر نفس کے خوف کی صورت میں گنہگار نہ ہوگا۔ کیونکہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے۔ کہ اسلام میں نہ نقصان ہے اور نہ ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔ ضرر نفس کے خوف سے اظہار سے سکوت اس لئے کیا جاتا ہے۔ کہ غلبہ جاہل اور بیوقوفوں کو ہے۔ جو کہ توحید کے حال سے مطلع نہیں ہوئے۔ اور موحد کو ملحد جان کر اس کی تکلیف کے درپے ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت مولانا نے مثنوی میں بیان فرمایا کہ ؎

چوں سفیہاں را بود کار و کیا　　لازم آمد یقتلون الانبیاء

جب ہوئے حاکم کمینے پُر جفا

لازم آیا یقتلون الانبیاء

چوں کہ حکم اندر کفِ زندان بود　　لاجرم ذوالنون در زندان بود

منکروں کو اختیار اب جو ملا

اس لئے ذوالنون زندان میں پڑا

چوں قلم در دست غدارے بود　　لاجرم منصور بردارے بود

بے وفا کے ہاتھ جب ہوئے قلم

دار پر منصور ہوئے لاجرم

فَاِنْ قُلْتَ قَدْ كَانَ دَاْبُ السَّلَفِ الصَّالِحِ الْاِخْفَاءُ بِالْجَمْعِ وَالْوَحْدَةِ لَا الْاِظْهَارُ ۝

سوال۔ اگر تو کہے کہ سلف صالحین کا طریقہ اور عادت وحدت وجود کا اخفا رکھنی نہ اس کا اظہار ۔

قُلْتُ اَمَّا اَوَّلًا فَلَا نُسَلِّمُ الْاِخْفَاءَ مِنَ السَّلَفِ الصَّالِحِ فَاِنَّ ذَا النُّوْنِ الْمِصْرِیَّ كَانَ تِلْمِیْذًا لِمَالِكِ ابْنِ اَنَسٍ صَاحِبِ الْمَذْهَبِ فَكَانَ سَلَفًا صَالِحًا وَقَدْ اَظْهَرَ وَاَنْكَرَ الْعَوَامُّ عَلَيْهِ وَنَسَبُوْهُ اِلَى الْجُنُوْنِ وَاَمَّا ثَانِيًا فَلِاَنَّهُمْ قَدْ عَلِمُوْا اَنَّهُمْ لَوْ اَظْهَرُوْا وَلَمْ يَفْهَمِ الْعَوَامُّ لِعِلَّةِ وُجُوْبِ الْاِخْفَاءِ بَلْ لِعَدَمِ فَهْمِ الْعَوَامِّ اَوْ لِخَوْفِ الضَّرَرِ اِلَى

الْمُظْهِرِ كَمَا فِي الْمَنْصُوْرِ قُدِّسَ سِرُّهٗ ۵

ہم دو وجہ سے جواب دینگے۔ اوّلاً یہ کہ سلف صالحین کا وحدت وجود کو چھپانا ہم تسلیم نہیں کرتے ہیں۔ کیونکہ ذوالنون علیہ الرحمۃ شاگرد تھے مالک بن انس کے جو صاحب مذہب ہیں۔ اس لئے وہ بلاشبہ سلف صالحین میں سے تھے۔ اور ظاہر کیا ذوالنون رحمۃ اللہ علیہ نے وحدت وجود کو اور عوام نے اُن کا انکار کیا۔ اور جنون کے ساتھ منسوب کئے گئے۔ پس کہاں رہا اخفاء پر اتفاق متقدمین کا ؛

ثانیاً یہ کہ اخفاء کو سلف سے تسلیم کر لینے کے بعد بھی ہم کہتے ہیں کہ متقدمین جانتے تھے۔ کہ اگر وحدت کو ہم ظاہر کریں۔ تو عوام اُس کو نہیں سمجھ سکیں گے۔ جیسا کہ سمجھنا چاہیئے۔ لہذا اُنہوں نے سکوت کیا۔ اخفاء کے جوب کی وجہ سے نہیں۔ بلکہ عوام الناس کے نہ سمجھ سکنے اور ظاہر کرنے والے کو ضرر کے خوف سے۔ چنانچہ حضرت منصور کا واقعہ مشہور ہے ؛

وَيُوَافِقُ مَا قُلْنَا قَوْلُ مَوْلَانَا قُدِّسَ سِرُّهٗ ؛

ہمارے قول کے مطابق مولانا جلال الدین رومیؒ کا ارشاد ہے۔ کہ ؎

در نیابد حال پختہ ہیچ خام　　پس سخن کوتاہ باید والسلام

حال کامل کب سمجھ سکتا ہے خام

کر سخن کوتاہ باقی والسلام

الثمرة الثانية

وَظَهَرَ مِمَّا سَبَقَ مِنَ التَّحْقِيْقَاتِ مِنْ اِنْحِصَارِ الْاِشْرَاكِ فِيْ زَعْمِ الْغَيْرِيَّةِ صِدْقُ قَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ وَيَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا وَلَا فَكَيْفَ يَصْدُقُ يَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا لِاَنَّ النِّدَّ هُوَ الْمِثْلُ فِي النَّوْعِ وَالْمُشْرِكُوْنَ لَمْ يَقُوْلُوْا بِمِثْلِيَّةِ الْاٰلِهَةِ لِلّٰهِ تَعَالٰى لِقَوْلِهٖ سُبْحَانَهٗ حِكَايَةً عَنْهُمْ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ

خَلَقَهُنَّ اللّٰهُ وَلَا يَكُوْنُ الْخَالِقُ مِثْلًا لِّلْمَخْلُوْقِ فَلَمْ يَصْدُقْ يَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا اَیْ اَمْثَالًا فَلَا بُدَّ مِنْ بَيَانِ وَجْهِ صِدْقِهٖ وَهُوَ اَنَّ الْجَعْلَ نَوْعَانِ بَسِيْطٌ نَحْوُ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرِ وَمُرَكَّبٌ وَهُوَ اَيْضًا نَوْعَانِ خَارِجِيٌّ نَحْوُ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُوْرًا وَذِهْنِيٌّ نَحْوُ وَيَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا لِاَنَّهُمْ يَزْعُمُوْنَ اٰلِهَةً غَيْرَ اللّٰهِ فَكَاَنَّهُمْ جَعَلُوْا شَيْئًا وَاحِدًا شَيْئَيْنِ اَیْ جَعَلُوا الْحَقَّ الْوَاحِدَ غَيْرَهٗ اَیْ اثْنَيْنِ فِي الْوُجُوْدِ كَالْاَحْوَلِ نَادِنَهٗ يَجْعَلُ الْقَمَرَ قَمَرَيْنِ فَقَدْ جَعَلَ الْاَحْوَلُ الْقَمَرَ الْوَاحِدَ نِدًّا لَّهٗ فَالْمُشْرِكُوْنَ كَذٰلِكَ يَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا اَیْ يَزْعُمُوْنَ اَنَّ الْاٰلِهَةَ غَيْرُ اللّٰهِ فِي الْوُجُوْدِ مَعَ اَنَّهُمْ فِيْ نَفْسِ الْاَمْرِ عَيْنُهٗ سُبْحَانَهٗ فَصَدَقَ وَيَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا ۝

آیہ کریمہ وَيَجْعَلُوْنَ لَهٗ اَنْدَادًا اور اجعل الالھۃ الھا واحدا کی تفسیر۔ اور ان کے شبہات دفع کرنے کے بیان میں ۔

تحقیقات سابقہ سے خدائے پاک کے اس قول کی صداقت ظاہر ہو گئی کہ یجعلون لہ اندادا اگر غیریت کی صورت میں شرک کا انحصار نہ ہو۔ تو کیونکر صادق ہوگا خدائے پاک کا یہ قول کہ بنا دیا مشرکین نے خدائے پاک کے لئے امثال کو کیونکہ اندادا جمع ہے۔ ند کی ند کے معنی نوعیت میں مثل کے ہیں مشرکین اپنے معبودوں کو خدائے پاک کا مثل نہیں مانتے تھے کیونکہ خدائے تعالےٰ خود مشرکین کے قول کو بیان کرتا ہے۔ کہ اگر تو مشرکین سے سوال کرے۔ کہ آسمان اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے۔ پس الٰہہ خدا کے مثل نہیں ہوئے۔ کیونکہ مخلوق کا خالق مثل نہیں ہوتا پس خدائے پاک کا قول یجعلون لہ اندادا صادق نہ آیا۔ معاذ اللہ خدائے پاک کا قول بھی کاذب ہو سکتا ہے۔ پس صدق آیۃ کے لئے وجہ کا بیان کرنا ضروری ہوا۔ وجہ یہ ہے کہ جعل کی دو قسمیں ہیں:۔

ایک بسیط جو ایک ہی مفعول پر اکتفا کرتا ہے۔ جیسے خدائے پاک کا یہ

قول جس کا ترجمہ یہ ہے (کہ بنا دیا یعنی پیدا کیا خدا نے اندھیرے اور اُجالے کو) +
دوسرا مرکب یعنی جود و مفعول کو چاہتا ہو۔ پھر اس جعل مرکب کی بھی دو
قسمیں ہیں :-
ایک جعل خارجی۔ یعنی فاعل کا اثر دو مفعول تک پہنچتا ہو۔ اور خارج میں واقع
ہو۔ جیسے خدائی پاک کا یہ قول۔ کہ بنا دیا خدا نے آفتاب کو روشن اور چاند کو نور +
دوسرا جعل ذہنی۔ یعنی فاعل کا اثر دو مفعول تک ذہن میں واقع ہو نہ خارج
میں جیسے۔ یجعلون لہ اندادًا اس آیت میں جعل ذہنی اس وجہ سے ثابت
ہوتا ہے کہ مشرکین نے الٰہۃ کو غیر خدا خیال کیا۔ پس گویا انہوں نے ایک چیز کو اپنے
ذہن میں دو چیزیں بنایا۔ یعنے ایک ذات حق کو مشرکین نے وجود میں ایک کو دو بنا دیا
وہ دیکھنے والے شخص کی طرح۔ کیونکہ احول مثلاً ایک چاند کو دو چاند بناتا ہے۔
گویا اس نے ایک چاند کے لئے دوسرا چاند مثل بنایا۔ اسی طرح مشرکین بھی خدائی
پاک کے لئے وجود میں اُس کا مثل بناتے تھے۔ اور گمان کرتے تھے۔ کہ یہ
معبود خدا کے غیر میں وجود ہیں۔ حالانکہ وہ نفس الامر میں ذات پاک کے عین
تھے۔ پس جعل ذہنی کے اعتبار سے آئیہ ویجعلون لہ اندادًا صادق
آگئی +

وَقِسْ عَلَيْهِ بِالْعَكْسِ قَوْلَهُ سُبْحَانَهُ۔ اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ
اِلٰهًا وَّاحِدًا الخ فَمَعْنَاهُ مُوَافِقًا لِوَهْمِهِمْ اَنَّ مَحَمَّدًا جَعَلَ الْاٰلِهَةَ
اِلٰهًا وَاحِدًا اَیْ عِنْدَهُ وَهُوَ اللّٰهُ سُبْحَانَهُ اِنَّ هٰذَا الزَّعْمَ
لَوْ وَافَقَ الْوَاقِعَ لَشَیْءٌ عُجَابٌ اَیْ عَجِیْبٌ ؕ

آیۃ مذکورہ پر بطور عکس کے قیاس کر خدائی پاک کے اس قول کو (کہ کیا بنا
دیا محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) نے بہت معبودوں کو ایک خدا) پس اس آیۃ کے معنی
مشرکین کے گمان کے مطابق یہ ہیں (کہ گمان کیا محمد نے بہت سے معبودوں کو
ایک کہ وہ خدائی پاک ہے) یہ گمان اگر واقع کے مطابق ہو تو عجیب چیز ہے اس
آیۃ کا پہلی آیت کے عکس ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آیۃ یجعلون لہ
اندادًا اور آیت اجعل الالہۃ الٰھا واحدا میں جعل ذہنی ہے

لیکن فرق یہ ہے کہ خدائے پاک نے پہلی آیت میں مشرکین کے زعم کو بیان فرمایا کہ مشرکین ایک چیز یعنے ذات پاک کو بہت سی چیزیں یعنے متعدد ذات خیال کرتے ہیں۔ دوسری آیۃ میں بیان فرماتا ہے۔ کہ مشرکین جانتے ہیں۔ کہ محمد نے بہت چیزوں کو یعنے بہت سے معبودوں کو ایک چیز یعنے ایک خدا بنا دیا ہے پس پہلا جعل ایک چیز کو بہت سی چیز گمان کرنے کے معنی میں اور دوسرا جعل بہت چیزوں کو ایک چیز بنانے کے معنی میں ہے +

وَاَمَّا مَعْنَاهُ فِیْ نَفْسِ الْاَمْرِ اَنَّهٗ قَدْ اَیْقَنَ اَنَّ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَاحِدًا اَوْهُوَ اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَهٰذَا الْاِیْقَانُ مُوَافِقٌ لِنَفْسِ الْاَمْرِ وَاِنْ كَانَ الْوَهْمُ یَزْعَمُهٗ عَجِیْبًا ؕ

لیکن قول مذکور کے معنی واقع اور نفس الامر میں یہ ہیں۔ کہ آنحضرتؐ بالیقین جانتے تھے کہ بہت سے معبود ایک ہی معبود ہیں۔ یعنی سب معبود عین خدائے پاک ہیں۔ یعنی تعدد و تکثر الٰہ کا وہمی ہے حقیقت میں کچھ نہیں۔ یہ یقین اور اعتقاد نفس الامر کے مطابق ہے۔ اگرچہ مشرکین اور متوہمین کا وہم عجیب گمان کرتا ہو +

الثمرۃ الثالثۃ

اِعْلَمْ اَنَّ مَا یُتَوَهَّمُ اَنَّ التَّاْوِیْلَ فِی الْمَنْظُوْمِ وَتَقْدِیْرَ الْمَوْجُوْدِ اَمْرٌ مُجْمَعٌ عَلَیْهِ وَقَدْ وَرَدَ لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَةِ وَعَلَیْكُمْ بِالسَّوَادِ الْاَعْظَمِ فَمَدْفُوْعٌ بِاَنَّهٗ لَابُدَّ لِلْاِجْمَاعِ مِنْ اَمْرَیْنِ اَلْاَوَّلُ كَوْنُ الْاَمْرِ الْمُجْمَعِ عَلَیْهِ اَمْرًا اَشْرَعِیًّا وَالثَّانِیْ اِتِّفَاقُ اَهْلِ الْحَلِّ وَالْعَقْدِ عَلَیْهِ فِیْ عَصْرٍ وَاحِدٍ اِذَا زَمِنَةٍ مُتَقَارِبَةٍ اَمَّا الْاَمْرُ الْاَوَّلُ فَقَدْ عَرَفْتَ اَنَّ التَّاْوِیْلَ خِلَافُ الْمُحْكَمِ فَیَكُوْنُ خِلَافَ اَمْرٍ شَرْعِیٍّ وَتَقْدِیْرُ الْمَوْجُوْدِ اَیْضًا لَیْسَ بِاَمْرٍ شَرْعِیٍّ اِذِ الْكِتَابُ الْمَجِیْدُ یُكَذِّبُهٗ وَالْاَوْرَدَ

لَوْ كَانَ مَعَهٗ اٰلِهَةٌ لَّبَاخَرَجَتَا وَاَمَّا الْاَمْرُ الثَّانِيْ فَلَمْ يَثْبُتْ اَيْضًا اِذْ لَمْ يَتَّفِقُوْا عَلَى التَّاوِيْلِ وَالتَّقْدِيْرِ فِيْ عَصْرٍ وَّاحِدٍ اَوْ اَزْمِنَةٍ مُتَقَارِبَةٍ ۞

تیسرا ثمرہ۔ اس بیان میں کہ الہ کی تاویل مستحق کے ساتھ اور موجود کو مقدر ماننا خبر لا میں امر اجماعی نہیں ہے۔ اس وہمی اجماع کے دفع کرنے کے دلائل میں +

واضح ہو کہ یہ وہم کرنا کہ الہ کی تاویل مستحق کے ساتھ اور موجود کی تقدیر خبر لا میں امر اجماعی ہے جس پر امت کا اجماع ہو چکا ہے۔ اور حدیث شریف میں وارد ہے۔ کہ میری امت گمراہی پر جمع اور متفق نہیں ہوگی۔ اور بڑی جماعت کا اتفاق کرو۔ ایسی صورت میں منکور کی تاویل نہ کرنا۔ اور موجود کے بجائے غیر اللہ کو قائم رکھنا اجماع امت کے خلاف ہوگا۔ پس یہ وہم دفع ہو جاتا ہے اس امر سے کہ اجماع کے لئے دو امر ضروری ہیں +

پہلے امر اجماعی کا امر شرعی ہونا +

دوسرے مجتہدین کا اتفاق اس پر ایک ہی زمانہ یا قریب زمانوں میں ہونا +

پس امر اول کو تم پہلے معلوم کر چکے ہو کہ لا الہ الا اللہ آیات محکمات میں سے ہے۔ اور تاویل محکم کی شان کے خلاف ہے۔ اس لئے کلمہ میں تاویل کرنا۔ امر شرعی کے خلاف ہوگا۔ اور موجود کی تقدیر بھی امر شرعی نہیں ہے۔ بلکہ بعض اہل عربیت کی رائے اور خلاف شریعت ہے۔ کیونکہ تقدیر مذکور کتاب اللہ کو جھوٹی بناتی ہے۔ اگر موجود کی تقدیر لا الہ الا اللہ میں کتاب مجید کے اور فعال لما یرید کے ارادہ کے موافق ہوتی تو بجائے لو کان فیھما الھۃ الا اللہ لفسدتا کے لو کان معہ الہ لما خرجتا وارد ہوتا۔ اس کی وجہ مفصل اور مشرح پہلے چار دلیلوں میں گذر چکی ہے +

رہ گیا امر دوم سو وہ بھی ثابت نہیں۔ کیونکہ مجتہدین تاویل اور تقدیر مذکور پر کبھی متفق نہیں ہوئے۔ ایک ہی زمانہ یا قریب قریب زمانوں میں +

وَاَيْضًا اِنَّ اَهْلَ الْحَلِّ وَالْعَقْدِ يَجِبُ اَنْ يُّؤْمِنُوْا بِاَنَّ اِلٰهَ

اِلَّا اللّٰہُ فَاِذَا اٰمَنُوْا بِلَآ اِلٰہَ اِلَّا غَیْرُ اللّٰہِ فَکَیْفَ صَارُوْا اَھْلَ الْحَلِّ وَالْعَقْدِ فَاَھْلُ الْحَلِّ وَالْعَقْدِ ھُمُ الصُّوْفِیَّۃُ مِنَ الْمُوَحِّدِیْنَ قُدِّسَتْ اَسْرَارُھُمْ ؕ

دوسری دلیل توہم اجماع کے رفع کرنے کے لئے یہ ہے کہ ارباب اجتہاد جن کا اجماع حجت شرعی ہو سکے اُن کے لئے واجب ہے کہ لا الٰہ الا اللہ کی مراد یعنی عینیت پر ایمان لائے ہوں۔ پس جو لوگ لا الٰہ الا غیر اللہ یعنی غیریت پر ایمان لائے ہیں۔ کیونکہ ارباب اجتہاد ہو سکتے ہیں۔ اس لئے صوفیا موحدین قدس اسرارہم ہی صاحب اجتہاد ہیں ؕ

وَاَیْضًا قَدْ ذَھَبَ الزَّمَخْشَرِیُّ اِلٰی اَنْ لَا حَاجَۃَ اِلَی الْخَبَرِ فَاَیْنَ الْاِتِّفَاقُ مِنْھُمْ فِیْ عَصْرٍ وَاحِدٍ اَوْ اَنْ مِنْۃٍ مُتَقَارِبَۃٍ اِذِ التَّاْوِیْلُ وَالتَّقْدِیْرُ صَدَرَا اَوَّلًا مِمَّنْ صَدَرَ وَاحِدًا لَا مِنْ حَیْثُ الْاِجْمَاعِ ثُمَّ قَلَّدَہٗ اٰخَرُ فَاٰخَرُ وَھَلُمَّ جَرًّا اللَّھُمَّ وَفِّقْ بَیْنَ الْمُحْکَمِ بِالتَّاْوِیْلِ وَالتَّقْدِیْرِ وَبَیْنَ الْوَھْمِ ؕ

تیسری دلیل اصحاب اجتہاد کے متفق ہونے کی یہ ہے کہ جار اللہ زمخشری جو اکابر علماء میں سے ہے کہتا ہے کہ لائے نفی جنس میں تقدیر کی خبر کی حاجت نہیں ہے۔ اور لا اہل ولا مال کے معنی نہ اہل ہے نہ مال ہے۔ پس موجود کی تقدیر پر ایک زمانہ یا قریب زمانوں میں علماء کا اجماع کہاں ہے۔ کیونکہ تاویل اور تقدیر مذکور ابتداءً ایک ہی شخص سے شروع ہوئی اور وہ اپنی رائے میں اکیلا تھا۔ علماء زمانہ کا اتفاق ایک زمانہ یا قریبی زمانوں میں نہ ہوا۔ پھر اس تاویل اور تقدیر میں ایک شخص نے دوسرے کی پیروی کی۔ اور دوسرے نے تیسرے کی اسی طرح سلسلہ بسلسلہ یہ تقلید صرف محکم اور وہم میں تطبیق کی غرض سے زمانہ حال تک پہنچی ؕ

لِاَنَّ الْوَھْمَ یُخَالِفُ الْمُحْکَمَ بِغَیْرِ التَّاْوِیْلِ وَتَقْدِیْرِ الْمَوْجُوْدِ عِنْدَھُمْ مَعَ اَنَّہٗ بَعْدَ التَّاْوِیْلِ اَیْضًا لَا حَاجَۃَ لَہٗ اِلٰی تَقْدِیْرِ الْمَوْجُوْدِ اِذْ حَاصِلُہٗ یَرْجِعُ اِلٰی اَنْ لَا مُسْتَحِقَّ مِنْ اٰلِھَیْنِ اللّٰہِ وَغَیْرِہٖ مِنَ اللّٰتِ وَالْعُزّٰی وَالْمَنٰوۃِ اِلَّا اللّٰہُ ؕ

محکم اور وہم میں توفیق پیدا کرنے کی حاجت منکرین کو اس لئے ہوئی کہ وہم مدلول محکم لا الہ الا اللہ میں بغیر تاویل اور بغیر تقدیر موجود کے اُن کے نزدیک مخالفت کرتا ہے۔ حالانکہ محکم مذکور میں تاویل کے بعد بھی تقدیر موجود کی حاجت نہیں ہے۔ کیونکہ کلمہ طیبہ کا حاصل تاویل کے بعد اس مطلب کی طرف رجوع کریگا کہ نہیں ہیں مستحق دوا مر خدا اور غیر خدا لات و عزی اور دوسرے اصنام سے گمراہ جس طرح کہ قصر کا مقتضی ہے ۔

وَهٰذَا الصُّدُوْرُ فِيْ زَمَانٍ۔ ثُمَّ يَفِيْضُوا الْكَذِبَ فَهٰذَا التَّقْلِيْدُ لِقَوْلِهِمْ هٰذَا مَا اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَاءَنَا فَخَرَجَ هٰذَا الْاِجْمَاعُ الْوَهْمِيُّ عَنْ حَدِّ الْقَوْلِ لَا يَجْتَمِعُ اُمَّتِيْ عَلَى الضَّلَالَةِ وَعَلَيْكُمْ بِالسَّوَادِ الْاَعْظَمِ فَالْاِجْمَاعُ عَلَى التَّاوِيْلِ وَالتَّقْدِيْرِ كَاِجْمَاعِ النَّصَارٰى عَلَى التَّثْلِيْثِ وَالْعِيَاذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ وَمِنْ هٰذِهِ الْاِجْمَاعِ وَالتَّقْلِيْدِ ۝

اس تاویل اور تقدیر کا صدور اس زمانہ میں شروع ہوا جس کا اشارہ اس حدیث شریف میں کیا گیا ہے۔ کہ (پھر جھوٹ ظاہر ہو جائیگا) پس اس تاویل کی تقلید اس تقلید کی طرح ہے۔ جو مشرکین کے اس قول سے مفہوم ہوتی ہے جس کا ترجمہ یہ ہے۔ کہ (یہ بت پرستی ایسی چیز ہے جس کو ہم نے اپنے باپ دادا سے حاصل کیا ہے۔ اس لئے یہ اجماع حدیث لا یجتمع امتی علی الضلالۃ واتبعوا السواد الاعظم کے حکم سے خارج ہو گیا۔ اور ظاہر ہو گیا کہ جماعت ارباب تاویل اور تقدیر مذکور کی جماعت اعظم نہیں ہے۔ جو قابل تمسک ہو سکے اس لئے اُن کا اتفاق اور اجماع تاویل اور تقدیر مذکور پر ایسا ہی ہے جیسا تین معبود ہونے پر نصاریٰ کا اتفاق ہوا۔ اس تثلیث سے اور اس اجماع اور تقلید تاویل و تقدیر سے خدا کی پناہ ۔

الکلمۃ الرابعۃ

اَعْلَمْ اَنَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَسْمَلَةُ الشَّرِيْعَةِ وَمُحَمَّدٌ

رَسُوْلُ اللّٰہِ فَاتِحَتُہَا وَالْعَقَائِدُ الْحَقَّۃُ کَہْفُہَا وَالْاَحْکَامُ الْمَضْبُوْطَۃُ نَاسُہَا فَمَنْ لَّمْ یَقِفْ بِالْبَسْمَلَۃِ فَکَیْفَ یَقِفُ بِفَاتِحَتِہَا لِیَسْرِیَ الْغَلَطُ فِی الْاَوَّلِ اِلَی الثَّلَاثَۃِ الْاَخِیْرَۃِ فَکَیْفَ یَنْفَعُ الْعَقَائِدُ وَالْاَعْمَالُ لِعَدَمِ الْوُقُوْفِ بِالْبَسْمَلَۃِ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ عَدَمِ الْوُقُوْفِ ۵

واضح ہو کہ لا الہ الا اللہ مصحفِ شریعت کی بسم اللہ ہے۔ اور محمد رسول اللہ اس کی سورت فاتحہ ہے۔ اور اسلام کے عقائد حقہ جو کلمہ طیبہ پر مبنی ہیں اس کے سورۂ کہف ہیں۔ اور مضبوط احکام جو عقائد کی شاخیں ہیں اس کی سورۂ ناس ہیں۔ پس جو شخص بسم اللہ سے واقف نہ ہوا تو وہ اس کے سورۂ فاتحہ سے کیونکر واقف ہو سکتا ہے اس لئے کہ بسم اللہ کی غلطی سرایت کریگی آخیر کی تینوں سورتوں میں۔ پس بسم اللہ سے ناواقف رہنے کی وجہ سے عقائد اور اعمال کیا نفع دے سکتے ہیں۔ خدا کی پناہ ایسی لاعلمی سے +

وَبِعِبَارَۃٍ اُخْرٰی اِنَّ فِی الْکَلِمَۃِ الطَّیِّبَۃِ فُرُوْضًا اَرْبَعَۃً اَلْاَوَّلُ تَصْحِیْحُ اَلْفَاظِہَا وَالثَّانِیْ تَحْصِیْلُ الْعِلْمِ بِمَضْمُوْنِہَا وَالثَّالِثُ التَّصْدِیْقُ بِحَقِّیَّۃِ مَضْمُوْنِہَا وَالرَّابِعُ الْاِسْتِقَامَۃُ وَالْاِسْتِمَاتَۃُ عَلَی التَّصْدِیْقِ بِحَقِّیَّۃِ مَضْمُوْنِہَا فَالْفَرْضُ اَصَالَۃً ہُوَ الثَّالِثُ وَفَرْعًا ہُوَ الرَّابِعُ وَاِلَّا لَیُقْتَلُ الْمُرْتَدُّ وَاِنْ کُلٌّ مِنْہُمَا قَوْلَیْنِ بِتَحَقُّقِ فَرْضِیَّتِہِمَا تَبَعًا لِلتَّوَقُّفِ الثَّالِثِ عَلَیْہِمَا اِذْ مُقَدِّمَۃُ الْوَاجِبِ وَاجِبَۃٌ فَانْظُرْ اِلٰی مَنْ لَّمْ یُدْرِکْ مَضْمُوْنَہَا کَیْفَ یَحْصُلُ لَہُ التَّصْدِیْقُ الْمَذْکُوْرُ فَفَاتَ الْفُرُوْضُ الثَّلٰثَۃُ فَمَنْ لَّمْ یُدْرِکْ بِمَضْمُوْنِہَا کَیْفَ یَدَّعِی الْاِسْلَامَ ۵

دوسرے الفاظ میں اس فقرہ کا مطلب یہ ہے کہ کلمہ طیبہ میں چار فرض ہیں جن کا حاصل کرنا صاحب اسلام پر فرض ہے:۔

پہلے الفاظ کلمہ کی صحت +

دوسرے اس کا مضمون جاننا۔
تیسرے اس کا مضمون حق ہونے کا اعتقاد رکھنا۔
چوتھے اس اعتقاد پر قائم رہنا۔

اصلی فرض تیسرا امر ہے یعنے مضمون کلمہ کے حق ہونے کا اعتقاد رکھنا۔ اسی کے اتباع اور فرع کے طور پر امر چہارم کی فرضیت ہے یعنے اعتقاد پر قیام اور دوام رکھنا۔ اگر قیام اور دوام فرض نہ ہو تو مرتد قتل کا مستحق نہ ہو سکے گا کیونکہ اس نے ایک بار اعتقاد حاصل کر لیا۔ اس لئے وہ مومن ہو گیا۔ اور مومن کا قتل کرنا روا نہیں ہے۔ پس معلوم ہو گیا کہ قتل مرتد کا باعث اس کی عدم استقامت اور عدم دوام ہے۔ رہی امر اول اور دوم کی فرضیت تو ان کی فرضیت بھی امر سوم کے فرضیت کے ضمن میں ثابت ہو گئی۔ کیونکہ واجب کا مقدمہ بھی واجب ہوا کرتا ہے۔ اب اس شخص کی حالت پر تم غور کرو۔ کہ جس نے کلمہ طیبہ کے مضمون کا ادراک نہ کیا کیونکر اس کو حقیقت مضمون کلمہ حاصل ہو سکتی ہے۔ اور جب تصدیق مذکور حاصل نہ ہوئی تو پھر استقامت اور ہمیشگی کس چیز پر کریگا۔ پس مضمون کلمہ ادراک نہ کرنے کی وجہ تینوں فرض فوت ہو گئے۔ اب جس نے مضمون کلمہ کا ادراک نہ کیا تو ایمان کا دعویٰ کیونکر کر سکتا ہے۔

الثمۃ الخامسۃ

اِعْلَمْ اَنَّ الْاُمَّۃَ الْمَرْحُوْمَۃَ اِلَّا وَاحِدَۃً قَدْ اَدَّوْا لُحُوْمَكُمْ وَھُوَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَدِلَّتُہٗ وَمَا یَدُلُّ عَلٰی تَوْحِیْدِہٖ سُبْحَانَہٗ وَحَرَّفُوْا عَنْ مَوَاضِعِھَا اِلَّا اَنَّھُمْ اٰمَنُوْا بِالْجُزْءِ الثَّانِیْ وَھُوَ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَحَصَلَ لَھُمُ الْاِیْمَانُ بِالْحُکْمِ فِیْ ضِمْنِ الْاِیْمَانِ بِالْجُزْءِ الثَّانِیْ فَلَھُمْ اِیْمَانٌ اَصْلًا لَا حَقِیْقِیٌّ وَلَا حُکْمِیٌّ فَظَھَرَ جَھْلُہٗ اِخْرَاجُ اَھْلِ الْکِتَابِ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ بِقَوْلِہٖ تَعَالٰی لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ وَالْمُشْرِکِیْنَ الخ وَقَوْلِہٖ تَعَالٰی لَقَدْ کَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْا

اِنَّ اللّٰہَ ثَالِثُ ثَلٰثَۃٍ وَمَا مِنْ اِلٰہٍ اِلَّا اِلٰہٌ وَّاحِدٌ وَاِنْ لَّمْ یَنْتَھُوْا عَمَّا یَقُوْلُوْنَ لَیَمَسَّنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا مِنْھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۔

پانچواں ثمرہ ۔ مشرکین اور اہل کتاب کے فرق اور حضرت محمد مصطفیٰ صلعم پر ایمان لانے والوں اور اہل کتاب میں تفاوت کے بیان میں اور مومن کا نکاح کتابیہ کے ساتھ صحیح ہونے اور مشرکہ عورت کے ساتھ نہ صحیح ہونے کے بیان میں ۔

واضح ہو کہ امت مرحومہ نے سوائے ایک فرقہ صوفیہ صافیہ موحدین کے پاک کرے اللہ تعالےٰ اُن کے اسرار کو تاویل کی ہے محکم لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں اور اس کے دلائل میں اور اُن آیات میں جو توحید خدائی پاک پر دلالت کرتی ہیں اور اُن دلائل اور آیات اُن کے مقامات سے ان میں تغیر اور تاویل کر کے بدل دیا ۔ اس لئے ایمان کامل سے اور کلمہ طیبہ کے جزو اوّل کے مدلول سے محروم رہ گئے ہاں وہ ایمان لائے کلمہ کے جزو ثانی محمد رسول اللہ پر اور اُن کا ایمان محکم بھی جزو ثانی پر ایمان کے ضمن میں حاصل ہوا ۔ اس لئے ان کا ایمان حکمی ہے نہ حقیقی پس اہل کتاب کو مشرکین کے حکم سے علیحدہ رکھنے کی وجہ ظاہر ہو گئی ۔ اور اطلاق نہ کرنا شرک کا اہل کتاب پر اور کفار کے لفظ سے اُن کو مخصوص کر دینا ظاہر ہو گیا ۔ جیسا کہ خدائی پاک کے قول میں وارد ہے کہ کافر اور اہل کتاب و مشرکین اپنے طریقہ سے جدا نہیں تھے ۔ یہاں تک کہ آگئی اُن پر کھلی ہوئی حجت ۔ دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے ۔ کہ کافر ہو گئے وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ خدا تیسرا معبود ہے ۔ اگر شرک اور کفر میں فرق نہ ہوتا تو مقام کا مقتضیٰ یہ تھا کہ یوں کہا جاتا بیشک مشرک ہو گئے اہل کتاب اور عرب اسی طرح کہا جاتا بیشک مشرک ہوئے وہ لوگ جنہوں نے کہا کہ خدا تین میں کا تیسرا ہے ۔

وَظَھَرَ اَیْضًا وَجْہُ حِلِّ نِسَائِھِمْ لِاَنَّھُمْ اِذَا اٰمَنُوْا اَنَّ دِیْنَ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ حَقٌّ اَوْ مَا جَاءَ بِہٖ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ حَقٌّ فَقَدْ اٰمَنُوْا بِرِسَالَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنُبُوَّتِہٖ مِنْ حَیْثُ لَمْ یَشْعُرْ وَلِمَا مَرَّ فَلَھُمْ کِفْلٌ مِّنَ الْاِیْمَانِ الْحُکْمِیِّ

بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لِمَا ذَکَرْنَا لِاَھْلِ الْاِسْلَامِ طَرًّا بِخِلَافِ الْمُشْرِکِیْنَ فَاِنَّہٗ لَیْسَ لَھُمْ اِیْمَانٌ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا حَقِیْقَۃً وَّلَا حُکْمًا فِیْ ضِمْنِ الْاِیْمَانِ بِکِتَابٍ وَّرَسُوْلٍ ۝

نیز کتابیہ عورت کے ساتھ مومن کا نکاح جائز ہونے کی وجہ ظاہر ہو گئی کہ اہل کتاب جب ایمان لے آئے کہ موسیٰ کا دین حق۔ یا حضرت عیسیٰ کا دین حق ہے۔ تو گویا ایمان لے آئے وہ حضرت محمد صلعم کی رسالت اور نبوت پر اپنے نبیؑ پر ایمان لانے کے ضمن میں اس طرح سے کہ نہ خبردار ہوئے وہ رسالت محمدیہ پر ایمان لانے سے کیونکہ بیان ہو چکا ہے کہ توریت اور انجیل کی حقیت میں آنحضرتؐ کی نبوت و رسالت بھی داخل ہے۔ اور اہل کتاب اوس پر ایمان رکھتے ہیں پس اہل کتاب کو بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر ایمان حکمی کا ایک حصہ ملا ہے حقیقۃً نہیں بلکہ حکماً کسی کتاب یا کسی رسول پر ایمان لانے کے ضمن میں ۔

سوال۔ اگر تم کہو کہ جب ایمان حکمی کلمہ طیبہ پر اہل کتاب کو حاصل ہے جیسا کہ تو مانتے ہو تو پھر مسلمانوں اور اہل کتاب میں کیا فرق ہے ۔

جواب۔ فرق یہ ہے کہ اہل اسلام کلمہ طیبہ کے جزو اوّل پر ایمان حکمی اور اس کے دوسرے جزو پر ایمان حقیقی رکھتے ہیں۔ مگر اہل کتاب کلمہ طیبہ پر نہ ایمان حکمی رکھتے ہیں نہ حقیقی ۔

فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَمَا یُحِبُّ وَیَرْضٰی۔ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ کَمَا یُحِبُّ وَیَرْضٰی۔ اَللّٰھُمَّ اَرْزُقْنَا مَوْتًا لَا یَعْرِضُہُ الْحَیٰوۃُ وَحَیٰوۃً طَیِّبَۃً لَا یَعْرِضُھَا الْمَمَاتُ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اگرچہ اس نزہت سرائے عینیت کے ثمرات غیریت کے خار سے معرا نہیں ہیں۔ بہت سی شاخ در شاخ درختوں کے پتوں کیطرح ہیں لیکن چونکہ پاک دماغ کو ایک پھول کی خوشبو گلشن کی کیفیت سے بے پروا کر دیتی ہے۔ اس لئے طول کلام موجب ملال تصور کیا گیا تھوڑا سا ان میں سے نظارہ کرنیوالوں کی ضیافت طبع کے لئے گلزار توحید سے لایا گیا چونکہ نخلبند توفیق ازلی نے بڑے احسان کا بوجہ صاحب تصنیف کی گردن پر اس کتاب کے حسن اختتام سے رکھا ہے۔ اس لئے لَئِنْ شَکَرْتُمْ لَاَزِیْدَنَّکُمْ کی رو سے ادائے شکر کو اپنے ذمہ واجب جانکر خدائے برتر کی تعریف میں ترزبان ہو کر فرماتے ہیں کہ تمام تعریفیں ثابت

ہیں خدائے پاک کیلئے جیساکہ وہ دوست رکھتا ہے اور اس سے وہ خوش ہوتا ہے اور رحمت کاملہ و درود نازل ہو اس کے رسول پر جیساکہ وہ دوست رکھتے ہیں اور اس سے خوش ہوتے ہوتے ہیں۔ اے خدا ایسی موت ہم کو عطا فرما کہ حیات اُس کے معارض نہ ہو سکے اور ایسی خوش حیات ہم کو عطا فرما کہ موت اسکے معارض نہ ہو سکے۔ پاک ہے رسولؐ پاک کی عزت کا نیوالا پروردگار اُن عیبوں سے جس سے مشرکین اُسکو موصوف جانتے ہیں اور سلام ہو تمام نبیوں پر علیہم السلام

والحمد للہ رب العالمین

تمت بالخیر

ہزار صد ہزار شکر درگاہ میں ایزد متعال کے کہ یہ ترجمہ اردو کتاب کلمۃ الحق عربی کا موسوم بہ معرفۃ الحق بترجمہ مولانا مولوی محمد غیاث الدین خاں صاحب ملتانی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جو بحالت نامکمل پڑا ہوا تھا بہ یمن تائید مولانا مولوی جناب محمد احمد حسین خانصاحب قادری چشتی نقشبندی امروہوی ان کے خلیفہ ابو المعانی مولوی محمد عرفان احمد صاحب انصاری بن جناب مولانا مولوی محمد سعید الدین صاحب انصاری صابری ساکن رام پور ضلع سہارنپور حال مقیم حیدرآباد دکن سلمہم اللہ تعالیٰ نے مکمل کر کے ختم کے زیور طبع سے آراستہ اور پیراستہ کرایا ✤

اس کتاب کی تیاری میں سعی کرنے والے عنایات خاص کریم مطلق اور مرحمت خاص حق سے یہ امید رکھتے ہیں۔ کہ امت مرحومہ کو یہ توفیق رفیق عطا فرمائے کہ وہ انصاف کی آنکھوں سے ان کلمات حقہ کو دیکھیں اور بحکم یہدی بہ من یشاء کے اس سے فائدہ مند ہوئیں اور ہم سعی کنندگان کو دعائے خیر سے یاد کریں آمین ثم آمین ✤

راقم
فقیر سید بدر عالم المعروف
قاضی سید فصیح الدین محفی عنہ خلیفہ
حضرت سید افتخار علی شاہ صاحب مدنی چشتی
حیدرآبادی ساکن اورنگ آباد حال مقیم چنگویہ علاقہ
بالگاہ۔ نواب سراسر انجاہ ✤

المرقوم
۱۷۔ ماہ جمادی الثانی سنہ ۱۳۳۹ھ

اردو ترجمہ کتاب جواہر علویہ

مولانا شاہ رؤف احمد صاحب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت شاہ غلام علی صاحب دہلوی تک تمام بزرگان نقشبندیہ کے حالات قلمبند فرمائے ہیں۔ قیمت ۱۲/عہ

شریعت و طریقت

اس رسالہ میں بے علم فقیروں کا باعلم فقیروں سے مقابلہ کیا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ بے علم فقیری کرنا کفر کو پہنچا دیتی ہے۔ غرضیکہ قابل دید ہے۔ قیمت ۲/

مثنوی مراد العاشقین

یہ مثنوی زلیخا ملا جامی کے بحر میں حضرت سید مراد علیشاہ صاحب کی تصنیف ہے

اردو ترجمہ کتاب جواہر فریدی

اس میں جناب پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم مع جملہ اصحاب کبار اور حالات زندگی و شجرۂ اولاد پاک حضرت بابا فرید گنجشکر چشتی رحمۃ اللہ علیہ درج ہے۔ قیمت ۱۲/عہ

قصیدہ بردہ مترجم اردو و پنجابی

اس کتاب میں قصیدہ بردہ کا نہایت مؤثر طریق سے منظوم پنجابی ترجمہ کیا گیا ہے۔ قیمت ۳/

اردو ترجمہ کتاب مصباح العباد

یہ کتاب علم تصوف میں بنظیر ہے جو حضرت نجم الدین رازی رح کی تصنیف سے ہے مسائل تصوف کو نہایت عمدہ طریقہ سے بیان فرما کر طالبان مولےٰ کیلئے احسان عظیم فرمایا ہے قیمت ۱۲/عہ

اردو ترجمہ کتاب تذکرۃ الواعظین

عربی سے اردو ترجمہ کرایا گیا ہے مولوی محمد جعفر علی قریشی حنفی المذہب کی تصنیف ہے واعظین اور عام مسلمانوں کے لئے مفید ہے۔ علاوہ ازیں حسب موقع عربی، فارسی، اردو نظمیں اور رباعیات بھی سہولیت واعظین کے لئے درج ہیں قیمت ۱۲/عہ

اردو ترجمہ کتاب چہل حدیث

یہ وہ چالیس حدیثیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہیں جن کو فاضل اجل محمد بن ابوبکر رح نے بڑی محنت اور محبت سے عامہ اہل اسلام کے فائدے کیلئے جمع کیا ہے ہر ایک حدیث کے ساتھ ایک حکایت اصحاب کبار اور اولیاء اللہ کی نقل کی ہے ۔ قیمت ... ... عہ/

اردو ترجمہ کتاب نفحات الانس

یہ مایۂ ناز کتاب حضرت مولانا عبدالرحمن جامی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی اعلیٰ تصنیفات میں سے ہے حضرت موصوف کی تصنیف کسی تعریف کی محتاج نہیں اس میں اکثر اولیا اور خاتونان باصفا کا جو اولیاء اللہ سے گذری ذکر ہے ۔ قیمت ... ... ملے ۳

اردو ترجمہ کتاب اربعین فی اصول الدین

تصنیف لطیف حجۃ الاسلام ابوحامد محمد الغزالی علیہ الرحمۃ امام صاحب رح نے اس کتاب میں حصول اللہ کے طریق بتائے ہیں ۔ اور فرمایا کہ جو شخص اس کو پڑھ کر عمل پیرا ہوگا وہ حصول مولا میں کامیاب ہوگا ۔ دنیادار اس کتاب سے فائدہ نہیں اٹھا سکینگے ۔ قیمت عہ/۲

اردو ترجمہ کتاب جواہر القرآن

یہ کتاب دوسرا حصہ ہے اربعین فی اصول الدین کا اس میں امام صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن کریم سے جو آیات چن چن کر لکھے ہیں ان کی نسبت فرمایا ہے کہ یہ جواہر بے بہا ہیں مسلمان ان کے مطالعہ اور ورد سے مستفیض ہو سکتے ہیں ۔ اور جو شخص اربعین فی اصول الدین کا مطالعہ کرے اس کے لئے اس کا مطالعہ بھی ضروری ہے ۔ قیمت ۸/

دعائے سحری شرح مناجات جامی رح

المشتہر صبح کے وقت اللہ کریم کی جناب میں دعا مانگنے کیلئے قابل دید مناجاتیں قیمت ۱/

اللہ والے کی قومی دکان مالک چنن الدین کے زئی نقشبندی مجددی تاجر کتب مزار نقشبندیہ

کوچہ کے زیاں ، بازار کشمیری ، لاہور

(بغیر مہر دکان مال مشروط نصور ہوگا)


3 1761 07297052 8